
حضور نبی کریم ﷺ کے علوم غیبیہ پر بخاری شریف سے ۲۱۰ احادیث مبارکہ کا مستند مجموعہ

# فیضِ نبوت

یعنی

# مسئلہ علمِ غیبِ رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم



بفیضانِ نظر

امیر شریعت حضرت علامہ پیر مفتی

**ابو داؤد محمد صادق قادری رضوی**

امیر جماعت رضائے مصطفےٰ پاکستان


از قلم

ابوالفیض محمد شریف القادری رضوی



ناشر

اکبر بک سیلرز لاہور

Marfat.com

حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے علوم غیبیہ پر بخاری شریف سے ۲۱۰ احادیث مبارکہ کا مستند مجموعہ

# فیضِ نبوّۃ

یعنی

# علمِ غیبِ رسول صلی اللہ علیہ وسلم

بفیضان نظر

امیر شریعت حضرت علامہ پیر مفتی ابو داؤد محمد صادق قادری رضوی امیر جماعت رضائے مصطفےٰ پاکستان


از قلم

ابو الفیض محمد شریف القادری رضوی



ناشر

اکبر بک سیلرز

زبیدہ سنٹر ۴۰ اردو بازار لاہور

Ph: 37352022


Marfat.com

111657



اور کوئی غیب تجھ سے کیسے ہو نہاں بھلا
جب نہ خدا ہی چھپا تجھ پہ کروڑوں درود

حضور نبی اکرم ﷺ کے علوم غیبیہ پر بخاری شریف سے 210 احادیث مبارکہ کا مجموعہ

# فیض البخاری در مسئلہ علم محبوب باری ﷺ

المعروف

# فیض نبوت

بفیضان نظر

فیض یافتۂ امیر ملت وفقیہ اعظم کوٹلوی، نائب محدث اعظم پاکستان

نباض قوم، علامہ پیر مفتی ابوداؤد **محمد صادق قادری رضوی**

امیر جماعت رضائے مصطفٰے پاکستان

از قلم

حضرت مولانا

ابوالفیض محمد شریف القادری رضوی

فاضل جامعہ رضویہ (فیصل آباد) وجامعہ چشتیہ رضویہ (خانقاہ ڈوگراں)

0347-6137930

Marfat.com

﴿جملہ حقوق محفوظ﴾

نام کتاب ......فیض البخاری در مسئلہ علم محبوب باری ﷺ المعروف فیض بہوت

مصنف ......حضرت علامہ مولانا ابوالفیض محمد شریف القادری رضوی زید مجدہ

بااہتمام......

کمپوزنگ......ساقی کمپوزنگ سنٹر گوجرانوالہ، قاری محمد امتیاز ساقی مجددی

تعداد......1100 سن اشاعت......دسمبر 201ء

صفحات...... ھدیہ...... 300/-

## ملنے کے پتے

Marfat.com

# فہرست



| نمبر شمار | مضمون | صفحہ نمبر |
|---|---|---|
| 1 | **دورد ابراهیمی** | 28 |
| 2 | **کلام اعلیٰ حضرت** | 29 |
| 3 | **کلام مصنف** | 31 |
| 4 | **انتساب** | 35 |
| 5 | **الاهداء** | 36 |
| 6 | **تقریظ مبارک**<br>شیخ الحدیث حضرت پیر محمد نورالمجتبیٰ چشتی رضوی (خانقاہ ڈوگراں) | 37 |
| 7 | **تقریظ سعید**<br>پروردہ آغوش ولایت صاحبزادہ محمد داؤد رضوی (گوجرانوالہ) | 40 |
| 8 | **تقریظ مبارک**<br>مناظر اسلام ابوالحقائق غلام مرتضیٰ ساقی مجددی (گوجرانوالہ) | 42 |
| 9 | **تقریظ جمیل**<br>مناظر اسلام حضرت مولانا محمد یونس قادری (خانقاہ ڈوگراں) | 45 |



Marfat.com

| | | |
|---|---|---|
| 10 | **ایک حقیقت**<br>محمد یاسر قادری رضوی | 47 |
| 11 | **کلمات تشکر** | 50 |
| 12 | عرض مصنف | 51 |
| 13 | اعتذار | 54 |
| 14 | علم غیب کے متعلق عقیدۂ اہلسنت | 55 |
| 15 | ابتدائیہ | 57 |
| 16 | **آیات قرانی سے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے علم غیب کا ثبوت** | 60 |
| 17 | آیت نمبر 1 | 61 |
| 18 | آیت نمبر 2 | 62 |
| 19 | آیت نمبر 3 | 64 |
| 20 | آیت نمبر 4 | 64 |
| 21 | آیت نمبر 5 | 64 |
| 22 | آیت نمبر 6 | 66 |


Marfat.com

| | | |
|---|---|---|
| 23 | آیت نمبر 7 | 66 |
| 24 | آیت نمبر 8 | 67 |
| 25 | آیت نمبر 9 | 68 |
| 26 | احادیث مبارکہ سے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے علم غیب کا ثبوت | 70 |
| 27 | مرویات......حضرت سیدنا علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ | 71 |
| 28 | حدیث نمبر 1 | 72 |
| 29 | حدیث نمبر 2 | 73 |
| 30 | مرویات......حضرت سیدنا ابن عباس رضی اللہ عنہ | 75 |
| 31 | حدیث نمبر 3 | 76 |
| 32 | حدیث نمبر 4 | 77 |
| 33 | حدیث نمبر 5 | 78 |
| 34 | حدیث نمبر 6 | 80 |


Marfat.com

| | | |
|---|---|---|
| 35 | حدیث نمبر 7 | 82 |
| 36 | حدیث نمبر 8 | 83 |
| 37 | حدیث نمبر 9 | 84 |
| 38 | حدیث نمبر 10 | 86 |
| 39 | حدیث نمبر 11 | 87 |
| 40 | حدیث نمبر 12 | 90 |
| 41 | حدیث نمبر 13 | 91 |
| 42 | روایت..... حضرت عبداللہ بن زبیر رضی اللہ عنہ | 93 |
| 43 | حدیث نمبر 14 | 94 |
| 44 | مرویات..... حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ | 96 |
| 45 | حدیث نمبر 15 | 97 |
| 46 | حدیث نمبر 16 | 97 |
| 47 | حدیث نمبر 17 | 99 |


Marfat.com

| | | |
|---|---|---|
| 48 | حدیث نمبر 18 | 103 |
| 49 | حدیث نمبر 19 | 104 |
| 50 | حدیث نمبر 20 | 105 |
| 51 | حدیث نمبر 21 | 106 |
| 52 | حدیث نمبر 22 | 107 |
| 53 | حدیث نمبر 23 | 108 |
| 54 | حدیث نمبر 24 | 109 |
| 55 | حدیث نمبر 25 | 110 |
| 56 | حدیث نمبر 26 | 111 |
| 57 | حدیث نمبر 27 | 112 |
| 58 | حدیث نمبر 28 | 113 |
| 59 | حدیث نمبر 29 | 114 |
| 60 | حدیث نمبر 30 | 115 |


Marfat.com

| | | |
|---|---|---|
| 61 | حدیث نمبر 31 | 116 |
| 62 | حدیث نمبر 32 | 118 |
| 63 | حدیث نمبر 33 | 118 |
| 64 | حدیث نمبر 34 | 120 |
| 65 | حدیث نمبر 35 | 126 |
| 66 | حدیث نمبر 36 | 127 |
| 67 | حدیث نمبر 37 | 128 |
| 68 | حدیث نمبر 38 | 131 |
| 69 | حدیث نمبر 39 | 132 |
| 70 | حدیث نمبر 40 | 133 |
| 71 | حدیث نمبر 41 | 134 |
| 72 | حدیث نمبر 42 | 135 |
| 73 | حدیث نمبر 43 | 136 |


Marfat.com

| | | |
|---|---|---|
| 74 | حدیث نمبر 44 | 138 |
| 75 | حدیث نمبر 45 | 140 |
| 76 | حدیث نمبر 46 | 141 |
| 77 | حدیث نمبر 47 | 142 |
| 78 | حدیث نمبر 48 | 142 |
| 79 | حدیث نمبر 49 | 144 |
| 80 | حدیث نمبر 50 | 145 |
| 81 | حدیث نمبر 51 | 146 |
| 82 | حدیث نمبر 52 | 147 |
| 83 | حدیث نمبر 53 | 149 |
| 84 | حدیث نمبر 54 | 149 |
| 85 | مرویات حضرت عروہ رضی اللہ عنہ | 152 |
| 86 | حدیث نمبر 55 | 153 |


Marfat.com

| | | |
|---|---|---|
| 87 | مرویات......حضرت ابوبکرہ رضی اللہ عنہ | 154 |
| 88 | حدیث نمبر 56 | 155 |
| 89 | حدیث نمبر 57 | 156 |
| 90 | حدیث نمبر 58 | 156 |
| 91 | مرویات......حضرت انس رضی اللہ عنہ | 158 |
| 92 | حدیث نمبر 59 | 159 |
| 93 | حدیث نمبر 60 | 160 |
| 94 | حدیث نمبر 61 | 161 |
| 95 | حدیث نمبر 62 | 164 |
| 96 | حدیث نمبر 63 | 165 |
| 97 | حدیث نمبر 64 | 166 |
| 98 | حدیث نمبر 65 | 168 |
| 99 | حدیث نمبر 66 | 170 |


Marfat.com

| | | |
|---|---|---|
| 100 | حدیث نمبر 67 | 171 |
| 101 | حدیث نمبر 68 | 172 |
| 102 | حدیث نمبر 69 | 173 |
| 103 | حدیث نمبر 70 | 174 |
| 104 | حدیث نمبر 71 | 178 |
| 105 | حدیث نمبر 72 | 181 |
| 106 | حدیث نمبر 73 | 182 |
| 107 | حدیث نمبر 74 | 183 |
| 108 | حدیث نمبر 75 | 184 |
| 109 | حدیث نمبر 76 | 185 |
| 110 | حدیث نمبر 77 | 186 |
| 111 | حدیث نمبر 78 | 187 |
| 112 | حدیث نمبر 79 | 188 |


Marfat.com

| | | |
|---|---|---|
| 113 | حدیث نمبر 80 | 189 |
| 114 | حدیث نمبر 81 | 190 |
| 115 | حدیث نمبر 82 | 191 |
| 116 | حدیث نمبر 83 | 192 |
| 117 | حدیث نمبر 84 | 194 |
| 118 | حدیث نمبر 85 | 195 |
| 119 | حدیث نمبر 86 | 196 |
| 120 | حدیث نمبر 87 | 198 |
| 121 | حدیث نمبر 88 | 200 |
| 122 | مرویات...... حضرت عبید اللہ بن عبد اللہ رضی اللہ عنہما | 202 |
| 123 | حدیث نمبر 89 | 203 |
| 124 | حدیث نمبر 90 | 204 |
| 125 | مرویات...... حضرت سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا | 207 |


Marfat.com

| | | |
|---|---|---|
| 126 | حدیث نمبر 91 | 208 |
| 127 | حدیث نمبر 92 | 209 |
| 128 | حدیث نمبر 93 | 210 |
| 129 | حدیث نمبر 94 | 211 |
| 130 | حدیث نمبر 95 | 212 |
| 131 | حدیث نمبر 96 | 213 |
| 132 | حدیث نمبر 97 | 215 |
| 133 | حدیث نمبر 98 | 216 |
| 134 | مرویات......حضرت اسماء بنت ابوبکر رضی اللہ عنہما | 218 |
| 135 | حدیث نمبر 99 | 219 |
| 136 | حدیث نمبر 100 | 220 |
| 137 | مرویات......حضرت عبید اللہ بن عبد اللہ رضی اللہ عنہما | 222 |
| 138 | حدیث نمبر 101 | 223 |


Marfat.com

| | | |
|---|---|---|
| 139 | مرویات......حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ | 224 |
| 140 | حدیث نمبر 102 | 225 |
| 141 | حدیث نمبر 103 | 228 |
| 142 | حدیث نمبر 104 | 231 |
| 143 | حدیث نمبر 105 | 233 |
| 144 | حدیث نمبر 106 | 234 |
| 145 | حدیث نمبر 107 | 236 |
| 146 | مرویات......حضرت جابر رضی اللہ عنہ | 238 |
| 147 | حدیث نمبر 108 | 239 |
| 148 | مرویات......حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ | 241 |
| 149 | حدیث نمبر 109 | 242 |
| 150 | حدیث نمبر 110 | 243 |
| 151 | حدیث نمبر 111 | 244 |


Marfat.com

| | | |
|---|---|---|
| 152 | حدیث نمبر 112 | 247 |
| 153 | حدیث نمبر 113 | 250 |
| 154 | حدیث نمبر 114 | 251 |
| 155 | حدیث نمبر 115 | 255 |
| 156 | حدیث نمبر 116 | 256 |
| 157 | حدیث نمبر 117 | 259 |
| 158 | حدیث نمبر 118 | 260 |
| 159 | حدیث نمبر 119 | 261 |
| 160 | حدیث نمبر 120 | 120 |
| 161 | حدیث نمبر 121 | 263 |
| 162 | روایت......حضرت عمیر ابن اسود عنسی رضی اللہ عنہما | 265 |
| 163 | حدیث نمبر 122 | 266 |
| 164 | مرویات......حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما | 268 |


Marfat.com

| | | |
|---|---|---|
| 165 | حدیث نمبر 123 | 269 |
| 166 | حدیث نمبر 124 | 270 |
| 167 | حدیث نمبر 125 | 271 |
| 168 | حدیث نمبر 126 | 272 |
| 169 | حدیث نمبر 127 | 273 |
| 170 | حدیث نمبر 128 | 274 |
| 171 | حدیث نمبر 129 | 275 |
| 172 | حدیث نمبر 130 | 276 |
| 173 | حدیث نمبر 131 | 276 |
| 174 | حدیث نمبر 132 | 277 |
| 175 | مرویات......حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ | 279 |
| 176 | حدیث نمبر 133 | 280 |
| 177 | حدیث نمبر 134 | 282 |



Marfat.com

| | | |
|---|---|---|
| 178 | حدیث نمبر 135 | 284 |
| 179 | حدیث نمبر 136 | 285 |
| 180 | روایت...... حضرت عمرو بن تغلب رضی اللہ عنہ | 287 |
| 181 | حدیث نمبر 137 | 288 |
| 182 | روایت...... حضرت عدی بن حاتم رضی اللہ عنہما | 289 |
| 183 | حدیث نمبر 138 | 290 |
| 184 | مرویات...... حضرت عقبہ بن عامر رضی اللہ عنہما | 293 |
| 185 | حدیث نمبر 139 | 294 |
| 186 | حدیث نمبر 140 | 295 |
| 187 | حدیث نمبر 141 | 296 |
| 188 | حدیث نمبر 142 | 298 |
| 189 | حدیث نمبر 143 | 299 |
| 190 | مرویات...... حضرت زینب بنت جحش رضی اللہ عنہا | 301 |


Marfat.com

| | | |
|---|---|---|
| 191 | حدیث نمبر 144 | 302 |
| 192 | حدیث نمبر 145 | 303 |
| 193 | مرویات...... حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ | 305 |
| 194 | حدیث نمبر 146 | 306 |
| 195 | حدیث نمبر 147 | 309 |
| 196 | حدیث نمبر 148 | 310 |
| 197 | حدیث نمبر 149 | 312 |
| 198 | مرویات...... حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہما | 314 |
| 199 | حدیث نمبر 150 | 315 |
| 200 | حدیث نمبر 151 | 317 |
| 201 | حدیث نمبر 152 | 318 |
| 202 | حدیث نمبر 153 | 319 |
| 203 | حدیث نمبر 154 | 321 |


Marfat.com

| | | |
|---|---|---|
| 204 | روایت ...... حضرت عبید اللہ بن ابورافع رضی اللہ عنہما | 324 |
| 205 | حدیث نمبر 155 | 325 |
| 206 | روایت ...... حضرت ابوحازم رضی اللہ عنہ | 328 |
| 207 | حدیث نمبر 156 | 329 |
| 208 | مرویات ...... حضرت ام خالد بنت خالد بن سعید رضی اللہ عنہما | 332 |
| 209 | حدیث نمبر 157 | 333 |
| 210 | روایت ...... حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ | 335 |
| 211 | حدیث نمبر 158 | 336 |
| 212 | روایت ...... حضرت عوف بن مالک رضی اللہ عنہ | 337 |
| 213 | حدیث نمبر 159 | 338 |
| 214 | مرویات ...... حضرت عمران بن حصین رضی اللہ عنہما | 340 |
| 215 | حدیث نمبر 160 | 341 |
| 216 | حدیث نمبر 161 | 343 |


Marfat.com

| | | |
|---|---|---|
| 217 | حدیث نمبر 162 | 344 |
| 218 | روایت......حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ | 347 |
| 219 | حدیث نمبر 163 | 348 |
| 220 | روایت......حضرت براء بن عازب رضی اللہ عنہما | 350 |
| 221 | حدیث نمبر 164 | 351 |
| 222 | مرویات......حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہما | 352 |
| 223 | حدیث نمبر 165 | 353 |
| 224 | حدیث نمبر 166 | 355 |
| 225 | حدیث نمبر 167 | 355 |
| 226 | حدیث نمبر 168 | 357 |
| 227 | مرویات......حضرت حمید بن عبدالرحمن رضی اللہ عنہما | 361 |
| 228 | حدیث نمبر 169 | 362 |
| 229 | حدیث نمبر 170 | 363 |


Marfat.com

| | | |
|---|---|---|
| 230 | روایت......حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا | 365 |
| 231 | حدیث نمبر 171 | 366 |
| 232 | روایت......حضرت سالم اور ابو بکر بن سلیمان بن ابو حثمہ رضی اللہ عنہما | 367 |
| 233 | حدیث نمبر 172 | 368 |
| 234 | مرویات......حضرت عطاء بن یسار رضی اللہ عنہ | 369 |
| 235 | حدیث نمبر 173 | 370 |
| 236 | حدیث نمبر 174 | 372 |
| 237 | حدیث نمبر 175 | 383 |
| 238 | روایت......حضرت یحییٰ بن خلاّ و زرقی رضی اللہ عنہ | 385 |
| 239 | حدیث نمبر 176 | 386 |
| 240 | روایت......حضرت حمید رضی اللہ عنہ | 388 |
| 241 | حدیث نمبر 177 | 389 |


111655

Marfat.com

| | | |
|---|---|---|
| 242 | مرویات......حضرت حفص بن عاصم رضی اللہ عنہ | 391 |
| 243 | حدیث نمبر 178 | 392 |
| 244 | حدیث نمبر 179 | 393 |
| 245 | حدیث نمبر 180 | 394 |
| 246 | روایت......حضرت ابووائل رضی اللہ عنہ | 396 |
| 247 | حدیث نمبر 181 | 397 |
| 248 | روایت......حضرت اعرج رضی اللہ عنہ | 398 |
| 249 | حدیث نمبر 182 | 399 |
| 250 | روایت......حضرت شفیق رضی اللہ عنہ | 400 |
| 251 | حدیث نمبر 183 | 401 |
| 252 | روایت......حضرت ابوادریس حولانی رضی اللہ عنہ | 402 |
| 253 | حدیث نمبر 184 | 403 |
| 254 | مرویات......حضرت سعید بن مسیّب رضی اللہ عنہ | 406 |


Marfat.com

| | | |
|---|---|---|
| 255 | حدیث نمبر 185 | 407 |
| 256 | حدیث نمبر 186 | 409 |
| 257 | حدیث نمبر 187 | 410 |
| 258 | روایت...... حضرت سلیمان بن صرد رضی اللہ عنہ | 412 |
| 259 | حدیث نمبر 188 | 413 |
| 260 | روایت...... حضرت ابو مالک اشعری رضی اللہ عنہ | 414 |
| 261 | حدیث نمبر 189 | 415 |
| 262 | روایت ..... حضرت ابوسلمہ اور ضحاک رضی اللہ عنہ | 417 |
| 263 | حدیث نمبر 190 | 418 |
| 264 | روایت...... حضرت عدی بن ثابت رضی اللہ عنہ | 420 |
| 265 | حدیث نمبر 191 | 421 |
| 266 | روایت...... حضرت ابوصالح رضی اللہ عنہ | 422 |
| 267 | حدیث نمبر 192 | 423 |


Marfat.com

| | | |
|---|---|---|
| 268 | روایت ...... حضرت ابوعبدالرحمن سلمی رضی اللہ عنہ | 424 |
| 269 | حدیث نمبر 193 | 425 |
| 270 | روایت ...... حضرت سعید رضی اللہ عنہ | 428 |
| 271 | حدیث نمبر 194 | 429 |
| 272 | روایت ...... حضرت ابوسلمہ رضی اللہ عنہ | 431 |
| 273 | حدیث نمبر 195 | 432 |
| 274 | روایت ...... حضرت ابوبردہ رضی اللہ عنہ | 435 |
| 275 | حدیث نمبر 196 | 436 |
| 276 | روایت ...... حضرت اسرائیل رضی اللہ عنہ | 438 |
| 277 | حدیث نمبر 197 | 439 |
| 278 | روایت ...... حضرت ابوالغیث رضی اللہ عنہ | 442 |
| 279 | حدیث نمبر 198 | 443 |
| 280 | روایت ...... حضرت حارثہ بن وہب رضی اللہ عنہ | 444 |


Marfat.com

| | | |
|---|---|---|
| 281 | حدیث نمبر 199 | 445 |
| 282 | روایت......حضرت ربعی بن حراش رضی اللہ عنہ | 446 |
| 283 | حدیث نمبر 200 | 447 |
| 284 | روایت......حضرت زہری رضی اللہ عنہ | 449 |
| 285 | حدیث نمبر 201 | 450 |
| 286 | روایت......حضرت مغیرہ بن شعبہ رضی اللہ عنہ | 452 |
| 287 | حدیث نمبر 202 | 453 |
| 288 | مرویات......حضرت امام حسن بصری رضی اللہ عنہ | 454 |
| 289 | حدیث نمبر 203 | 455 |
| 290 | حدیث نمبر 204 | 456 |
| 291 | روایت......حضرت عبداللہ بن عمر بن العاص رضی اللہ عنہ | 458 |
| 292 | حدیث نمبر 205 | 459 |
| 293 | روایت......حضرت نعیم مجمر رضی اللہ عنہ | 460 |


Marfat.com

| | | |
|---|---|---|
| 294 | حدیث نمبر 206 | 461 |
| 295 | روایت...... حضرت ابو واقد لیثی رضی اللہ عنہ | 462 |
| 296 | حدیث نمبر 207 | 463 |
| 297 | روایت...... حضرت ابو حمید ساعدی رضی اللہ عنہ | 465 |
| 298 | حدیث نمبر 208 | 466 |
| 299 | روایت...... حضرت عامر بن عروہ بارقی رضی اللہ عنہما | 469 |
| 300 | حدیث نمبر 209 | 470 |
| 301 | روایت...... حضرت عامر بن سعید بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ | 471 |
| 302 | حدیث نمبر 210 | 472 |
| 303 | **سلام** (کلام اعلیٰ حضرت) | 474 |


اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ
كُلِّ ذَرَّةٍ مِّائَةَ اَلْفِ اَلْفِ مَرَّةٍ وَّبَارِكْ وَسَلِّمْ
نَجَّاةً مِّنْكَ يَاسَيِّدَنَا الْكَرِيْمَ نَجِّنَا وَخَلِّصْنَا
بِحَقِّ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

Marfat.com

# درود ابراهیمی

یا اللہ جل جلالہ — یا رسول اللہ ﷺ

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

## درود شریف

اللّٰھُمَّ
صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا صَلَّیْتَ
عَلٰی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ اِنَّکَ
حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ اللّٰھُمَّ بَارِکْ عَلٰی مُحَمَّدٍ
وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا بَارَکْتَ عَلٰی اِبْرَاھِیْمَ
وَعَلٰی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ

Marfat.com

# نعت رسول مقبول ﷺ

ان کی مہک نے دل کے غنچے کھلا دیئے ہیں
جس راہ چل گئے ہیں کوچے بسا دیئے ہیں
ان کی مہک نے دل کے غنچے کھلا دیئے ہیں

جب آگئی ہیں جوش رحمت پہ اُن کی آنکھوں
جلتے بجھا دیے ہیں روتے ہنسا دیئے ہیں
ان کی مہک نے دل کے غنچے کھلا دیئے ہیں

اک دل ہمارا کیا ہے آزار اس کا کتنا
تم نے تو چلتے پھرتے مردے جلا دیئے ہیں
ان کی مہک نے دل کے غنچے کھلا دیئے ہیں

اُن کے نثار کوئی کیسے ہی رنج میں ہو
جب یاد آگئے ہیں سب غم بھلا دیئے ہیں
ان کی مہک نے دل کے غنچے کھلا دیئے ہیں

ہم سے فقیر بھی اب پھیری کو اُٹھتے ہوں گے؟
اب تو غنی کے در پر بستر جما دیئے ہیں
ان کی مہک نے دل کے غنچے کھلا دیئے ہیں

اسرا میں گزرے جس دم بیڑے پہ قدسیوں کے
ہونے لگی سلامی پرچم جھکا دیئے ہیں

Marfat.com

ان کی مہک نے دل کے غنچے کھلا دیئے ہیں

آنے دو یا ڈبو دو اب تو تمہاری جانب
کشتی تمہیں پہ چھوڑی لنگر اٹھا دیئے ہیں

ان کی مہک نے دل کے غنچے کھلا دیئے ہیں

دولہا سے اتنا کہہ دو پیارے سواری روکو
مشکل میں ہیں براتی پرخار با دیئے ہیں

ان کی مہک نے دل کے غنچے کھلا دیئے ہیں

میرے کرم سے گر قطرہ کسی نے مانگا
دریا بہا دیئے ہیں دُر بے بہا دیئے ہیں

ان کی مہک نے دل کے غنچے کھلا دیئے ہیں

اللہ کیا جہنم اب بھی نہ سرد ہو گا
رو رو کے مصطفیٰ (ﷺ) نے دریا بہا دیئے ہیں

ان کی مہک نے دل کے غنچے کھلا دیئے ہیں

ملک سخن کی شاہی تم کو رضاؔ مسلم
جس سمت آگئے ہو سکے بیٹھا دیئے ہیں

ان کی مہک نے دل کے غنچے کھلا دیئے ہیں

جس راہ چل گئے ہیں کوچے بسا دیئے ہیں

**(کلامِ اعلیٰ حضرت)**

Marfat.com

# نعت شریف

کہاں میں گنہگار کہاں میرے سرکار
کہاں میں اس لائق کہ میں پہنچوں دربار
لیکن آقا نے کرم فرمایا
مجھ گنہگار کو اپنے پاس بلایا
پھر میں روضہ پاک کو تکتا تھا بار بار
کہاں میں گنہگار کہاں میرے سرکار ﷺ

پھر میں نے قبر انور کو چوما
دل خوشیوں سے ایسا جھوما
کہ میرے جی کو آگیا قرار
کہاں میں گنہگار کہاں میرے سرکار ﷺ

قبر نبی کو چومتے ایسی سعادت پائی
کہ ہونٹوں میرے کو خوب لذت آئی
پھر آنکھیں ہوگئیں اشکبار
کہاں میں گنہگار کہاں میرے سرکار ﷺ

اللہ اللہ وہ قبر انور جس کا رتبہ ہے بلند بالا

Marfat.com

زمین تو ہے کہاں وہ عرش سے بھی اعلیٰ
جس کی زیارت کا مجھ کو شرف بخشا سرکار
کہاں میں گنہگار کہاں میرے سرکار ﷺ
میرے آقا کرم فرماؤ
مجھ کو باربار قدموں میں بلاؤ
شریف القادری کرتا ہے یہ انتظار
کہاں میں گنہگار کہاں میرے سرکار ﷺ

**(کلامِ مصنف)**

(ابوالفیض محمد شریف القادری رضوی)

❀❀❀❀❀

Marfat.com

# نعت رسول مقبول ﷺ

سوہنے آقا توں صدقے میں جاوں
سوہنا جے آوے تے خوشیاں مناوں

پیر جے پاوے میرے وی وہڑے
مک جاون دنیا دے سارے ہی جیھڑے
سوہنے دے راہ وچ اکھیاں وچھاواں
سوہنے آقا توں صدقے میں جاوں
سوہنا جے آوے تے خوشیاں مناوں

سوہنا جے آکے پاوے تجلی
عشق نبی وچ ہوجاواں میں جھلی
پھر سوہنے دے قدماں تے لب میں ٹکاواں
سوہنے آقا توں صدقے میں جاوں
سوہنا جے آوے تے خوشیاں مناوں

سوہنا قدمی جے مینوں وی لاوے
دکھاں غماں توں جان چھڈاوے
خوشی وچ آکے میں محفل سجاواں

Marfat.com

سوہنے آقا توں صدقے میں جاواں
سوہنا جے آوے تے خوشیاں مناواں
اک واری آجاسوہنیا توں چل کے
بیٹھا شریف اے راہواں نوں مل کے
رونداپیا اے لے لے کے ہاواں
سوہنے آقا توں صدقے میں جاواں
سوہنا جے آوے تے خوشیاں مناواں

(**کلامِ مصنف**)

(ابوالفیض محمد شریف القادری رضوی)

❁❁❁❁❁❁❁

Marfat.com

# انتساب

محبوب سبحانی، قندیل نورانی، شہباز لامکانی، قطب الاقطاب، غوث العلمین

حضور سیدنا غوث اعظم شیخ **عبدالقادر جیلانی** الحسنی والحسینی رضی اللہ عنہ

اور

اعلیٰ حضرت، امام اہلسنت، مجدد دین وملت، امام العاشقین، شیخ المحدثین

حضور سیدنا امام **احمد رضا خان قادری** بریلوی رحمۃ اللہ علیہ

اور

آفتاب علم وحکمت، شیخ المحدثین، حضور سیدنا محدث اعظم

حضرت مولانا **محمد سردار احمد قادری رضوی** رحمۃ اللہ علیہ

بوساطت

نائب محدث اعظم، فیض یافتہ امیر ملت، پاسبان مسلک رضا، پیر طریقت، رہبر شریعت

سیّدی ومرشدی حضرت مفتی پیر **ابوداؤد محمد صادق** قادری رضوی مدظلہ العالی

طالب نگاہ

ابوالفیض محمد شریف القادری رضوی

مہتمم جامعہ غوثیہ چشتیہ رضویہ وجامعہ فاطمۃ الزہرہ

0347-6137930/ 0301-6607712

Marfat.com

# الاهداء

رئیس المحدثین، سراج العارفین، سلطان المناظرین۔ قطب الاولیاء، سراج الفقہاء

پیر طریقت، رہبر شریعت، سیدی وسندی واستاذی

حضور پیر ابوالفیض محمد عبدالکریم قادری چشتی رضوی رحمۃ اللہ علیہ

حضور محدث ابدالوی، خانقاہ ڈوگراں شریف

کے مبارک نام

بوساطت

پیر طریقت، رہبر شریعت، شیخ الحدیث والتفسیر والفقہ، جگر گوشۂ حضور محدث ابدالوی

سیدی وسندی واستاذی حضرت مولانا پیر محمد نور المجتبیٰ چشتی رضوی مدظلہ العالی

مہتمم ومفتی وشیخ الحدیث مرکزی دارالعلوم چشتیہ رضویہ خانقاہ ڈوگراں شریف

گر قبول افتدزہے عزوشرف

ادنیٰ نیاز مند:

/

ابوالفیض محمد شریف القادری رضوی

Marfat.com

# تقریظ مبارک

استاذ الاساتذہ، سلطان المناظرین، شیخ الحدیث والتفسیر والفقہ

وارث علوم حضرت محدث ابدالوی، سیدی واستاذی

صاحبزادہ پیر **محمد نور المجتبیٰ چشتی** صاحب دامت برکاتہم العالیہ

مفتی وشیخ الحدیث مرکزی دارالعلوم چشتیہ رضویہ

جانشین حضور محدث ابدالوی رحمۃ اللہ علیہ خانقاہ ڈوگراں شریف

**بسم اللہ الرحمٰن الرحیم**

**نحمدہٗ ونصلی ونسلم علی رسولہ الکریم ۔اما بعد!**

انسانی فطرت کا تقاضا ہے کہ حصول نعمت پر اظہار مسرت کرتا ہے اور زوال نعمت پر غمگین ہو جاتا ہے۔ چونکہ یہ دونوں باتیں فطری اور انسانی جبلت اور طبیعت کا لازمی جزو ہیں اس لیے ان کے حصول کے لیے کسی ترغیب کی ضرورت نہیں ہوتی اور نہ ہی کوئی رکاوٹ ان سے باز رکھتے ہیں کارگر ثابت ہو سکتی ہے۔ اور یہ بھی ایک حقیقت ہے کہ اللہ تبارک وتعالیٰ نے انسان کو بے شمار نعمتوں سے نوازا ہے، جن کا احاطہ ناممکن ہے۔ مگر اس کی عطاؤں کا تحدیث نعمت کے طور پر ذکر کرنا شکران نعمت شمار ہوتا ہے، پھر تاجدار مدینہ ﷺ کی عظمت کے کسی پہلو کا ذکر کرنا تو ایمان کے پختہ ہونے کی دلیل ہے اس سے قلب مومن کو فرحت اور روح کو آسودگی اور راحت نصیب ہوتی ہے، **فجزاہ اللہ تعالیٰ جزاء حسناً۔**

چنانچہ سرکار ﷺ سے قلبی محبت کے اظہار کے لیے اور اپنے فرائض منصبی سے

Marfat.com

عہدہ برآ ہونے کے لیے فاضل جلیل، عالم نبیل، حضرت مولانا ابوالفیض محمد شریف القادری رضوی مدظلہ العالی نے بڑی عرق ریزی اور محنت شاقہ سے کتاب مستطاب بنام ''فیض البخاری درمسئلہ علم محبوب باری'' کو تالیف کیا ہے۔ مولانا موصوف ایک انتہائی محنتی، متحرک اور درد دل رکھنے والے انسان ہیں۔ اپنی دینی، ملی تبلیغی خدمات کی وجہ سے اپنی ایک پہچان رکھتے ہیں، حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی عظمت وشان پر انتہائی محبت بھرے انداز میں پروقار طور پر بہترین باوصف مضبوط دلائل کے ساتھ مشاغل تحریر کو تبلیغی دین کا فریضہ سمجھتے ہوئے سرانجام دے رہے ہیں۔

مولانا موصوف کی اس سے قبل چند تالیفات چھپ کر خواص وعام میں مقبول ہو چکی ہیں مولانا کا یہ آٹھواں اشاعتی مجموعہ ہے جو کہ علم غیب مصطفیٰ علیہ التحیات والثناء پر مشتمل ہے۔ یہ کتاب بھی اسی سلسلہ کی کڑی ہے یہ کتاب اہل ایمان وعرفان کے لیے باعث راحت قلب وجان ہوگی اگرچہ اس موضوع پر اس سے قبل علمائے اہل سنت نے عربی وفارسی، اردو میں کافی کام کیا ہے مگر امام الکل فی الکل سید عالم ﷺ کے علم غیبیہ اور خصائص ومعجزات، فضائل وبرکات کو مولانا موصوف نے مضبوط دلائل کے ساتھ اپنے مخصوص ودل کش اور اچھوتے انداز میں اس طرح صحت لفظی کے ساتھ پیش کیا ہے کہ کم پڑھا لکھا آدمی بھی اس سے استفادہ کرسکتا ہے۔ کتاب اپنے نفس عنوان کے حوالے سے بہت عمدہ اور بہترین کتاب ہے پڑھنے والوں کے لیے علم میں اضافے کا باعث ہوگی، اسے ضرور پڑھیے اور اپنے ایمانوں کو جلا بخشیے۔

مذکورہ کتاب قرآنی آیات اور 210 احادیث مبارکہ جو کہ بخاری شریف سے لی گئی ہیں ان پر مشتمل ہے۔ اس کے علاوہ ماشاء اللہ انداز تحریر محض خطیبانہ نہیں بلکہ محققانہ

Marfat.com

بھی ہے، حسب ضرورت جا بجا دلائل شرعیہ سے کتاب کو مزیّن کیا گیا ہے۔

مولانا موصوف حضور محدث اعظم بانی دارالعلوم چشتیہ رضویہ خانقاہ ڈوگراں سے اکتساب فیض کرنے والوں میں شامل ہیں تو یقیناً آپ کے فیضان صحبت کا اثر مولانا کی خدمات سے ظہور پذیر ہے۔

فقیر دعا گو ہے کہ مولا کریم جل شانہٗ مولانا موصوف کی اس دینی مساعی جمیلہ کو قبول فرمائے اور ہم سب کو سرکار ﷺ کی عظمت اور علم غیب پر یقین محکم رکھنے کی توفیق نصیب فرمائے۔ایں دعا از من و از جملہ جہاں آمین باد

بجاہ النبی الکریم الرؤف الرحیم علیہ الصلوٰۃ والتسلیم وعلیٰ الہ واصحابہ اجمعین

خادم العلماء والفقراء

محمد نور المجتبیٰ چشتی قادری رضوی عفی عنہ

مفتی وشیخ الحدیث دارالعلوم چشتیہ رضویہ

خانقاہ ڈوگراں شریف ضلع شیخوپورہ

۲۴ جمادی الاول ۱۴۳۱ھ، ۹ مئی بروز اتوار ۲۰۱۰ء

Marfat.com

# تقریظ سعید

پیکر اخلاص، جگر گوشۂ پاسبان مسلک رضا، پروردۂ آغوش ولایت

پیر طریقت، رہبر شریعت، حضرت، علامہ

صاحبزادہ ابوالرضا **محمد داؤد قادری رضوی** مدظلہ العالی

مرکز اہلسنّت زینت المساجد گوجرانوالہ

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

صوفی باصفا مولانا علامہ محمد شریف القادری رضوی ماشاء اللہ اسم بامسمّٰی ایک درویش منش شخصیت ہیں اور بچپن ہی سے پڑھنے پڑھانے کا شوق رکھتے ہیں۔

اسی وجہ سے ان کی کئی تصانیف بھی منظر عام پر آچکی ہیں۔اب نبئ غیب داں، سرور کون ومکاں، آقا و مولیٰ ﷺ کے علم غیب شریف کے بارے میں مولانا موصوف کی بڑی پیاری تصنیف آپ کے ہاتھوں میں ہے۔ پڑھیں اور اپنے ایمان کو تقویت پہنچائیں۔

کتاب مذکور میں تمام روایات بخاری شریف سے لی گئی ہیں۔ وہابیہ دیابنہ بخاری شریف کا بڑا نام لیتے ہیں۔ افسوس کہ ان کو یہ روایات نظر نہیں آتیں۔

سچ فرمایا ہے بزرگوں نے:

ے پڑھا علم دیں دینداری نہ آئی

بخار آیا ان کو بخاری نہ آئی

Marfat.com

بنا عشق نبی جو پڑھتے ہیں بخاری

آتا ہے بخار ان کو نہیں آتی بخاری

از:

خادم اہل سنت


ابوالرضا محمد داؤد رضوی

مرکز اہلسنّت زینت المساجد گوجرانوالہ

مدرس جامعہ رضویہ سراج العلوم

۲۰ ذیقعد ۱۴۳۱ھ/ ۱۹۔اکتوبر ۲۰۱۱ء

بروز بدھ بعد نماز ظہر




Marfat.com

# تقریظ مبارک

مناظراسلام، ترجمان اہلسنت، محقق دوراں

مصنف کتب کثیرہ، پیرطریقت، رہبرشریعت

حضرت علامہ ابوالحقائق غلام مرتضیٰ ساقی مجددی

خلیفہ مجاز حضرت ابوالبیان، امیر اعلیٰ مرکزی ادارہ عاشقان مصطفیٰ ﷺ

الحمدلله رب العالمین والصلوة والسلام علی رحمة للعالمین اما بعد!

اللہ تعالیٰ نے اپنے محبوب سیدنا محمد رسول اللہ ﷺ کو ہرلحاظ سے ساری مخلوق سے بلند مقام عطا فرمایا ہے آپ کے فضائل وکمالات بے حدو بے حساب ہیں۔قدرت نے آپ کے علوم ومعارف کی کثرت کو یوں بیان فرمایا ہے:

وعلمك مالم تكن تعلم وكان فضل الله عليك عظيما۔

(النسآء،۱۱۳)

یعنی اللہ تعالیٰ نے آپ کو وہ وہ علوم عطا فرمادیئے جو پہلے آپ کے پاس نہیں تھے اوراس کا آپ پر بڑا فضل ہے۔

حدیث پاک میں ہے رسول اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا:

اللہ تعالیٰ نے اپنی (قدرت کی) ہتھیلی میرے کندھوں کے درمیان رکھی جس کی ٹھنڈک میں نے اپنے سینے میں محسوس کی

فعلمت مافی السموٰت ومافی الارض۔

تو مجھے آسمانوں اورزمین کی ہرہر چیز کا علم آ گیا۔

Marfat.com

(ترمذی ج ۲ ص ۱۵۵، واللفظ لہ مشکوٰۃ ص ۷۰)

صحابہ کرام رضی اللہ عنہم بارگاہ رسالت میں اپنے عقیدہ کا یوں اظہار کرتے تھے:

الله ورسوله اعلم (بخاری ج ۱ ص ۱۳، مسلم ج ۱ ص ۴۴)

اللہ اور اس کا رسول زیادہ جانتا ہے۔

یعنی صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین رسول اللہ ﷺ کے علم مبارک کو کم نہیں بلکہ زیادہ اور وافر سمجھتے تھے۔ یہی عقیدہ بعد میں آنے والے مسلمانوں کا ہے۔ قصیدہ بردہ شریف جو بے شمار مسلمانوں کا وظیفہ ہے اس کا ایک شعر اس طرح ہے۔

فان من جودك الدنيا وضرتها

ومن علومك علم اللوح والقلم

یارسول اللہ ﷺ دنیا و آخرت آپ کے جود و کرم کی بدولت ہے اور لوح و قلم کا علم آپ کے علوم مقدسہ کا ایک حصہ ہے۔

علوم نبویہ کے کثیر، وافر، اور بے حد و بے حساب ہونے پر قرآن وحدیث، اقوال صحابہ، اور اقوال فقہاء و محدثین کا ایک طویل ترین سلسلہ ہے جس پر مختلف علماء اہلسنت نے اپنی اپنی طبع نیاز مندانہ کے مطابق خامہ فرسائی کی ہے۔ فجزاهم الله خيرا

فاضل نوجوان، صوفی باصفا، خطیب ذیشان، حضرت مولانا محمد شریف القادری نے بھی اپنے آقا و مولیٰ رحمت دو جہاں، رسول کل زماں، حضرت محمد رسول اللہ ﷺ کی بارگاہِ بے کس پناہ میں ہدیہ محبت اور نذرانۂ عقیدت عرض کرنے کی سعادت حاصل کی ہے۔ اور اس سلسلہ میں بخاری شریف سے ہی ایک مضبوط اور ناقابل انکار دستاویز تیار کردی ہے تاکہ ہر کوئی اپنے ذوق کی تسکین کرسکے۔

Marfat.com

ظاہر ہے کہ یہ کاوش ماننے والوں کے لیے ہے کیونکہ انکار کرنے والے تو قرآن کو بھی ردّ کر دیتے ہیں۔العیاذباللہ تعالٰی منہ

راقم اپنی دینی مصروفیات کی بنا پر اصل مسودہ تو نہیں دیکھ سکا لیکن مولانا نے کئی مقامات پر مجھ سے صلاح ومشورہ کیا اور اس گنہگار کا طریقہ ہے اچھا اور مفید مشورہ دینے میں کبھی توقف نہیں کرتا۔اور خیر خاہی کی نیت سے اصلاح ونقد ونظر سے بھی گریز نہیں کرتا۔

بارگاہِ خداوندی میں گزارش ہے کہ وہ ہمیں اخلاص کی دولت سے مالا مال فرمائے اور ہمارے امور کو نفس کی بجائے دین اور اسلام کے لیے خالص بنائے اور ہمیں بڑھ چڑھ کر دین اسلام اور مسلک حق اہلسنت وجماعت کی تبلیغ واشاعت کی توفیق عطا فرمائے۔آمین

اللہ تعالیٰ مولانا محمد شریف القادری صاحب کو بھی اس کاوش پر اجر عظیم اور مزید عمل کی توفیق سے نوازے۔ آمین بحرمۃ سید المرسلین علیہ الصلوٰۃ والتسلیم

این دعا از من و از جملہ جہاں آمین باد

العبد الفقیر الی مولاہ الغنی

ابوالحقائق غلام مرتضیٰ الساقی المجددی

۲۷ ذوالحجہ ۱۴۳۱ھ/۲ دسمبر ۲۰۱۰ء، بروز جمعرات بعد نماز مغرب

Marfat.com

# تقریظ جمیل

استاذی المکرّم، رئیس المناظرین، سند المدرسین، صوفی باصفا

حضرت علامہ مولانا **محمد یونس قادری** دامت برکاتہم العالیہ

مدرس مرکزی دار العلوم چشتیہ رضویہ خانقاہ ڈوگراں شریف

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

نحمدہٗ ونصلی ونسلم علی رسولہ الکریم ۔اما بعد!

اس پرفتن دور میں جب کہ ہر طرف کئی لوگ دین کا لبادہ اوڑھ کر سادہ لوح مسلمانوں کو مسلک حق اہلسنّت وجماعت سے ہٹانے اور گمراہ کرنے کی ناکام کوشش کررہے ہیں۔ اور غلامئ رسول ﷺ سے پھیرنا چاہتے ہیں، لوگوں کے دلوں سے ادب وتعظیم مصطفیٰ ﷺ نکالنا چاہتے ہیں۔ خدا تعالیٰ ان کے ناپاک عزائم کو خاک میں ملائے۔آمین

جب ایسے حالات ہوں تو علمائے کرام کے لیے بہت زیادہ محنت کی ضرورت ہے جبکہ گمراہ کرنے والے باغیان عظمت مصطفیٰ ﷺ اتنے متحرک ہیں۔

تو حق والوں کو بھی ان کے شر سے بچانے کے لیے زیادہ محنت اور کوشش کی ضرورت ہے۔ اللہ تعالیٰ علمائے حق کے ذریعے عقائد اہلسنت کی حفاظت فرمائے، دور حاضر میں جن علمائے کرام کو اللہ تعالیٰ نے محنت کی توفیق دی ہے ان میں فاضل جلیل، عالم نبیل، حضرت مولانا ابوالفیض محمد شریف القادری رضوی بھی ہیں، جو کہ دار العلوم چشتیہ رضویہ سے فیض حاصل کرنے والوں میں سے ہیں۔

عزیزم ہمارے تلمیذ بھی ہیں، تعلیمی دور سے ہی بہت سنجیدہ اور باعمل ہیں۔ان

Marfat.com

کی یہ کتاب مستطاب مفید شیخ وشاب ''فیض البخاری در مسئلہ علم محبوب باری ﷺ'' جس میں انہوں نے بڑی عرق ریزی اور محنت شاقہ سے صحیح بخاری شریف سے 210 احادیث مبارکہ علم غیب مصطفیٰ ﷺ کے مقدس موضوع پر اخذ کی ہیں، جبکہ شروع میں قرآنی آیات سے کتاب کو مزین ومدلل کیا ہے۔فقیر نے اس کتاب کو چیدہ چیدہ مقام سے دیکھا ہے ماشاء اللہ کتاب اپنے موضوع پر کتاب لاجواب ہے۔اوراس سے شیخ المحد ثین حضرت سیدنا امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ کا عقیدہ بھی ثابت ہوگیا کہ وہ بھی علم غیب کے معتقد تھے۔اسی لیے تو اپنی صحیح بخاری شریف میں علم غیب کی احادیث مبارکہ اتنی کثرت سے لائے ہیں۔

معلوم ہوا کہ امت کے عظیم محدثین بھی حضور ﷺ کے علم غیب کے قائل تھے۔اب بھی اگر کوئی حضور ﷺ کے علم غیب کا انکار کرے تو اس سے بڑی حماقت اور خباثت کیا ہے۔اللہ تعالیٰ کی بارگاہ ناز میں دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ مولانا موصوف کی اس کاوش کو قبول فرمائے اورنافع خاص وعام بنائے۔اور یہ مولانا کی چھٹی تصنیف ہے بڑی خوشی کی بات ہے کہ ہمارے تلامذہ کو اللہ تعالیٰ نے ایسی توفیق عطا فرمائی۔اللہ تعالیٰ ان کی تمام تصانیف کو قبولیت تامہ عطا فرمائے۔اور محنت سے دین کا کام کرنے کی توفیق عطا فرمائے،اور ان کے علم وعمل وتحریر وتقریر وتدریس اور زندگی میں وافر برکات عطا فرمائے۔آمین......بحرمة سيدالمرسلين عليه الصلوٰة والتسليم

العبد: میاں محمد یونس قادری

مدرس مرکزی دارالعلوم چشتیہ رضویہ (خانقاہ ڈوگراں)

Marfat.com

# ایک حقیقت

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

الصلوٰۃ والسلام علیک یارسول اللہ ﷺ

وعلیٰ الک واصحابک یاحبیب اللہ ﷺ

تمام تعریفیں اللہ جل جلالہٗ کے لیے ہیں اور لاتعداد درود وسلام سید الانبیاء حضور نبی اکرم ﷺ کے لیے ہیں۔

حضرات گرامی ایک وہ وقت تھا کہ میں مخالفین اہلسنّت کے مدرسہ میں پڑھتا رہا۔لیکن اب الحمدللہ تمام عقائد باطلہ سے توبہ کر کے مسلک حق اہلسنّت و جماعت میں شامل ہو چکا ہوں۔اب بحمدللہ پکا سنی ہوں،

یہ سارا انقلاب اس وقت آیا جب میرا رابطہ حضرت علامہ مولانا پیر محمد شریف القادری رضوی سے ہوا، میں نے آپ سے چند عربی مضامین پڑھے،اور مختلف سورتوں کا ترجمہ پڑھا جو کہ میرے میٹرک کے نصاب، میں شامل تھیں۔حضرت صاحب نے میری ایسی اصلاح فرمائی کہ میں باقاعدہ آپ کے شاگردوں میں شامل ہو گیا اور پورے قرآن پاک کا ترجمہ پڑھنے کی سعادت حاصل کی۔اور آپ کی زندگی کے شب وروز کے معاملات سے ایسا متاثر ہوا کہ آپ سے بیعت کرنے کا ارادہ کرلیا۔

لیکن جب میں بیعت ہونے کے لیے آپ کی بارگاہ میں حاضر ہوا تو آپ

Marfat.com

نے مجھے فرمایا کہ میں بیعت نہیں کرتا اس لیے کہ بیعت کی مجھے اجازت نہیں اور میرے علاوہ اور بھی کئی احباب نے آپ سے بیعت ہونے کو عرض کیا تو آپ نے ان سب کو بھی یہی فرمایا "مجھے بیعت کی اجازت نہیں"۔ لہٰذا تم کسی اور ہمارے سنی بزرگ سے رابطہ کرلو جس کا عقیدہ اور عمل صحیح ہو، اور وہ صاحب اجازت ہو۔

لیکن الحمدللہ کچھ عرصہ بعد ۲۰۱۰ء رمضان المبارک میں حضرت صاحب کے مرشد کامل پاسبان مسلک رضا، نائب محدث اعظم پاکستان، پیر طریقت، رہبر شریعت، حضرت، علامہ مولانا الحاج پیر مفتی ابوداؤد محمد صادق صاحب قادری رضوی مدظلہ العالی امیر جماعت رضائے مصطفیٰ پاکستان نے آپ کو سلسلہ کی اجازت فرمائی تو سب سے پہلے مجھے ہی یہ سعادت ملی کہ میں حضرت علامہ پیر ابوالفیض محمد شریف القادری رضوی سے بیعت ہوکر سلسلہ قادریہ میں شامل ہونے کا شرف حاصل کیا۔

اور بیعت کے بعد الحمدللہ مجھے کافی برکتیں حاصل ہوئیں، اور میرے علاوہ کچھ ایسے احباب ہیں جن کو بیعت ہونے کے فوراً بعد انہیں دنوں میں رسول اللہ ﷺ کی زیارت کا شرف بھی حاصل ہوا۔ الحمدللہ رب العالمین

میں اپنے مرشد گرامی حضرت علامہ پیر ابوالفیض محمد شریف القادری رضوی کا بہت زیادہ شکرگزار ہوں کہ ان کی نگاہ شفقت سے مجھے مسلک حق اہلسنّت و جماعت نصیب ہوا۔ اور مزید کچھ علم دین حاصل کرنے کا شرف حاصل ہوا۔ میرے علاوہ کئی نوجوانوں کو اہلسنّت پر استقامت نصیب ہوئی، یہ سب حضرت کا فیضان ہے۔

اللہ تعالیٰ آپ کو سلامت رکھے اور ہر شر سے بچائے اور آپ کے دینی مشن کو جاری وساری رکھے اور آپ کی تمام تصانیفات کو قبول فرمائے، بالخصوص آپ کی یہ

Marfat.com

تصنیف جو کہ آٹھویں تصنیف ہے ''فیض البخاری درمسئلہ علم محبوب باری ﷺ'' کو نافع خاص وعام بنائے۔ آمین صلی اللہ علی حبیبہٖ محمد والہ وبارك وسلم

منجانب!

خاکپائے مرشد گرامی

محمد یاسر قادری رضوی

❁❁❁❁❁❁

Marfat.com

# کلمات تشکر

الصلوٰة والسلام علیك یارسول الله ﷺ

وعلٰی الك واصحابك یاحبیب الله ﷺ

احقر برادر گرامی محسن خاص ،مناظر اسلام،پیر طریقت، رہبر شریعت، پیکر اخلاص، حضرت علامہ ابوالحقائق غلام مرتضٰی ساقی مجددی مدظلہ العالی کا بے حد شکر گزار ہے کہ وہ اپنے قیمتی مشوروں سے نوازتے رہتے ہیں۔ بالخصوص میں نے اپنی اس تصنیف "فیض البخاری در مسئلہ علم محبوب باری ﷺ" میں پچیس احادیث مبارکہ کا اضافہ حضرت ساقی صاحب کے مشورہ سے ہی کیا ہے۔ آپ کا میں بہت زیادہ شکر گزار ہوں۔ اللہ تعالیٰ آپ کو جزائے خیر عطا فرمائے۔ آمین

اوران کے علاوہ برادر گرامی حضرت علامہ پروفیسر محمد نعیم اللہ خاں قادری صاحب زید مجدہٗ کا بھی شکر گزار ہوں کیونکہ وہ بھی بعض اوقات انتہائی مفید مشوروں سے نوازتے رہتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ ان حضرات کو دارین کی برکتوں سے نوازے، اور اللہ تعالیٰ ہمارے تمام علماء و مشائخ کو سلامت تا قیامت رکھے۔

آمین بجاہ النبی الامین علیہ الصلوٰة والتسلیم

دعاؤں کا طالب

ابوالفیض محمد شریف القادری رضوی

Marfat.com

# عرض مصنف

بسم اللہ الرحمن الرحیم

فقیر کے اکتساب علم دین وسلسلہ طریقت کا کچھ تذکرہ۔ بندۂ ناچیز ان نفوس قدسیہ کا ساری زندگی شکریہ ادانہیں کرسکتا،اور میری زندگی کے ایک ایک لحہ میں ان کے کئی احسانات ہیں جن کی صحبت وتربیت سے خدمت دین کی سعادت حاصل ہوئی، اور میرے نزدیک میرے لیے یہ بہت عظیم ہستیاں ہیں جنہوں نے مجھ گنہگار کوعلمِ دین کی تعلیم دی،اور بالخصوص خانقاہ ڈوگراں شریف مرکزی دارالعلوم جامعہ چشتیہ رضویہ آستانہ عالیہ حضور محدث ابدالوی رحمۃ اللہ علیہ،مربی من سیدی وسندی حضور پیر ابوالفیض حضرت علامہ محمد عبدالکریم محدث ابدالوی رحمۃ اللہ علیہ خود حیات تھے۔ جب میں حضرت کی بارگاہ عالیہ میں حاضر ہوااور آپ کی زیارت سے مستفیض ہوا،اور درس نظامی کا فیض حاصل کیا، جب میں نے علم دین پڑھنا شروع کیا تقریباً ۱۹۹۶ء تھا مرکزی دارالعلوم چشتیہ رضویہ میں داخل ہونے کے بعد جن اساتذہ اکرام سے اکتساب علم دین کیا ان کے اسمائے مبارکہ یہ ہیں۔

پیر طریقت، رہبر شریعت، قطب عالم حضور محدث ابدالوی رحمۃ اللہ علیہ اور آپ کے شہزادگان میں سے شیخ الحدیث والتفسیر حضرت صاحبزادہ مولانا پیر محمد نور المجتبیٰ چشتی صاحب جو کہ آج کل مرکزی دارالعلوم کے مفتی وشیخ الحدیث ہیں اور دیگر صاحبزادگان سے بھی کچھ اسباق پڑھے ہیں۔اور مناظر اسلام، رئیس المدرسین، صوفی باصفا حضرت علامہ مولانا میاں محمد یونس قادری صاحب مدظلہ العالی ۔اور مناظر

Marfat.com

اسلام، رئیس المدرسین حضرت علامہ مولانا محمد مقصود احمد قادری صاحب مدظلہ العالی۔

ان حضرات سے درس نظامی پڑھنے کا گنہگار کو شرف حاصل ہوا۔

اور اسی تعلیمی دور میں کسی مرشد کامل کے دست حق پرست پر بیعت کرنے کا ذہن بنا تو گوجرانوالہ شریف میں مشہور معروف بزرگ، علمی اور روحانی شخصیت، پیر طریقت، رہبر شریعت، عالم باعمل، ولی کامل، پیکر صدق وصفا، پاسبان مسلک امام احمد رضا، فیض یافتہ حضرت امیر ملت، نائب حضرت محدث اعظم پاکستان، حضرت علامہ الحاج سیدی مرشدی حضور پیر ابوداؤد محمد صادق صاحب قادری رضوی دامت برکاتہم القدسیہ، امیر جماعت رضائے مصطفیٰ پاکستان، کی بارگاہ میں حاضر ہوکر بیعت ہونے کا شرف حاصل کیا، اسی طرح مجھ گنہگار کو سلسلہ قادریہ رضویہ میں آپ نے شامل فرمالیا۔ بعدازاں کچھ عرصہ سنہ ۲۰۱۰ء رمضان شریف میں حضور پیر صاحب نے سلسلہ کی اجازت بھی عنایت فرمادی۔

اللہ رب العزت کی بارگاہ میں دعا ہے کہ اللہ تبارک وتعالیٰ میرے مرشد پاک اور آپ کے صاحبزادگان، حضرت صاحبزادہ محمد داؤد قادری رضوی اور حضرت صاحبزادہ محمد رؤف قادری رضوی دامت برکاتہم الغالیہ کو ابدی عظمتیں عطا فرمائے۔

آمین بحرمۃ سیدالعالمین علیہ الصلوٰۃ والتسلیم۔

اور پھر اس کے بعد دورہ حدیث شریف کے لیے فیصل آباد شریف، مرکزی دارالعلوم جامعہ رضویہ، مظہر اسلام، آستانہ عالیہ حضور محدث اعظم پاکستان رحمۃ اللہ علیہ میں حاضر ہوا، اور سند المحدثین، شیخ الحدیث والتفسیر، حضرت مولانا سیدی واستاذی حضور ابوالخیر حافظ غلام نبی صاحب نقشبندی مجددی دامت برکاتہم القدسیہ سے دورہ حدیث شریف

Marfat.com

پڑھنے کا شرف حاصل کیا۔

اللہ رب العزت کی بارگاہ میں دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ اپنے حبیب ﷺ کے تصدق سے میرے جملہ اساتذہ کرام ذوالاحتشام کو دارین کی برکات سے نوازے اور انہیں دائمی طور پر اللہ کی رضا حاصل ہو اور اللہ تعالیٰ انہیں اجر عظیم عطا فرمائے۔

(آمین)

جن کی نگاہ شفقت سے مجھ گنہگار کو خدمت دین کی توفیق ملی۔

العبد الحقیر

/

ابوالفیض محمد شریف القادری رضوی

Marfat.com

# اعتذار

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

والصلوٰۃ والسلام علی رسولہ الکریم وعلی آلہ والصحابہٖ اجمعین

احقر کو اس بات کا بخوبی علم ہے کہ فن تصنیف کی اہلیت وصلاحیت مجھ میں نہیں لہٰذا قارئین کرام سے التماس ہے بالخصوص اہل علم حضرات کی بارگاہ میں ملتمس ہوں کہ اس سیاہ کار کی کوتاہیوں سے چشم پوشی فرماتے ہوئے دامن عفو میں جگہ عنایت فرمائیں اور دعا خیر سے نوازیں اور اگر کوئی خیر اور بھلائی کی بات دیکھیں تو یہ اللہ تعالیٰ کی طرف سے سمجھیں اور اگر غلطی دیکھیں تو مطلع فرما کر اجر عظیم حاصل کریں تا کہ آئندہ ایڈیشن میں اس غلطی کا ازالہ ہو سکے۔

اللہ تعالیٰ اس کتاب کو قبول فرمائے ،اور پوری امت مسلمہ کو اس کا ثواب پہنچائے ،اللہ تعالیٰ مجھ سیاہ کار اور میرے والدین سمیت پوری امت مسلمہ کی بخشش فرمائے۔آمین

بحرمۃ سید الانبیاء والمرسلین،صلی اللہ علیٰ حبیبہٖ محمد وعلیٰ آلہٖ وبارك وسلم اجمعین

محتاج دعا

ابوالفیض محمد شریف القادری رضوی

Marfat.com

# علم غیب کے متعلق عقیدہ اہلسنّت

اللہ عزوجل نے انبیاء علیہم السلام کو اپنے غیوب پر اطلاع دی، زمین و آسمان کا ہر ذرہ ہر نبی کے پیش نظر ہے مگر یہ جو علم غیب ان کو ہے اللہ کے دیئے سے ہے لہٰذا ان کا علم عطائی ہوا، اور علم عطائی اللہ عزوجل کے لیے محال ہے کہ اس کی کوئی صفت کوئی کمال کسی کا دیا ہوا نہیں ہوسکتا ہے، بلکہ ذاتی۔ جو لوگ انبیاء بلکہ سید الانبیاء ﷺ سے مطلق علم غیب کی نفی کرتے ہیں وہ قرآن عظیم کی اس آیت کے مصداق ہیں:

**افتؤمنون ببعض الکتاب وتکفرون ببعض۔**

یعنی قرآن عظیم کی بعض باتیں مانتے ہیں اور بعض کے ساتھ کفر کرتے ہیں۔

کہ آیت نفی دیکھتے ہیں اور ان آیتوں سے جن میں انبیاء علیہم السلام کو علوم غیب عطا کیا جانا بیان کیا گیا ہے ان کا انکار کرتے ہیں حالانکہ نفی و اثبات دونوں حق ہیں کہ نفی ذاتی کی ہے کہ یہ خاصہ الوہیت ہے، اثبات عطائی کا ہے کہ یہ انبیاء ہی کی شان ہے اور منافی الوہیت ہے اور یہ کہنا کہ ہر ذرہ کا علم نبی کے لیے مانا جائے تو خالق و مخلوق کی مساوات لازم آئے گی، باطل محض ہے کہ مساوات تو جب لازم آئے کہ اللہ عزوجل کے لیے بھی اتنا ہی علم ثابت کیا جائے اور یہ نہ کہے گا مگر کافر۔

ذرات عالم متناہی ہیں اور اس کا علم غیر متناہی، ورنہ جہل لازم آئے گا اور یہ محال ہے۔ کیونکہ خدا جہل سے پاک ہے، نیز ذاتی و عطائی کا فرق بیان کرنے پر بھی مساوات کا الزام دینا صراحۃً ایمان و اسلام کے خلاف ہے اس فرق کے ہوتے ہوئے مساوات ہو جایا کرے تو لازم کہ ممکن وواجب وجود میں معاذ اللہ مساوی ہو جائیں، کہ

Marfat.com

ممکن بھی موجود ہے اور واجب بھی موجود اور وجود میں مساوی کہنا صریح کفر، کھلا شرک ہے۔

انبیاء علیہم السلام غیب کی خبر دینے کے لیے ہی آتے ہیں۔ کہ جنت و نار و حشر و نشر و عذاب و ثواب غیب نہیں تو اور کیا ہیں؟۔ ان کا منصب ہی یہ ہے کہ وہ باتیں ارشاد فرمائیں جن تک عقل و حواس کی رسائی نہیں اور اسی کا نام غیب ہے اولیاء کو بھی علم غیب عطائی ہوتا ہے مگر بواسطہ انبیاء کے۔ (از بہار شریعت حصہ اول)

❀❀❀❀❀❀❀

Marfat.com

# ابتدائیہ

**بسم اللہ الرحمٰن الرحیم**

حضرات قارئین ایک وہ دور تھا حضور اکرم ﷺ کے علم غیب کو دیکھ کر لوگ مسلمان ہوجاتے تھے جس طرح حضرت سیدنا ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے ملک شام دیکھے جانے والے خواب کو جب حضور اکرم ﷺ کی زبان نبوت سے سنا تو وہ ایمان لے آئے اور انہیں یقین ہوگیا کہ جو مکہ مکرمہ میں بیٹھ کر ملک شام میں دیکھے جانے والے خواب کو بھی جانتا ہے اپنے وسیع علم سے وہ یقیناً اللہ تعالیٰ کا سچا رسول ہے اس سے پتہ چلا کہ سب سے پہلا مسلمان حضور اکرم ﷺ کے علم غیب کو دیکھ کر ایمان لایا اور اسی طرح حضرت عباس رضی اللہ عنہ بھی حضور اکرم ﷺ کے علم غیب کو دیکھ کر ایمان لائے۔

جس طرح کہ وہ فدیہ دینے والا واقعہ مشہور اور باقاعدہ حوالے بھی موجود ہیں لیکن آج لوگوں نے الاعلان حضور اکرم ﷺ کے علم غیب کا انکار کرنا شروع کردیا ہے۔ صرف انکار ہی نہیں بلکہ جو خوش نصیب حضور اکرم ﷺ کے علم غیب کو مانتے ہیں انہیں مشرک کہنا شروع کردیا۔ لیکن یہ عجیب بات ہے سب سے پہلے جو مسلمان ہوئے وہ تو حضور اکرم ﷺ کا علم غیب دیکھ کر مسلمان ہوئے لیکن آج حضور پاک ﷺ کے علم غیب کو ماننا کیسے شرک ہوسکتا ہے یہ ان لوگوں کی غلط فہمی ہے کہ انہوں نے صحابہ کے طریقے کو چھوڑ کر منافقوں کے طریقے کو اپنا لیا ہے کیونکہ اس وقت منافقین حضور پاک ﷺ کے علم غیب کا انکار کرتے تھے جس طرح کہ آگے یہ مسئلہ بحوالہ آئے گا۔

لیکن صحابہ اکرام رضی اللہ عنہم کا حضور پاک ﷺ کے علم غیب پر پختہ ایمان تھا

Marfat.com

اسی لیے تو انہوں نے حضور پاک ﷺ کے علم غیب کی حدیثوں کو آگے روایت کیا اگر ان کا علم غیب پر ایمان نہ ہوتا تو علم غیب کی حدیثوں کو آگے روایت نہ کرتے۔ حضور پاک ﷺ کے علم غیب کی حدیثوں کو ان کا آگے روایت کرنا یہ اس بات پر دلالت کرتا ہے کہ ان کا حضور پاک ﷺ کے علم غیب پر پختہ ایمان تھا۔ اور صحابہ اکرام رضی اللہ عنہم نے بہت زیادہ حدیثیں حضور پاک ﷺ کے علم غیب کی آگے روایت کی ہیں اور لوگوں تک پہنچائی ہیں۔

حدیثیں اس بارے میں بہت زیادہ ہیں جن کی یہ کتاب متحمل نہیں ہے یہاں پر صرف بخاری شریف سے دوسودس (210) حدیثیں درج کی ہیں اس سے حضرت امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ کا عقیدہ بھی حضور پاک ﷺ کے علم غیب کے بارے میں ثابت ہوا اور یہ بھی پتہ چلا کہ حضرت امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ کا بھی حضور پاک ﷺ کے علم غیب پر پختہ ایمان تھا۔ اس لیے تو انہوں نے اپنی صحیح بخاری شریف میں اتنی کثرت سے حضور پاک ﷺ کے علم غیب کی حدیثوں کو لکھا ہے اب اگر پھر بھی کسی کو حضور پاک ﷺ کے علم غیب کا مسئلہ سمجھ میں نہ آئے تو اس کی سمجھ کا قصور ہے ورنہ حدیثیں تو بہت موجود ہیں اور تمام محدثین نے اپنی اپنی تصنیفات میں حضور پاک ﷺ کے علم غیب کی حدیثوں کو لکھا ہے اور قرآن پاک کی کئی آیات میں حضور پاک ﷺ کے علم غیب کا بیان موجود ہے یہاں پر ہم سب سے پہلے کچھ آیات حضور پاک ﷺ کے علم غیب کی لکھتے ہیں جن سے ثابت ہوتا ہے کہ اللہ تعالیٰ نے آپ ﷺ کو بہت وسیع علوم غیبیہ عطا فرمائے ہیں۔

اور یہ بات بھی سمجھنی چاہیئے کہ قرآن پاک میں دونوں طرح کی آیتیں موجود ہیں جن آیتوں میں علم غیب کی نفی ہے وہ ذاتی علم غیب کی نفی ہے۔ یعنی ذاتی طور پر اللہ

Marfat.com

کے سوا کوئی غیب نہیں جانتا اور جن آیتوں میں علم غیب کا ثبوت ہے وہ عطائی علم غیب ہے۔ یعنی اللہ تعالیٰ نے اپنے رسولوں کو علم غیب عطا فرمایا ہے اور ہمارے آقا حضور اکرم ﷺ کو عالم ما کان و ما یکون بنایا ہے۔

اب ہم یہاں وہ آیات لکھتے ہیں جن میں حضور اکرم ﷺ کے علم غیب کا اللہ تعالیٰ نے خود ذکر فرمایا ہے:

اللہ تعالیٰ حق بات کو ماننے کی توفیق عطا فرمائے۔

آمین بحرمة سيد المرسلين عليه الصلوات والتسليم

Marfat.com

# آیات قرآنی سے

# حضور صلی اللہ علیہ وسلم

# کے علم غیب کا ثبوت

Marfat.com

**نحمدہٗ ونصلی ونسلم علی رسولہ الکریم اما بعد!**

**فاعوذباللہ من الشیطٰن الرجیم ، بسم اللہ الرحمٰن الرحیم!**

## آیت نمبر 1:

**علم الغیب فلا یظھر علی غیبہٖ احداً الا من ارتضٰی من رسول**

(پارہ ۲۹ سورۃ الجن آیت نمبر ۲۶)

ترجمہ: غیب کا جاننے والا تو اپنے غیب پر کسی کو مسلط نہیں کرتا سوائے اپنے پسندیدہ رسولوں کے۔(کنزالایمان)

حضرت صدر الافاضل سید نعیم الدین مراد آبادی رحمۃ اللہ علیہ تفسیر خزائن العرفان میں اسی آیت کے تحت فرماتے ہیں:

یعنی اپنے غیب خاص پر جس کے ساتھ وہ منفرد ہے(خازن وبیضاوی وغیرہ)یعنی اطلاع کامل نہیں دیتا جس سے حقائق کا کشف تام اعلیٰ درجہ یقین کے ساتھ حاصل ہو تو انہیں غیوب پر مسلط کرتا ہے اور اطلاع کامل اور کشف تام عطا فرماتا ہے اور یہ علم غیب ان کے لیے معجزہ ہوتا ہے اولیاء کو بھی اگرچہ غیوب پر اطلاع دی جاتی ہے۔مگر انبیاء کا علم باعتبار کشف وانجلاء اولیاء کے علم سے بہت بلند وبالا وارفع اعلیٰ ہے اور اولیاء

Marfat.com

کے علوم انبیاء ہی کی وساطت اور انہیں کے فیض سے ہوتے ہیں۔معتزلہ ایک گمراہ فرقہ ہے وہ اولیاء کے لیے علم غیب کا قائل نہیں۔اس کا خیال باطل اور احادیث کثیرہ کے خلاف ہے۔اور اس آیت سے ان کا تمسک صحیح نہیں۔

بیان مذکورہ بالا میں اس کا اشارہ کردیا گیا ہے۔سید المرسلین خاتم الانبیاء محمد مصطفیٰ ﷺ مرتضیٰ رسولوں میں سب سے اعلیٰ ہیں۔اللہ تعالیٰ نے آپ کو تمام اشیاء کے علوم عطا فرمائے ہیں۔جیسا کہ صحاح کی معتبر احادیث سے ثابت ہے اور یہ آیت حضور ﷺ کے اور تمام مرتضیٰ رسولوں کے لیے غیب کا علم ثابت کرتی ہے۔

## آیت نمبر 2:

وما كان الله ليطلعكم على الغيب ولكن الله يجتبى من رسله من يشآء۔(پارہ ۴ سورہ ال عمران آیت نمبر ۱۷۹)

ترجمہ: اور اللہ کی شان یہ نہیں کہ اے عام لوگو تمہیں غیب کا علم دیدے ہاں اللہ چن لیتا ہے اپنے رسولوں سے جسے چاہے۔(کنز الایمان)

تفسیر خزائن العرفان میں اسی آیت کے تحت فرماتے ہیں یعنی منافق کو مومن مخلص سے یہاں تک کہ اپنے نبی ﷺ کو تمہارے احوال پر مطلع کر کے مومن و منافق ہر ایک کو ممتاز فرمادے۔

شان نزول رسول اللہ نے فرمایا: کہ خلقت آفرینش سے قبل جبکہ میری امت مٹی کی شکل میں تھی۔اسی وقت وہ میرے سامنے اپنی صورتوں میں پیش کی گئی۔جیسا کہ حضرت آدم پر پیش کی گئی اور مجھے علم دیا گیا کہ کون مجھ پر ایمان لائے گا کون کفر کرے

Marfat.com

گا۔ یہ خبر جب منافقین کو پہنچی تو انہوں نے از راہ استہزاء کہا کہ محمد مصطفیٰ ﷺ کا گمان ہے کہ وہ یہ جانتے ہیں کہ جو لوگ ابھی پیدا بھی نہیں ہوئے ان میں سے کون ان پر ایمان لائے گا کون کفر کرے گا۔ باوجودیکہ ہم ان کے ساتھ ہیں، اور وہ ہمیں نہیں پہچانتے اس پر سید عالم ﷺ نے منبر پر قیام فرما کر اللہ تعالیٰ کی حمد و ثنا کے بعد فرمایا:

ان لوگوں کا کیا حال ہے جو میرے علم میں طعن کرتے ہیں۔ آج سے قیامت تک جو کچھ ہونے والا ہے اس میں سے کوئی چیز ایسی نہیں ہے جس کا تم مجھ سے سوال کرو اور میں تمہیں اس کی خبر نہ دے دوں۔ عبداللہ بن حذافہ سہمی نے کھڑے ہو کر کہا یا رسول اللہ میرا باپ کون ہے؟ فرمایا:...... حذافہ...... پھر حضرت عمر رضی اللہ عنہ کھڑے ہوئے انہوں نے عرض کی یا رسول اللہ ﷺ ہم اللہ کی ربوبیت پر راضی ہوئے، اسلام کے دین ہونے پر راضی ہوئے، قرآن کے امام ہونے پر راضی ہوئے، آپ کے نبی ہونے پر راضی ہوئے، ہم آپ سے معافی چاہتے ہیں۔ حضور ﷺ نے فرمایا:

کیا تم باز آؤ گے، پھر منبر سے اُتر آئے اس پر اللہ تعالیٰ نے یہ آیت نازل فرمائی اس حدیث سے ثابت ہوا کہ سید عالم ﷺ کو قیامت تک کی تمام چیزوں کا علم عطا فرمایا گیا ہے۔ اور حضور ﷺ کے علم غیب میں طعن کرنا منافقین کا طریقہ ہے اللہ تعالیٰ اپنے برگزیدہ رسولوں کو غیب کا علم دیتا ہے اور حضور اکرم ﷺ تو ان برگزیدہ رسولوں میں سب سے افضل اور اعلیٰ ہیں اس آیت سے اور اس کے سوا بکثرت آیات و حدیث سے ثابت ہے کہ اللہ تعالیٰ نے حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کو غیوب کے علوم عطا فرمائے اور غیوب کے علم آپ کے معجزہ ہیں اور تصدیق کرو کہ اللہ تعالیٰ نے اپنے برگزیدہ رسولوں کو غیب پر مطلع کیا ہے۔

Marfat.com

## آیت نمبر 3:

وعلمك مالم تكن تعلم وكان فضل الله عليك عظيماً۔

(پارہ ۵ سورۃ النساء آیت نمبر ۱۱۳)

ترجمہ: اور تمہیں سکھا دیا جو کچھ تم نہ جانتے تھے اور اللہ کا تم پر بڑا فضل ہے (کنز الایمان)

تفسیر خزائن العرفان میں اسی آیت کے تحت فرماتے ہیں:

یعنی قرآن کریم امور دین و احکام شرع و علوم غیب مسئلہ اس آیت سے ثابت ہوا کہ اللہ تعالیٰ نے اپنے حبیب ﷺ کو تمام کائنات کے علوم عطا فرمائے اور کتاب وحکمت کے اسرار وحقائق پر مطلع کیا ہے۔

## آیت نمبر 4:

مافرطنا فى الكتاب من شئ۔ (پارہ ۷ سورۃ الانعام آیت نمبر ۳۷)

ترجمہ: ہم نے اس کتاب میں کچھ اٹھا نہ رکھا۔ (کنز الایمان)

تفسیر خزائن العرفان میں اسی آیت کے تحت فرماتے ہیں:

یعنی جملہ علوم اور تمام ماکان و ما یکون کا اس میں بیان ہے اور جمیع اشیاء کا علم اس میں ہے اس کتاب سے یہ قرآن کریم مراد ہے یا لوح محفوظ۔ (جمل وغیرہ)

## آیت نمبر 5:

ونزلنا عليك الكتاب تبياناً لكل شئ۔

(پارہ ۱۴ سورۃ النحل آیت نمبر ۸۸)

Marfat.com

ترجمہ: اور ہم نے تم پر قرآن اتارا کہ ہر چیز کا روشن بیان ہے۔(کنزالایمان)

تفسیر خزائن العرفان میں اسی آیت کے تحت فرماتے ہیں:

جیسا کہ دوسری آیت میں ارشاد فرمایا: مافرطنا فی الکتاب من شیٔ اور ترمذی کی حدیث میں ہے سید عالم ﷺ نے پیش آنے والے فتنوں کی خبر دی، صحابہ نے ان سے خلاص کا طریقہ دریافت کیا، فرمایا: کتاب اللہ میں تم سے پہلے واقعات کی بھی خبر ہے تم سے بعد کے واقعات کی بھی اور تمہارے مابین کا علم بھی۔

حضرت ابن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے فرمایا:

جو علم چاہیئے وہ قرآن کو لازم کرلے اس میں اولین و آخرین کی خبریں ہیں۔

حضرت امام شافعی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا:

امت کے سارے علوم حدیث کی شرح ہیں۔ اور حدیث قرآن کی اور یہ بھی فرمایا کہ نبی کریم ﷺ نے جو کوئی حکم بھی فرمایا وہ وہی تھا جو آپ کو قرآن پاک سے مفہوم ہوا۔

ابوبکر بن مجاہد سے منقول ہے کہ انہوں نے ایک روز فرمایا کہ عالم میں کوئی چیز ایسی نہیں جو کتاب اللہ یعنی قرآن شریف میں مذکور نہ ہو اس پر کسی نے ان سے کہا سراؤں کا ذکر کہاں ہے فرمایا اس آیت میں لیس علیکم جناح ان تدخلوا بیوتا غیر مسکونۃ فیھا متاع لکم۔

ابن ابوالفضل مرسی نے کہا کہ اولین و آخرین کے تمام علوم قرآن پاک میں ہیں۔ غرض یہ کتاب جامع ہے جمیع علوم کی، جس کسی کو اس کا جتنا علم ملا اتنا ہی جانتا ہے۔

Marfat.com

## آیت نمبر 6:

تفصیل الکتاب لاریب فیہ من رب العالمین۔

(پارہ ۱۱ سورہ یونس آیت نمبر ۳۶)

ترجمہ: اور لوح میں جو کچھ لکھا ہے سب کی تفصیل ہے اس میں کچھ شک نہیں پروردگار عالم کی طرف سے ہے۔ (کنز الایمان)

تفسیر نور العرفان میں اسی آیت کے تحت فرماتے ہیں:

قرآن میں لوح محفوظ کی پوری تفصیل ہے اور لوح محفوظ میں سارے علوم ہیں۔ اور سارا قرآن حضور ﷺ کے علم میں ہے۔ لہٰذا حضور ﷺ کو رب نے سارے علوم بخشے، اب جو اس آیت میں شک کرے کہ قرآن میں سارے علوم نہیں وہ اس آیت کا منکر ہے۔

اور جو اس میں شک کرے کہ حضور ﷺ کو قرآن کا پورا علم ہے وہ اس آیت کا منکر ہے الرحمن علم القرآن قرآن پاک کی عبارت اس کی ترتیب اعراب سب کچھ رب کی طرف سے ہے جو ترتیب سے انکار کرے وہ اس آیت کا منکر ہے۔

## آیت نمبر 7:

الرحمن o علم القرآن o خلق الانسان o علمہ البیان o

(سورۃ الرحمٰن پارہ ۲۷ آیت ۴)

ترجمہ: رحمٰن نے اپنے محبوب کو قرآن سکھایا، انسانیت کی جان محمد کو پیدا کیا ما کان

Marfat.com

وما یکون کا بیان انہیں سکھایا۔ (کنزالایمان)

تفسیر خزائن العرفان میں اسی آیت کے تحت فرماتے ہیں:

شان نزول جب آیت اسجدوا للرحمن نازل ہوئی کفار مکہ نے کہا کہ رحمٰن کیا ہے ہم نہیں جانتے۔ اس پر اللہ تعالیٰ نے رحمٰن نازل فرمائی کہ رحمٰن جس کا تم انکار کرتے ہو وہی ہے جس نے قرآن نازل فرمایا۔

اور ایک قول یہ ہے کہ اہل مکہ نے جب کہا کہ محمد مصطفیٰ ﷺ کو کوئی بشر سکھاتا ہے۔ تو یہ آیت نازل ہوئی۔ اللہ تبارک تعالیٰ نے فرمایا کہ رحمٰن نے قرآن اپنے حبیب محمد مصطفیٰ ﷺ کو سکھایا۔ (خازن)

انسان سے اس آیت میں سید عالم محمد مصطفیٰ ﷺ مراد ہیں اور بیان سے ما کان وما یکون کا بیان ہے۔ کیونکہ نبی کریم ﷺ اولین وآخرین کی خبریں دیتے تھے۔

(خازن)

آیت نمبر 8:

وماھو علی الغیب بضنین۔ (سورۃ التکویر پارہ ۳۰ آیت نمبر ۲۴)

ترجمہ: اور یہ نبی غیب بتانے میں بخیل نہیں۔ (کنزالایمان)

تفسیر نور العرفان میں اسی آیت کے تحت فرماتے ہیں:

اس سے دو مسئلے معلوم ہوئے ایک یہ کہ نبی کریم ﷺ کو علم غیب دیا گیا۔ دوسرے یہ کہ حضور ﷺ نے اس میں سے بہت کچھ بتا دیا۔ ظاہر ہے کہ بخیل نہ ہونا سخی ہونا، اس ہی کی صفت ہو سکتی ہے جس کے پاس چیز ہو اور وہ لوگوں کو دیتا رہے۔ غیب سے

Marfat.com

مراد مسائل شرعیہ ہیں جو عالم غیب سے آئے یا مراد گذشتہ وآئندہ زمانے کی غیبی حالات ہیں یا عالم غیب کی خبریں پہلی صورت میں دو فائدے حاصل ہوں گے۔ایک یہ کہ عالم کو شرعی مسائل چھپانا نہ چاہیں۔

دوسرے یہ کہ حضور ﷺ نے کوئی مسئلہ نہ چھپایا جو لوگ حدیث قرطاس سے اعتراض کرتے ہیں اس سے لازم آتا ہے کہ حضور نے تبلیغ مکمل نہ فرمائی۔نیز یہ کہ حضور نے بعض صحابہ سے دب کر بعض مسائل بیان نہ کیئے۔یہ عقیدہ اس آیت کے بھی خلاف ہے اور اس آیت کے بھی یایھا النبی بلغ ماانزل الیك من ربك نیز لازم آتا ہے کہ دین مکمل نہ پہنچا۔حالانکہ رب فرماتا ہے:**الیوم اکملت لکم دینکم**

دوسری تفسیر کی بنا پر معلوم ہوا کہ اللہ تعالیٰ نے حضور ﷺ کو علم غیب دیئے اور حضور ﷺ نے صحابہ کرام کو بتائے۔

## آیت نمبر 9:

**ولا رطب ولا یابس الا فی کتاب مبین۔**

(سورۃ الانعام پارہ ۸ آیت نمبر ۵۸)

ترجمہ: اور نہ کوئی تر اور نہ کوئی خشک جو ایک روشن کتاب میں لکھا ہو۔(کنزالایمان)

تفسیر نور العرفان میں اسی آیت کے تحت فرماتے ہیں:

ہر ادنیٰ اعلیٰ چیز لوح محفوظ میں لکھی ہے اور یہ لکھنا اس لیے نہیں کہ رب تعالیٰ کو اپنے بھول جانے کا اندیشہ تھا لہٰذا لکھ لیا، بلکہ اپنے خاص مقرب بندوں کو بتانے کے لیے ہے جنکی نظر لوح محفوظ پر ہے۔

Marfat.com

اس آیت کا خلاصہ مطلب یہ ہے کہ علم غیب حساب سے عقل سے خاص نہیں ہوتا یہ تو رب کی خاص ملک ہے اس کے پاس ہے جسے وہ دے اسے ملے اور غیب کی کنجیوں سے مراد وہ علوم ہیں جو سورۃ لقمان کے آخر مین مذکور ہیں ''عندہٗ علم الساعۃ '' چونکہ یہ پانچ چیزیں لاکھوں غیبوں کے کھل جانے کا ذریعہ ہیں۔اس لیے انہیں غیب کی کنجیاں فرمایا گیا لوح محفوظ کو کتاب مبین یعنی ظاہر کردینے والی کتاب۔اس لیے فرمایا گیا کہ لوح محفوظ علوم غیبیہ ان حضرات پر ظاہر کردیتی ہے جن کی نظر اس پر ہے۔جیسے بعض فرشتے اور انبیاء واولیاء کرام اگر اس پر کسی کی نظر نہ ہوتو وہ کتاب مبین نہ ہوگی۔

مولانا فرماتے ہیں:

لوح محفوظ است پیش اولیاء

ازچہ محفوظ اندمحفوظ از خطاء

❁❁❁❁❁❁❁

Marfat.com

# احادیث مبارکہ سے

# حضور صلی اللہ علیہ وسلم

# کے علم غیب کا ثبوت

Marfat.com

# مرویات

# حضرت سیدنا علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ

## حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ کی روایات سے علم غیب کا ثبوت

Marfat.com

# حدیث نمبر 1

حدثنا محمد بن کثیراً اخبرنا سفیان عن الاعمش عن خیثمة عن سوید بن غفلة قال قال علی رضی الله عنه اذا حدّثتکم عن رسول الله ﷺ فلان اخر من السمآء احب الیّ من ان اکذب علیه و اذا حدثتکم فیما بینی و بینکم فان الحرب خدعة سمعت رسول الله ﷺ یقول یاتی فی اخر الزمان قوم حدثآء الاسنان سفهاء الاحلام یقولون من خیر قول البدیة یمرقون من الاسلام کمایمرق السهم من الرّمیّة لایجاوز ایمانهم حناجدهم فاینما لقیتموهم فاقتلوهم فان قتلهم اجر لمن قتلهم یوم القیٰمة۔ (رواہ البخاری فی کتاب الانبیاء)

ترجمہ:

حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ جب میں تم سے رسول اللہ ﷺ کی کوئی حدیث بیان کرتا ہوں تو مجھے آسمان سے گرنا اس بات کی نسبت زیادہ پسند ہے کہ آپ کی جانب کسی بات کی غلط نسبت نہ کروں۔اور جب کوئی ایسی بات کرو۔جس کا تعلق میرے اور تمہارے جھگڑے سے ہے تو لڑائی دھوکا ہے۔میں نے رسول اللہ ﷺ سے سنا ہے کہ آخر زمانے میں ایک ایسی قوم آئے گی جو عمر کے لحاظ سے چھوٹے اور میزان عقل پر

Marfat.com

کھوٹے ہوں گے وہ سرور کائنات کی حدیثیں بیان کریں گے، لیکن اسلام سے اس طرح نکل جائیں گے جیسے کمان سے تیر، ان کا ایمان ان کے حلق سے نیچے نہیں اترے گا، تم جہاں بھی انہیں پاؤ وہیں قتل کر ڈالو، کیونکہ قیامت کے روز ان کے قاتل کو ثواب ملے گا۔

**فائدہ:**

اس حدیث پاک میں بھی حضور نبی اکرم ﷺ کے علم غیب کا بیان ہے۔آپ ﷺ نے آخر زمانے میں ہونے والے معاملات کا ذکر فرمایا۔اور بعد میں آنے والوں کی خبریں دیں کہ کچھ کم عمر لوگ حدیثیں بیان کریں گے اور دین سے اس طرح نکل جائیں گے جیسے کمان سے تیر۔یہ سب حضور پاک ﷺ کے علم غیب کا کمال ہے کہ آپ ﷺ نے بہت زیادہ عرصہ بعد میں ہونے والے لوگوں کا پہلے ہی بیان فرمادیا۔

## حدیث نمبر 2

**حدثنا محمد بن کثیر اخبرنا سفیان حدثنا الاعمش عن خیثمة عن سوید بن غفلة قال علیّ رضی الله عنه سمعت النبیّ ﷺ یقول یأتی فی اٰخر الزّمان قوم حدثاء الاسنان سفهاء الاحلام یقولون من خیر قول البریّة یمرقوْن من الاسلام کما یمرق السّهم من الرّمیّة لایجاوز ایمانهم حناجرهم فاینما لقیتموهم فاقتلوهم فانّ قتلهم اجر لمن قتلهم یوم القیامة۔** (رواہ البخاری فی کتاب التفسیر)

**ترجمہ:**

حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا بیان ہے کہ میں نے نبی کریم ﷺ کو فرماتے

Marfat.com

ہوئے سنا کہ آخری زمانہ میں کچھ ایسے لوگ ہوں گے جو عمر کے چھوٹے اور عقل کے کھوٹے ہوں گے۔ان کی زبانوں پر سرورکون ومکان کی حدیثیں ہوں گی لیکن اسلام سے اس طرح نکل جائیں گے جیسے تیر شکار سے نکل جاتا ہے۔ان کے ایمان ان کے حلق سے آگے نہیں جائیں گے۔تم انہیں جہاں بھی پاؤ تو قتل کر دینا کیونکہ ان کو قتل کرنے والا قیامت کے روز ثواب پائے گا۔

فائدہ:

اس حدیث پاک میں بھی حضور نبی کریم ﷺ کے وسیع علم غیب کا بیان ہے کہ آپ ﷺ نے کچھ ایسے لوگوں کا بیان فرمایا جو کم عمر ہوں گے عقل کے کھوٹے ہوں گے فرمایا وہ حضور ﷺ کی حدیثیں بیان کریں گے لیکن ایمان ان کے حلق سے نیچے نہیں اترے گا اور وہ دین سے نکل گئے ہوں گے یہ گمراہ فرقوں کی طرف اشارہ ہے۔

Marfat.com

# مرویات

# حضرت سیدنا ابن عباس رضی اللہ عنہ

## حضرت سیدنا ابن عباس رضی اللہ عنہ کی روایات سے علم غیب کا ثبوت

Marfat.com

# حدیث نمبر 3

**حدثنا عمرو بن علی قال حدثنا یحی بن سعید قال حدثنا عبید الله بن الاخنس قال حدثنی ابن ابی ملیکة عن ابن عباس عن النبی ﷺ قال کانی انظر اسود افحج یقلعها حجراً حجراً۔**

(رواہ البخاری فی کتاب المناسک)

ترجمہ:

عمرو بن علی، یحی بن سعید، عبیداللہ بن اخنس ابن ابو ملیکہ، حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا:

گویا میں اس کالے آدمی کو دیکھ رہا ہوں جو کعبہ کے ایک ایک پتھر کو اکھاڑ پھینکے گا۔

فائدہ:

اس حدیث پاک میں حضور پاک ﷺ نے غیب کی خبر دی ہے اور اس کالے آدمی کا بیان فرمایا ہے جو ابھی پیدا بھی نہیں ہوا تھا اور جو سلوک اس نے کعبہ سے کرنا تھا آپ نے اس کا بھی بیان فرمادیا۔ اگر آپ کو علم غیب نہ ہوتا تو آپ کبھی بھی بیان نہ فرماتے۔

Marfat.com

# حدیث نمبر 4

حدثنا ابراھیم بن موسٰی اخبرنا عبدالوھّاب حدثنا خالد عن عکرمة ان ابن عباس رضی اللہ عنہ قال لہ ولعلیّ بن عبداللہ ائتیا ابا سعید فاسمعا من حدیثہٖ فاتیناہ وھو واخوہ فی حآئطٍ لھما یسقیانہٖ فلما رانا جآئنا فاحتبٰی وجلس فقال کنا ننقل لبن المسجد لبنةً وکان عمّار ینقل لبنتین لبنتین فمر بہٖ النبیّ ﷺ ومسح عن رّاسہ الغبار وقال ویح عمّارٍ تقتلہ الفئة الباغیة عمارِ یدعوھم اِلی اللہ ویدعونہٗ الی النار۔

(رواہ البخاری فی کتاب الجہاد والسیر)

ترجمہ:

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ نے عکرمہ اور علی بن عبداللہ سے فرمایا کہ تم دونوں حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے پاس جاؤ، اور ان سے حدیث کا سماع کرو۔ پس ہم دونوں ان کی خدمت میں حاضر ہوئے، جبکہ وہ اپنے بھائی کے ساتھ باغ کو پانی دے رہے تھے۔ جب انہوں نے ہمیں دیکھا تو ہمارے پاس تشریف لے آئے، اور احتباء کی حالت میں بیٹھ گئے۔

پھر فرمایا کہ جب مسجد نبوی کی تعمیر ہو رہی تھی تو ہم ایک ایک اینٹ اٹھا کر لاتے تھے لیکن حضرت عمار رضی اللہ عنہ دو (۲) دو (۲) اینٹیں لاتے تھے۔ جب نبی کریم ﷺ ان کے پاس سے گزرے تو ان کے سر کا غبار جھاڑتے ہوئے فرمایا: عمار کی اس حالت پر افسوس ہے کہ ان کو باغیوں کا گروہ قتل کرے گا۔ یہ انہیں اللہ کی طرف بلائیں گے......اور

Marfat.com

وہ ان کو جہنم کی طرف۔

فائدہ:

اس حدیث پاک میں بھی حضور ﷺ کے علم غیب کا بیان ہے۔آپ ﷺ نے حضرت عمار کے بارے میں غیب کی خبر دیتے ہوئے ارشاد فرمایا: کہ ان کو باغیوں کا گروہ قتل کرے گا۔اس موقع پر آپ ﷺ نے کئی سال پہلے حضرت عمار کی شہادت کی خبر دی۔اور جن باغیوں نے شہید کرنا تھا ان کے بارے میں بھی بیان فرمادیا کہ باغی حضرت عمار کو شہید کریں گے۔یہ سب آپ ﷺ کا علم غیب ہے جو اللہ تعالیٰ نے آپ ﷺ کو عطا فرمایا ہے۔

## حدیث نمبر 5

حدثنا محمد بن یوسف حدثنا سفیٰن عن المغیرة بن النعمان عن سعید ابن جبیر عن ابن عباس رضی الله عنهما قال قال رسول الله ﷺ تحشرون حفاة عداة غراة لاثم قراء کما بدأنا اوّل خلق نعیدهٗ وعدا علینا انا کنا فٰعلین فاول من یکنٰی ابداهیم لم یوخذ بدجال من اصحابی ذات الیمین وذات الشمال فاقول اصحابی فیقال انهم لم یزالوامرتدّین علٰی اعقابهم منذفارقتهم فاقول کما قال العبدا الصالح عیسٰی ابن مریم وکنت علیهم شهیداً مادمت فیهم فلما توفیتنی انت الرقیب علیهم وانت علٰی کل شیء شهید الٰی قوله العزیز الحکیم قال محمد بن یوسف فذکر عن ابی عبدالله عن قبیعته قال هم المرتدّون

Marfat.com

الذین ارتدّوا علی عھد ابی بکر فقاتلھم ابو بکر رضی اللہ عنہ۔

(رواہ البخاری فی کتاب الانبیاء)

ترجمہ:

ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جب تم اکٹھے کیے جاؤ گے تو ننگے پاؤں ننگے جسم اور ختنہ کے بغیر ہو گے۔ پھر آپ نے یہ آیت پڑھی، ہم نے جیسے اسے پہلے بنایا تھا ایسے ہی پھر کر دیں گے، یہ وعدہ ہے ہمارے ذمہ، ہم نے اس کو ضرور کرنا ہے، (سورۃ الانبیاء آیت نمبر ۱۰۴) پھر جن کو سب سے پہلے لباس پہنایا جائے گا وہ حضرت ابراہیم ہوں گے۔

پھر دائیں اور بائیں جانب سے میرے چند ساتھیوں کو پکڑ لیا جائے گا میں کہوں گا...... یہ تو میرے صحابی ہیں...... کہا جائے گا۔ بیشک یہ مرتد ہو گئے تھے اور آپ کے جدا ہوتے ہی یہ اپنی ایڑیوں پر پھر گئے تھے۔ پس میں وہی کہوں گا جو عبد صالح عیسیٰ بن مریم نے کہا تھا: کہ

اور میں ان پر مطلع تھا جب تک ان میں رہا جب تو نے مجھے اٹھا لیا تو تو ہی ان پر نگاہ رکھتا تھا۔ اور ہر چیز تیرے سامنے حاضر ہے۔ (الحکیم سورۃ المائدہ آیت نمبر ۱۱۷، ۱۱۸) محمد بن یوسف ابو عبداللہ قبیصہ سے روایت کرتے ہیں کہ یہ وہ مرتد ہونگے جن کو حضرت ابو بکر نے اپنے عہد خلافت میں قتل کروایا۔

فائدہ:

اس حدیث پاک میں بھی آپ ﷺ کے علم غیب کا بیان ہے۔ آپ ﷺ نے

Marfat.com

قیامت کے بعد میں ہونے والی چیزوں کا بیان فرمادیا۔ جس طرح کے اوپر حدیث میں موجود ہے۔

## حدیث نمبر 6

حدثنا محمد بن عرعرة حدثنا شعبة عن الحکم عن مّجاهد عن ابن عباس رضی الله عنهما عن النبیّ ﷺ قال نصرت بالصبا واهلکت عاد بالدّبور قال قال بن کثیر عن سفیان عن ابیه عن ابن ابی نعم عن ابی سعید رضی الله عنه قال بعث علیّ رضی الله عنه الی النبیّ ﷺ بزهیبة فقسمها بین الاربعة الاقرع بن حابس الحنظلّیّ ثم المجا شعیّ وعیینة بن بدر الفزاری وزیدن الطّائیّ ثم احدبنی نبهان وعلقمة بن علاثة العامری ثم احدبنی کلاب فغضبت قریش والانصار قالوا یعطی منادید اهل نجر ویدعنا قال انما اتألّفهم فاقبل رجل غائد العینین مشرف الوجنتین ناتی الجبین کثّ اللّحیة محلوق الرّاس فقال اتق الله یامحمد فقال من یّطع الله اذا عصیت ایا مننی الله علٰی اهل الارض فلا تامنونی فسالهٗ رجل قتلهٗ احسبهٗ خالد بن الولید فمنعه فلما ولّٰی قال انّ من ضئفی هذا اوفی عقب هذا قوم یّقرون القران لایجاور حناجدهم یمرقون من الدّین مدوق السّهم من الدّمیّة یقتلون اهل السلام ویدعون اهل الاوثان لئن انا اورکتهم لاقتلنهم قتل عاد۔

(رواہ البخاری فی کتاب الانبیاء)

Marfat.com

ترجمہ:

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا: میری مدد مشرقی ہوا کے ساتھ فرمائی گئی ہے اور قوم عاد مغربی ہوا سے ہلاک کی گئی تھی، حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے نبی کریم ﷺ کی خدمت میں کچھ سونا بھیجا: آپ نے وہ چار (۴) آدمیوں میں تقسیم کر دیا یعنی اقرع بن حابس حنظلی پھر مجاشی، عیینہ بن بدر الغزاری، زید طائی جو بعد میں بنو یہبان میں شامل ہو گئے، علقمہ بن علاثہ عامری جو پھر بنو کلاب میں جا شامل ہوئے کو دیا۔ یہ بات قریش (مہاجرین) وانصار پر گراں گزری کہ نجد کے سرداروں کو مال دیا گیا اور ہمیں چھوڑ دیا گیا، آپ نے فرمایا میں انہیں تالیف قلوب کے لیے دیتا ہوں پھر ایک آدمی آگے بڑھا، جس کی آنکھیں اندر دھنسی ہوئی تھیں، رخسار لٹکے ہوئے تھے، پیشانی آگے نکلی ہوئی، داڑھی گھنی اور سر منڈا ہوا (ٹنڈ) کہنے لگا، اے محمد! اللہ سے ڈر، آپ نے فرمایا، اگر میں خدا کی نافرمانی کرتا ہوں تو اس کی اطاعت کون کر رہا ہے؟ اللہ تعالیٰ نے تو اہل زمین کی امانت میرے سپرد فرمائی ہے لیکن تم مجھے امین ہی نہیں سمجھتے۔ ایک شخص نے اسے قتل کر دینے کی اجازت طلب کی، میرا خیال ہے شاید وہ حضرت خالد بن ولید تھے، لیکن آپ نے منع فرما دیا جب وہ چلا گیا تو آپ نے فرمایا اس کی نسل میں یا اس کے پیچھے ایسی جماعت ہے جو قرآن کریم کو خوب پڑھیں گے لیکن وہ ان کے حلق سے نیچے نہیں اترے گا، وہ دین سے ایسے نکل جائیں گے جیسے کمان سے تیر نکل جاتا ہے۔ وہ اہل اسلام کو قتل کیا کریں گے۔ اور بت پرستوں سے صلح رکھیں

Marfat.com

گے، اگر میں ان لوگوں (گاندھویوں وغیرہ) کو پاؤں تو قوم عاد کی طرح قتل کردوں۔

فائدہ:

اس حدیث پاک میں بھی حضور ﷺ کے علم غیب کا بیان ہے آپ ﷺ نے ایک گستاخ کے اعتراض کرنے پر آپ ﷺ نے اس کی نسل سے جو بعد میں ہونے والے گستاخ ہوں گے، ان کا بیان فرمایا اور ان کی علامتیں بھی بیان فرمائی، اور کافی چیزوں کا بیان فرمایا، جیسا کہ اوپر حدیث میں موجود ہے۔ اللہ ایسے گستاخوں سے بچائے۔ (آمین ثم آمین)

## حدیث نمبر 7

حدثنا عبدالله أبن مسلمة عن مالك عن زيد بن اسلم عن عطآء بن يسار عن ابن عباس قال النّبیّ ﷺ اريت النّار فاذا اكثر اهلها النّسآء يكفرن قيل ايكفرن بالله قال يكفرن العشير ويكفرن الاحسان لواحسنت الٰى احدٰهنّ الدّهر ثم رات منك شيئًا قالت ما رايت منك خيرا قطّ۔ (رواہ البخاری فی کتاب الایمان)

ترجمہ:

عطاء بن یسار نے حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت کی ہے کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا: مجھے دوزخ دکھائی گئی تو اس میں زیادہ تر عورتیں تھیں کیونکہ کفر کرتی ہیں۔ عرض کی گئی کہ کیا اللہ تعالیٰ کے ساتھ کفر کرتی ہیں؟ فرمایا کہ خاوند کی ناشکری کرتی اور احسان کا انکار کردیتی ہیں۔ اگر تم کسی کے ساتھ عمر بھر بھی نیکیاں کرو، پھر تم سے ایک

Marfat.com

تکلیف پہنچ جائے تو کہہ دے گی کہ میں نے آپ سے کبھی کوئی بھلائی نہیں دیکھی۔

**فائدہ:**

اس حدیث پاک میں بھی حضور ﷺ نے جہنم کا اور اس کے بارے میں فرمایا اس میں عورتیں زیادہ ہیں۔ ایک تو جہنم غیب ہے جس کو ہم نے نہیں دیکھا اور نہ یہاں دیکھ سکتے ہیں۔ لیکن حضور ﷺ نے اپنی نبوت کی آنکھ سے دیکھ لیا۔ معلوم ہوا جو غیب عام لوگ نہیں دیکھ سکتے، نبی پاک ﷺ نبوت کی آنکھ سے اس غیب کو بھی دیکھ لیتے ہیں۔ اس سے معلوم ہوا کہ آپ ﷺ کو اللہ تعالیٰ نے علم غیب دیا ہے۔

## حدیث نمبر 8

**حدثنا مسدّد حدثنا حصين بن نمير عن حصين بن عبدالرّحمٰن عن سعيد بن جبير عن ابن عباس رضى الله عنهما قال خرج علينا النّبىّ ﷺ يومًا قال عرضت علىّ الامم ورايت سوادا كثير سدّ الافق فقيل هذا موسٰى فى قومه۔** (رواہ البخاری فی کتاب الانبیاء)

**ترجمہ:**

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ ایک روز ہمارے پاس تشریف لائے اور فرمایا کہ مجھ پر امتیں پیش فرمائی گئیں تو میں نے ایک بہت بڑے گروہ کو دیکھا جس نے افق کو ڈھانپ رکھا تھا۔ کہا گیا کہ یہ حضرت موسیٰ اپنی قوم (امت) میں ہیں۔

Marfat.com

فائدہ:

اس حدیث پاک میں بھی حضور ﷺ کے علم غیب اور نگاہ نبوت کا بیان ہے کہ آپ ﷺ نے وہ امتیں جو کئی سال پہلے گزر چکی تھیں، آپ نے اپنی نگاہ نبوت سے ان کا بھی مشاہدہ فرمالیا۔ (سبحان اللہ) یہ ہے آپ کی نگاہ نبوت کا بیان، اللہ تعالیٰ نے آپ کو وہ آنکھیں عطا فرمائیں ہیں جو ماکان وما یکون کا مشاہدہ فرماتی ہیں۔ اللہ تعالیٰ سب مسلمانوں کو آپ کی عظمت وشان کو ماننے کی توفیق عطا فرمائے۔ (آمین ثم آمین)

## حدیث نمبر 9

حدثنا محمد بن المثنیٰ قال ثنا محمد بن حازم قال ثنا الاعمش عن مّجاھدٍ عن طاؤس عن ابن عبّاسٍ قال مرّالنّبیّ ﷺ بقبرین فقال انھما لیعذبان وما یعذ بان فی کبیر امّا احدھما فکان لا یستتر من البول وامّا الاٰخر فکان یمشی بالنّمیمة ثم اخذ جدیدة رّطبة فشقھا نصفین فغرز فی کل قبر وّاحدة قالوا یارسول اللہ لم فعلت ھذا قال لعلّہ یخفّف عنھما مالم ییبسا قال ابن المثنیٰ وحدّثنا وکیع قال حدّثنا الاعمش سمعت مجاھد مثلہٗ۔ (رواہ البخاری فی کتاب الوضوء)

ترجمہ:

حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ نبی کریم ﷺ دو (۲) قبروں کے پاس سے گزرے تو فرمایا کہ انہیں عذاب ہورہا ہے اور کسی کبیر گناہ کے باعث نہیں، ان میں سے ایک تو پیشاب کی چھینٹوں سے نہیں بچتا تھا اور دوسرا

Marfat.com

چغلیاں کھاتا پھرتا تھا۔ پھر ایک سبز ٹہنی لی اور اس کے دو حصے کر کے ہر قبر پر ایک حصہ گاڑ دیا۔ لوگ عرض گزار ہوئے کہ یا رسول اللہ ﷺ ایسا کیوں کیا؟ فرمایا: کہ جب تک یہ خشک نہ ہوں تو شاید ان کے عذاب میں کمی ہوتی رہے۔ ابن مثنیٰ، وکیع، اعمش نے مجاہد سے ایسا ہی سنا ہے۔

**فائدہ:**

یہ حدیث عجائبات میں سے ہے کہ نگاہ مصطفیٰ ﷺ کا حال بیان کر رہی ہے کہ پروردگار عالم کے محبوب اکرم نائب اعظم ﷺ کی نگاہوں سے قبر اور برزخ کے حالات بھی پوشیدہ نہیں ہیں۔ (۲) دو قبر والوں کو ملاحظہ فرما لیا کہ انہیں عذاب ہو رہا ہے اور یہ بھی آپ کو معلوم ہو گیا کہ کن برائیوں کے باعث انہیں عذاب ہو رہا تھا۔ غور طلب بات ہے کہ ان دونوں کے متعلق جو خدا نے فیصلہ کیا اس کے محبوب خدا کو کیسے پتہ چلا؟ جب اس حقیقت کو جان اور مان لیا جائے گا تو حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے خداداد کمالات کا انکار کرنے کی گنجائش ہی نہیں رہے گی۔

دوسری بات یہ بھی معلوم ہوگئی کہ مردے کو قبر میں عذاب ہوتا ہے یا راحت ہوتی ہے۔

تیسری بات یہ معلوم ہوئی کہ جب مردہ برزخ میں عذاب یا راحت دیا جاتا ہے تو یہ اسی صورت میں ہو سکتا کہ اس کے حواس باقی رہتے ہوں۔ یعنی مردہ سنتا اور دیکھتا ہے جیسا کہ متعدد احادیث میں اس کا واضح بیان موجود ہے۔ جن کا انکار کرنا زندہ حقیقت کو جھٹلانا ہے۔ خدائے ذوالمنن ہر مدعیٔ اسلام کو قبول حق کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین

Marfat.com

# حدیث نمبر 10

حدثنا عمران ابن میسرة حدثنا ابن فضیل حدثنا حصین وحدثنی اسید بن زید حدثنا هشیم عن حصین قال کنت عند سعید بن جبیر فقال حدثنی ابن عباس قال قال النبیّ ﷺ عرضت علیّ الامم فاخذ النّبیّ یمرّ معه الامّه والنّبیّ یمدّ معه النفر والنّبیّ یمدّ معه العشرة والنّبیّ یمدّ معه الخمسة والنّبیّ یمدّ وحده فنظرت فاذا سواد کثیر قلت یا جبریل هؤلآء امتی قال لا ولکن انظر الی الافق فنظرت فاذا سواد کثیر قال هٰؤلآء امّتك وهٰؤلآء سبعون الفًا قدّ امهم لاحساب علیهم ولا عذاب، قلت ولم؟ قال:

کانو الایکتوون ولا یسترقون ولا یتطیرون وعلی ربهم یتوکلون فقام الیه عکّاشة بن محصن قال ادع الله ان یجعلنی منهم قال اللّٰهم اجعله منهم ثم قام الیه رجل اٰخر قال ادع الله ان یجعلنی منهم قال سبقك بها عکّاشة۔ (رواہ البخاری فی کتاب الرقاق)

ترجمہ:

حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا: مجھ پر امتیں پیش کی گئیں، پس ایک ایک نبی گزرنے لگا اور اس کے ساتھ اس کی امت تھی، ایک نبی ایسا بھی گزرا کہ اس کے ساتھ ایک ہی امتی تھا، ایک نبی کے ساتھ دس (۱۰) آدمی، ایک نبی کے ساتھ پانچ سو، ایک نبی صرف تنہا، میں نے نظر دوڑائی تو

Marfat.com

ایک بڑی جماعت نظر آئی، میں نے پوچھا، اے جبرائیل! کیا یہ میری امت ہے کہا کہ یہ نہیں بلکہ آپ افق کی جانب توجہ فرمائیں...... میں نے دیکھا تو وہ بہت ہی بڑی جماعت تھی، کہا کہ یہ آپ کی امت ہے اور یہ جو ستر (۷۰) ہزار ان کے آگے ہیں ان کا نہ حساب ہے نہ عذاب، میں نے پوچھا کہ کس وجہ سے؟ کہا کہ یہ لوگ داغ نہیں لگواتے، غیر شرعی جھاڑ پھونک نہیں کرتے، شگون نہیں لیتے اور اپنے رب پر بھروسہ رکھتے ہیں۔

چنانچہ حضرت عکاشہ بن محصن کھڑے ہو کر عرض گزار ہوئے کہ اللہ تعالیٰ سے دعا کیجیئے کہ مجھے ان میں شامل فرمالے، آپ نے دعا کی کہ اے اللہ! اسے ان میں شامل فرما، پھر دوسرا آدمی کھڑا ہو کر عرض گزار ہوا: اللہ تعالیٰ سے دعا کیجیئے کہ مجھے بھی ان میں شامل فرمالے فرمایا کہ عکاشہ تم سے سبقت لے گئے۔

**فائدہ:**

اس حدیث پاک میں بھی حضور نبی اکرم ﷺ کے علم غیب کا بیان ہے کہ آپ ﷺ نے کافی غیب کی باتوں کا ذکر فرمایا۔ جس طرح کہ اوپر حدیث میں موجود ہے۔

## حدیث نمبر 11

حدثنی حامد بن عمر عن بشر بن المفضل حدثنا حمیر حدثنا انس ان عبداللہ بن سلام بلغه مقدم النّبیّ االمدینة فاتاه یسالهٗ عن اشیآء فقال انی سائلك عن ثلاث لایعلمهن الا نبی ماأوّل اشراط السّاعة ومآ اوّل طعام یّاکلهٗ اهل الجنّة وما بال الولد ینزع الٰی ابیه او الٰی امّهٖ؟قال اخبرنی به جبریل انفا قال ابن سلام ذاك عروّ الیهود من الملآئکة قال امّا اوّل

Marfat.com

اشراط السّاعة فنار تحشرهم من المشرق الى المغرب،واما اول طعام يّأكلهٗ اهل الجنّة فزيادة كبر الحوت واما الولد فاذا سبق مآء الرّجل مآء المرأة نزع الولد واذا سبق مآء المرأة مآء الرّجل نذعت الولد قال اشهدان لّااله الّاالله وانّك رسول الله قال يارسول الله انّ اليهود قوم بهت فاسالهم عنّى قبل ان يعلموا باسلامى فجآء ت اليهود فقال النّبىّ ﷺ اىّ رجل عبدالله بن سلام فيكم قالوا خيرنا وابن خيرنا وافضلنا وابن افضلنا فقال النّبىّ ﷺ ارايتم ان اسلم عبدالله بن سلام قالوا اعاذه الله من ذٰلك فاعاد عليهم فقالو مثل ذٰلك فخرج اليهم عبدالله فقال اشهدان لّااله الا الله وانّ محمدارسول الله قالوا شرّنا وابن شرّنا وتنقصوه قال هٰذ اكنت اخاف يارسول الله۔ (رواہ البخاری فی کتاب المناقب)

ترجمہ:

حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ جب نبی کریم ﷺ جاکر مدینہ منورہ میں جلوہ افروز ہوئے تو عبداللہ بن سلام آپ کی بارگاہ میں حاضر ہوئے کہ کچھ پوچھیں،انہوں نے عرض کی کہ میں آپ سے تین چیزوں کے بارے میں پوچھتا ہوں جنہیں نبی کے سوادوسرا نہیں جانتا۔

﴿۱﴾ قیامت کی سب سے پہلی نشانی

Marfat.com

﴿۲﴾ اہل جنت کا سب سے پہلا کھانا

﴿۳﴾ بچہ کبھی باپ کی شکل پر اور کبھی ماں کی صورت پر کیوں ہوتا ہے؟

آپ نے فرمایا: کہ مجھے جبرئیل نے ابھی بتایا ہے۔ عبداللہ بن سلام کہنے لگے کہ وہ تو فرشتوں میں سے یہود کے دشمن ہیں، بہرحال آپ نے فرمایا کہ قیامت کی سب سے پہلی نشانی وہ آگ ہے جو لوگوں کو مشرق سے گھیر کر مغرب کو لے جائے گی، اور وہ کھانا جس کو جنتی لوگ سب سے پہلے کھائیں گے مچھلی کی کلیجی کا زائد حصہ ہوگا۔ رہی بچے والی بات تو جب مرد کا پانی عورت کے پانی پر غالب آجائے تو بچہ مرد کی شکل پر ہوتا ہے اور جب عورت کا پانی مرد کے پانی پر غالب آجائے تو بچہ عورت کی شکل پر ہوتا ہے۔ اس نے کہا...... میں گواہی دیتا ہوں کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں اور میں گواہی دیتا ہوں کہ واقعی آپ اللہ کے رسول ہیں۔ پھر وہ عرض گزار ہوئے کہ یارسول اللہ!

یہود بڑی فتنہ انگیز قوم ہے پس آپ ان سے میرے متعلق دریافت فرمایئے، اس سے پہلے کہ انہیں میرے مسلمان ہونے کا علم ہو، پس یہودی آپ کی خدمت میں حاضر ہوئے تو نبی کریم ﷺ نے دریافت فرمایا کہ تمہارے اندر عبداللہ بن سلام کیسا آدمی ہے؟ کہنے لگے وہ ہم میں بہترین آدمی کا بیٹا ہے۔ نیز ہم میں سب سے افضل اور سب سے افضل آدمی کا بیٹا ہے۔ نبی کریم ﷺ نے فرمایا کہ اگر عبداللہ بن سلام مسلمان ہوجائے تو پھر؟ کہنے لگے، اللہ تعالیٰ اسے اس سے محفوظ رکھے۔ آپ نے پھر دریافت فرمایا اور انہوں نے یہی جواب دیا تو حضرت عبداللہ باہر نکل آئے اور کہا، میں گواہی دیتا ہوں کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں اور میں گواہی دیتا ہوں کہ محمد واقعی اللہ کے رسول ہیں۔ کہنے لگے یہ ہم میں بدترین آدمی اور بدترین آدمی کا بیٹا ہے اور نقص نکالنے

Marfat.com

لگے۔ وہ عرض گزار ہوئے یارسول اللہ! مجھے ان سے اسی بات کا خدشہ تھا۔

فائدہ:

اس حدیث پاک میں بھی حضور نبی اکرم ﷺ کے علم غیب کا بیان ہے کہ آپ ﷺ سے جو جو عبداللہ بن سلام نے پوچھا۔ آپ نے سب بیان فرمادیا اور اسی آپ کے علم غیب کو دیکھ کر مسلمان ہو گئے۔ جیسا کہ اوپر حدیث میں موجود ہے۔

## حدیث نمبر 12

حدثنا احمد بن واقد حدثنا حماد بن زید عن ایوب عن حمید ابن هلال عن انس رضی الله عنه انّ النبیّ ﷺ نعٰی زیدًا وجعفر وابن رواحة للنّاس قبل ان یّاتیهم خبرهم فقال اخذ الرّایة زید فاصیب ثم اخذ جعفر فاصیب ثم اخذ ابن رواحة فاصیب وعیناه تذرفان حی اخذها سیف من سیوف الله حتی فتح الله علیهم۔ (رواہ البخاری فی کتاب المناقب)

ترجمہ:

حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما فرماتے ہیں کہ نبی کریم ﷺ نے حضرت زید، حضرت جعفر، اور حضرت ابن رواحہ کے بارے میں لوگوں کو ان کی خبر آنے سے پہلے ہی بتا دیا تھا۔ چنانچہ فرمایا: اب جھنڈے کو زید نے سنبھالا، پس وہ شہید ہو گئے، پھر جعفر نے اٹھایا اور وہ بھی شہید ہو گئے، پھر ابن رواحہ نے پکڑا اور وہ بھی جام شہادت نوش کر گئے اور آپ کی دونوں آنکھیں اشک بار تھیں، یہاں تک کہ جھنڈے کو اللہ کی تلواروں میں سے یک تلوار نے پکڑا، یہاں تک کہ اللہ تعالیٰ نے فتح مرحمت فرمائی۔

Marfat.com

**فائدہ:**

اس حدیث پاک میں بھی حضور نبی اکرم ﷺ کے علم غیب کا بیان ہے کہ آپ ﷺ نے اپنے مقام پر بیٹھ کر دور دراز کے فاصلہ کے باوجود جنگ موتہ کے حالات بیان فرمائے۔ اس کو اگر علم غیب نہ کہیں تو اور کیا ہے۔ یہ سب علم غیب کا کمال ہے۔ جو اللہ نے آپ کو عطا فرمایا ہے۔

## حدیث نمبر 13

**حدثنا یحیٰ حدثنا وکیع عن الاعمش قال سمعت مجاھدًا یّحدث عن طاوٗس عن ابن عبّاس رضی اللہ عنھما قال مرّ رسول اللہ ﷺ علٰی قبرین فقال انّھما لیعذّبان وما یعذّبان فی کبیر امّا ھٰذا فکان لا یستتر من بولہٖ وامّا ھٰذا فکان یمشی بالنّمیمۃ ثم دعا بعسیب رطب فشقّہٗ باثنین فغرس علٰی ھٰذا واحدا وّعلٰی ھٰذا واحدا ثم قال لعلّہٗ یخفّف عنھما ما لم ییبسا۔** (رواہ البخاری فی کتاب الادب)

**ترجمہ:**

طاؤس کا بیان ہے کہ حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے فرمایا کہ رسول اللہ ﷺ دو قبروں کے پاس سے گزرے تو فرمایا کہ ان دونوں مردوں کو عذاب دیا جا رہا ہے اور یہ کسی بڑے گناہ کے سبب عذاب نہیں دیئے جا رہے، ان میں یہ تو پیشاب کے وقت احتیاط نہیں کرتا تھا۔ اور وہ غیبت کیا کرتا تھا، پھر آپ نے ایک ترٹہنی منگوائی اور چیر کر اس کے دو حصے کر دیئے ایک حصہ اس قبر پر اور دوسرا حصہ اس قبر پر نصب کر دیا۔ پھر

Marfat.com

فرمایا کہ جب تک یہ خشک نہ ہوں شاید ان کے عذاب میں تخفیف رہے۔

**فائدہ:**

اس حدیث پاک میں بھی حضور نبی اکرم ﷺ کے وسیع علم غیب کا بیان ہے کہ آپ ﷺ نے ان دو قبروں والوں کی زندگی میں جو انہوں نے عمل کیے تھے اس چیز کا بھی ذکر فرما دیا۔ جس کی وجہ سے انہیں عذاب ہو رہا تھا اس سے معلوم ہوتا ہے کہ حضور پاک ﷺ ہر آدمی کی زندگی کو بھی جانتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ نے آپ ﷺ کو ہر چیز کا علم عطا فرمایا ہے

Marfat.com

روایت

# حضرت عبداللہ بن زبیر رضی اللہ عنہ

## حضرت عبداللہ بن زبیر رضی اللہ عنہ کی روایات سے علم غیب کا ثبوت

Marfat.com

# حدیث نمبر 14

حدثنا عبدالله بن یوسف اخبرنا مالك عن هشام بن عدوة عن ابیه عن عبدالله بن الزبیر عن سفیان بن ابی زهیر انه قال سمعت رسول الله ﷺ یقول یفتح الیمن فیأتی قوم یبسون فیتحملون باهلهم ومن اطاعهم والمدینة خیر لهم لو کانوا یعلمون ویفتح الشام فیأتی قوم یبسون فیتحمّلون باهلهم ومن اطاعهم والمدینة خیرلهم لو کانوایعلمون ویفتح العراق فیأتی قوم یبسّون فیتحملون باهلیهم ومن اطاعهم والمدینة خیر لهم لو کانوا یعلمون۔

(رواہ البخاری فی کتاب ابواب العمد ہ)

ترجمہ:

حضرت عبداللہ بن زبیر سے روایت ہے کہ حضرت سفیان بن ابوزہیر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا:

کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کوفرماتے ہوئے سنا کہ یمن فتح ہوجائے گا۔تو ایک قوم سواریاں لے کرآئے گی۔تواپنے گھر والوں اور پیروکاروں کوسوار کر کے لے جائے گی۔اورمدینہ منورہ ان کے لیے بہتر ہےاگر وہ جانیں۔شام فتح ہوجائے گا۔تو ایک قوم سواریاں لے کرآئے گی اوراپنے گھر والوں اور پیروکاروں کوسوار کر کے لے جائے گی اور مدینہ منورہ ان کے لیے بہتر ہے،اگر وہ جانیں۔عراق فتح ہوجائے گا،تو ایک قوم

Marfat.com

سواریاں لے کر آئے گی اور اپنے گھر والوں اور پیروکاروں کو سوار کر کے لے جائے گی۔ اور مدینہ منورہ ان کے لیے بہتر ہے اگر وہ جانیں۔

**فائدہ:**

اس حدیث پاک میں بھی حضور ﷺ کے وسیع علم غیب کا بیان ہے کیونکہ آپ نے تین ملکوں کے فتح ہونے کی خبر دی۔ سبحان اللہ! یہ آپ کے علم غیب کا مقام ہے کہ ابھی کئی سال بعد وہ ملک فتح ہونے تھے تو آپ ﷺ نے وہ پہلے ہی بیان فرمادیا۔ اگر یہ کہہ دیا جائے کہ معاذ اللہ آپ کو علم غیب نہیں۔ تو پھر آپ نے یہ کیسے بیان کر دیا۔ آپ کا بیان فرمانا کئی سال پہلے ان چیزوں کو جو بعد میں ہونے والی تھیں۔ یہ سب آپ کے علم غیب کا ثبوت ہے۔

Marfat.com

# مرویات

# حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ

## حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کی روایات سے علم غیب کا ثبوت

Marfat.com

# حدیث نمبر 15

حدثنا ابراهيم بن المنذر حدثنا انس بن عياض قال حدثني عبيدالله عن حبيب بن عبدالرحمٰن عن حفص بن عاصم عن ابی هريرة ان رسول الله ﷺ قال ان الايمان ليازر الى المدينة كما تأزر الحية الى جحرها۔ (رواہ البخاری فی کتاب ابواب العمرہ)

ترجمہ:

ابراہیم بن منذر، انس بن عیاض، عبیداللہ، حبیب بن عبدالرحمن حفص بن عاصم، حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ایمان اس طرح مدینہ منورہ کی طرف سمٹ جائے گا، جیسے سانپ اپنے بل کی طرف سمٹ آتا ہے۔

فائدہ:

اس حدیث پاک میں بھی حضور ﷺ نے علم غیب کی خبر دی ہے۔ جس چیز کا ظہور قرب قیامت میں ہونے والا تھا۔ اس کا بیان فرمادینا۔ یہ سب آپ ﷺ کا علم غیب ہے

# حدیث نمبر 16

حدثنا قتيبة بن سعيد حدثنا الليث عن ابن شهاب عن ابن المسيب انه سمع اباهريرة يقول قال رسول الله ﷺ والذی نفسی بيده

Marfat.com

لیوشکن ان ینزل فیکم بن مریم حکماً مقسطاً فیکسر الصلیب ویقتل الخنزیر ویضع الجزیة ویفیض المال حتی لایقبلهٔ احد۔

(رواہ البخاری فی کتاب البیوع)

ترجمہ:

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: قسم ہے اس ذات کی جس کے قبضے میں میری جان ہے قریب ہے کہ تم میں حضرت ابن مریم نازل ہوں گے۔ جو انصاف پسند ہوں گے۔ صلیب کو توڑیں گے۔ خنزیر کو قتل کریں گے۔ جزیہ موقوف کردیں گے اور مال اتنا بڑھ جائے گا کہ لینے والا کوئی نہ ہوگا۔

فائدہ:

قیامت سے پہلے اور خروج دجال کے بعد حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا آسمان سے نزول ہوگا جو اب زندہ آسمانوں پر موجود ہیں۔ آپ دجال کو قتل کریں گے۔ اور امت محمدیہ ﷺ کے ایک فرد کی طرح شریعت محمدیہ ﷺ پر عمل کریں گے۔ اور امام زمانہ کے طور پر حکم شرع کا نفاذ کریں گے۔ آپ شریعت محمدیہ ﷺ پر اجتہاد کریں گے اور آپ کا اجتہاد فقہ حنفی سے بڑی حد تک مطابقت رکھے گا۔ اسی لیے حضرت مجدد الف ثانی رحمۃ اللہ علیہ نے مکتوبات امام ربانی میں تصریح فرمائی ہے۔ کہ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کا فہم اتنا بلند بالا ہے کہ فہم نبوت سے قریب تر ہے۔ جس کا سب سے بڑا ثبوت یہ ہے کہ امام ابوحنیفہ کے اجتہاد اور حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے اجتہاد میں بڑی حد تک مطابقت ہوگی۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

Marfat.com

# حدیث نمبر 17

قال عثمان بن الهيثم ابو عمر وحدثنا عوف عن محمد بن سيرين عن ابى هريرة قال وكلنى رسول الله ﷺ بحفظ زكوٰة رمضان فاتانى اتٍ فجعل يحثوا من الطعام فاخزته وقلت والله لارفعنك الٰى رسول الله ﷺ قال انى محتاج وعلىّ عيال ولى حاجة شديدة قال فخليت عنه فاصبحت فقال النبى ﷺ يا اباهريرة مافعل اسيرك البارحة قال قلت يارسول الله شكاحاجة شديدة وعيالا فرحمتهٗ فخلّيت سبيلهٗ قال اما انهٗ قد كذبك وسيعود فعرفت انه سيعود لقول رسول الله ﷺ انهٗ سيعود فرصدته فجآء يحثو من الطعام فاخزته فقلت لارفعنّك الٰى رسول الله ﷺ قال دعنى فانى محتاج وعلى عيال لا اعود فرحمتهٗ فخليت سبيلهٗ فاصبحت فقال لى رسول الله ﷺ يا اباهريرة مافعل اسيرك فقلت يارسول الله شكاحاجة شديدة وعيالا فرحمتهٗ فخليت سبيلا قال اما انهٗ قد كذبك وسيعود فرصدتهٗ الثالثة فجآء يحثو من الطعام فاخزتهٗ فقلت لارفعنّك الٰى رسول الله ﷺ وهٰذا اخر ثلٰث مراتٍ انّك تزعم لاتعودثمّ تعودقال دعنى اعلمك كلمٰتٍ ينفعك الله بها قلت ماهو قال اذا اويت الٰى فراشك فاقرء اية الكرسى الله لا اله الا هوا لحى القيوم تختم الاية فانك لن يزال عليك من الله حافظ ولا يقربنّك شيطان حتى تصبح فخليت سبيله فاصبحت فقال لى رسول الله ﷺ

Marfat.com

مافعل اسیرك البارحة قلت یارسول الله زعم انه یعلمنی كلمات ینفعنی الله بها فخلیت سبیلهٗ قال ماهی قلت قال اذا اویت الٰی فراشك فاقرء اٰیة الكرسی من اوّلما حتی تختم الله لا اله الا هوا لحی القیوم وقال لی لن یّزال علیك من الله حافظ ولا یقربك شیطان حتی تصبح وكانوا احرص شیء علی الخیر فقال النبی ﷺ اما انه قد صدقك وهو كذوب تعلم من تخاطب منذ ثلٰث لیالٍ یاابا هریرة قال لا قال ذاك شیطان۔

(رواہ البخاری فی کتاب الوکالہ)

ترجمہ:

عثمان بن ہیثم ابوعمرو عوف، محمد بن سیرین، حضرت ابو ہریرہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے مجھے زکوٰۃ رمضان کی حفاظت پر مقرر فرمایا۔ پس ایک آنے والا آیا اور اناج میں سے لینے لگا میں نے اسے پکڑ لیا اور کہا خدا کی قسم میں ضرور تمہیں رسول اللہ ﷺ کے پاس لے جاؤں گا۔ اس نے کہا کہ میں محتاج ہوں اور میرے بچے ہیں اور مجھے سخت ضرورت ہے۔ پس میں نے اسے چھوڑ دیا۔ صبح ہوئی تو نبی کریم ﷺ نے فرمایا:

اے ابو ہریرہ! رات تم نے اپنے قیدی کا کیا کیا؟ عرض گزار ہوا کہ یارسول اللہ ﷺ اس نے سخت حاجت اور بچوں کی شکایت کی تو مجھے ترس آ گیا۔ لہٰذا میں نے اسے چھوڑ دیا......فرمایا کہ اس نے تم سے جھوٹ بولا ہے اور وہ پھر آئے گا......پس میں نے جان لیا کہ وہ رسول اللہ ﷺ کے فرمانے کے مطابق ضرور آئے گا۔ چنانچہ وہ پھر آیا اور اناج میں سے لے جانے لگا......تو میں نے اسے پکڑ لیا، اور کہا کہ میں تمہیں رسول اللہ

Marfat.com

ﷺ کی بارگاہ میں ضرور لے جاؤں گا۔کہا کہ مجھے چھوڑ دو میں محتاج ہوں اور بال بچے دار ہوں۔پھر نہیں آؤں گا۔پس مجھے ترس آ گیا اور میں نے اسے چھوڑ دیا۔صبح کو رسول اللہ ﷺ نے مجھ سے فرمایا:

ابو ہریرہ اپنے قیدی کا کیا کیا؟عرض گزار ہوا کہ یا رسول اللہ ﷺ اس نے سخت حاجت اور بال بچوں کی شکایت کی تو مجھے ترس آ گیا اور اسے چھوڑ دیا،فرمایا کہ اس نے تم سے غلط کہا ہے اور وہ پھر آئے گا۔پس میں تیسری رات اس کا منتظر رہا تو وہ آ کر اناج لینے لگا پس میں نے اسے پکڑ لیا۔اور کہا کہ میں تجھے ضرور رسول اللہ ﷺ کی بارگاہ میں پیش کروں گا۔کیونکہ آج آخری اور تیسری رات ہے تم ہر دفعہ کہتے رہے کہ اب نہیں آؤں گا،مگر آتے رہے،کہا کہ مجھے چھوڑ دو میں آپ کو ایسے الفاظ سکھا دیتا ہوں جو آپ کو نفع دیں گے میں نے کہا وہ کیا ہیں کہا کہ جب تم بستر پر جاؤ تو آیت الکرسی آخر تک پڑھ لیا کرو تو ساری رات تم اللہ کی حفاظت میں رہو گے اور صبح تک شیطان تمہارے نزدیک نہیں آ سکے گا۔پس میں نے اسے چھوڑ دیا۔صبح کے وقت رسول اللہ ﷺ نے مجھ سے فرمایا:

تم نے اپنے رات کے چور کا کیا بنایا،عرض گزار ہوا کہ یا رسول اللہ ﷺ اس نے مجھے ایسے کلمات سکھانے کا دعویٰ کیا جو مجھے اللہ کے پاس فائدہ دیں تو میں نے اسے چھوڑ دیا،فرمایا کہ وہ کیا ہیں،عرض گزار ہوا کہ اس نے کہا جب تم بستر پر جاؤ تو اوّل سے آخر تک آیت الکرسی پڑھ لیا کرو تو تم برابر اللہ کی حفاظت میں رہو گے۔اور صبح تک شیطان تمہارے قریب نہیں آئے گا۔اور وہ حضرات نیک کاموں کے بڑے حریص تھے۔نبی کریم ﷺ نے فرمایا کہ بات اس نے سچی کہی ہے جبکہ وہ آپ جھوٹا ہے۔اے

Marfat.com

ابو ہریرہ جانتے ہو یہ تین راتوں تک کون تم سے مخاطب ہوتا رہا؟ میں عرض گزار ہوا نہیں......فرمایا......کہ وہ شیطان تھا۔

**فائدہ:**

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو مال زکوٰۃ کی نگرانی پر مقرر کیا گیا تو رات کو چور آیا جس کو انہوں نے پکڑ لیا اس نے مجبوری ظاہر کی تو انہوں نے چھوڑ دیا۔ رسول اللہ ﷺ نے صبح کو خود پوچھا:

ابو ہریرہ! تمہارے رات کے چور کا کیا بنا؟ علاوہ بریں آپ نے یہ بھی فرمایا کہ وہ جھوٹا ہے اور اگلی رات بھی آئے گا۔ تینوں رات آپ اسی طرح پوچھتے رہے اور ہر روز اس کے پھر آنے کی خبر بھی دیتے رہے۔ اور آخری روز بتا دیا کہ وہ شیطان تھا۔ درحقیقت پروردگار عالم نے اپنے محبوب کو آنکھیں ہی ایسی عطا فرمائی تھیں، جن سے کوئی چیز پوشیدہ نہیں رہ سکتی تھی۔ اس اسلامی و ایمانی عقیدے کو ایک دانائے راز نے شعر کے قالب میں ڈھال کر یوں بیان فرمایا ہے۔

اور کوئی غیب کیا تم سے نہاں ہو بھلا
جب نہ خدا ہی چھپا تم پہ کروڑوں درود

Marfat.com

# حدیث نمبر 18

حدثنی سعد بن حفص حدثنا شیبان عن یحیٰ عن ابی سلمة انه سمع اباھریرة رضی الله عنه عن النبی ﷺ قال من انفق زوجین فی سبیل الله دعا خزنة الجنة کل خزنه بابٍ ای فل ھلم قال ابوبکر یارسول الله ذاك الذی لاتوٰی علیه فقال النبی ﷺ انی لارجو آان تکون منھم۔ (رواہ البخاری فی کتاب الجہاد والسیر)

ترجمہ:

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کا بیان ہے کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا:
جو راہ خدا میں ڈبل چیز خرچ کرے تو جنت ہر دروازے کا منتظم اسے جنت میں داخل ہونے کے لیے اپنے دروازے کی طرف بلائے گا۔ حضرت ابوبکر صدیق عرض گزار ہوئے یارسول اللہ ﷺ! پھر اس شخص کو تو کوئی خوف نہیں ہوگا؟ نبی کریم ﷺ نے فرمایا: مجھے توی امید ہے کہ تم بھی ان لوگوں میں ہو۔

فائدہ:

اس حدیث پاک میں بھی حضور ﷺ کے علم غیب کا بیان ہے۔ آپ ﷺ نے حضرت ابوبکر صدیق کے بارے میں فرمایا کہ تم ان لوگوں میں سے ہو، جن کو جنت کے ہر دروازے سے بلایا جائے گا۔ یہ آپ ﷺ کا علم غیب ہے جو اللہ تعالیٰ نے آپ کو عطا فرمایا ہے۔

Marfat.com

# حدیث نمبر 19

حدثنا سعید بن محمد حدثنا یعقوب حدثنا ابی عن صالح عن الاعراج قال قال ابوھریرۃ قال رسول اللہ ﷺ لا تقوم الساعۃ حتی تقاتلوا الترك صغار الاعین حمر الوجوہ ذلف الانوف کائن وجوھھم المجانّ المطرقۃ ولا تقوم الساعۃ حتی تقاتلوا قوماً نعالھم الشعر۔

(رواہ البخاری فی کتاب الجھاد والسیّر)

ترجمہ:

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: قیامت اس وقت تک قائم نہیں ہوگی جب تک تم ترکوں سے لڑائی نہ کرلو۔ان کی آنکھیں چھوٹی، چہرے سرخ اور ناک چپٹی ہے۔گویا ان کے چہرے چوڑی ڈھال کی طرح ہیں اور قیامت قائم نہ ہوگی جب تک تم ایسی قوم سے نہ لڑو گے جن کے جوتے بالوں کے ہوں گے۔

فائدہ:

اس حدیث پاک میں بھی حضور ﷺ کے علم غیب کا بیان ہے۔آپ ﷺ نے فرمایا، قیامت قائم ہونے سے پہلے تم ترکوں سے جنگ کرو گے۔اور آپ ﷺ نے ان کی آنکھیں اور چہروں کا بھی بیان فرمادیا۔

Marfat.com

# حدیث نمبر 20

حدثنا عبدالله بن محمد حدثنا عبدالرزاق اخبرنا معمر عن همام عن ابی هریرة رضی الله عنه عن النبی ﷺ قال هلك كسریٰ ثم لاتكون كسریٰ بعدهٗ وقیصر الیهلكن ثم لایكون قیصر بعدهٗ ولتقسمن كنوزها فی سبیل الله وسمّٰی الحرب خدعة۔

(رواہ البخاری فی کتاب الجہاد والسیّر)

ترجمہ:

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا: کسریٰ ہلاک ہو گیا، اور اس کے بعد کوئی کسریٰ نہیں ہوگا اور عنقریب قیصر بھی ہلاک ہو جائے گا پھر اس کے بعد کوئی قیصر نہیں ہوگا اور تم ان کے خزانوں کو راہ خدا میں تقسیم کرو گے اور لڑائی کو دھوکے کا نام دیا۔

فائدہ:

اس حدیث پاک میں بھی حضور ﷺ کے علم غیب کا بیان ہے۔ آپ ﷺ نے فرمایا: کسریٰ ہلاک ہو گیا۔ اب کوئی کسریٰ نہیں ہوگا۔ اور قیصر کی ہلاکت کی بھی آپ ﷺ نے خبر دی اور یہ بھی فرمایا کہ اس کے بعد کوئی قیصر نہیں ہوگا۔ اور یہ بھی فرمادیا کہ تم ان کے خزانے اللہ کی راہ میں خرچ کرو گے۔ یہ سب باتیں ابھی کئی سال بعد میں ہونے والی تھیں۔

Marfat.com

# حدیث نمبر 21

حدثنا اسحٰق اخبرنا یعقوب بن ابراهیم حدثنا ابی عن صالح عن ابن شهاب ان سعید بن المسیب سمع اباهریرة رضی الله عنه قال قال رسول الله ﷺ والذی نفسی بیده لیوشکن ان ینزل فیکم ابن مریم حکماً عدلاً فیکسر الصلیب ویقتل الخنزیر ویضع الجزیة ویفیض المال حتی لایقبلهٗ احد حتی تکون السجدة الواحده خیر من الدنیا وما فیها ثم یقول ابو هریرة واقرء و ان شئتم وان من اهل الکتاب الا لیومنن بهٖ قبل موتهٖ ویوم القیٰمة یکون علیهم شهیدا۔

(رواہ البخاری فی کتاب الانبیاء)

ترجمہ:

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: قسم ہے اس ذات کی جس کے قبضے میں میری جان ہے۔ عنقریب تم میں عیسیٰ بن مریم نازل ہوں گے، وہ حاکم عادل ہوں گے، صلیب کو توڑ دیں گے خنزیر کو قتل کریں گے۔ جزیہ موقوف کر دیں گے اور مال اتنا بڑھ جائے گا کہ کوئی لینے والا نہ رہے گا یہاں تک کہ ایک سجدہ کو دنیا و مافیھا سے بہتر خیال کیا جائے گا۔ پھر حضرت ابو ہریرہ نے فرمایا: کہ اگر تم چاہو تو یہ آیت پڑھ لو اور کوئی کتابی ایسا نہیں جو اس کی موت سے پہلے اس پر ایمان نہ لائے اور قیامت کے دن ان پر گواہ ہوگا۔ (سورہ نساء آیت نمبر ۱۵۹)

Marfat.com

فائدہ:

اس حدیث پاک میں بھی حضور ﷺ کے علم غیب کا بیان ہے۔آپ ﷺ نے حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی آمد کی خبر دی، حالانکہ انہوں نے قرب قیامت میں آنا ہے اور بھی کئی چیزوں کا بیان فرمایا، جس طرح کے اس حدیث میں موجود ہے۔

## حدیث نمبر 22

حدثنا عبدالعزیز بن عبدالله قال حدثنی سلیمان بن بلال عن ثور بن زید عن ابی الغیث عن ابی هریرة رضی الله عنه من النبی ﷺ قال لا تقوم الساعة حتی یخرج رجل من قحطان یسوق الناس بعصاه۔

(رواہ البخاری فی کتاب الانبیاء)

ترجمہ:

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا: قیامت اس وقت تک قائم نہیں ہوگی جب تک قحطان کا ایک آدمی ڈنڈے کے ذریعے لوگوں پر حکومت نہ کرے (یعنی لوگوں کو اپنی لاٹھی سے ہانکے گا)

فائدہ:

اس حدیث پاک میں بھی حضور ﷺ کے علم غیب کا بیان ہے۔آپ ﷺ نے ایک حاکم کا ذکر فرمایا۔فرمایا وہ قیامت قائم ہونے سے پہلے آئے گا اور ڈنڈے سے حکومت کرے گا۔یہ بھی حضور ﷺ کا علم غیب ہے۔جس حاکم نے کئی سو سال بعد میں پیدا

Marfat.com

ہونا ہے آپ ﷺ پہلے ہی ذکر فرما رہے ہیں حالانکہ بہت عرصہ بعد میں اس نے پیدا ہونا ہے۔

# حدیث نمبر 23

حدثنا ابو الیمان اخبرنا شعیب حدثنا ابوالزناد عن الاعرج عن ابی هریرة رضی الله عنه عن النبی ﷺ قال لاتقوم الساعة حتی تقاتلوا اقوماً نعالهم الشعر وحتی تقاتلوا الترك صغار الاعین حمر الوجوه وتجدون من خیر الناس اشرهم ذلف الانوف کان وجوههم المجان المطرقة وتجدون من خیر الناس اشرهم کراهیة لهٰذا الامر حتی یقع فیه والناس معادن خیارهم فی الجاهلیة خیارهم فی الاسلام ولیاتین علٰی احدکم زمان لان یرانی احب الیه ان یکون لهٗ مثل اهلهٖ ومالهٖ۔

(رواہ البخاری فی کتاب الانبیاء)

ترجمہ:

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا: قیامت اس وقت تک قائم نہ ہوگی، جب تک ایسی قسم سے تمہاری لڑائی نہ ہو جائے جن کے جوتے بالوں کے ہونگے اور جب تک ترکوں سے نہ لڑو۔

جن کی آنکھیں چھوٹی، چہرے سرخ، ناکیں چپٹی اور چہرے ایسے ہوں گے جیسے اوپر نیچے ڈھالیں اور اس وقت تم جس کو بہترین آدمی شمار کرو گے وہ حکمران بننے سے بہت ہی نفرت کرتا ہوگا ماسوائے اس کے کہ اس میں پھنس جائے اور لوگ کانوں کی

Marfat.com

طرح ہیں۔ جو دور جاہلیت میں اچھے تھے، وہی عہد اسلام میں اچھے ہیں اور تم میں سے کسی پر ایسا وقت بھی آئے گا کہ اس کے لیے میری زیارت اپنے مال وجان کی طرح ہر چیز سے عزیز ترین ہوگی۔

**فائدہ:**

اس حدیث پاک میں بھی حضور ﷺ کے علم غیب کا بیان ہے۔ آپ ﷺ نے کئی سال بعد میں ہونے والی چیزوں کا ذکر فرمایا جس طرح کہ اوپر حدیث میں موجود ہے۔

## حدیث نمبر 24

حدثنا عبدالعزیز الاویسی حدثنا ابراهیم عن صالح بن کیسان عن ابن شهاب عن المسیّب وابی سلمة بن عبدالرحمٰن ان اباهریرة رضی الله عنه قال قال رسول الله ﷺ ستکون فتن القاعد فیها خیر من القائم والقائم فیها خیر من العاشی والماشی فیها خیر من الساعی ومن یّشرف لها تستشرفه ومن وجد ملجئاً او معاذا فلیعزبهٖ وعن ابن شهاب حدثنی ابوبکر بن عبدالرحمٰن ابن الحارث عن عبدالرحمٰن بن مطیع بن الاسود عن نوفل بن معاویة مثل حدیث ابی هریرة هٰذا الا ان ابا بکر یزید من الصلٰوة صلٰوة من فاتته فکانّما وتر اهلهٗ وما لهٗ۔

(رواہ البخاری فی کتاب الانبیاء)

**ترجمہ:**

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے

Marfat.com

فرمایا:

عنقریب فتنے اٹھیں گے جن میں بیٹھا ہوا آدمی کھڑے سے بہتر ہوگا اور کھڑا ہونے والا چلنے والے سے بہتر ہوگا۔ اور چلنے والا دوڑنے والے سے بہتر ہوگا۔ جوان فتنوں کی طرف جھانکے گا فتنے اسے اپنی جانب کھینچ لیں گے۔ اس وقت اگر کوئی پناہ گاہ یا چھپنے کی جگہ مل سکے تو وہاں چھپ جانا چاہیئے۔

اس حدیث کو حضرت ابو ہریرہ سے دوسری سند کے ساتھ بھی روایت کیا گیا ہے۔ لیکن اس میں ابوبکر بن عبدالرحمن نے یہ بھی کہا ہے کہ نمازوں میں سے ایک نماز ایسی ہے کہ جس کی وہ فوت ہوگی، گویا اس کے اہل وعیال اور مال ومنال سب چھن گئے۔

فائدہ:

اس حدیث پاک میں بھی حضور ﷺ کے علم غیب کا بیان ہے۔ آپ ﷺ نے بعد میں ہونے والے کئی فتنوں کا ذکر فرمایا جس طرح کہ اوپر حدیث میں موجود ہے۔

## حدیث نمبر 25

حدثنی احمد بن محمد المکی حدثنا عمرو یحیٰ ابن سعید الاموی عن جدہٖ قال کنت مع مروان وابی ھریرۃ فسمعت اباھریرۃ یقول سمعت الصادق المصدوق یقول ھلاك امتی علٰی یدی غلمۃ من قریش فقال مروان غلمۃ قال ابوھریرۃ ان شئت ان اسمّیھم بنی فلان وبنی فلان۔ (رواہ البخاری فی کتاب الانبیاء)

Marfat.com

ترجمہ:

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے صادق و مصدوق ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا ہے کہ میری امت کی بربادی قریش کے چند لڑکوں کے ہاتھوں ہوگی۔ مروان نے بھی لڑکے ہی کہا ہے۔ حضرت ابو ہریرہ فرماتے ہیں کہ اگر تم چاہو تو میں ان میں سے ہر ایک کا نام اور نسب بتا سکتا ہوں۔

فائدہ:

اس حدیث پاک میں بھی حضور ﷺ کے علم غیب کا بیان ہے۔ کہ آپ ﷺ جن لڑکوں کا ذکر فرما رہے ہیں۔ یقیناً آپ ﷺ اپنے علم غیب سے انہیں جانتے ہیں اس لیے تو آپ نے ان کی طرف اشارہ فرما دیا۔

## حدیث نمبر 26

**حدثنی عبداللہ بن محمد حدثنا عبدالرزاق اخبرنا معمر عن ھمام عن ابی ھریرۃ رضی اللہ عنہ عن النبی ﷺ قال لاتقوم الساعۃ حتی یقتتل فئتان فیکون بینھما مقتلۃ عظیمۃ دعواھما واحدۃ ولا تقوم الساعۃ حتی یبعث دجّالون کذّابون قریباً من ثلاثین کلّھم یزعم انّہٗ رسول اللہ۔** (رواہ البخاری فی کتاب الانبیاء)

ترجمہ:

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا:

Marfat.com

اس وقت تک قیامت قائم نہیں ہوگی جب تک تمہاری دو(۲) جماعتوں کی آپس میں لڑائی نہ ہوجائے، پس ان کے درمیان بڑی خونریز جنگ ہوگی، حالانکہ ان کا دعویٰ (مؤقف) بھی ایک ہوگا اور قیامت اس وقت تک قائم نہیں ہوگی جب تک دجال اور کذاب منظر عام پر نہ آجائیں، جن کی تعداد تیس (۳۰) کے لگ بھگ ہے۔ان میں سے ہرایک یہ دعویٰ کرے گا کہ وہ اللہ کا رسول ہے۔

فائدہ:

اس حدیث پاک میں بھی نبی اکرم ﷺ کے علم غیب کا بیان ہے کہ آپ ﷺ نے اس حدیث پاک میں بھی کئی بعد میں ہونے والی چیزوں کا بیان فرمایا،اور دجالوں کا بھی ذکر فرمایا،اور آپ ﷺ نے ان کی تعداد بھی بیان فرمائی۔اگر علم غیب نہ ہوتا تو کیسے بیان کرسکتے تھے۔

## حدیث نمبر 27

حدثنا یحی بن بکیر حدثنا اللیث عن یونس عن ابن شهاب قال اخبرنی ابن المسیّب عن ابی هریرة انهٗ قال قال رسول الله ﷺ اذاهلك کسرٰی فلا کسرٰی بعدهٗ واذا هلك قیصر فلا قیصر بعدهٗ والّذی نفس محمد بیدهٖ لتنفقن کنوز هما فی سبیل الله۔

(رواہ البخاری فی کتاب الانبیاء)

ترجمہ:

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:

Marfat.com

جب کسریٰ ہلاک ہو جائے گا تو اس کے بعد کوئی کسریٰ نہیں ہوگا اور جب قیصر ہلاک ہو جائے گا تو اس کے بعد کوئی قیصر نہیں ہوگا۔ اور قسم ہے اس ذات کی جس کے قبضے میں محمد ﷺ کی جان ہے تم ضرور ان دونوں کے خزانوں کو اللہ کی راہ میں خرچ کرو گے۔

**فائدہ:**

اس حدیث پاک میں بھی حضور نبی اکرم ﷺ کے علم غیب کا بیان ہے کہ آپ ﷺ نے قیصر و کسریٰ کی ہلاکت کی خبر دی حالانکہ انہوں نے کافی عرصہ بعد میں ہلاک ہونا تھا اور آپ ﷺ نے اپنے صحابہ کو یہ بھی فرمادیا کہ تم ان کے خزانے اللہ کی راہ میں خرچ کرو گے۔

# حدیث نمبر 28

**حدثنا ابو الیمان اخبرنا شعیب حدثنا ابو الزناد عن الاعراج عن ابی ھریرۃ رضی اللہ عنہ ان رسول اللہ ﷺ قال اذا ھلک کسرٰی فلا کسرٰی بعدہٗ واذا ھلک قیصر فلا قیصر بعدہٗ والذی نفسی بیدہ لتنفقنّ کنوز ھما فی سبیل اللہ۔** (رواہ البخاری فی کتاب الجہاد والسیّر)

**ترجمہ:**

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جب کسریٰ ہلاک ہو گیا تو اس کے بعد کوئی کسریٰ نہیں ہوگا۔ اور جب قیصر تباہ ہو گیا تو اس کے بعد قیصر بھی کوئی نہیں ہوگا۔ اور قسم ہے اس ذات کی جس کے قبضہ میں میری جان ہے تم ان دونوں کے خزانوں کو راہ خدا میں خرچ کرو گے۔

Marfat.com

فائدہ:

اس حدیث پاک میں بھی حضور نبی اکرم ﷺ کے علم غیب کا بیان ہے۔

## حدیث نمبر 29

حدثنا ابو الیمان اخبرنا شعیب عن ابی الزناد عن لاعرج عن ابی ھریرۃ رضی اللہ عنہ قال قال النبیّ ﷺ کل بنی ادم یطعن الشیطان فی جنبیہ باصبعہٖ حین یولد غیر عیسٰی بن مریم ذھب یطعن فطعن فی الحجاب۔ (رواہ البخاری فی کتاب بداء الخلق)

ترجمہ:

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا:
جب بھی کسی آدمی کے گھر بچہ پیدا ہوتا ہے، تو شیطان اس کے پہلو میں انگلی چبھوتا ہے جبکہ اس کی ولادت ہوتی ہے ماسوائے حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے کہ انگلی چبھونے گیا تھا لیکن صرف پردے پر انگلی مار سکا۔

فائدہ:

اس حدیث پاک بھی میں حضور نبی اکرم ﷺ کے علم غیب کا بیان ہے کہ آپ ﷺ نے حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی پیدائش کے وقت شیطان کا ان کے پاس جانا اور پردہ پر انگلی مارنا اس بات کا بیان آپ نے فرمایا، حالانکہ آپ ﷺ اس وقت ظاہری طور پر ان کے پاس موجود نہ تھے اور یہ آپ کی ولادت سے پہلے کا واقعہ ہے، اس سے معلوم ہوتا

Marfat.com

ہے جو آپ کی آمد سے پہلے ہو چکا وہ بھی آپ جانتے ہیں، اور جو بعد میں ہوگا وہ بھی آپ جانتے ہیں۔

# حدیث نمبر 30

**حدثنا ابو نعیم حدثنا شیبان عن یحی عن ابی سلمة سمعت ابا ھریرة رضی اللہ عنہ قال قال رسول اللہ ﷺ الا احدّثکم حدیثا عن الدّجال ما حدث بہٖ نبی قومہٗ انّہ اعور و انّہٗ یجیٓء معہ بمثال الجنّة و النّار فالّتی یقول انّھا الجنّة ھی النّار و انّی انذرکم کما انذر بہٖ نوح قومہٗ۔** (رواہ البخاری فی کتاب الانبیاء)

**ترجمہ:**

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:

کیا میں تمہیں دجال کے بارے میں ایسی بات نہ بتادوں جو کسی نبی نے اپنی قوم کو نہیں بتائی، بے شک دجال کانا ہے اور وہ اپنے ساتھ جنت اور دوزخ کی شبیہ لائے گا لیکن جسے جنت کہے گا وہ جہنم ہوگی۔ اور بے شک میں تمہیں اس کے پھندے میں پھنسنے سے ڈراتا ہوں جیسے نوح علیہ السلام نے اپنی قوم کو ڈرایا تھا۔

**فائدہ:**

اس حدیث پاک میں بھی آپ ﷺ کے علم غیب کا بیان ہے آپ نے دجال کے بارے میں بیان فرمایا، میں ایسی بات بتانے والا ہوں جو کسی نے نہیں بتائی، فرمایا دجال ایک آنکھ سے کانا ہوگا یہ سب آپ ﷺ کا علم غیب ہے، جو اللہ تعالیٰ نے آپ کو عطا فرمایا ہے۔

Marfat.com

# حدیث نمبر 31

حدثنا مسدّد قال حدثنا اسمٰعیل بن ابراھیم اخبرنا ابو حیّان التیمیّ عن ابی زرعة عن ابی ھریرة قال کان النّبیّ ﷺ بارزًا یومًا للنّاس فاتاه رجل فقال ماالایمان قال الایمان ان تؤمن بالله وملٰئکته وبلقآئه ورسله وتؤمن بالبعث قال ماالاسلام قال الاسلام ان تعبد الله ولا تشرك به وتقیم الصلٰوة وتؤدّی الزّکٰوة المفروضة و تصوم رمضان قال ماالاحسان قال ان تعبدالله کانّك تراه فان لّم تکن تراه فانّه یراك قال متی السّاعة قال ماالمسؤول باعلم من السّآئل وساخبرك عن اشراطها اذا ولدت الامة ربّها واذا تطاول رعاة الابل البهم فی البنیان فی خمس لایعلمهنّ الا الله ثم تلا النّبیّ ﷺ انّ الله عنده علم السّاعة الایة ثم ادبر فقال ردّوه فلم یرو شیئًا فقال ھٰذا جبریل جآء یعلّم النّاس دینهم قال ابوعبدالله جعل ذٰلك کله من الایمان۔

(رواہ البخاری فی کتاب الایمان)

ترجمہ:

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ ایک روز نبی کریم ﷺ لوگوں کے درمیان جلوہ افروز تھے کہ ایک آدمی حاضر بارگاہ ہوکر عرض گزار ہوا: ایمان کیا ہے؟ فرمایا:

ایمان یہ ہے کہ تم اللہ پر یقین رکھو اور اس کے فرشتوں پر اور اس سے ملنے پر

Marfat.com

اوراس کے رسولوں پراور تمہیں دوبارہ زندہ ہونے پر یقین ہو۔عرض گزار ہوا کہ اسلام کیا ہے؟فرمایا:

اسلام یہ ہے کہ تم اللہ کی عبادت کرواوراس کے ساتھ شرک نہ کرواورنماز قائم کرو اور فرض زکوٰۃ ادا کرو اور رمضان کے روزے رکھو،عرض گزار ہوا کہ احسان کیا ہے؟فرمایا:

تم اللہ کی عبادت کروگویا کہ اسے دیکھ رہے ہواوراگرتم اسے نہیں دیکھتے تو وہ تمہیں دیکھ رہا ہے۔عرض گزار ہوا کہ قیامت کب ہے؟فرمایا:کہ مسئول سائل سے زیادہ نہیں جانتا اور میں تمہیں اس کی نشانیاں بتاتا ہوں کہ جب لونڈی اپنے آقا کو جنے اور جب چرواہے عالی شان عمارتوں میں رہنے لگیں اور پانچ چیزیں ہیں جنہیں کوئی نہیں جانتا مگراللہ پھرنبی کریم ﷺ نےان اللہ عندہ علم السّاعۃ (۳۱،۳۴)والی آیت پڑھی،پھروہ چلا گیا تو آپ نے فرمایا:

اسے واپس بلاؤ لیکن کوئی نظر نہ آیا۔فرمایا وہ جبرائیل تھے۔جولوگوں کو ان کا دین سکھانے آئے تھے۔امام بخاری نے فرمایا کہ ان سب کوایمان کا حصہ قرار دیا۔

**فائدہ:**

اس حدیث پاک میں بھی حضوراکرم ﷺ نے کئی ان چیزوں کا ذکر فرمایا:جو بعد میں ہونے والی ہیں۔جن کا تعلق غیب سے ہے کیونکہ وہ مستقبل میں ہونے والے امور ہیں۔لہٰذا اس سے معلوم ہوا کہ حضور ﷺ کو اللہ تعالیٰ نے بہت زیادہ علم غیب عطا فرمایا ہے۔اس لیے تو آپ ﷺ نے ان چیزوں کا ذکر فرمایا،جوعلامات قیامت میں سے

Marfat.com

ہیں۔ اوران کا وقوع بہت دیر بعد یعنی قرب قیامت میں ہونے والا ہے۔

## حدیث نمبر 32

حدثنا المکیّ بن ابراھیم قال انا حنظلة عن سالم قال سمعت اباھریرة عن النبیّ ﷺ قال یقبض العلم ویظھر الجھل والفتن ویکثر الھرج قیل یارسول اللہ وما الھرج فقال ھکذا بیدہ فحرکھا کانّہ یرید القتل۔ (رواہ البخاری فی کتاب العلم)

ترجمہ:

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا: علم اٹھا لیا جائے گا، جہالت اور فتنے پھیل جائیں گے اور ہرج کی کثرت ہو جائے گی؟ عرض کی گئی کہ یارسول اللہ ﷺ ہرج کیا ہے؟ تو دست مبارک کو اس طرح حرکت دے کر فرمایا گویا کہ آپ ﷺ قتل مراد لے رہے تھے۔

فائدہ:

اس حدیث پاک میں بھی حضور پاک ﷺ آنے والے وقت کا بیان فرما رہے ہیں۔ یقیناً آنے والا وقت غیب ہے تو ثابت ہوا کہ حضور پاک ﷺ کو علم غیب ہے۔

## حدیث نمبر 33

حدثنا عبداللہ بن یوسف قال انا مالك عن ابی الذناد عن الاعرج عن ابی ھریرة انّ رسول اللہ ﷺ قال ھل ترون قبلتی ھھنا فواللہ

Marfat.com

مایخفٰی علیّ خشوعکم ولا رکوعکم انّی لاراکم مّن وّرآء ظهری۔ (رواہ البخاری فی کتاب الصلوٰۃ)

ترجمہ:

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:

تم کیا یہی دیکھتے ہو کہ میرا منہ ادھر ہے؟ خدا کی قسم مجھ پر نہ تمہارا خشوع وخضوع پوشیدہ ہے اور نہ تمہارے رکوع۔ میں تمہیں پیٹھ کے پیچھے سے بھی دیکھتا ہوں۔

فائدہ:

رحمت دوعالم ﷺ کا فرمانا کہ مجھ پر تمہارے خشوع ورکوع پوشیدہ نہیں ہیں۔ اس میں آپ نے خود نگاہ مصطفیٰ کا عالم بیان فرمایا ہے۔ کیونکہ رکوع تو ظاہری اور جسمانی فعل کا نام ہے۔ جو دوسروں کو بھی نظر آتا ہے۔ لیکن خشوع تو دل کی ایک کیفیت کا نام ہے جو خوف خدا سے پیدا ہوتی ہے۔ اس حدیث میں نگاہ مصطفیٰ کے (۲) دو معجزے بیان فرمائے گئے۔ کہ آپ پیٹھ پیچھے سے صحابہٴ کرام کے رکوع بھی ملاحظہ فرمالیتے اور ان کے دلوں کی خشوع وخضوع والی کیفیت بھی ان نگاہوں سے پوشیدہ نہیں رہتی تھی۔ جن میں دست قدرت نے مازاغ البصر وما طغٰی والا سرمہ لگایا ہوا تھا۔ یہ ہر شخص جانتا ہے کہ دیکھنا اس نور کا کام ہے۔ جو پروردگار عالم نے ہر دیکھنے والے کی آنکھوں میں رکھا ہوا ہے خدائے ذوالمنن اس نور سے کسی کو محروم نہ کرے۔ آمین

لیکن جس ہستی کو خدا نے اپنی قدرت کاملہ سے سراپا نور بنایا ہو وہ دیکھنے کے

Marfat.com

لیے اپنی آنکھوں کے نور کے محتاج نہ تھے بلکہ آنکھوں کی طرح ہر طرف سے دیکھتے تھے۔اور خدا نے ان کے لیے آگے پیچھے اور نزدیک ودور وغیرہ کے فرق ہٹا دیئے تھے۔وہ پیچھے کی چیزوں کو بھی اسی طرح دیکھتے تھے۔جیسے ان چیزوں کو دیکھتے جو آگے ہوتیں۔دور والی چیزوں کو نزدیک والی چیزوں کی طرح ملاحظہ فرما لیتے۔اندھیرے میں بھی اسی طرح دیکھ لیتے جیسے اجالے میں دیکھتے،دلوں کی کیفیتوں کا بھی اسی طرح معائنہ فرما لیتے جیسے ظاہری اور جسمانی اعمال وافعال کو دیکھتے،نیز ماضی اور مستقبل کے حالات بھی خدا نے آپ پر اسی طرح روشن فرما دیئے تھے جیسے حال میں نگاہوں کے سامنے وقوع پذیر ہونے والے حالات وواقعات۔ان تمام باتوں پر بکثرت احادیث دلالت کرتی ہیں۔اور ان کا انکار کرنے کی کوئی مسلمان جرأت نہیں کرسکتا۔

واللہ تعالی اعلم۔

## حدیث نمبر 34

حدثنا ابو الیمان قال اخبرنا شعیب عن الزّھریّ قال اخبرنی سعید بن المسیّب وعطآء بن یزید اللّیثیّ انّ اباھریرۃ اخبرھما انّ النّاس قالوا یارسول اللہ ھل نریٰ ربّنا یوم القیمۃ قال ھل تمارون فی القمر لیلۃ البدر لیس دونہٗ سحاب قالوا لایارسول اللہ قال فھل تمارون فی الشّمس لیس دونھا سحاب قالوا لاقال فانّکم تدونہٗ کذٰلك یحشر النّاس یوم القیامۃ فیقول من کان یعبد شیئا فلیتّبعہ فمنھم من یّتّبع الشّمس ومنھم من یّتّبع القمر ومنھم مّن یّتّبع الطّواغیت وتبقٰی ھذہ

Marfat.com

الامّة فیها منافقوها فیأتیهم الله فیقول انا ربکم فیقولون هذا مکاننا حتی یأتینا ربنا فاذا جآء ربنا عدفناه فیاتیهم الله عزّوجلّ فیقول انا ربکم فیقولون انت ربنا فیدعوهم ویضرب الصراط بین ظهرانی جهنم فاکون اول من یجوز من الرسل بامّته ولا یتکلم یومئذاحد الا الرسل وکلام الرسل یومئذ اللهم سلم وفی جهنم کلالیب مثل شوك السعدان هل رایتم شوك السعدان قالوانعم فانها مثل شوك السعدان غیر انّهٗ لا یعلم قدر عظمها الا الله تخطف النّاس باعمالهم فمنهم من یوبق بعمله ومنهم من یخردل ثم ینجوا حتی اذا اراداللّه رحمة مّن اراد من اهل النّار امر الله الملٰئکة ان یخرجوا من کان یعبدالله فیخرجونهم ویعرفونهم بااٰثار السّجود وحرّم الله علی النار ان تأکل اثرالسّجود فیخرجون من النار فکل ابن ادم تأکلهٗ النّار الا اثر السّجود فیخرجون من النّار قد امتحشوافیصبّ علیهم مّآء الحیاة فینبتون کمنا تنت لعبة فی حمیل السیل ثم یفرغ الله من القضآء بین العباد ویبقٰی رجل بین الجنّة والنّار وهو اٰخر اهل النّار دخولًا الجنّة مقبلًا بوجههٖ قبل النّار فیقول یاربّ اصرف وجهی عن النّار فقد قشبنی ریحها واحدقنی ذکآئها فیقول هل عسیت ان فعل ذٰلك بك ان تسئل غیر ذٰلك فیقول لا وعزّتك فیعطی الله عزّوجلّ مایشآء من عهدٍ ومیثاق فیصرف الله وجههٗ عن النّار فاذا اقبل بهٖ الی الجنة رای بهجتها سکت ماشآء الله ان یّسکت ثم قال یارب قدّمنی عند باب الجنّة فیقول الله لهٗ الیس قد اعطیت

Marfat.com

العهود والميثاق ان لّاتسئل غير الّذى كنت سالت فيقول ياربّ لااكون اشقٰى خلقك فيقول فما عسيت ان اعطيت ذٰلك ان لّاتسئال غيرهٗ فيقول لاوعزّتك لااسئلك غير ذٰلك فيعطى ربهٗ ماشآء من عهد وّميثاق فيقرّمهٗ الٰى باب الجنة فاذا بلغ بابها فراى زهرتها وما فيها من النّفرة والسّرور فيسكت ماشآء الله ان يّسكت فيقول يارب ادخلنى الجنة فيقول الله عزّوجلّ ويحك يا ابن ادم مآاغررك اليس قد اعطيت العهد والميثاق ان لاتسئال غير الّذى اعطيت فيقول يارب لاتجعلنى اشقٰى خلقك فيضحك الله منه ثم يأذن لهٗ فى دخول الجنّة فيقول تمنّ فيتمنّٰى حتى اذاانقطع امنتيهٗ قال الله عزّوجلّ زدمن كذا وكذا اقبل يذكره ربّهٗ حتى اذا انتهت به الامانىّ قال الله لك ذٰلك ومثلهٗ معه وقال ابوسعيد الخدرىّ لابى هريرة انّ رسول الله ﷺ قال قال الله عزّوجلّ لك ذلك وعشرة امثاله قال ابوهريرة لم احفظه من رّسول الله ﷺ الا قولهٗ لك ذٰلك ومثلهٗ معه قال ابوسعيد انّى سمعتهٗ يقول ذلك وعشرة امثاله۔ (رواہ البخاری فی کتاب الاذان)

ترجمہ:

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ لوگ عرض گزار ہوئے: یارسول اللہ! کیا ہم قیامت میں اپنے رب کو دیکھیں گے۔ فرمایا کہ چودھویں رات کو جبکہ بادل نہ ہوں کیا تم چاند کے دیکھنے میں شک کرتے ہو؟ عرض گزار ہوئے کہ

Marfat.com

یارسول اللہ نہیں، فرمایا کہ جب بادل نہ ہوں تو کیا تم سورج کے دیکھنے میں شک کرتے ہو؟ عرض کی نہیں، تو تم اسی طرح دیکھو گے کہ جبکہ قیامت کے روز لوگوں کو اکٹھا کیا جائے گا۔فرمائے گا کہ جو جس چیز کی عبادت کرتا تھا وہ اس کے پیچھے ہو جائے ان میں سے کچھ لوگ سورج کے پیچھے ہو جائیں گے، کچھ چاند کے پیچھے اور کچھ بتوں کے پیچھے ہو جائیں گے اور یہی امت باقی رہ جائے گی۔جس میں اس کے منافق بھی ہوں گے، پس اللہ تعالیٰ ان کے پاس آکر فرمائے گا کہ میں تمہارا رب ہوں۔......وہ عرض کریں گے کہ ہم اسی جگہ پر رہیں گے۔یہاں تک کہ ہمارا رب آئے......جب ہمارا رب آئے گا تو ہم اسے پہچان لیں گے۔

پس اللہ تعالیٰ ان کے پاس آکر کہے گا کہ میں تمہارا رب ہوں، عرض کریں گے کہ واقعی تو ہمارا رب ہے۔پس انہیں بلائے گا اور جہنم کے اوپر پل صراط رکھ دیا جائے گا۔پس پہلا میں ہوں جو اپنی امت کو لے کر گزروں گا۔اور رسولوں کا کلام اس روز یہی ہوگا کہ اے اللہ بچا بچا جہنم میں سعدان کے کانٹوں جیسے آنکڑے ہوں گے۔کیا تم نے سعدان کے کانٹے دیکھے ہیں؟ عرض گزار ہوئے ......ہاں......پس وہ سعدان کے کانٹوں کی طرح ہوں گے اور وہ کتنے بڑے ہیں یہ اللہ تعالیٰ کے سوا کوئی نہیں جانتا۔لوگوں کو ان کے اعمال کے مطابق اچک لیں گے کوئی اپنے اعمال کے باعث ہلاک ہوگا اور کوئی ریزہ ریزہ، پھر نجات پائے گا اور جب اللہ تعالیٰ کسی جہنمی پر رحم فرمانا چاہے گا تو فرشتوں کو حکم دے گا کہ اسے نکال لو جو اللہ تعالیٰ کی عبادت کرتا تھا۔پس وہ انہیں نکال لیں گے اور سجدوں کی نشانیوں سے انہیں پہچانتے ہوں گے اور اللہ تعالیٰ نے جہنم پر حرام کیا ہے کہ سجدے کی نشانی کو کھائے، پس وہ جہنم سے نکالے جائیں گے۔اور

Marfat.com

آدمی کے تمام اعضاء کو جہنم کھائے گی سوائے سجدوں کی نشانی کے۔

جب وہ جہنم سے نکالے جائیں گے تو کوئلے کی طرح ہوں گے۔ان پر آب حیات ڈالا جائے گا تو ایسے اُگیں گے جیسے دانہ سیلاب کی جگہ میں پھوٹتا ہے۔پھر اللہ تعالیٰ بندوں کے درمیان فیصلہ کر کے فارغ ہو جائے گا۔اور جنت و دوزخ کے درمیان میں ایک آدمی باقی رہ جائے گا اور وہ جنت میں داخل ہونے والا آخری جہنمی ہوگا۔جہنم کی طرف منہ کر کے کہے گا اے رب! میرے چہرے کو جہنم سے پھیر دے کیونکہ اس بدبو نے مجھے مار دیا اور اس کی تپش نے مجھے جلا دیا،فرمائے گا کہ اگر یہ کر دیا تو اس کے سوا اور کچھ تو نہیں مانگے گا؟ عرض کرے گا کہ تیری عزت کی قسم نہیں۔پس اللہ تعالیٰ سے عہد و میثاق کرے گا جو وہ چاہے گا۔پس اللہ تعالیٰ اس کا منہ جہنم سے پھیر دے گا جس سے اس کا منہ جنت کی طرف ہو جائے گا اور اس کی شادابی دیکھے گا،تو جب تک اللہ چاہے خاموش رہے گا،پھر عرض گزار ہوگا اے رب! مجھے جنت کے دروازے پر پہنچا دے،اللہ تعالیٰ اسے فرمائے گا کیا تو نے مجھ سے عہد و میثاق نہیں کیا کہ اس کے سوا نہیں مانگوں گا جو تو نے مانگا تھا،عرض کرے گا:

اے رب! میں تیری مخلوق میں سب سے بدبخت نہیں ہونا چاہتا،فرمائے گا اگر تجھے یہ دے دیا جائے تو اس کے سوا کچھ اور تو نہیں مانگے گا،عرض گزار ہوگا کہ تیری عزت کی قسم اس کے سوا کچھ نہیں مانگوں گا۔پس اس کا رب جو چاہے گا عہد و میثاق لے کر اسے جنت کے دروازے پر پہنچا دے گا۔جب دروازے پر پہنچے گا اور اس کی رونق کو دیکھے گا اور جو اس میں تازگی اور سامان مسرّت ہے تو جب تک اللہ چاہے خاموش رہ کر کہے گا اے رب! مجھے جنت میں داخل کر دے،اللہ تعالیٰ فرمائے گا اے آدم کے

Marfat.com

بیٹے! تجھ پر افسوس ہے تو کتنا وعدہ خلاف ہے کیا تو نے یہ پکا وعدہ نہیں کیا جو کچھ تجھے دیا ہے اس کے سوا اور کچھ نہیں مانگے گا، عرض گزار ہوگا، اے رب! مجھے اپنی مخلوق میں سب سے بد بخت نہ رکھ، پس اس پر اللہ تعالیٰ اپنی شان کے مطابق ہنس پڑے گا، پھر اسے جنت میں داخل ہونے کی اجازت دے گا اور فرمائے گا تمنا کر......وہ تمنائیں کرے گا، یہاں تک کہ اس کی تمنائیں ختم ہو جائیں گی۔

اللہ تعالیٰ فرمائے گا کہ یہ بھی اور یہ بھی اس کا رب اسے یاد کروائے گا۔ یہاں تک کہ سب تمنائیں ختم ہو جائیں گی۔ تو اللہ تعالیٰ فرمائے گا کہ تیرے لیے یہ ہے اور اس کے ساتھ اتنا ہی اور۔ حضرت ابوسعید نے حضرت ابوہریرہ سے کہا کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: تیرے لیے یہ ہے اور اس کا دس گنا۔ حضرت ابوہریرہ نے کہا کہ مجھے رسول اللہ ﷺ سے یاد نہیں۔ مگر یہی ارشاد کہ تیرے لیے یہ ہے اور اتنا ہی مزید۔ حضرت ابوسعید نے فرمایا کہ میں نے حضور کو فرماتے ہوئے سنا کہ تیرے لیے یہ ہے اور اس کا دس گنا۔

**فائدہ:**

اس حدیث پاک میں حضور ﷺ نے آخرت کے کچھ حالات بیان فرمائے ہیں۔ یعنی جو آخرت میں قیامت کے بعد ہوگا کچھ اس کا بیان فرمایا ہے ان سب چیزوں سے معلوم ہوتا ہے کہ اللہ تعالیٰ نے آپ ﷺ کو علم غیب عطا فرمایا ہے۔ اس لیے تو آپ نے علم غیب سے یہ سب چیزیں بیان فرمائی۔ اگر آپ کو علم غیب نہ ہوتا تو آپ کبھی مستقبل کا بیان نہ فرماتے۔

Marfat.com

# حدیث نمبر 35

حدثنا ابوالیمان اخبرنا شعیب حدثنا ابوالزناد عن عبدالرحمٰن عن ابی ھریرۃ رضی اللہ عنہ ان رسول اللہ ﷺ قال :لاتقوم السّاعۃ حتی تطلع الشمس من مغربھا فاذا طلعت فراٰھا النّاس اٰمنوا اجمعون فذٰلک حین لاینفع نفسًا ایمانھا لم تکن اٰمنت من قبل او کسبت فی ایمانھا خیرًا ولتقومن السّاعۃ وقد نشر الرّجلان ثوبھما بینھما فلا یتبایعانہٖ ولا یطویانہٖ ولتقومن السّاعۃ وقد انصرف الرّجل بلبن لقحتہٖ فلا یطعمہٗ ولتقومنّ السّاعۃ وھو یلیط حوضہٗ فلا یسقی فیہ ولتقومن السّاعۃ وقد رفع اکلتہٗ الٰی فیہ فلا یطعمھا۔ (رواہ البخاری فی کتاب الرقاق)

ترجمہ:

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:

قیامت اس وقت تک قائم نہیں ہوگی جب تک سورج مغرب سے طلوع نہ ہو جائے، پس جب وہ طلوع ہوگا اور لوگ اسے دیکھیں گے تو سارے ایمان لے آئیں گے۔ لیکن اس وقت کا ایمان آدمی کے کام نہیں آئے گا۔ جب تک پہلے ایمان نہ لایا ہو یا اپنے ایمان کے ساتھ پہلے بھلائی نہ کمائی ہو اور قیامت اس طرح قائم ہو جائے گی کہ دو(۲) آدمیوں نے کوئی چیز لینے کے لیے کپڑے پھیلائے ہوئے ہوں گے لیکن خریدنے اور کپڑوں کو لپیٹنے نہیں پائیں گے، اور قیامت اس طرح قائم ہو جائے گی کہ

Marfat.com

ایک آدمی دودھ نکال کر لے چلا ہوگا لیکن اسے پینے نہیں پائے گا، اور قیامت یوں قائم ہوجائے گی کہ ایک آدمی جانوروں کو پانی پلانے کے لیے حوض پر لے جائے گا لیکن پلانے نہیں پائے گا، اور قیامت یوں قائم ہوجائے گی کہ ایک آدمی نے کھانے کے لیے لقمہ اٹھایا ہوگا مگر اسے کھانے نہیں پائے گا۔

**فائدہ:**

اس حدیث پاک میں بھی نبی اکرم ﷺ کے وسیع علم غیب کا بیان ہے کہ آپ ﷺ نے قیامت کے بارے میں بیان فرماتے ہوئے کافی بعد میں ہونے والی چیزوں کا ذکر فرمایا۔ جس طرح کے اوپر حدیث میں موجود ہے۔

## حدیث نمبر 36

**حدثنا محمد بن عبیداللہ حدثنا ابراھیم بن سعد عن ابیه عنابی سلمة بن عبدالرّحمٰن عن ابی ھریرة قال ابراھیم وحدثنی صالح بن کیسان عن ابن شھاب عن سعید بن المسیّب عن ابی ھریرة قال قال رسول اللہ ﷺ ستکون فتن القاعد فیھا خیر من القآئم والقآئم فیھا خیر من الماشی فیھا خیر من السّاعی، من تشرّف لھا تستشرفه من وجد فیھا ملجأ اومعاذًا فلیعذبه۔** (رواہ البخاری فی کتاب الفتن)

**ترجمہ:**

محمد بن عبیداللہ، ابراہیم، سعد، ان کے والد ابوسلمہ بن عبدالرحمن، حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کرتے ہیں۔ ابراہیم، صالح بن کیسان، ابن

Marfat.com

شہاب، سعید بن مسیّب نے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:

عنقریب ایک ایسا فتنہ آئے گا کہ اس میں بیٹھا ہوا شخص کھڑے سے بہتر ہوگا، اور کھڑا چلنے والے سے، اور چلنے والا دوڑنے والے سے بہتر ہوگا۔ جو اس کی طرف جھانکے گا وہ اسے بھی اپنی لپیٹ میں لے لے گا۔ جس کو ان دنوں کوئی بچاؤ کی جگہ یا پناہ گاہ مل سکے تو اس میں پناہ لے لینی چاہیئے۔

**فائدہ:**

اس حدیث پاک میں بھی حضور نبی اکرم ﷺ کے علم غیب کا بیان ہے کہ آپ ﷺ نے بعد میں ہونے والے فتنہ کا ذکر کیا اور اگر آپ ﷺ کے پاس علم غیب نہ ہوتا تو آپ کیسے بیان کر سکتے تھے۔ آپ ﷺ کا بیان فرمانا آپ ﷺ کے علم غیب جاننے پر دلالت کرتا ہے۔

## حدیث نمبر 37

حدثنا ابو الیمان اخبرنا شعیب عن الزّھری قال اخبرنی سعید بن المسیّب انّ اباھریرۃ رضی اللہ عنہ قال شھدنا خیبر فقال رسول اللہ ﷺ لرجل مّمّن مّعہٗ یدّعی الاسلام ھٰذا من اھل النّار فلمّا حضر القتال قاتل الرّجل اشدّ القتال حتی کثرت بہ الجراحۃ فکاد بعض النّاس یرتاب فوجد الرّجل الم الجراحۃ فاھوٰی بیدہ الٰی کنانتہٖ فاستخرج منھا اسھمًا فنحربھا نفسہٗ فاشتدّ رجال مّن المسلمین فقالوا یارسول اللہ

Marfat.com

صدّق الله حديثك انتحر فلان فقتل نفسهٗ فقال قم يافلان فاذّن انّهٗ لا يدخل الجنّة الا مؤمن ان الله يّؤيّد الدّين بالرّجل الفاجر تابعهٗ معمر عن الزّهريّ وقال شبيب عن يونس عن ابن شهاب اخبرني ابن المسيّب وعبد الرحمٰن ابن عبدالله بن كعب انّ اباهريرة قال شهدنا مع النّبيّ ﷺ خيبر وقال ابن المبارك عن يونس عن الزّهري عن سعيد عن النّبيّ ﷺ تابعهٗ صالح عن الزّهريّ وقال الزّبيديّ اخبرني الزّهريّ ان عبدالرحمٰن بن كعب اخبرهٗ انّ عبيدالله بن كعب قال آخبرني من شهد مع النّبيّ ﷺ خيبر قال الزّهري واخبرني عبيدالله بن عبدالله وسعيد عن النّبي ﷺ۔ (رواہ البخاری فی کتاب ابواب المغازی)

ترجمہ:

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم غزوۂ خیبر میں موجود تھے تو رسول اللہ ﷺ نے ایک مسلمان کے بارے میں فرمایا کہ وہ جہنمی ہے، جب میدان کارزار گرم ہوا تو اس آدمی نے خوب جوانمردی دکھائی آخر کار سخت زخمی ہوگیا۔ پس بعض حضرات کو فرمان رسالت میں شک گزرنے لگا لیکن جب اس آدمی کو زخموں کی تکلیف نے بے قرار کیا تو اس نے اپنے ترکش میں ہاتھ ڈال کر تیر نکالا اور اسے اپنے گلے میں گھونپ لیا تو کچھ مسلمان تیزی سے بارگاہ رسالت کی جانب دوڑے عرض گزار ہوئے۔ یارسول اللہ! اللہ تعالیٰ نے آپ کے ارشاد گرامی کو سچا کر دکھایا ہے۔ فلاں شخص نے اپنے گلے میں تیز تیر گھونپ کو خودکشی کرلی ہے۔ آپ نے فرمایا اے فلاں! کھڑے

Marfat.com

ہو کر لوگوں میں یہ اعلان کردو کہ جنت میں کوئی داخل نہیں ہوگا مگر ایمان والا۔ بے شک اللہ تعالیٰ فاجر آدمی کے ذریعے بھی دین کی مدد فرماتا ہے۔

اسی طرح معمر، زہری، سبیب، یونس، ابن شہاب، ابن مسیب، عبدالرحمن بن عبداللہ بن کعب، حضرت ابوہریرہ فرماتے ہیں کہ ہم غزوۂ خیبر میں نبی کریم کے ہمراہ موجود تھے۔ ابن مبارک، یونس، زہری، سعید بن میتب نے نبی کریم سے مرسلاً روایت کی ہے۔

اسی طرح صالح، زہری زبیدی، زہری، عبدالرحمن بن کعب، عبیداللہ بن کعب نے فرمایا کہ مجھے انہوں نے خبر دی جو نبی کریم ﷺ کے ساتھ غزوۂ خیبر میں شریک تھے۔ زہری عبیداللہ بن عبداللہ سعید بن میتب نے نبی کریم ﷺ سے اسے مرسلاً روایت کیا ہے۔ (مذکورہ اسناد میں یہ واقعہ غزوۂ خیبر کا بیان کیا گیا ہے جبکہ بعض روایات میں غزوۂ حنین کا بتایا ہے)

**فائدہ:**

اس حدیث پاک میں بھی آپ ﷺ نے ایک آدمی کے بارے میں فرمایا: وہ جہنمی ہے۔ حالانکہ وہ میدان جہاد میں بڑی جواں مردی سے لڑ رہا تھا۔ جو آپ نے فرمایا وہ واقعی اس طرح ثابت ہوا کہ اس نے خودکشی کر لی اور اپنے آپ کو جہنم میں پہنچا لیا۔ اس سے معلوم ہوا کہ اللہ تعالیٰ نے آپ کو لوگوں کے آخری انجام کا علم عطا فرمایا ہے۔ آپ جانتے ہیں ہر ایک کو کہ اسے کس طرح موت آنی ہے۔

Marfat.com

# حدیث نمبر 38

**حدثنی اسحٰق اخبرنا عبدالرّزاق اخبرنا معمر عن همّام عن ابی هريرة قال قال رسول الله ﷺ لا تقوم السّاعة حتی تطلع الشّمس من مغربها فاذا طلعت وراٰها النّاس اٰمنوا اجمعون وذٰلك حين لاينفع نفسًا ايمانها ثم قراء الاٰية۔** (رواہ البخاری فی کتاب التفسیر)

**ترجمہ:**

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ قیامت اس وقت تک قائم نہیں ہوگی۔ جب تک سورج مغرب کی جانب سے طلوع نہ ہو جائے، جب سورج ادھر سے طلوع ہوگا تو اسے دیکھ کر تمام لوگ ایمان لے آئیں گے لیکن اس وقت کا ایمان لانا کوئی کام نہیں آئے گا۔ پھر آپ نے یہ آیت پڑھی **هل ينظرون الا ان۔** (آیت ۱۵۸)

**فائدہ:**

اس حدیث پاک میں بھی حضور نبی اکرم ﷺ کے علم غیب کا بیان ہے کہ آپ ﷺ نے سورج کے بارے میں بیان فرمایا: قیامت سے پہلے وہ مغرب کی طرف سے طلوع ہوگا۔ یہ واقعہ قرب قیامت میں ہونے والا ہے۔ آپ ﷺ نے کئی سو سال پہلے ہی اس کا ذکر فرمایا۔ حالانکہ وہ بعد میں ہونے والا ہے۔ اس سے معلوم ہوتا ہے کہ اللہ تعالیٰ نے بہت وسیع علم غیب آپ ﷺ کو عطا فرمایا ہے۔

Marfat.com

# حدیث نمبر 39

حدثنی عبدالعزیز بن عبدالله قال حدثنی سلیمان بن بلال عن ثور عن ابی الغیث عن ابی هریرة رضی الله عنه قال کنّا جلوسًا عند النبیّ ﷺ فانزلت علیه سورة الجمعة واٰخرین منهم لمّا یلحقوابهم قال قلت من هم یارسول الله ؟فلم یراجعه حتی سال ثلاثا وّفینا سلمان الفارسیّ وضع رسول الله ﷺ یدهٗ علٰی سلمان ثم قال لوکان الایمان عند الثریّا النالهٗ رجال اورجل من هٰؤلاء۔(رواہ البخاری فی کتاب التفسیر)

ترجمہ:

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم نبی کریم ﷺ کی خدمت میں بیٹھے ہوئے تھے۔کہ آپ پر سورۂ الجمعہ نازل ہونے لگی یعنی:اور ان میں سے دوسرے ابھی تک......جوان اگلوں سے نہ ملے(آیت نمبر۳)ان کا بیان ہے کہ میں عرض گزار ہوایارسول اللہ!وہ کون حضرات ہیں؟جب آپ نے جواب مرحمت نہ فرمایاتو میں نے تین مرتبہ دریافت کیااور حضرت سلیمان فارسی بھی ہمارے درمیان بیٹھے ہوئے تھےتو رسول اللہ ﷺ نے اپنادست کرم حضرت سلیمان پر رکھ کرفرمایا: کہ اگر ایمان ثریا کے قریب بھی ہوتاتو ان میں سے کچھ لوگ یاایک آدمی اسے وہاں سے بھی حاصل کرے گا۔

فائدہ:

اس حدیث پاک میں بھی حضور نبی اکرم ﷺ کے علم غیب کا بیان ہے کہ آپ ﷺ نے ایک عظیم بشارت دیتے ہوئے ارشادفرمایا:علم اگرثریا کی بلندی پر بھی ہوگا۔ان

Marfat.com

میں ایک آدمی اسے وہاں سے بھی حاصل کرلے گا۔علماء فرماتے ہیں یہ بشارت حضرت سیدنا امام اعظم ابوحنیفہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے بارے میں ہے۔

اس حدیث میں حضور پاک ﷺ نے حضرت سیدنا امام اعظم کی طرف اشارہ فرمایا۔سبحان اللہ اس سے حضرت سیدنا امام اعظم کی بلند وبالا عظمت وشان کا بھی پتہ چلا۔

## حدیث نمبر 40

**حدثنا عبدالله بن یوسف اخبرنا مالك عن نعیم المجمر عن ابی هریرة رضی الله عنه قال قال رسولُ الله ﷺ لایدخل المدینة المسیح ولا الطّاعون۔** (رواہ البخاری فی کتاب الطّب)

ترجمہ:

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: مدینہ منورہ کے اندر دجّال داخل ہوسکے گا نہ طاعون کی بیماری۔

فائدہ:

اس حدیث پاک میں بھی حضور نبی اکرم ﷺ کے وسیع علم غیب کا بیان ہے کہ آپ ﷺ نے غیب کی خبر دیتے ہوئے ارشاد فرمایا کہ مدینہ منورہ میں دجّال اور طاعون داخل نہیں ہوگا حالانکہ دجّال نے کافی عرصہ بعد میں آنا ہے۔

Marfat.com

# حدیث نمبر 41

حدثنا ابو الیمان اخبرنا شعیب عن الزّھریّ قال حدثنی سعید بن المسیّب انّ ابا ھریرۃ رضی اللہ عنہ قال سمعت رسول اللہ ﷺ یقول :یدخل الجنّۃ من اُمّتی زمرۃ ھی سبعون الفًا تضیء وجوھھم اضائۃ القمر ،فقام عکاشۃ بن محصن الاسدیّ یرفع نمرۃ علیہ قال ادع اللہ لی یارسول اللہ ان یّجعلنی منھم فقال اللّٰھمّ اجعلہ منھم ثم قام رجل من الانصار فقال یارسول اللہ ادع اللہ ان یجعلنی منھم فقال رسول اللہ ﷺ سبقک عکاشۃ۔ (رواہ البخاری فی کتاب اللباس)

ترجمہ:

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا بیان ہے کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا کہ میری امت میں سے جنت میں ایک ایسی جماعت داخل ہوگی جن کی تعداد ستر ہزار ہوگی اوران کے چہرے چاند کی طرح چمکتے ہوں گے۔چنانچہ حضرت عکاشہ بن محصن اسدی اپنی چادر کو سنبھالتے ہوئے کھڑے ہوئے اور عرض کی:

یارسول اللہ! میرے لیے دعا کیجیے کہ اللہ تعالیٰ مجھے ان میں شمار فرمالے، آپ ﷺ نے کہا، اے اللہ! اسے ان میں شمار فرما۔ پھر انصار میں سے ایک آدمی کھڑا ہو کر عرض گزار ہوا: یارسول اللہ! میرے لیے دعا کیجیے کہ اللہ تعالیٰ مجھے بھی ان میں شمار فرمائے، پس رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ عکاشہ تم پر سبقت لے گئے۔

Marfat.com

**فائدہ:**

اس حدیث پاک میں بھی حضور نبی اکرم ﷺ کے وسیع علم غیب کا بیان ہے کہ آپ ﷺ نے بغیر حساب کے جنت میں جانے والوں کا تذکرہ فرمایا اور یہ جو حضرت عکاشہ والا واقعہ ہے اس سے پہلی حدیث میں بھی گزر چکا ہے۔

## حدیث نمبر 42

**حدثنا اسماعیل حدثنی مالک عن ابی الزّناد عن الاعرج عن ابی ھریرۃ عن النّبیّ ﷺ قال: لاتقوم السّاعۃ حتی یمرّالرّجل بقبر الرّجل فیقول یالیتنی مکانہٗ۔** (رواہ البخاری فی کتاب الفتن)

**ترجمہ:**

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا: قیامت اس وقت تک نہیں آئے گی یہاں تک کہ ایک آدمی دوسرے آدمی کی قبر کے پاس سے گزرے گا تو کہے گا کہ کاش! میں اس کی جگہ پر ہوتا۔

**فائدہ:**

اس حدیث پاک میں بھی حضور نبی اکرم ﷺ کے علم غیب کا ثبوت ہے کہ آپ ﷺ نے بعد میں ہونے والے حالات کا ذکر فرمایا کہ اس طرح کے حالات پیدا ہو جائیں گے کہ آدمی قبر کے پاس سے گزرے گا تو کہے گا کہ کاش میں اس قبر میں ہوتا۔

Marfat.com

# حدیث نمبر 43

حدثنا ابو الیمان اخبرنا شعیب حدثنا ابو الزناد عن عبدالرحمٰن عن ابی ھریرۃ انّ رسول اللہ ﷺ قال لاتقوم السّاعۃ حتّٰی تقتتل فئتان عظیمتان یکون بینھما مقتلۃ عظیمۃ دعوتھما واحدۃ وحتّٰی یبعث دجّالون کذّابون قریب من ثلاثین کلّھم یزعم انّہٗ رسول اللہ وحتّٰی یقبض العلم وتکثر الزّلازل ویتقارب الزّمان تظھر الفتن ویکثر الھرج وھو القتل وحتی یکثر فیکم المال فیفیض حتی یھم ربّ المال من یقبل صدقتہٗ وحتی یعرضہٗ فیقول الّذی یعرضہٗ علیہ لارب لی بہٖ، وحتی یتطاول النّاس فی البنیان وحتی یمرّالرّجل بقبر الرّجل فیقول یالیتنی مکانہٗ وحتّٰی تطلع الشمس من مغربھا فاذا طلعت وراٰھا النّاس یعنی اٰمنوا اجمعون فذٰلك حین لا ینفع نفسًا ایمانھا لم تکن اٰمنت من قبل اوکسبت فی ایمانھا خیرا،ولتقومنّ السّاعۃ وقد نشر الرّجلان ثوبھما بینھما فلا یتبایعانہٖ ولا یطویانہٖ ولتقومنّ السّاعۃ وقد انصرف الرّجل بلبن لقحتہٖ فلا یطعمہٗ ولتقومن السّاعۃ وھو یلیط حوضہٗ فلا یسقی فیہ ولتقومنّ السّاعۃ وقد رفع اکلتہ الٰی فیہ فلا یطعمھا۔

(رواہ البخاری فی کتاب الفتن)

ترجمہ:

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے

Marfat.com

فرمایا:

قیامت قائم نہیں ہوگی یہاں تک کہ مسلمانوں کی دو (۲) بڑی جماعتیں لڑ نہ لین ان کے درمیان شدت کی لڑائی ہوگی اور دعویٰ ان کا ایک ہوگا۔اور یہاں تک بہت جھوٹے دجّال نکل آئیں گے جو تیں (۳۰) کے قریب ہوں گے ان میں سے ہر ایک یہی دعویٰ کرے گا کہ میں اللہ کا رسول ہوں اور یہاں تک کہ علم اٹھالیا جائے گا، زمانہ نزدیک ہوجائے، فتنے ظاہر ہونے لگیں اور قتل کثرت سے ہونے لگیں اور یہاں تک کہ تمہارے پاس مال بہت بڑھ جائے کہ بہتا پھرے، یہاں تک کہ مال والا ارادہ کرے گا کہ کوئی اس کی خیرات قبول کرے اور یہاں تک کہ کسی آدمی کو مال دیا جائے گا تو کہے گا کہ مجھے اس کی ضرورت نہیں ہے اور یہاں تک کہ لوگ بلند وبالا عمارتوں پر فخر کریں اور یہاں تک کہ ایک آدمی دوسرے آدمی کی قبر کے پاس سے گزرے تو کہے کاش میں اس کی جگہ ہوتا اور جب تک سورج مغرب سے طلوع نہ ہوجائے۔

چنانچہ جب وہ طلوع ہوگا اور لوگ اسے دیکھیں گے تو سب ایمان لے آئیں گے۔لیکن اس وقت کا ایمان لانا کسی کو نفع نہیں دے گا جبکہ وہ پہلے ایمان نہ لایا ہو یا اپنے ایمان کے اندر بھلائی نہ کی ہو،اور قیامت یوں قائم ہوگی کہ دو (۲) آدمیوں نے اپنے کپڑے پھیلائے ہوئے ہوں گے لیکن نہ ان میں کوئی چیز خریدنے پائیں گے اور نہ انہیں لپیٹ سکیں گے،اور قیامت یوں قائم ہوگی کہ آدمی اونٹنی کا دودھ دوہ کر لائے گا لیکن اسے پینے نہیں پائے گا، کہ قیامت یوں قائم ہوگی کہ کوئی جانوروں کو حوض پر لے جائے گا لیکن پانی نہیں پلانے پائے گا،اور قیامت یوں قائم ہوگی کہ کسی نے کھانے کے لیے منہ کی طرف لقمہ اٹھایا ہوگا لیکن اسے کھانے نہیں پائے گا۔

Marfat.com

**فائدہ:**

اس حدیث پاک میں بھی حضور نبی اکرم ﷺ کے وسیع علم غیب کا بیان ہے کہ آپ ﷺ نے کئی بعد میں ہونے والی چیزوں کا بیان فرمایا، جیسا کہ اوپر حدیث میں موجود ہے۔

## حدیث نمبر 44

حدثنا مسدّد قال حدثنا اسمٰعیل ابن ابراهیم اخبرنا ابو حیّان الیمیّ عن ابی زرعة عن ابی هریرة قال کان النّبیّ ﷺ بارزًا یّومًا للنّاس فاتاه رجل فقال ماالایمان قال الایمان ان تؤمن بالله وملٰئکة وبلقآئهٖ ورسولهٖ وتؤمنَ بالبعث قال ماالاسلام قال الاسلام ان تعبد الله ولا تشرك به و تقیم الصلٰوة وتؤدّی الزّکٰوة المفروضة وتصوم رمضان قال ما الا حسان قال ان تعبد الله کانّك تراه فان لم تکن تراه فانّهٗ یراك قال متی السّاعة قال مالمسئول باعلم من السّائل وساخبرك عن اشراطها اذاولدت الامة ربّها واذا تطاول رعاه الابل البهم فی البنیان فی خمس لّا یعلمهنّ الا الله ثم تلا النّبیّ ﷺ انّ الله عندهٗ علم السّاعة الایة ثم ادبر فقال ردّوه فلم یروا شیئا فقال هٰذا جبریل جآء یعلم النّاس دینهم قال ابو عبد الله جعل ذٰلك کلّهٗ من الایمان۔

(رواہ البخاری فی کتاب الایمان)

Marfat.com

ترجمہ:

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ ایک روز نبی کریم ﷺ لوگوں کے درمیان جلوہ افروز تھے کہ ایک آدمی حاضر بارگاہ ہو کر عرض گزار ہوا: ایمان کیا ہے؟ فرمایا:

ایمان یہ ہے کہ تم اللہ پر یقین رکھو اور اس کے فرشتوں پر اور اس کے ملنے پر اور اس کے رسولوں پر، اور تمہیں دوبارہ زندہ ہونے پر یقین ہو، عرض گزار ہوا کہ اسلام کیا ہے؟ فرمایا:

اسلام یہ ہے کہ تم اللہ کی عبادت کرو اور اس کے ساتھ شرک نہ کرو اور نماز قائم کرو اور فرض زکوٰۃ ادا کرو اور رمضان کے روزے رکھو۔ عرض گزار ہوا احسان کیا ہے؟ فرمایا:

تم اللہ کی عبادت کرو گویا کہ تم اسے دیکھ رہے ہو اگر تم اسے نہیں دیکھتے تو وہ تمہیں دیکھ رہا ہے۔ عرض گزار ہوا کہ قیامت کب آئے گی؟ فرمایا: کہ مسئول سائل سے زیادہ نہیں جانتا اور میں تمہیں اس کی نشانیاں بتاتا ہوں کہ جب لونڈی اپنے آقا کو جنے اور جب چرواہے عالی شان عمارتوں میں رہنے لگیں، اور پانچ چیزیں ہیں جنہیں کوئی نہیں جانتا مگر اللہ۔ پھر نبی کریم ﷺ نے ان اللہ عندہٗ علم الساعۃ۔ (۳۴،۳۱) والی آیت پڑھی پھر وہ چلا گیا تو آپ نے فرمایا:

اسے واپس بلاؤ لیکن کوئی نظر نہ آیا فرمایا: وہ جبرائیل تھے جو لوگوں کو ان کا دین سکھانے آئے تھے، امام بخاری نے فرمایا ان سب کو ایمان کا حصہ قرار دیا۔

Marfat.com

فائدہ:

اس حدیث پاک میں بھی حضور نبی اکرم ﷺ کے وسیع علم غیب کا بیان ہے کہ آپ ﷺ نے کئی بعد میں ہونے والے معاملات کا ذکر فرمایا اور باقاعدہ قیامت کی نشانیاں بیان فرمائیں جیسا کہ اوپر حدیث میں موجود ہے۔

## حدیث نمبر 45

حدثنا علیّ ابن عبدالله المدینیّ قال حدثنا سفیان قال حفظناه من الذهریّ عن سعید ابن المسیّب عن ابی هریرة عن النبیّ ﷺ انّه قال اذا شد الحر فابدوابالصلٰوة فانّ شدّة الحرّ من فیح جهنم واشتکت النّار الٰی ربّها فقالت یاربّ اکل بعضی بعضا فاذن لها بنفسین نفس فی الشّتآء ونفس فی الصیف وهو اشدّ ماتجدون من الحرّوهو اشدّ ما تجدون من الذمهریر۔ (رواہ البخاری فی کتاب مواقیت الصلوٰۃ)

ترجمہ:

سعید بن مسیّب نے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا: جب گرمی کی شدت ہوتو نماز کو ٹھنڈی کرلیا کرو، کیونکہ گرمی کی شدت جہنم کے جوش سے ہوتی ہے جہنم نے اپنے رب سے شکایت کرتے ہوئے کہا، اے میرے رب میرا ایک حصہ دوسرے کو کھا رہا ہے پس اسے دو سانس لینے کی اجازت دی ایک سانس سردی میں اور ایک گرمی میں اور وہ اس سے زیادہ گرم ہے جو تم محسوس کرتے ہو اور وہ اس سے زیادہ سرد ہے جو تم محسوس کرتے ہو۔

Marfat.com

**فائدہ:**

اس حدیث پاک میں بھی حضور نبی اکرم ﷺ کے وسیع علم غیب کا بیان ہے کہ آپ ﷺ نے جہنم کے سانس لینے کا ذکر فرمایا حالانکہ وہ غیب ہے۔

## حدیث نمبر 46

حدثنا اسمٰعیل قال حدثنی اخی عن سلیمٰن عن مّعاویة بن ابی مزرّدٍ عن ابی الحباب عن ابی ھریرة انّ النّبیّ ﷺ قال ما من یّوم یّصبح العباد فیه الّا ملکان ینذلان فیقول احدھما اللّٰھمّ اعط منفقًا خلفًا وّیقول الاٰخر اللّٰھمّ اعط ممسکًا تلفًا۔ (رواہ البخاری فی کتاب الزکوٰۃ)

**ترجمہ:**

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا: کوئی دن ایسا نہیں کے بندے صبح کرتے مگر دو فرشتے نازل ہوتے ہیں، ان میں سے ایک کہتا ہے اے اللہ مال خرچ کرنے والے کو بدلہ دے اور دوسرا کہتا ہے اے اللہ بخیل کو بربادی دے۔

**فائدہ:**

اس حدیث پاک میں بھی حضور نبی اکرم ﷺ کے وسیع علم غیب کا بیان ہے کہ آپ ﷺ نے اپنے علم غیب سے روزانہ آنے والے فرشتوں کا ذکر فرمایا اور جو وہ کہتے ہیں اس بات کا بھی ذکر فرمایا، حالانکہ فرشتے بھی غیب کی چیز ہیں اور ان کی گفتگو بھی غیب

Marfat.com

کی چیز ہے۔

## حدیث نمبر 47

حدثنا أدم حدثنا ابن ابی ذئب حدثنا سعید ن المقبریّ عن ابی ھریرۃ عن النّبیّ ﷺ قال لیاتینّ علی النّاس زمان لّا یبالی المرء بمآالمال اومن حلالٍ ام مّن حرام۔ (رواہ البخاری فی کتاب البیوع)

ترجمہ:

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا: لوگوں پر ایک ایسا زمانہ ضرور آئے گا، جب کہ آدمی پرواہ نہیں کرے گا کہ اس نے جو مال حاصل کیا ہے وہ حلال ہے یا حرام۔

فائدہ:

اس حدیث پاک میں بھی حضور نبی اکرم ﷺ کے وسیع علم غیب کا بیان ہے کہ آپ ﷺ نے اپنے علم غیب سے بعد میں آنے والے زمانے کا ذکر فرمایا کہ اس وقت لوگ کس طرح مال ودولت پر حریص ہونگے، اور وہ حلال اور حرام کی پہچان بھی نہیں کریں گے۔

## حدیث نمبر 48

حدثنا محمد بن سنا ن حدثنافلیح حدثنا حلال وّحدّثنا عبداللہ بن محمّد حدّثنا ابو عامرٍ حدثنا علیح عن ھلال بن علیّ عن عطآء بن

Marfat.com

یسار عن ابی ھریرۃ انّ النبیّ ﷺ کان یومًا یّحدّث وعندہٗ رجل مّن اھل البادیۃ انّ رجلًا مّن اھل الجنّۃ استأذن ربّہٗ فی الزّرع فقال لہٗ الست فیما شئت قال بلٰی ولکنّی اُحبّ ان ازرع قال فبادر الطّرف نباتہٗ واستوآئہٗ واستحصادہٗ فکان امثال الجبال فیقول اللہ دونك یاابن اٰدم فانّہٗ لا یشبعك شیءٌ فقال الاعرابیّ واللہ لاتجدہٗ الّا قد شیًا او انصار یًافانّھم اصحٰب زرع وّامّا نحن فلسنا باصحٰب زرع فضحك النّبیّ ﷺ ۔(رواہ البخاری فی کتاب الوکالہ)

ترجمہ:

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ بیان فرما رہے تھے اور آپ کے پاس ایک دیہاتی تھا کہ اہل جنت میں سے ایک آدمی اپنے رب سے کھیتی باڑی کی اجازت چاہے گا، فرمائے گا کہ کیا تو اپنی اس حالت میں خوش نہیں، عرض گزار ہوگا کہ کیوں نہیں لیکن میں چاہتا ہوں کہ کھیتی باڑی کروں، راوی کا بیان ہے کہ وہ بیج ڈالے گا، فصل اُگے گی بڑی ہوگی، اور کاٹنے کے قابل ہو جائے گی اور پہاڑ کے برابر اناج ہو جائے گا، اللہ تعالیٰ فرمائے گا کہ اے ابن آدم تجھے کوئی چیز سیر نہیں کر سکتی، اعرابی نے کہا کہ خدا کی قسم وہ کوئی قریشی یا انصاری ہوگا، کیونکہ یہی زراعت کرتے ہیں جب کہ ہم تو کاشتکاری کرتے ہی نہیں، پس نبی کریم ﷺ ہنس پڑے۔

فائدہ:

اس حدیث پاک میں بھی حضور نبی اکرم ﷺ کے وسیع علم غیب کا بیان ہے کہ

Marfat.com

آپ ﷺ نے اپنے علم غیب سے ایک جنتی کے کھیتی باڑی کرنے کا ذکر فرمایا۔

## حدیث نمبر 49

حدثنا موسی بن اسمعیل حدثنا عبدالواحد بن زیاد عن الاعمش قال سمعت ابا صالح یقول سمعت ابا هریرة یقول قال رسول الله ﷺ ثلاثة لاینظر الله الیهم یوم القیٰمة ولا یزکیهم ولهم عذاب الیم رجل بایع اماما لایبایعه الا الدنیا فان اعطاه منها رضی وان لم یعطه منها سخط ورجل اقام سلعتهٗ بعد العصر فقال والله الذی لااله غیرهٗ لقد اعطیت بها کذا وکذا فصدقهٗ رجل ثم قد أهذه الأیة ان الذین یشترون بعهدالله وایمانهم ثمنا قلیلا۔ رواہ البخاری فی کتاب المساقات)

ترجمہ:

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:

تین شخص ایسے ہیں کہ قیامت کے روز جن کی طرف اللہ تعالیٰ نگاہ رحمت نہیں فرمائے گا، نہ انہیں پاک کرے گا اور ان کے لیے دردناک عذاب ہے، ایک وہ جس کے پاس زائد پانی ہو اور وہ مسافروں کو نہ پینے دے، دوسرا وہ جو حاکم سے دنیا کی خاطر بیعت کرے اگر وہ دے تو اس سے راضی رہے اور ادھر نہ دے تو اس سے ناراض ہو جائے، تیسرا وہ جو اپنے سامان کو عصر کے بعد بیچے اور قسم کھا کر کہے کہ اس خدا کی قسم جس کے سوا کوئی معبود نہیں مجھے اس چیز کے اتنے روپے دیئے جا رہے تھے اور دوسرا آدمی

Marfat.com

اسے سچا جان لے، پھر آپ نے یہ آیت پڑھی، بے شک جو اللہ کے عہد اور اپنی قسموں کو حقیر پونجی کے بدلے بیچتے ہیں۔

**فائدہ:**

اس حدیث پاک میں بھی حضور نبی اکرم ﷺ کے وسیع علم غیب کا بیان ہے کہ آپ ﷺ نے اپنے علم غیب سے ان بدنصیبوں کا ذکر فرمایا جن پر اللہ تعالیٰ نگاہ رحمت نہیں فرمائے گا اور نہ ہی انہیں پاک فرمائے گا۔

## حدیث نمبر 50

**حدّثنا هشام بن عمّار حدّثنا يحى بن حمزة حدّثنا الزّبيدىّ عن الزّهرىّ عن عبيدالله بن عبدالله انّهٗ سمع اباهريرة عن النّبىّ ﷺ قال كان تاجر يّداين النّاس فاذارأى معسرًا قال لفيتانه تجاوزوا عنه لعلّ الله ان يّتجاوز عنّا فتجاوز الله عنه۔** (رواہ البخاری فی کتاب البیوع)

**ترجمہ:**

ہشام بن عمار یحییٰ بن حمزہ، زبیدی، زہری عبید اللہ بن عبد اللہ نے حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے سنا کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا، ایک تاجر لوگوں کو قرض دیا کرتا تھا، جب کسی کو تنگ دست دیکھتا تو اپنے خادموں سے کہتا اس سے درگزر کرو، شاید اللہ تعالیٰ ہم سے درگزر فرمائے پس اللہ تعالیٰ نے اسے معاف کر دیا۔

Marfat.com

فائدہ:

اس حدیث پاک میں بھی حضور نبی اکرم ﷺ کے وسیع علم غیب کا بیان ہے کہ آپ ﷺ نے اپنے علم غیب سے اس تاجر کی بخشش کا ذکر فرمایا۔

## حدیث نمبر 51

حدثنا یحیٰی بن قذعة حدثناابراهیم بن سعد عن ابن شهاب عن ابی سلمة بن وعبدالرّحمٰن عبدالرّحمٰن الاعرج عن ابی هریرة قال استبّ رجلان رجل مّن المسلمین ورجل مّن الیهود قد فقال المسلم والّذی اصطفٰی محمّدا علی العٰلمین فقال الیهود والّذی اصطفٰی موسٰی علی العٰلمین فرفع المسلم یدهٗ عندذٰلك فلطم وجه الیهودیّ فذهب الیهودیّ الی النّبیّ ﷺ فاخبرهٗ بما کان من امرهٖ وامر المسلم فدعا النّبیّ ﷺ المسلم فسالهٗ عن ذٰلك فاخبرهٗ فقال النّبیّ ﷺ لاتخیّرونی علٰی موسٰی فانّ النّاس یصعقون یوم القیامة فاصعق معهم فاکون اوّل من یّفیق فاذا موسٰی باطشٌ جانب العرش فلآ ادریٓ اکان فیمن صعق فافاق قبلی او کان ممّن استثنی الله۔ (رواہ البخاری فی کتاب الخصومات)

ترجمہ:

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ دو آدمیوں میں تو تو میں میں ہوئی جن میں سے ایک مسلمان اور دوسرا یہودی تھا، مسلمان نے کہا اس ذات کی قسم جس نے حضرت محمد کو تمام اہل جہان سے ممتاز کیا، یہودی نے کہا کہ اس ذات کی قسم جس

Marfat.com

نے حضرت موسیٰ کو تمام اہل جہان سے ممتاز کیا، اس پر مسلمان نے ہاتھ اٹھایا اور یہودی کے منہ پر طمانچہ مارا، پس یہودی نبی کریم ﷺ کی بارگاہ میں حاضر ہوا اور جو واقعہ اس کے اور مسلمان کے درمیان ہوا تھا، وہ عرض کیا، پس نبی کریم ﷺ نے مسلمان کو بلایا اور اس سے یہ بات پوچھی اس نے عرض کر دی، نبی کریم ﷺ نے فرمایا:

کہ مجھے حضرت موسیٰ پر ترجیح نہ دو کیونکہ قیامت کے روز جب لوگ بے ہوش ہوں گے تو میں بھی ان کے ساتھ بے ہوش ہو جاؤں گا، سب سے پہلے میں ہوش میں آؤں گا، تو حضرت موسیٰ عرش کا پایہ پکڑے ہوں گے مجھے نہیں معلوم کہ وہ بے ہوش ہونے والوں میں مجھ سے پہلے ہوش میں آئے یا ان میں تھے جنہیں اللہ تعالیٰ نے مستثنیٰ رکھا۔

**فائدہ:**

اس حدیث پاک میں بھی حضور نبی اکرم ﷺ کے وسیع علم غیب کا بیان ہے کہ آپ ﷺ نے اپنے علم غیب سے حضرت موسیٰ علیہ السلام کا ذکر فرمایا کہ وہ قیامت کے دن عرش کا پایہ پکڑے ہونگے۔

## حدیث نمبر 52

حدثنا محمّد بن سلام اخبرنا مخلد اخبرنا ابن جریج قال اخبرنی موسی بن عقبة عن نافع قال قال ابوهریرة رضی الله عنه عن النّبیّ ﷺ وتابعهٗ ابوعاصم عن ابن جریج قال اخبرنی موسٰی ابن عقبة عن نافع عن ابی هریرة عن النّبیّ ﷺ قال اذا احبّ الله نادٰی جبریل انّ الله

Marfat.com

**یحبّ فلانا فاحببه فیحبه جبریل فینادی جبریل فی اهل السّمآء ان الله یحب فلانا فاحبوه فیحبه اهل السمآء ثم یوضع له القبول فی الارض۔** (رواہ البخاری فی کتاب بدءالخلق)

ترجمہ:

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے اور اس کی متابعت ابوعاصم، ابن جریج، موسیٰ بن عقبہ نافع حضرت ابوہریرہ نے کی ہے کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا:

جب اللہ تعالیٰ کسی بندے سے محبت کرتا ہے تو حضرت جبرائیل علیہ السلام کو ندا کی جاتی ہے کہ اللہ تعالیٰ فلاں بندے سے محبت رکھتا ہے، لہٰذا تم بھی اس سے محبت کرو، پس حضرت جبرائیل علیہ السلام اس سے محبت کرتے ہیں، پھر حضرت جبرائیل آسمانی مخلوق میں ندا کرتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ فلاں سے محبت کرتا ہے لہٰذا تم بھی اس سے محبت کرو، پس آسمان والے بھی اس سے محبت کرنے لگتے ہیں، پھر زمین والوں (کے دلوں) میں اس کی مقبولیت رکھ دی جاتی ہے۔

فائدہ:

اس حدیث پاک میں بھی حضور نبی اکرم ﷺ کے وسیع علم غیب کا بیان ہے کہ آپ ﷺ نے جو ندا آسمانوں میں کی جاتی ہے اس کا اپنے علم غیب سے بیان فرمایا۔

Marfat.com

# حدیث نمبر 53

حدثنا قتيبة حدثنا اللّيث عن جعفرابن ربيعة عن الاعرج عن ابى هريرة رضى الله عنه انّ النّبىّ ﷺ قال اذا سمعتم صياح الديكة فاسالو الله من فضله فانّها دات ملكا واذا سمعتم نهيق الحمار فتعوّذوا بالله من الشيطان فانّهٗ راى شيطانا۔ (رواہ البخاری فی کتاب بدء الخلق)

ترجمہ:

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا: جب تم مرغ کی اذان سنو تو اللہ تعالیٰ سے اس کا فضل و کرم مانگو کیونکہ اس نے فرشتہ دیکھا ہوتا ہے اور جب گدھے کو رینگتے ہوئے سنو تو شیطان سے خدا کی پناہ مانگو کیونکہ اس نے شیطان کو دیکھا ہوتا ہے۔

فائدہ:

اس حدیث پاک میں بھی آپ ﷺ نے غیب کی خبر دی کہ مرغ فرشتہ دیکھ کر بولتا ہے اور گدھا شیطان کو دیکھ کر بولتا ہے۔

# حدیث نمبر 54

حدثنا اسماعيل بن عبدالله قال اخبرنى اخى عندالحميد عن ابن ابى ذئب عن سعيدن المقبرىّ عن ابى هريرة رضى الله عنه عن النّبىّ ﷺ قال يلقٰى ابراهيم اباه أزر يوم القيٰمة وعلٰى وجه اذر قترة وغبرة

Marfat.com

فیقول لهٗ ابراهیم الم اقل لّك لا تعصنی فیقول فالیوم الآ اعصیك فیقول ابراهیم یا ربّ انّك وعدتّنی ان لا تخذینی یوم یبعثون فایّ خذیٍ اخذٰی من ابی الابعد فیقول الله تعالیٰ انّی حرّمت الجنّة علی الکٰفرین ثم یقال یآابراهیم ماتحت رجلیك فینظر فاذا هو بذیح ملتطخ فیؤخذ بقوآئمه فیلقٰی فی النّار۔ (رواہ البخاری فی کتاب الانبیاء)

ترجمہ:

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا: قیامت کے روز حضرت ابراہیم علیہ السلام اپنے باپ (چچا) آزر سے ملیں گے اور آزر کے چہرے پر سیاہی اور گرد چھائی ہوئی ہوگی، حضرت ابراہیم علیہ السلام فرمائیں گے کیا میں نے آپ سے نہیں کہا تھا کہ میری نافرمانی نہ کیجیئے، جواب دیا: آج میں آپ کی نافرمانی نہیں کروں گا، حضرت ابراہیم علیہ السلام عرض گزار ہوں گے: اے رب! تو نے مجھ سے وعدہ فرمایا تھا کہ قیامت کے روز تجھے رسوا نہیں کروں گا، حالانکہ بد بخت باپ کی ذلت سے بڑھ کر اور کون سی ذلت ہوگی، اللہ تعالیٰ فرمائے گا میں نے کافروں پر جنت حرام کی ہوئی ہے، پھر فرمایا جائے گا، اے ابراہیم! ذرا اپنے پیروں کے نیچے دیکھو کیا ہے دیکھا تو ذبح کیا ہوا جانور خون میں لتھڑا ہوا پڑا ہے، پس اسے ٹانگوں سے پکڑ کر دوزخ میں پھینک دیا گیا۔

فائدہ:

اس حدیث پاک میں بھی حضور نبی اکرم ﷺ کے وسیع علم غیب کا بیان ہے کہ

Marfat.com

آپ ﷺ نے جو گفتگو حضرت ابرہیم علیہ السلام اللہ تعالیٰ سے قیامت کے دن کریں گے اس کا بھی آپ نے علم غیب سے بیان فرما دیا۔

Marfat.com

# مرویات

# حضرت عروہ رضی اللہ عنہ

## حضرت عروہ رضی اللہ عنہ کی روایت سے علم غیب کا ثبوت

Marfat.com

## حدیث نمبر 55

حدثنا علی حدثنا سفیٰن حدثنا ابن شهاب قال اخبرنی عدوۃ سمعت اُسامة قال اشرف النبی ﷺ علیٰ اطم من أطام المدینة فقال هل تدون ماارٰی انی اری مواقع الفتن خلال بیوتکم کمواقع القطر تابعهٗ معمر وسلیمٰن بن کثیر عن الزهریؒ۔ (رواہ البخاری فی کتاب ابواب العمرہ)

ترجمہ:

عروہ سے روایت ہے کہ حضرت اسامہ بن زید رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے فرمایا:
نبی کریم ﷺ مدینہ منورہ کے مکانات میں سے ایک اونچے مکان پر چڑھے تو فرمایا:
کہ کیا تم دیکھ رہے ہو جو میں دیکھتا ہوں۔ بیشک میں تمہارے گھروں پر فتنوں کے گرنے کی جگہوں کو دیکھ رہا ہوں۔ جیسے بارش کے قطروں کے گرنے کے مقامات، متابعت کی اس کی معمر اور سلیمان بن کثیر نے زہری سے۔

فائدہ:

اس حدیث پاک میں بھی حضور ﷺ کے وسیع علم غیب کا بیان ہے۔ کیونکہ آپ ﷺ نے بعد میں ہونے والے فتنوں کا ذکر فرمایا۔

Marfat.com

# مرویات

# حضرت ابوبکرہ رضی اللہ عنہ

## حضرت ابوبکرہ رضی اللہ عنہ کی روایات سے علم غیب کا ثبوت

Marfat.com

# حدیث نمبر 56

حدثنا عبدالعزیز بن عبدالله قال حدثنی ابراهیم بن سعید عن ابیه عن جده عن ابی بکرة عن النبی ﷺ قال لا یدخل المدینة رعب المسیح الدجال لها یومئذ سبعة ابوابٍ علیٰ کل بابٍ ملکان۔

(رواہ البخاری فی کتاب العمرہ)

**ترجمہ:**

عبدالعزیز بن عبداللہ، ابراہیم بن سعد، ان کے والد ماجد، ان کے جد امجد، حضرت ابوبکرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا: دجال کا رعب مدینہ منورہ کے اندر داخل نہیں ہوگا۔ اس کے ان دنوں سات دروازے ہوں گے اور ہر دروازے پر دو (۲) فرشتے ہوں گے۔

**فائدہ:**

اس حدیث پاک میں حضور ﷺ نے دجال کے بارے میں بیان فرمایا ہے۔ جو کہ قرب قیامت میں ہوگا۔ اور آپ ﷺ نے اس کی کیفیت کو بھی بیان فرمایا، اور اس کے بارے میں فرمایا کہ اس کا رعب مدینہ پاک میں داخل نہیں ہوگا۔ یہ سب آپ ﷺ کا علم غیب ہے اور جو چیزیں قیامت کے قریب ہونے والی ہیں۔ آپ ﷺ نے ان کو بھی بیان فرمادیا۔ اگر علم غیب نہ ہوتا تو کبھی بھی بیان نہ فرماتے۔

Marfat.com

## حدیث نمبر 57

حدثنی عبداللہ بن محمد حدثنا یحی بن أدم حدثنا حسین الجعفیّ عن ابی موسٰی عن الحسن عن ابی بکرۃ رضی اللہ عنہ اخرج النبیّ ﷺ ذات یومٍ الحسن فصعد بہٖ علی المنبر فقال ابنی ھذا سید ولعلّ اللہ ان یصلح بین فئتین من المسلمین۔

(رواہ البخاری فی کتاب الانبیاء)

ترجمہ:

حضرت ابوبکرہ رضی اللہ تعالٰی عنہ فرماتے ہیں کہ ایک روز نبی کریم ﷺ اپنے ہمراہ امام حسن کو لے کر منبر پر جلوہ افروز ہوئے، پھر فرمایا، میرا یہ بیٹا سردار ہے مجھے امید ہے کہ اللہ تعالٰی اس کے ذریعے مسلمانوں کے دو (۲) گروہوں میں صلح کروادے گا۔

فائدہ:

اس حدیث پاک میں بھی حضور نبی اکرم ﷺ کے علم غیب کا بیان ہے کہ آپ ﷺ نے حضرت سیدنا امام حسن رضی اللہ تعالٰی عنہ کے بارے میں فرمایا کہ مسلمانوں کے دوگروہوں میں صلح کروادے گا۔

## حدیث نمبر 58

حدثنا علی بن عبداللہ حدثنا محمد بن بشر حدثنا مسعد حدثنا سعد بن ابراھیم عن ابیہ عن ابی بکرۃ عن النبیّ ﷺ قال لا یدخل

Marfat.com

**المدینة رعب المسیح لها یومئذ سبعة ابواب علٰی کل باب ملکان قال وقال ابن اسحاق عن صالح بن ابراهیم عن ابیه قال قدمت البصرة فقال لی ابو بکرة سمعت النبیّ ﷺ بهٰذا** (رواہ البخاری فی کتاب الفتن)

**ترجمہ:**

ابراہیم بن عبدالرحمٰن نے حضرت ابوبکرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا: مدینہ منورہ کے اندر دجال کا رعب داخل نہیں ہو سکے گا۔ ان دنوں اس کے سات دروازے ہوں گے اور ہر دروازے پر دو ﴿۲﴾ فرشتے ہوں گے۔ ابن اسحاق، صالح بن ابراہیم، ابراہیم بن عبدالرحمٰن کا بیان ہے کہ جب بصرے گیا تو مجھ سے حضرت ابوبکرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ میں نے نبی کریم ﷺ سے اسی طرح سنا ہے۔

**فائدہ:**

اس حدیث پاک میں بھی حضور نبی اکرم ﷺ کے وسیع علم غیب کا بیان ہے کہ آپ ﷺ نے غیب کی خبر دیتے ہوئے فرمایا: کہ دجّال کا رُعب مدینہ پاک میں داخل نہیں ہو سکے گا۔ اور آپ ﷺ نے غیب کی خبر دیتے ہوئے فرمایا: اس روز مدینہ پاک کے سات دروازے ہوں گے۔ یہ سب حضور پاک ﷺ کے علم غیب کا کمال ہے۔

Marfat.com

# مرویات

# حضرت انس رضی اللہ عنہ

## حضرت انس رضی اللہ عنہ کی روایات سے علم غیب کا ثبوت

Marfat.com

# حدیث نمبر 59

حدثنا ابراهيم بن المنذر حدثنا الوليد حدثناابو عمر وحدثنا اسحٰق حدثنی انس بن مالك عن النبی ﷺ قال ليس من بلد الا سيطؤه الدجال الا مكة والمدينة ليس له من نقابها نقب الا عليه الملٰئكة صاضين يحرسونها ثم ترجف المدينة باهلها ثلٰث رجفات فيخرج الله كل كافرٍ ومنافقٍ۔ (رواہ البخاری فی کتاب ابواب العمرہ)

ترجمہ:

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا: کوئی شہر ایسا نہیں جس کو دجال برباد نہیں کردے گا۔ سوائے مکہ مکرمہ اور مدینہ منورہ کے۔ ان کے راستوں میں سے کوئی راستہ ایسا نہیں ہوگا جس پر صف بستہ فرشتے حفاظت نہ کر رہے ہوں گے۔ پھر مدینہ منورہ کے رہنے والوں کو تین جھٹکے لگیں گے جن کے باعث اللہ تعالیٰ ہر کافر اور منافق کو (اس سے) نکال دے گا۔

فائدہ:

مدینہ منورہ دنیا کا وہ خوش نصیب شہر ہے جس میں پروردگار عالم کے محبوب، سیدنا محمد رسول اللہ ﷺ آرام فرما ہیں۔ آپ خالق اور مخلوق سب کے محبوب ہیں اور یہ بات ظاہر ہے کہ اہل محبت کو وہ جگہ سب سے پیاری محسوس ہوتی ہے جہاں ان کا محبوب جلوہ افروز ہوتا ہے۔

Marfat.com

# حدیث نمبر 60

**حدثنی محمد بن بشار حدثنا یحیٰ عن سعید عن قتادة ان انس بن مالك رضی الله عنه حدّثهم ان النبیّ ﷺ صعد احدًا ابوبکر وّعمر وعثمان فوجف بهم فقال اثبت احد فانما علیك نبی وّصدیق وشهیدان۔** (رواہ البخاری فی کتاب الانبیاء)

ترجمہ:

حضرت انس بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ نبی کریم ﷺ اور حضرت ابوبکر حضرت عمر، حضرت عثمان ایک روز احد پہاڑ پر چڑھے تو ان کے باعث اسے وجد آ گیا، آپ نے فرمایا: اُحد ٹھہر جا کیونکہ تیرے اوپر ایک نبی، ایک صدیق اور دو (۲) شہید ہیں۔

فائدہ:

اس حدیث پاک میں بھی حضور نبی اکرم ﷺ کے علم غیب کا بیان ہے کہ آپ ﷺ نے حضرت عمر اور حضرت عثمان رضی اللہ تعالیٰ عنہما ان دونوں کو آپ ﷺ نے شہید فرمایا حالانکہ ابھی انہوں نے کافی عرصہ بعد جام شہادت نوش کرنا تھا، لیکن آپ ﷺ نے پہلے ہی خبر دے دی۔

Marfat.com

# حدیث نمبر 61

حدثنا محمد بن سلام اخبرنا الفزاریّ عن حمیر عن انس رضی الله عنه قال بلغ عبدالله بن سلام مقدم رسول الله ﷺ المدينة فاتاه فقال انّى سائلك عن ثلاث لّا يعلمهنّ الا نبىّ اوّل اشراط السّاعة وما اوّل طعام يّا كلهٗ اهل الجنّة ومن اىّ شيءٍ يّنزع الولد الٰى ابيه ومن اىّ شيءٍ يّنزع الٰى اخواله فقال رسول الله ﷺ خبّرنى بهنّ انفًا جبريل فقال عبدالله ذاك عدوّ اليهود من الملٰئكة فقال رسول الله ﷺ امّا اوّل اشراط السّاعة فنار تحشر الناس من المشرق الى المغرب وامّا اوّل طعام يّاكلهٗ اهل الجنّة فزياده كبر حوتٍ وامّا الشّبه فى الولد فانّ الرّجل اذا غشى المرائة فسبقها ماؤه كان الشّبه له واذا سبق مآؤها كان الشآبه لها قال اشهد انّك رسول الله۔ ثم قال يارسول الله انّ اليهود قوم بهت ان علموا باسلامى قبل اتسالهم بهتونى عندك فجآئت اليهود ودخل عبدالله البيت فقال رسول الله ﷺ اىّ رجل فيكم عبدالله ابن سلام قالوا اعلمنا وابن اعلمنا واخبرنا وابن اخيرنا فقال رسول الله ﷺافرايتم ان اسلم عبدالله قالوا اعاذه الله من ذٰلك فخرج عبدالله اليهم فقال اشهد ان لّا اله الا الله واشهد ان محمد رسول الله فقالوا شرنا وابن شرنا ووقعوا فيه۔ (رواہ البخاری فی کتاب الانبیاء)

Marfat.com

ترجمہ:

حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ جب عبداللہ بن سلام کو رسول اللہ ﷺ کی مدینہ منورہ میں تشریف آوری کا علم ہوا تو بارگاہ نبوت میں حاضر ہوکر عرض گزار ہوئے، میں آپ سے تین ایسی باتیں دریافت کرنا چاہتا ہوں جن کا علم نبی کے سوا کسی کو نہیں ہوتا۔

ا......قیامت کی سب سے پہلی نشانی کون سی ہے؟

۲......وہ کھانا کون سا ہے جس کو جنتی سب سے پہلے کھائیں گے؟

۳......کس وجہ سے بچہ اپنے باپ کے مشابہ اور کس وجہ سے اپنے ماموں وغیرہ کے مشابہ ہوتا ہے؟

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: کہ یہ باتیں تو مجھے جبرئیل ابھی بتا کر گئے ہیں۔
عبداللہ بن سلام کہنے لگے کہ سارے فرشتوں میں سے یہود کے یہی تو دشمن ہیں پس رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:

قیامت کی سب سے پہلی نشانی وہ آگ ہے، جو لوگوں کو مشرق سے مغرب میں لے جائے گی۔ اور اہل جنت کا سب سے پہلا کھانا مچھلی کی کلیجی کا نچلا حصہ ہوگا۔

اور بچے کی مشابہت کا معاملہ یوں ہے کہ آدمی جب اپنی بیوی سے ہم بستر ہوتا ہے تو آدمی کو پہلے انزال ہو جائے تو بچہ اس کے مشابہ ہوگا اور عورت کو اگر پہلے انزال ہوگا تو اس سے مشابہت رکھتا ہوگا۔

وہ عرض گزار ہوئے میں گواہی دیتا ہوں کہ واقعی آپ اللہ کے رسول ہیں۔ پھر

Marfat.com

عرض گزاز ہوئے، یارسول اللہ! یہود بڑی بہتان تراش قوم ہے اگر انہیں میرے اسلام لانے کے متعلق پتہ چل گیا، اس سے پہلے کہ آپ ان سے دریافت فرمائیں تو وہ مجھ پر الزام تراشی کریں گے۔ پس یہودی آپ کی بارگاہ میں حاضر ہوئے اور حضرت عبداللہ بن سلام گھر میں چھپ گئے، رسول اللہ نے دریافت فرمایا کہ عبداللہ بن سلام تم میں کیسے آدمی ہیں؟ یہودی کہنے لگے وہ ہمارے سب سے بڑے عالم اور سب سے بڑے عالم کے بیٹے ہیں وہ ہم میں سب سے بہتر ہیں اور سب سے بہتر آدمی کے بیٹے ہیں، پس رسول اللہ نے فرمایا:

اگر تم یہ دیکھو عبداللہ مسلمان ہوگئے ہیں تو؟ کہنے لگے، اللہ تعالیٰ انہیں اس سے بچائے، اس پر حضرت عبداللہ نکل کر ان کے پاس آگئے اور کہنے لگے میں گواہی دیتا ہوں کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں اور میں گواہی دیتا ہوں کہ محمد ﷺ اللہ تعالیٰ کے رسول ہیں، وہ کہنے لگے یہ ہم میں بُرا آدمی ہے اور بُرے آدمی کا بیٹا ہے، پھر ان پر لعن طعن کرنے لگے۔

**فائدہ:**

اس حدیث پاک میں بھی حضور نبی اکرم ﷺ کے علم غیب کا بیان ہے اور آپ ﷺ کے اسی علم غیب کو دیکھ کر حضرت عبداللہ بن سلام مسلمان ہوگئے اور انہوں نے جب آپ سے پوچھا کہ میں تین ایسی باتیں آپ سے پوچھتا ہوں جن کو سوائے نبی کے اور کوئی نہیں جانتا اس سے معلوم ہوتا ہے ان کا عقیدہ تھا کہ نبی کے پاس علم غیب ہوتا ہے اور سب صحابہ کا بھی یہی عقیدہ تھا، کہ آپ ﷺ کے پاس علم غیب ہے اس لیئے تو انہوں

Marfat.com

نے علم غیب کی روایات کو آگے بیان کیا، اگر ان کا یہ عقیدہ نہ ہوتا تو علم غیب کی روایتوں کو بیان نہ کرتے۔ جس طرح کہ آج کل کے منکر لوگ علم غیب کی روایتوں کو چھوڑ جاتے ہیں، آگے بیان نہیں کرتے۔ (استغفار اللہ) اللہ ایسے لوگوں سے بچائے۔

## حدیث نمبر 62

حدثنا عمران بن میسرة قال حدثنا عبدالوارث عن ابی التیاح عن انس قال قال رسول الله ﷺ ان من اشراط السّاعة ان یّرفع العلم ویثبت الجهل وتشرب الخمر ویظهر الزّنا۔ (رواہ البخاری فی کتاب العلم)

ترجمہ:

حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: قیامت کی نشانیوں میں سے یہ بھی ہے کہ علم اٹھ جائے گا۔ جہالت مسلط ہو جائے گی، شراب پی جانے لگے گی اور بدکاری عام ہو جائے گی۔

فائدہ:

اس حدیث پاک میں بھی حضور ﷺ کا علم غیب ثابت ہو رہا ہے کیونکہ حضور ﷺ نے قیامت آنے کے وقت کی نشانیاں بیان فرمائی ہیں جو کہ یقیناً بہت دیر بعد کی باتیں ہیں جو کہ غیب ہیں۔ اس سے معلوم ہوا کہ اللہ تعالیٰ نے اپنے پیارے محبوب ﷺ کو علم غیب عطا فرمایا ہے۔

Marfat.com

# حدیث نمبر 63

حدثنا ابو الیمان قال انا شعیب عن الزھریّ قال اخبرنی انس بن مالك انّ رسول الله ﷺ خرج فقام عبدالله بن حذافة فقال من ابی قال ابوك حذافة ثم اکثر ان یّقول سلونی فبرك عمر علٰی رکبتیه فقال رضینا بالله ربّاوّبالاسلام دینًا وّبمحمد ﷺ نبیّا ثلثًا فسکت۔

(رواہ البخاری فی کتاب العلم)

ترجمہ:

حضرت انس بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ باہر تشریف لائے تو حضرت عبداللہ بن حذافہ کھڑے ہو کر عرض گزار ہوئے: میرا باپ کون ہے؟ فرمایا کہ حذافہ۔ پھر آپ بار بار فرماتے رہے کہ مجھ سے پوچھ لو، پس حضرت عمر اپنے زانو تہ کر کے عرض گزار ہوئے، ہم اللہ تعالیٰ کے رب ہونے، اسلام کے دین ہونے، اور محمد مصطفیٰ ﷺ کے نبی ہونے پر راضی ہیں۔ تین دفعہ کہا تو آپ نے سکوت اختیار فرمایا۔

فائدہ:

اس حدیث پاک میں بھی حضور ﷺ کے علم غیب کا بیان ہے۔

Marfat.com

# حدیث نمبر 64

حدثنا مسدّد قال حدثنا حمّاد عن عبیدالله ابن ابی بکر عن انس ابن مالك عن انبیّ ﷺ قال انّ الله تبارك وتعالٰی وکل بالرّحم ملکًا یّقول یارِبّ نطفة یّارِبّ علقة یّارِبّ مضغة فاذا اراد الله ان یّقضی خلقهٗ قال اذکر ام انثٰی شقی ام سعید فما الرّزق وما الاجل قال فیکتب فی بطن امّهٖ۔ (رواہ البخاری فی کتاب الحیض)

ترجمہ:

حضرت انس بن مالک رضی اللہ تعالٰی عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا: اللہ تعالٰی نے رحم پر ایک فرشتہ مقرر کیا ہوا ہے جو کہتا ہے اے نطفہ کے رب، اے جمے ہوئے خون کے رب، اے لوتھڑے کے رب، جب اللہ تعالٰی کو وہ پیدا کرنا منظور ہوتا ہے تو فرمادیتا ہے کہ نر یا مادہ، بدبخت یا نیک بخت، رزق کتنا ہے، اور عمر کتنی ہے، پس وہ اس کی ماں کے پیٹ میں لکھ دیتا ہے۔

فائدہ:

اس حدیث سے معلوم ہوا کہ اللہ تعالٰی جب بچے کی تخلیق یعنی شکل وصورت مکمل کردیتا ہے تو ایک فرشتے کو مقرر فرماتا ہے جو رب تعالٰی سے معلوم کرکے اس بچے کے متعلق چار باتیں لکھ دیتا ہے۔ حالانکہ بچہ ابھی اپنی ماں کے پیٹ میں ہوتا ہے۔ وہ چار باتیں یہ ہیں۔

ا...... یہ بچہ نر ہے یا مادہ، یعنی لڑکا ہے یا لڑکی۔

Marfat.com

۲......بدبخت ہے یا نیک بخت، یعنی جنتی ہے یا جہنمی۔

۳......اس کا دنیاوی رزق کتنا ہے۔

۴......اس کی دنیاوی عمر کتنی ہے جس کے بعد موت آجائے گی، جو باتیں وہ فرشتہ لکھتا ہے اسی کی طرح آج تک کروڑ در کروڑ فرشتے ہر پیدا ہونے والے انسان کے متعلق لکھتے رہے ہوں گے حالانکہ یہ چاروں باتیں ان غیوب خمسہ سے ہیں جن کے متعلق اللہ تعالیٰ نے سورۂ لقمٰن کی آخری آیات میں فرمایا:

ان اللہ عندہٗ علم السّاعۃ......(الآیۃ) اس آیت مقدسہ کے پیش نظر مسلمانوں کا ایک گروہ اس بات پر مصر ہے اور ڈنکے کی چوٹ دعویٰ کرتا ہے کہ اللہ تعالیٰ ان غیوب خمسہ کا علم مطلقاً کسی کو نہیں دیتا خواہ کوئی ولی ہو یا نبی۔ حتیٰ کہ ساری مخلوق کے سردار سیدنا محمد رسول اللہ ﷺ کو بھی غیوب خمسہ کا علم نہیں دیا اور وہ کہتے ہیں کہ ان پانچ باتوں کا علم بعطائے الٰہی ماننے والا خاطی بلکہ مشرک ہے اور اس عقیدے کا اظہار انہوں نے اپنی متعدد کتابوں میں پورے زور وشور سے دلائل دیتے ہوئے کیا ہے۔ لیکن اس حدیث اور ایسی ہی بے شمار احادیث کو دیکھیں تو ان لوگوں کا دعویٰ درست نظر نہیں آتا کیونکہ مذکورہ چاروں باتیں جو بچے کے متعلق فرشتہ شکم مادر میں لکھتا ہے یہ چاروں باتیں غیوب خمسہ ہی کی جزئیات ہیں۔ جبکہ فرشتے کو اللہ تعالیٰ غیوب خمسہ کی بعض جزئیات کا علم عطا فرما دیتا ہے تو اولیاء وانبیاء کو بتانے میں کیا رکاوٹ پیش آجاتی ہے؟

معلوم ہوا کہ اس آیت کا وہی مفہوم درست ہے جو مفسرین کرام اور دیگر اکابرین امت نے بتایا کہ یہ حصر صرف بایں وجہ ہے کہ ان پانچ باتوں کا علم کسی کو بھی تعلیم الٰہی کے بغیر نہیں ہوتا لہٰذا انبیائے کرام میں سے جس کو اللہ تعالیٰ نے جتنا چاہا غیوب خمسہ

Marfat.com

کا علم عطا فرمایا اور ان کے توسط سے اولیائے کرام کو بھی اعلیٰ قدر مراتب، جبکہ اپنے محبوب سیدنا محمد رسول اللہ ﷺ کو تو ساری کائنات کے مجموعی علم سے بھی زائد مرحمت فرمایا۔ اور ان سے کوئی چیز چھپائی ہی نہیں، جیسا کہ ایک دانائے راز نے کیا خوب فرمایا ہے:

اور کوئی غیب کیا تم سے نہاں ہو بھلا
جب نہ خدا ہی چھپا تم پہ کروڑوں درود

# حدیث نمبر 65

حدثنا ابو الیمان قال حدثنا شعیب عن الزّھریّ قال اخبرنی انس بن مالك انّ رسول اللہ ﷺ خرج حین زاغت الشّمس فصلّی الظھر فقام علی المنبر فذکر السّاعة وذکر انّ فیھا امورًا عظامًا ثم قال من احبّ ان یّسئل عن شیءٍ فلیسئل فلا تسئلونی عن شیءٍ الّا اخبرتکم مّادمت فی مقامی ھذا فاکثر النّاس فی البکآء واکثر ان یقول سلونی فقام عبداللہ بن حذافة السّھمیّ فقال من ابی قال ابوك حذافة ثم اکثر ان یّقول سلونی فبرك عمر رضی اللہ عنه علی رکبتیه فقال رضینا باللہ ربًّا وّبالاسلام دینًا وّ محمدٍ نبیًّا فسکت ثم قال عرضت علیّ الجنّة والنّار انفًا فی عرض ھذا الحآئط فلم ارکا الخیر والشّرّ۔

(رواہ البخاری فی کتاب مواقیت الصلوٰۃ)

ترجمہ:

حضرت انس بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ سورج ڈھلنے پر

Marfat.com

رسول اللہ ﷺ باہر تشریف لائے اور نماز ظہر پڑھی، پھر منبر پر کھڑے ہو کر قیامت کا ذکر کیا، اور بتایا کہ اس میں بڑے بڑے امور ہیں، پھر فرمایا کہ جو کسی چیز کے متعلق مجھ سے پوچھنا چاہتا ہو تو پوچھ لے اور تم مجھ سے کسی چیز کے متعلق نہیں پوچھو گے مگر میں تمہیں اسی جگہ پر بتا دوں گا، پس لوگ بہت زیادہ روئے اور آپ بار بار فرماتے رہے کہ مجھ سے پوچھ لو، پس حضرت عبداللہ بن حذافہ سہمی کھڑے ہو کر عرض گزار ہوئے، میرا باپ کون ہے؟ فرمایا:

تمہارا باپ حذافہ ہے، پھر آپ بار بار فرماتے رہے کہ مجھ سے پوچھ لو، پس حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ گھٹنوں کے بل کھڑے ہو کر عرض گزار ہوئے، ہم اللہ کے رب ہونے اسلام کے دین ہونے اور محمد مصطفیٰ کے نبی ہونے پر راضی ہیں تو آپ خاموش ہو گئے۔ پھر فرمایا کہ ابھی مجھ پر جنت و جہنم اس دیوار کے گوشے میں پیش کی گئیں میں نے ایسی بھلی اور بری چیز نہیں دیکھیں۔

**فائدہ:**

یہ حدیث اس جگہ پر اگرچہ پوری بیان نہیں کی گئی ہے۔ پھر بھی رسول اللہ ﷺ کی علمی خصوصیت ظاہر کر رہی ہے۔ حضور ﷺ کا صحابہ کرام کے سامنے اعلان فرمانا کہ تم مجھ سے اس جگہ میں کوئی چیز نہیں پوچھو گے مگر میں تمہیں بتا دوں گا، پھر حضرت عبداللہ بن حذافہ سہمی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے باپ کا نام اس کے سوال پر بتایا، نیز مسجد نبوی کی ایک دیوار کے اندر جنت و دوزخ آپ کو مثالی صورت میں دکھائی گئیں۔ ان تینوں باتوں پر اگر ٹھنڈے دل و دماغ سے غور کیا جائے تو علم مصطفیٰ کی خداداد وسعتوں کی جھلک سامنے

Marfat.com

آجاتی ہے۔اور کوئی مسلمان اس کا انکار کرنے کی جرأت نہیں کرسکتا ،ہاں انجام کا رہدایت اللہ رب العزت کے ہاتھ میں ہے۔

## حدیث نمبر 66

حدثنا ابو معمر حدثنا عبدالوارث حدثنا ايّوب عن حمير بن بلالٍ عن انس بن مالك رضي الله عنه قال قال النبيّ ﷺ اخذ الرّاية زيد فاصيب ثم اخذها جعفر فاصيب ثم اخذها عبدالله ابن رواحة فاصيب وانّ عيني رّسول الله ﷺ لتذر فان ثم اخذها خالد بن الوليد من غير امرة ففتح لهٗ۔ (رواہ البخاری فی کتاب الجنائز)

ترجمہ:

حضرت انس بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا:

جھنڈا زید نے لے لیا وہ شہید کردیئے گئے، پھر جعفر نے لے لیا وہ بھی شہید کردیئے گئے، پھر عبداللہ بن رواحہ نے لے لیا وہ بھی شہید کردیئے گئے،اور رسول اللہ ﷺ کی مبارک آنکھوں سے آنسو رواں تھے۔پھر بغیر امیر بنائے اسے خالد بن ولید نے لے لیا اور اسے فتح رحمت فرمادی گئی۔

فائدہ:

رسول اللہ ﷺ مدینہ منورہ میں بیٹھ کر جنگ موتہ کے علمبرداروں کی خبر دیتے رہے کہ اب جھنڈا فلاں نے سنبھال لیا ہے اب وہ شہید ہوگئے ہیں غرض یہ کہ آخر تک

Marfat.com

وہیں سے بتادیا کہ اب سیف اللہ (حضرت خالد بن ولید) نے جھنڈا اٹھالیا ہے حالانکہ انہیں سپہ سالار بنایا نہیں گیا۔ اور اللہ تعالیٰ نے ان کے ہاتھوں فتح دے دی ہے یہ نگاہ مصطفیٰ کی معجزنمائی ہے کہ آپ کی نگاہوں میں دور ونزدیک کا معاملہ قدرت نے یکساں کردیا تھا۔ جس طرح آپ نزدیک کی چیزوں کو دیکھتے تھے اُسی طرح دور کی چیزیں بھی آپ کو نظر آتی تھیں۔ یہاں تک کہ زمین پر بیٹھ کر جنت ودوزخ کا بھی مشاہدہ فرمالیا کرتے تھے۔ جیسا کہ بعض احادیث مطہرہ میں ایسے مشاہدوں کا ذکر آیا ہے۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

## حدیث نمبر 67

حدثنا سلیمان بن حرب حدثنا حمّاد عن عبید الله ابن ابی بکر بن انس عن انس بن مالك رضی الله عنه عن النّبیّ ﷺ قال: وكلّ الله بالرّحم ملكًا فیقول ای رب نطفة ای رب علقة ای رب مضغة فاذا اراداللہ ان یقضی خلقها قال ای ربّ ذكرام انثٰی اشقی ام سعید فما الرزق فما الاجل فیكتب كذٰلك فی بطن امه۔

(رواہ البخاری فی کتاب القدر)

ترجمہ:

حضرت انس بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا: اللہ تعالیٰ عورت کے رحم پر ایک فرشتہ مقرر فرمادیتا ہے تو وہ عرض کرتا ہے کہ اے رب! یہ تو نطفہ ہے، یہ تو خون کو بوٹی ہے، یہ تو گوشت کا لوتھڑا ہے، پس جب اللہ تعالیٰ

Marfat.com

اسے پیدا کرنے کا ارادہ فرماتا ہے تو فرشتہ عرض کرتا ہے اے رب! یہ نر ہے یا مادہ؟ بد بخت یا نیک بخت، اس کا رزق کتنا ہے، اس کی عمر کتنی ہے؟ پس بتانے کے مطابق اس کی والدہ کے پیٹ میں لکھ دیتا ہوں۔

فائدہ:

اس حدیث پاک میں بھی حضور نبی اکرم ﷺ کے وسیع علم غیب کا بیان ہے کہ آپ ﷺ نے اس بات کی خبر دی جس کا علم بغیر آپ ﷺ کے بتائے کسی کو نہیں ہوسکتا، دوسرا یہ کہ ماں کے پیٹ میں جو فرشتہ اس کا رزق اس کی زندگی موت اس کا نیک بخت ہونا یا بد بخت ہونا یعنی ساری زندگی کے اس کے حالات اتنا علم غیب اس فرشتہ کو بھی حاصل ہے جو لکھنے والا ہے تو جو حضور نبی اکرم ﷺ کے بارے میں کہے کہ معاذ اللہ آپ کو کل کی بھی خبر نہیں ہے یہ کیسے درست ہوسکتا ہے ایسا کہنے والا قرآن وحدیث سے ناواقف ہے۔

## حدیث نمبر 68

حدثنی اسحاق اخبرنا حبّان حدثناھمّام حدثنا قتادة حدثنا انس بن مالك رضی الله عنه انّهٗ سمع النّبیّ ﷺ یقول اتمّوا الرّكوع والسجود فوالّذی نفسی بیدهٖ انی لاراكم من بعد ظهری اذا ما ركعتم واذا ماسجدتم۔ (رواہ البخاری فی کتاب الایمان والنذور)

ترجمہ:

حضرت انس بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا بیان ہے کہ میں نے نبی کریم ﷺ

Marfat.com

کو فرماتے ہوئے سنا ہے۔ رکوع اور سجود پوری طرح کیا کرو کیونکہ قسم ہے اس ذات کی جس کے قبضے میں میری جان ہے۔ بے شک میں تمہیں پیٹھ کے پیچھے سے بھی دیکھتا ہوں جبکہ تم رکوع کرتے ہو یا سجدہ کرتے ہو۔

فائدہ:

اس حدیث پاک میں بھی حضور نبی کریم ﷺ کے علم غیب کا بیان ہے کہ آپ ﷺ نے فرمایا کہ میں تمہیں پیٹھ کے پیچھے بھی اسی طرح دیکھتا ہوں جیسے آگے دیکھتا ہوں۔

## حدیث نمبر 69

**حدثنا أدم حدثنا شيبان حدثنا قتادة عن انس بن مالك قال النّبيّ ﷺ لاتزال جهنم تقول هل من مّزيد حتى يضع ربّ العزّة فيها قدمهٗ فتقول قط قط وعزّتك ويزوى بعضها الٰى بعض رواه شعبة عن قتادة۔** (رواہ البخاری فی کتاب الایمان والنذور)

ترجمہ:

حضرت انس بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا بیان ہے کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا جہنم برابر اور مطالبہ کرتی رہے گی یہاں تک کہ اللہ رب العزت اس میں اپنا قدم (جو اس کی شان کے لائق ہے) رکھے گا۔ تو جہنم کہے گی، تیری عزت کی قسم، بس بس، اس کے بعض حصے دوسرے بعض حصوں سے مل جائیں گے۔ اس کی شعبہ نے قتادہ سے بھی روایت کی ہے۔

Marfat.com

فائدہ:

اس حدیث پاک میں بھی حضور نبی اکرم ﷺ کے علم غیب کا بیان ہے کہ آپ ﷺ نے قیامت کے بعد کی خبریں دیں اور جہنم جو اس وقت اللہ کی بارگاہ میں عرض کرے گی اس کو آپ ﷺ نے پہلے ہی بیان فرمایا۔ سبحان اللہ حضور ﷺ کو اللہ تعالیٰ نے بہت وسیع علم غیب عطا فرمایا ہے۔ جو بات جہنم نے ہزاروں سال بعد کہنی تھی۔ حضور پاک ﷺ نے اپنے علم غیب سے پہلے ہی بیان فرمادی۔

## حدیث نمبر 70

حدثنا مسلم بن ابراھیم حدثنا ھشام حدثنا قتادة عن انسؓ عن النبیّ ﷺ وقال لی خلیفة حدثنا یزید بن زریع حدثنا سعید عن قتادة عن انس عن النّبیّ ﷺ قال یجتمع المؤمنون یوم القیٰمة فیقولون لو استشفعنا الٰی ربنا فیأتون ادم فیقولون انت ابو النّاس خلقك الله بیدهٖ واسجد لك ملآئکتهٗ وعلّمك اسمآء کل شیء فاشفع لنا عند ربّك حتی یریحنا من مکاننا ھذا فیقول لست ھٰھنا کم ویذکر ذنبهٗ فیستحي ائتوا نوحًا فانّهٗ اوّل رسول بعثه الله الٰی اھل الارض فیأتونهٗ فیقول لست ھنا کم ویذکر سوالهٗ ربّهٗ مالیس لهٗ بهٖ علم فیستحي یقول ائتوا خلیل الرّحمٰن فیأتونهٗ فیقول لست ھنا کم ائتوا موسٰی عبدًا کلّمه الله واعطاه التّورٰة فیأتونهٗ فیقول لست ھنا کم ویذکر قتل النّفس بغیر نفس فیستحی من ربّه فیقول ائتوا عیسٰی عبدالله ورسولهٗ وکلمة الله وروحهٗ فیقول

Marfat.com

لست هنا كم ائتوا محمد ﷺ عبد غفر الله لهٗ ماتقدم من ذنبهٖ وما تاخر فياتونی فانطلق حتى استازن على ربّى فيؤذن فاذا رايت ربى وقعت ساجدًا فيدعنى ماشآء الله ثم يقال ارفع راسك وسل تعطه وقل يسمع واسمع تشفّع فارفع رأسى فاحمره بتحمير يعلّمنيه ثم اشفع فيحدلى حدًا فادخلهم الجنّة ثماعود اليه فاذا رايت ربّى مثله ثم اشفع فيحدّ لى حدّا فادخلهم الجنّة ثم اعود الربعة فاقول ما بقى فى النار الا من حسبه القرٰان ووجب عليه الخلود قال ابو عبد الله الا من حسبه القرٰان يعنى قول الله تعالٰى خٰلدين فيها۔ (رواہ البخاری فی کتاب التفسیر)

ترجمہ:

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے دوسندوں کے ساتھ مروی ہے کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا:

قیامت کے روز اہل ایمان جمع ہو کر کہیں گے کہ ہم اپنے پروردگار کی بارگاہ میں کس سے شفاعت کروائیں؟ پس یہ حضرت آدم کی خدمت میں حاضر ہو کر عرض کریں گے کہ آپ تمام انسانوں کے باپ ہیں، اللہ تعالیٰ نے آپ کو اپنے دست قدرت سے پیدا فرمایا، آپ کے لیے فرشتوں سے سجدہ کروایا اور آپ کو تمام چیزوں کے نام سکھائے، لہٰذا آپ اپنے رب کی بارگاہ میں ہماری شفاعت فرمائیں، تاکہ ہمیں راحت ملے، اور اس مصیبت سے نجات پائیں، وہ فرمائیں گے کہ تمہارا یہ کام مجھ سے نہیں نکلے گا مجھے اپنی لغزش جس کے باعث میں شرمسار ہوں، تم حضرت نوح کی خدمت میں حاضر

Marfat.com

ہو جاؤ، کیونکہ وہ ایسے رسول ہیں جنہیں زمین والوں کی ہدایت کے لیے مبعوث فرمایا گیا تھا۔

پس یہ ان کی خدمت میں حاضر ہو جائیں گے وہ فرمائیں گے کہ تمہاری یہ غرض مجھ سے پوری نہیں ہوگی، پھر اپنے اس سوال کو یاد کریں گے جو اپنے رب سے کیا اور جس کا انہیں علم نہ تھا پس اس پر شرمسار ہو کر فرمائیں گے کہ تم اللہ کے خلیل کی خدمت میں چلے جاؤ۔ یہ ان کی خدمت میں حاضر ہو جائیں گے، وہ فرمائیں گے کہ مجھ سے یہ کام نہیں ہوگا، تم حضرت موسیٰ کی خدمت میں جاؤ...... وہ ایسے خاص بندے ہیں کہ اللہ تعالیٰ نے انہیں ہم کلامی کا شرف بخشا اور انہیں توریت عطا فرمائی۔

پس یہ ان کی خدمت میں حاضر ہو جائیں گے، وہ فرمائیں گے کہ یہ کام مجھ سے نہیں ہو سکے گا اور انہوں نے بغیر کسی وجہ سے جو ایک آدمی کو مار ڈالا تھا اسے یاد کر کے اپنے رب کی بارگاہ میں حاضر ہونے سے شرمائیں گے، پھر فرمائیں گے کہ تم حضرت عیسیٰ کی خدمت میں چلے جاؤ وہ اللہ کے بندے اور اس کے رسول ہیں۔ اللہ کا ایک کلمہ اور اس کی جانب کی روح ہیں۔ وہ بھی فرمائیں گے کہ تمہارا کام مجھ سے نہیں نکلے گا۔ تم محمد مصطفیٰ کی خدمت میں حاضر ہو جاؤ۔ وہ ایسے خاص بندے ہیں کہ اللہ تعالیٰ نے ان کے اگلوں کے اور ان کے پچھلوں کے گناہ معاف فرما دیئے ہیں۔

پس میں سب کو لے کر بارگاہ خداوندی کی طرف چل پڑونگا یہاں تک کہ میں اپنے پروردگار سے اجازت طلب کروں گا مجھے اجازت دے دی جائے گی۔ جب میں اپنے رب کو دیکھوں گا تو سجدے میں چلا جاؤں گا۔ پھر سجدے میں رہوں گا جب تک اللہ تعالیٰ چاہے گا، پھر مجھ سے فرمایا جائے گا کہ اپنا سر اٹھاؤ اور مانگو تمہیں دیا جائے گا...... کہو

Marfat.com

سنا جائے گا......اور شفاعت کرو تمہاری شفاعت قبول کی جائے گی۔ پھر میں اپنا سر اٹھاؤں گا اور اللہ تعالیٰ کی ایسی حمد یں بیان کروں گا۔ جن کی مجھے تعلیم فرمائی جائے گی۔ پھر میں شفاعت کروں گا۔ جس کی میرے لیے ایک حد مقرر فرمادی جائے گی تو میں ایک گروہ کو جنت میں داخل کر کے واپس لوٹ آؤں گا۔ پھر میں اپنے رب کو دیکھ کر حسب سابق کروں گا۔ حکم ہوگا شفاعت کرو، اور میرے لیے ایک حد مقرر فرمادی جائے گی تو میں دوسرے گروہ کو جنت میں داخل کر کے واپس لوٹ آؤں گا۔ پھر تیسری دفعہ اسی طرح واپس آؤں گا۔ پھر چوتھی مرتبہ اسی طرح واپس لوٹوں گا۔ اس کے بعد میں کہوں گا کہ اب جہنم میں صرف وہی لوگ باقی رہ گئے ہیں جنہیں قرآن کریم نے روک رکھا ہے اور جن پر ہمیشہ جہنم میں رہنا واجب ہے۔

امام بخاری فرماتے ہیں کہ قرآن مجید کے روکنے سے مراد اللہ تعالیٰ کا یہ ارشاد ہے کہ وہ جہنم میں ہمیشہ رہیں گے۔

**فائدہ:**

اس حدیث پاک میں بھی حضور نبی اکرم ﷺ کے علم غیب کا بیان ہے کہ آپ ﷺ نے قیامت کے بعد کا ذکر فرمایا۔ اس وقت لوگوں کی جو حالت ہوگی اس حالت کا بھی ذکر فرمایا۔ اور جن جن نبیوں کے پاس لوگ جائیں گے۔ ان نبیوں کے نام بھی بتائے اور جو جواب لوگوں کے فریاد کرنے پر نبیوں نے دینے ہیں اس کو بھی بیان فرمادیا۔ مزید اور حدیث دیکھیئے غور سے مطالعہ کریں کہ (سبحان اللہ) کتنا وسیع علم غیب اللہ تعالیٰ نے آپ ﷺ کو عطا فرمایا ہے۔

Marfat.com

اللہ تعالیٰ حضور ﷺ کے علم غیب کو ماننے کی توفیق عطا فرمائے۔

(آمین ثم آمین)

## حدیث نمبر 71

حدثنا عبدالله بن منير سمع عبدالله بن بكر قال حدثنا حمير عن انس رضى الله عنه قال سمع عبدالله بن سلام بقدوم رسول الله ﷺ وهوفى ارض يخترف فاتى النبىّ ﷺ فقال انّى سآئلك عن ثلاث لا يعلمهنّ الا نبىّ فما اوّل اشراط السّاعة وما اوّل طعام اهل الجنّة وما ينزع الولد الى ابيه الى امّه قال اخبرنى بهنّ جبريل انفًا قال جبريل قال نعم قال ذاك عدوّ اليهود من الملئكة فقرء هذه الاية من كان عدوّ الّجبريل فانّه نزّلهٗ على قلبك امّا اوّل اشراط السّاعة فنار تحشر النّاس من المشرق الى المغرب وامّا اوّل طعام اهل الجنّة فزيادة كبر حوت واذا سبق مآء ارّجل مآء المرئة نزع الولد واذا سبق مآء المرأة نزعت قال اشهد ان لّاالٰه ا لّا الله واشهد انّك رسول الله يارسول الله انّ اليهود قوم بهت وّانّهم ان يعلموا باسلامى قبل ان تسالهم يبهتونى فجآئت اليهود فقال النّبىّ ﷺ اىّ رجل عبد الله فيكم قالوا خيرنا وابن خيرنا وسيّدنا وابن سيّدنا قال اريتم ان اسلم عبدالله بن سلام فقالوا اعاذه الله من ذٰلك فخرج عبدالله فقال اشهد ان لّاالٰه الّاالله وانّ محمد رسول الله فقال شرّنا وابن شرّنا وانتقصوه قال فهٰذ الّذى كنت اخاف يارسول

Marfat.com

اللہ۔ (رواہ البخاری فی کتاب التفسیر)

ترجمہ:

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ جب عبداللہ بن سلام نے پھل چنتے ہوئے یہ سنا کہ رسول اللہ ﷺ اس سرزمین پر تشریف لے آئے ہیں تو وہ نبی کریم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہو کر کہنے لگے میں آپ سے تین باتیں پوچھنا چاہتا ہوں۔ جنہیں نبی کے سوا دوسرا نہیں جانتا۔

(۱) قیامت کی سب سے پہلی نشانی کونسی ہے؟

(۲) اہل جنت کا سب سے پہلا کھانا کیا ہوگا؟

(۳) بچہ اپنے باپ یا ماں سے کیوں مشابہت رکھتا ہے؟

آپ نے فرمایا:

جبرائیل نے مجھے ابھی ابھی ان کے جواب بتائے ہیں پوچھا کہ جبرائیل نے؟ فرمایا، ہاں کہنے لگے کہ فرشتوں میں سے وہ تو یہود کے دشمن ہیں۔ پس آپ نے یہ آیت پڑھی، تم فرماؤ کہ جبرائیل کا دشمن ہے تو اس نے تو تمہارے دل پر اللہ کے حکم سے یہ قرآن اتارا ہے۔ (سورۃ البقرہ آیت نمبر ۹۷) پھر فرمایا:

(۱) کہ قیامت کی سب سے پہلی نشانی وہ آگ ہے جو لوگوں کو مشرق سے دھکیل کر مغرب میں لے جائے گی۔

(۲) اہل جنت کا سب سے پہلا کھانا مچھلی کی کلیجی کا بڑھا ہوا حصہ ہوگا۔

(۳) اور جب آدمی کا پانی عورت کے پانی پر غالب آجاتا ہے تو بچہ باپ کے

Marfat.com

مشابہ ہوتا ہے اور جب عورت کا پانی غالب آجائے تو بچہ ماں کے مشابہ ہوتا ہے۔

انہوں نے کہا کہ میں گواہی دیتا ہوں کہ اللہ کے سوا اور کوئی عبادت کے لائق نہیں اور میں گواہی دیتا ہوں کہ واقعی آپ اللہ تعالیٰ کے سچے رسول ہیں پھر عرض گزار ہوئے یارسول اللہ! قوم یہود بڑی بہتان تراش ہے۔آپ میرے متعلق دریافت فرما لینے سے پہلے اگر انہیں میرے مسلمان ہوجانے کا علم ہوگیا تو مجھ پر الزام تراشی کریں گے جب یہودی آپ کی بارگاہ میں حاضر ہوگئے تو نبی کریم ﷺ نے فرمایا: عبداللہ تمہارے اندر کیسا آدمی ہے کہنے لگے کہ وہ ہم میں اچھا آدمی ہے اور اچھے آدمی کا بیٹا ہے۔وہ ہمارا سردار ہے اور ہمارے سردار کا بیٹا ہے۔فرمایا...... اگر تم دیکھو کہ عبداللہ بن سلام مسلمان ہوگیا ہے تو؟ کہنے لگے اللہ تعالیٰ اسے ایسا کرنے سے بچائے، پس حضرت عبداللہ باہر نکل آئے اور کہنے لگے، میں گواہی دیتا ہوں کہ اللہ کے سوا اور کوئی عبادت کے لائق نہیں اور بے شک محمد مصطفےٰ اللہ تعالیٰ کے سچے رسول ہیں۔

کہنے لگے کہ یہ ہم میں برا آدمی ہے اور برے آدمی کا بیٹا ہے اور توہین وتنقیص کرنے لگے۔حضرت عبداللہ عرض گزار ہوئے یارسول اللہ! میں نے اسی ڈر سے یہ گزارش کی تھی۔

**فائدہ:**

اس حدیث پاک میں بھی حضور نبی اکرم ﷺ کے علم غیب کا بیان ہے کہ آپ ﷺ نے حضرت عبداللہ بن سلام کے کہنے پر آپ ﷺ نے بعض غیب کی چیزوں کا بیان فرمایا اور انہوں نے فرمایا کہ میں آپ سے تین چیزیں ایسی پوچھتا ہوں جن کو سوائے نبی

Marfat.com

کے کوئی نہیں جانتا۔اس سے معلوم ہوتا ہے کہ ان کا بھی عقیدہ تھا کہ نبی کو غیب کا علم اللہ نے عطا فرمایا ہے۔اگر یہ نبی ہوں گے تو یقیناً علم غیب ان کے پاس ہوگا۔یہی وجہ ہے کہ جب آپ ﷺ نے بیان فرمایا، تو وہ مسلمان ہو گئے۔یعنی آپ ﷺ کے علم غیب کو دیکھ کر انہوں نے اسلام قبول کرلیا۔جس طرح اوپر حدیث میں موجود ہے۔

## حدیث نمبر 72

حدثنا عبدالله بن محمد حدثنا یونس بن محمدالبغدادی حدثنا شیبان عن قتادة حدثنا انس بن مالك رضی الله عنه انّ رجلًا قال یا نبی الله یحشر الکافر علٰی وجههٖ یوم القیٰمة قال الیس الّذی امشاه علی الرجلین فی الدنیا قادرا علٰی ان یمشیهٗ علٰی وجههٖ یوم القیٰمة قال قتادة بلٰی وعزّة ربنا۔(رواہ البخاری فی کتاب التفسیر)

ترجمہ:

حضرت انس بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ ایک آدمی عرض گزار ہوا، یا نبی اللہ! کیا کافر کو قیامت میں منہ کے بل چلایا جائے گا؟ فرمایا:

جو ذات دنیا میں پیروں سے چلاتی ہے کیا وہ اس پر قادر نہیں کہ قیامت میں منہ کے بل چلائے۔حضرت قتادہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے کہا کہ ہمارے رب کی عزت کی قسم کیوں نہیں۔

فائدہ:

اس حدیث پاک میں بھی حضور نبی اکرم ﷺ کے علم غیب کا بیان ہے کہ آپ

Marfat.com

ﷺ نے کفار کے قیامت کے دن چلنے کی کیفیت کو بیان فرمایا۔ فرمایا کافروں کو منہ کے بل چلایا جائے گا۔ حالانکہ ابھی انہوں نے قیامت کے بعد چلنا ہے۔ لیکن آپ ﷺ پہلے ہی اللہ کی عطا سے جانتے ہیں۔

## حدیث نمبر 73

حدثنا عبداللہ بن ابی الاسود بحدثنا حرمی حدثنا شعبة عن قتادة انس رضی اللہ عنه عن النبیّ ﷺ قال یلقٰی فی لنّار وتقول هل من مذید حتی یضع قدمهٗ فتقول قط قط۔ (رواہ البخاری فی کتاب التفسیر)

ترجمہ:

حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا: جب لوگ جہنم میں ڈال دیئے جائیں گے تو وہ کہے گی، کیا اور بھی ڈالے جائیں گے۔ یہاں تک کہ اللہ تعالیٰ اپنا قدم (جس کی حقیقت وہ خود جانے) رکھ دے گا تو وہ کہے گی، بس، بس۔

فائدہ:

اس حدیث پاک میں بھی حضور نبی اکرم ﷺ کے علم غیب کا بیان ہے کہ آپ ﷺ سے جو جہنم نے اس وقت کہنا ہے آپ نے اس کا ذکر فرمایا۔ کہ وہ اس طرح کہے گی، اگر علم غیب نہ ہوتا تو آپ کیسے اس کو بیان فرما سکتے تھے۔

Marfat.com

# حدیث نمبر 74

حدثنا حفص بن عمر الحوضی حدثناھشام عن قتادة عن انس قال الاحدثنکم حدیثا سمعتہٗ من رسول اللہ ﷺ یحدثکم بہٖ احد غیری سمعت رسول اللہ ﷺ یقول ان من اشراط السّاعة ان یرفع العلم ویکثر الجھل ویکثر الزّنا ویکثر شرب الخمر ویقل الرّجال ویکثر النّسآء حتی یکون لخمسین امراة القیّم الواحد۔

(رواہ البخاری فی کتاب النکاح)

ترجمہ:

قتادہ سے حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ کیا میں تم سے ایک ایسی حدیث بیان نہ کروں جو میں نے رسول اللہ ﷺ سے سنی ہے اور میرے سوا اس حدیث کو تم سے کوئی بیان بھی نہیں کر سکتا۔ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا کہ قیامت کی نشانیوں میں سے یہ بھی ہے کہ علم اٹھ جائے گا۔ جہالت پھیل جائے گی، زنا اور شراب پینے کی کثرت ہو جائے گی، مرد گھٹ جائیں گے، عورتیں بڑھ جائے گی، یہاں تک کہ پچاس عورتوں کی دیکھ بھال کرنے والا صرف ایک مرد ہو گا۔

فائدہ:

اس حدیث پاک میں بھی حضور نبی کریم ﷺ کے وسیع علم غیب کا بیان ہے کہ آپ ﷺ نے بعد میں ہونے والے حالات کا پہلے ہی ذکر فرما دیا، یہ بھی آپ ﷺ کے علم غیب کی دلیل ہے۔

Marfat.com

# حدیث نمبر 75

حدثنا مسلم بن ابراهیم حدثنا هشام حدثنا قتادة عن انس رّضی الله عنه قال سمعت من رّسول الله ﷺ حدیثا لا یحدثکم به غیری قال من اشراط السّاعة ان یظهر الجهل ویقلّ العلم ویظهر الزّنا وتشرب الخمر ویقل الرجال ویکثر النّسآء حتی یکون لخمسین امراة قیّمهنّ رجل وّاحد۔ (رواہ البخاری فی کتاب الاشربہ)

ترجمہ:

حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ سے ایک ایسی حدیث سنی ہے جو تمہیں میرے سوا اور کوئی نہیں بتا سکتا، فرمایا کہ قیامت کی نشانیوں میں سے یہ بھی ہے کہ جہالت غالب آجائے گی اور علم گھٹ جائے گا، زنا عام ہو جائے گا اور شراب پی جائے گی، مردوں کی قلت اور عورتوں کی کثرت ہو جائے گی یہاں تک کہ پچاس عورتوں کا نگران ایک مرد ہو گا۔

فائدہ:

اس حدیث پاک میں بھی حضور نبی کریم ﷺ کے وسیع علم غیب کا بیان ہے کہ آپ ﷺ نے کئی ایسے امور کا ذکر فرمایا جو کافی عرصہ بعد میں ہونے والے ہیں۔ یہ سب حضور نبی کریم ﷺ کے علم غیب کا کمال ہے۔

Marfat.com

# حدیث نمبر 76

حدثنا حفص بن عمر حدثنا هشام عن قتادة عن انس رضی الله عنه سالوا رسول الله ﷺ حتی احفوه المسئلة فغضب فصعد المنبر فقال لا تسالونی الیوم عن شیء الا بیّنتهٗ لکم فجلعت انظر یمینًا وّ شمالا فاذا کلّ رجل لاف رأسهٗ فی ثوبه یبکیه، فاذا رجل کان اذالاحی الرّجال یرعٰی لغیر ابیه فقال یارسول الله من ابی قال حذافة ثم انشأ عمر فقال رضینا بالله ربًّا وبالاسلام دینًا وبمحمدٍ ﷺ رسولا نعوذ بالله من الفتن فقال رسول الله ﷺ ما رایت فی الخیر والشّر کالیوم قطّ انّهٗ صورت لی الجنّة والنّار حتی رایتهما ورآء الحائط وکان قتادة یذکر عند هذا الحدیث هذاه الایة یٰایّها الّذین اٰمنوا لا تسالوا عن اشیا ان تبدلکم تسؤهم۔ (رواہ البخاری فی کتاب الدعوات)

ترجمہ:

قتادہ نے حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ لوگوں نے رسول اللہ ﷺ سے سوال کیا یہاں تک کہ سوالات کا سلسلہ دراز ہوگیا تو آپ ناراض ہوئے اور منبر پر بیٹھ کر آپ نے فرمایا: آج تم مجھ سے کوئی ایسی چیز نہیں پوچھو گے جو میں تمہیں بتا نہ دوں، آپ نے دائیں بائیں توجہ فرمائی تو ہر شخص کپڑے میں اپنا سر چھپا کر رو رہا تھا۔ چنانچہ ایک شخص جس کو لوگ اس کے باپ کے سوا دوسرے کی جانب نسبت کرتے تھے عرض گزار ہوا کہ یارسول اللہ! میرا باپ کون ہے؟ فرمایا:

Marfat.com

حذافہ۔۔ پھر حضرت عمر گویا ہوئے اور عرض کی......ہم اللہ کے رب ہونے، اسلام کے دین ہونے اور محمد مصطفیٰ ﷺ کے رسول ہونے پر راضی ہیں ہم فتنوں سے اللہ تعالیٰ کی پناہ چاہتے ہیں چنانچہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ میں آج کی طرح بھلائی اور برائی کو پہلے نہیں دیکھا۔ بے شک مجھے جنت اور دوزخ دکھائی گئیں۔ یہاں تک کہ میں نے انہیں اس دیوار کے پرے دیکھا، قتادہ اس حدیث کو بیان کرتے وقت اس آیت کو بھی پڑھا کرتے: اے ایمان والو! ایسی باتیں نہ پوچھو جو تم پر ظاہر کی جائیں تو تمہیں بری لگیں۔ (سورۃ المائدہ آیت نمبر ۱۰۱)

فائدہ:

اس حدیث پاک میں بھی حضور نبی اکرم ﷺ کے وسیع علم غیب کا بیان ہے کہ آپ ﷺ نے کچھ غیب کی باتیں بیان فرمائی اور یہ بھی فرمایا جو چاہو مجھ سے پوچھ لو اس سے معلوم ہوا کہ ہر چیز کا علم غیب اللہ تعالیٰ نے اپنے پیارے حبیب ﷺ کو عطا فرمایا ہے۔ اس لیے تو آپ نے فرمایا جو چاہو پوچھ لو۔

## حدیث نمبر 77

خروج النّار وقال انس قال النّبیّ ﷺ اوّل اشراط السّاعة نار تحشر النّاس من المشرق الی المغرب۔ (رواہ البخاری فی کتاب الفتن)

ترجمہ:

حضرت انس نے حضور ﷺ سے روایت کی ہے کہ قیامت کی سب سے پہلی نشانیوں میں سے آگ ہے جو مشرق کے لوگوں کو اکٹھا کر کے مغرب میں لے جائے گی۔

Marfat.com

**فائدہ:**

اس حدیث پاک میں بھی حضور نبی اکرم ﷺ کے علم غیب کا بیان ہے کہ آپ ﷺ نے قیامت کی سب سے پہلی نشانیوں میں سے ایک نشانی کا ذکر فرمایا حالانکہ وہ کافی عرصہ بعد میں ہونے والی ہے۔

## حدیث نمبر 78

حدثنا سعد بن حفص حدثنا شیبان عن یحیٰ عن اسحاق بن عبداللہ بن ابی طلحۃ عن انس عن مالک قال قال النبیّ ﷺ یجیء الدّجال حتی ینزل فی ناحیۃ المدینۃ ثم ترجف المدینۃ،ثلاث رجفات فیخرج الیہ کل کافر ومنافق۔ (رواہ البخاری فی کتاب الفتن)

**ترجمہ:**

اسحاق بن عبداللہ بن ابوطلحہ نے حضرت انس بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا: دجّال آئے گا یہاں تک کہ مدینہ منورہ کے ایک جانب آپڑے گا، پھر تو مدینہ طیبہ میں تین جھٹکے آئیں گے جن کے باعث ہر کافر اور منافق نکل کر اس کی طرف چلا جائے گا۔

**فائدہ:**

اس حدیث پاک میں بھی حضور نبی اکرم ﷺ کے وسیع علم غیب کا بیان ہے کہ آپ ﷺ نے فرمایا: دجّال مدینہ منورہ کے ایک جانب آپڑے گا۔ مدینہ منورہ میں تین

Marfat.com

جھٹکے آئیں گے۔سبحان اللہ۔۔۔جو کئی سو سال بعد میں آنے والے جھٹکے تھے حضور ﷺ نے اپنے علم غیب سے پہلے ہی بیان فرما دیا اور یہ بھی فرمایا سارے منافق مدینہ سے نکل جائیں گے۔

## حدیث نمبر 79

حدثنا سليمان بن حرب حدثنا شعبة عن قتادة عن انس رضی الله عنه قال قال النبیّ ﷺ مابعث نبی الا انذر امته الاعور الكذاب الا انهٗ اعور وانّ ربّكم ليس باعور وانّ بين عينيه مكتوب كافر فيه ابوهريرة وابن عبّاس عن النبیّ ﷺ۔(رواہ البخاری فی کتاب الاحکام)

ترجمہ:

حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا کوئی نبی مبعوث نہیں ہوا مگر اس نے اپنی امت کو کانے کذاب سے ڈرایا، آگاہ ہو جاؤ کہ وہ کانا ہے اور تمہارا رب کانا نہیں ہے اور اس کی دونوں آنکھوں کے درمیان لفظ کافر لکھا ہوا ہے۔اس بارے میں حضرت ابوہریرہ اور حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہم نے نبی کریم ﷺ سے روایت کی ہے۔

فائدہ:

اس حدیث پاک میں بھی حضور نبی اکرم ﷺ کے وسیع علم غیب کا بیان ہے کہ آپ ﷺ نے دجّال کے بارے میں فرمایا کہ وہ ایک آنکھ سے کانا ہوگا اور اس کی آنکھوں کے درمیان لفظ کافر لکھا ہوگا۔اگر حضور پاک ﷺ کے پاس علم غیب نہ ہوتا تو آپ کیسے

Marfat.com

بیان کر سکتے تھے۔

## حدیث نمبر 80

**قال انس قال النبیّ ﷺ تقول جهنم قط قط وعزّتك وقال ابوهريرة عن النبیّ ﷺ يبقٰی رجل بين الجنّة والنّار اٰخر اهل النار دخولا الجنّة فيقول ربّ اصرف وجهی عن النّار لا وعزّتك لا اسالك غيرها قال ابو سعيد ان رسول الله ﷺ قال قال الله عزّوجلّ لك ذٰلك وعشرة امثاله۔** (رواہ البخاری فی کتاب التوحید)

ترجمہ:

حضرت انس سے روایت ہے کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا: جہنم کہے گی کہ تیری عزت کی قسم بس بس۔ حضرت ابو ہریرہ نے نبی کریم ﷺ سے روایت کی ہے کہ ایک آدمی جنت اور دوزخ کے درمیان باقی رہ جائے گا جو جہنمیوں میں سے جنت میں داخل ہونے والا آخری ہوگا۔ وہ کہے گا کہ اے رب! میرا منہ جہنم کی طرف سے پھیر دے۔

تیری عزت کی قسم، میں اس کے سوا کوئی اور سوال نہیں کروں گا۔ حضرت ابو سعید خدری کا بیان ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: اللہ تعالیٰ فرمائے گا کہ تیرے لیے یہ ہے اور دس گنا مزید۔

فائدہ:

اس حدیث پاک میں بھی حضور نبی اکرم ﷺ کے وسیع علم غیب کا بیان ہے کہ آپ ﷺ نے جہنم کے بارے میں غیب کی خبر دیتے ہوئے فرمایا: کہ جہنم کہے گی کہ تیری

Marfat.com

عزت کی قسم بس بس حالانکہ یہ سب کچھ قیامت کے بعد میں ہونا ہے لیکن حضور پاک ﷺ نے پہلے ہی بیان فرمادیا۔

## حدیث نمبر 81

حدثنا ابن ابی الاسود حدثناحرمی حدثنا شعبة عن قتادة عن انس عن النبیّ ﷺ قال یلقٰی فی النّار وقال لی خلیفة حدثنا یزید ابن زریع حدثنا سعید عن قتادة عن انس وّعن معتمر سمعت ابی عن قتادة عن انس عن النبیّ ﷺ قال لا یزال یلقٰی فیھا وتقول ھل من مزید حتّٰی یضع فیھا ربّ العٰلمین قدمهٗ فینزوی بعضھا الٰی بعض ثم تقول قد قد بعزتك وكدمك ولا تزال الجنّة تفضل حتی ینشئی الله لھا خلقا فیسکنھم فضل الجنّة۔ (رواہ البخاری فی کتاب التوحید)

ترجمہ:

قتادہ نے حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے نبی کریم ﷺ نے فرمایا:

لوگ جہنم میں ڈالے جائیں گے خلیفہ یزید بن زریع، سعید، قتادہ نے حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے معتمر ان کے والد، قتادہ، حضرت انس سے روایت کی ہے کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا: لوگ برابر جہنم میں ڈالے جارہے ہوں گے اور وہ کہے گی کہ کیا مزید اور ہیں؟ یہاں تک کہ پروردگار عالم اس میں اپنا قدم رکھ دے گا تو اس کے بعض حصے سمٹ کر دوسرے بعض سے مل جائیں گے، پھر وہ کہے گی کہ تیری عزت اور کرم

Marfat.com

کی قسم، بس بس اور جنت میں بالآخر جگہ باقی رہ جائے گی، تو اللہ تعالیٰ اس کے لیے مخلوق پیدا کرے گا اور اس کے ساتھ اس باقی جگہ کو آباد کرے گا۔

**فائدہ:**

اس حدیث پاک میں بھی حضور نبی اکرم ﷺ کے وسیع علم غیب کا بیان ہے کہ آپ ﷺ نے قیامت کے بعد کی خبریں دیتے ہوئے جنت اور جہنم کے حالات بیان فرمائے اس سے معلوم ہوتا ہے کہ اللہ تعالیٰ نے اپنے پیارے حبیب ﷺ کو بہت وسیع علم غیب عطا فرمایا ہے۔

## حدیث نمبر 82

حدثنا مسلم بن ابراهيم قال حدثنا هشام قال حدثنا قتادة عن انس عن النبيّ قال يخرج من النّار من قال لااله الا الله وفى قلبه وزن شعيرة من خيرويخرج من النار من قال لا آله الا الله وفى قلبهٖ وزن برّةٍ مّن خيرّويخرج من النّار من قال لا اله الا الله في قلبهٖ وزن ذرّةٍ مّن خير قال ابو عبدالله قال ابان حدّثنا قتادة حدثنا انس مّن النّبيّ ﷺ من الايمان مكان خير۔ (رواہ البخاری فی کتاب الایمان)

**ترجمہ:**

حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا: جہنم سے اسے بھی نکال لیا جائے گا جس نے لا الٰہ الا اللہ کہا اور اس کے دل میں جَو کے برابر بھی بھلائی ہوگی اور جہنم سے اسے بھی نکال لیا جائے گا جس نے لا الٰہ الا اللہ کہا اور

Marfat.com

اس کے دل میں دانۂ گندم کے برابر بھی بھلائی ہوگی اور جہنم سے اسے بھی نکال لیا جائے جس نے لا الٰہ الا اللہ کہا اور اس کے دل میں ذرہ برابر بھلائی ہوگی۔

امام بخاری، ابان، قتادہ، حضرت انس نے نبی کریم ﷺ سے خیر کی جگہ ایمان روایت کیا۔

فائدہ:

اس حدیث پاک میں بھی حضور نبی اکرم ﷺ کے وسیع علم غیب کا بیان ہے کہ آپ ﷺ نے لا الٰہ الا اللہ کہنے والوں کو جن میں کچھ بھی ایمان کا حصہ ہوگا ان کا ذکر فرمایا کہ وہ قیامت کے دن جہنم سے نکالے جائیں گے۔

## حدیث نمبر 83

حدثنا عيّاش حدثنا عبدالاعلٰى حدثنا سعيد قال وقال لى خليفة حدثنا بن زريع حدثناسعيد عن قتادة عن انس رّضى الله عنه عن النّبىّ ﷺ قال العبد اذاوضع فى قبره وتولّى وذهب اصحابه حتّٰى انّهٗ ليسمع قرع نعالهم اتاه ملكان فاقعداه فيقولان لهٗ ماكنت تقول فى هٰذاالرّجل محمد ﷺ فيقول اشهد انّهٗ عبدالله ورسولهٗ فيقال انظر الٰى مقعدك عن النّار ابدالك الله به مقعدًا مّن الجنّة قال النّبىّ ﷺ فيراهما جميعا وّامّا الكافر اوالمنافق فيقول لا ادرى كنت اقول مايقول النّاس فيقال لاادريت ولا تليت ثم يضرب بمطرقة مّن حديد ضربة بين اذنيه فيصيح صيحة يّسمعها من يّليه الّا الثّقلين۔ (رواہ البخاری فی کتاب الجنائز)

Marfat.com

ترجمہ:

حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا: بندے کو جب اس کی قبر میں رکھ دیا جاتا ہے اور اس کے ساتھی واپس چل دیتے ہیں یہاں تک کہ وہ ان کے جوتوں کی آہٹ سن رہا ہوتا ہے تو اس کے پاس دو فرشتے آ کر اسے بٹھا لیتے ہیں اور کہتے ہیں تو اس شخص کے متعلق کیا کہتا ہے یعنی محمد مصطفیٰ ﷺ کے وہ کہتا ہے میں گواہی دیتا ہوں کہ یہ اللہ کے بندے اور اس کے رسول ہیں اس سے کہا جاتا ہے کہ جہنم میں اپنا ٹھکانا دیکھ کہ اس کے بدلے تجھے اللہ تعالیٰ نے جنت میں ٹھکانا دیا ہے۔ نبی کریم ﷺ نے فرمایا:

دونوں دکھائے جاتے ہیں، اور اگر وہ کافر یا منافق ہے تو کہتا ہے کہ مجھے معلوم نہیں ہے وہی کہتا تھا جو لوگ کہتے تھے اس سے کہا جائے گا کہ نہ تو نے جانا اور نہ سمجھا پھر اسے لوہے کے ہتھوڑے سے مارا جاتا ہے کانوں کے درمیان تو چیختا چلاتا ہے جس کو نزدیک والے سب سنتے ہیں سوائے جنوں اور انسانوں کے۔

فائدہ:

اس حدیث پاک میں بھی حضور نبی اکرم ﷺ کے وسیع علم غیب کا بیان ہے کہ آپ ﷺ نے قبر میں ہونیوالے سوالوں کا ذکر فرمایا اور یہ بھی فرمایا جو مجھے پہچانے وہ بخشا جائے گا اور جو نہیں پہچانے گا اسے لوہے کے ہتھوڑے سے مارا جائے گا۔

اس سے یہ بھی پتہ چلا کہ کامیابی کا دارومدار پیارے آقا حضور اکرم ﷺ کی پہچان پر ہے جو خوش نصیب پہچان گیا وہ جنتی ہوگیا اللہ تعالیٰ ہم سب کو پہچان نصیب

Marfat.com

فرمائے۔آمین۔۔۔ صلی الله علی حبیبه محمد وّعلی اله وبارك وسلم

## حدیث نمبر 84

حدثنا محمّد بن عبدالله حدثنا حسین بن محمّد ابو احمد حدثنا شیبان عن قتادة حدثنا انس بن مالك انّ امّ الرّبیع بنت البدآء وهی امّ حارثة بن سراقة اتت النّبیّ ﷺ فقالت یا نبیّ الله الا تحدّثنی عن حارثة وکان قتل یوم بدر اصابهٗ سهم غرب فان کان فی الجنّة صبرت وان کان غیر ذٰلك اجتهدتّ علیه فی البکآء قال یاامّ حارثة انّها جنان فی الجنّة وانّ ابنك اصاب الفردوس الاعلٰی۔

(رواہ البخاری فی کتاب الجہاد والیسر)

ترجمہ:

حضرت انس بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت حارثہ بن سراقہ کی والدہ محترمہ حضرت ام الربیع بنت براُدر بارنبوت میں حاضر ہوکر عرض گزار ہوئیں، یانبی اللہ مجھے حارثہ کا حال بتایئے جو بدر کی لڑائی میں مارا گیا تھا۔جبکہ اسے نامعلوم تیرلگا تھا اگر وہ جنت میں ہے تو میں صبر سے کام لوں۔

اگر معاملہ اس کے برعکس ہے تو میں دل کھول کر اس پر گریہ وزاری کروں، ارشادفرمایا: اےاُمّ حارثہ وہ جنت کے باغوں میں ہےاور بے شک تیرے لخت جگر نے فردوس اعلیٰ پائی ہے۔

Marfat.com

**فائدہ:**

اس حدیث پاک میں بھی حضور نبی اکرم ﷺ کے وسیع علم غیب کا بیان ہے کہ آپ ﷺ نے حضرت حارثہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے بارے میں فرمایا کہ جنت کے باغوں میں ہے۔

## حدیث نمبر 85

حدثنا علیّ بن عبدالله حدثنا ازهر بن سعد حدثنا ابن عون قال انبئانی موسی ابن انس ابن مالك رضی الله عنه ان النبی ﷺ افتقد ثابت بن قیس فقال رجل یارسول الله انا اعلم لك علمهٗ فاتاه فوجدهٗ جالسا فی بیتهٖ منكسا راسهٗ فقال ماشانك فقال شر كان یرفع صوتهٗ فوق صوت النبیّ ﷺ فقد حبط عملهٗ وهو من اهذ النار فاتی الرجل فاخبرهٗ انّه قال كذا وكذا فقال موسیٰ بن انس فرجع المرّة الاٰخرة ببشارة عظیمة فقال اذهب الیه فقل لهٗ انك لست من اهل النار ولكن من اهل الجنة۔ (رواہ البخاری فی کتاب الانبیاء)

**ترجمہ:**

حضرت انس بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا بیان ہے کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا: کوئی ایسا ہے جو ثابت بن قیس کی خبر لا کر دے ایک آدمی عرض گزار ہوا، یارسول اللہ ﷺ میں آپ کو ان کی خبر لا کر دوں گا۔ پس وہ گئے اور دیکھا کہ وہ اپنے گھر میں سر جھکائے ہوئے بیٹھے ہیں،۔ پوچھا، آپ کا کیا حال ہے جواب دیا کہ برا حال ہے

Marfat.com

کیونکہ میں نبی کریم ﷺ کی آواز سے اپنی آواز اونچی کر بیٹھا تھا۔لہٰذا میرے تمام عمل ضائع ہو چکے ہوں گے۔اور جہنمیوں میں میرا شمار ہو گیا۔اس آدمی نے آکر آپ کے گوش گزار کیا کہ وہ یہ کچھ کہتے ہیں۔

پس حضرت موسیٰ بن انس فرماتے ہیں کہ وہ آدمی بہت بڑی بشارت لے کر دوبارہ گیا۔آپ نے فرمایا:ان کے پاس جاؤاور کہو کہ آپ جہنمی نہیں بلکہ جنتی ہیں۔

**فائدہ:**

اس حدیث پاک میں بھی حضور نبی کریم ﷺ کے علم غیب کا بیان ہے کہ آپ ﷺ نے حضرت ثابت بن قیس کو اپنے علم غیب سے جنتی فرمایا حالانکہ جنت اور جہنم کا فیصلہ قیامت کے بعد ہونا ہے دوسرا یہ معلوم ہوا صحابہ کرام کا بھی یہ عقیدہ تھا کہ حضور پاک ﷺ علم غیب جانتے ہیں اس لیے تو کسی صحابی نے اس بات پر اعتراض نہیں کیا کہ یارسول اللہ ﷺ آپ نے اسے کیسے جنتی فرمادیا حالانکہ یہ فیصلہ قیامت کے بعد ہونا ہے۔لیکن آپ ﷺ نے پہلے ہی جنتی فرمادیا۔

## حدیث نمبر 86

حدیثنا یوسف بن یعقوب الصفار حدثنا اسمٰعیل بن علیه عن ایّوب عن حمیر بن ملالٍ عن انس بن مالكٍ رضی الله عنه قال خطب النبی ﷺ فقال اخذا لرایة زید فاصیب ثم اخذا جعفر فاصیب ثم اخذها عبدالله بن رواحة فاُصیب ثم اخذها خالد بن الولید عن غیر امرة ففتح لهٗ وقال مایسر نا انهم عندنا قال ایّوب اوقال مایسر هم انهم عندنا

Marfat.com

وعيناه تذرفان۔ (رواہ البخاری فی کتاب الجہاد والسیر )

ترجمہ:

حضرت انس بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم ﷺ نے خطبہ دیتے ہوئے (غزوہ موتہ کے روز) فرمایا: (لشکر اسلام کا) جھنڈا زید نے سنبھالا تو انہیں شہید کر دیا گیا۔ پھر جعفر (بن ابوطالب) نے سنبھالا تو انہیں شہید کر دیا گیا۔ پھر عبداللہ بن رواحہ نے سنبھالا تو انہیں شہید کر دیا گیا۔ ان کے بعد خالد بن ولید نے بغیر اس کے کہ انہیں امیر لشکر بنایا جاتا جھنڈا سنبھال لیا۔ تو وہ فتح سے نوازے گئے۔ اور آپ نے ارشاد فرمایا:

کیا ہم اس بات پر خوش نہ تھے کہ ہوہ ہمارے پاس رہتے۔ ایوب (راوی) فرماتے ہیں یا آپ نے یہ فرمایا: کیا یہ بات ان کے لیے باعث مسرت نہ تھی۔ کہ وہ ہمارے پاس رہتے۔ (اور یہ فرماتے ہوئے) آپ کی چشمان مبارک اشک بار تھیں۔

فائدہ:

اس حدیث پاک میں حضور ﷺ کے علم غیب کا بیان ہے کیونکہ آپ ﷺ نے اپنے مقام پر بیٹھ کر جنگ موتہ کے حالات بیان فرمائے۔ اور بعد میں فتح کی خبر بھی دے دی۔ اور حالانکہ مدینہ پاک سے کافی فاصلہ تھا اگر آپ کے پاس علم غیب نہ ہوتا تو آپ کیسے بیان فرماتے، اور کسی صحابی نے بھی آپ پر اعتراض نہ کیا کہ یارسول اللہ ﷺ آپ یہاں ہیں اور کیسے اتنی دور دراز کی خبریں دے رہے ہیں۔

Marfat.com

معلوم ہوتا ہے صحابہ کرام کا بھی یہی عقیدہ تھا۔ کہ حضور ﷺ کے پاس علم غیب ہے۔اس لیے تو انہوں نے یہ علم غیب والی روایتیں آگے بیان فرمائی۔ کیونکہ ان سب کا عقیدہ تھا کہ ہمارے آقا نبی کریم ﷺ کو اللہ تعالیٰ نے بہت وسیع علم غیب عطا فرمایا ہے۔اللہ تعالیٰ سب مسلمانوں کو حضور ﷺ کی محبت عطا فرمائے۔اور صحابہ کرام کی طرح ماننے کی توفیق عطا فرمائے۔(آمین)

# حدیث نمبر 87

حدثنا عبدالله بن یوسف عن مالك عن اسحق بن عبدالله بن ابی طلحة عن انس بن مالك رضی الله عنه انه سمعه یقول كان رسول الله ﷺ یدخل علٰی اُم حِرام بنت ملحان فتطعمه وكانت ام حرام تحت عبادة بن الصامت فدخل علیهاُ رسول الله ﷺ فاطعمته جعلت تفلی راسهٗ صنام رسول الله ﷺ ثم استیقظ وهو یضحك قالت فقلت وما یضحكُك یارسول الله قال ناس من امتی عرضوا علی غزاةً فی سبیل الله یركبون ثبج هٰذا البحر ملوكاً علی الاسرة اومثل الملوك علی الاسرّة شك اسحق قالت یارسول اللهُ ادع الله ان یجعلنی منهم فدعا لها رسول الله ﷺ ثم وضع راسهٗ ثم استیقظ وهو یضحك فقلت وما یضحك یارسول الله قال ناس من اُمّتی عرضوا علیّ غزاة فی سبیل الله كما قال فی الاول قالت فقلت یارسول الله ادع الله ان یجلعنی منهم قال انت من الاولین فركبت البحرفی زمان معٰویة بن ابی سفیان

Marfat.com

فصرعت عن دآبتها حین خرجت من البحر فهلکت۔ (رواہ البخاری فی کتاب الجہاد والیسر)

ترجمہ:

حضرت انس بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ (گاہے بگاہے) حضرت ام حرام بنت ملحان کے گھر تشریف لے جاتے تو وہ آپ کی خدمت میں کھانا پیش کرتیں اور حضرت ام حرام حضرت عبادہ بن صامت کے نکاح میں تھیں۔ایک دفعہ رسول اللہ ﷺ ان کے گھر جلوہ افروز ہوئے اور انہوں نے کھانا کھلایا اور آپ کے سر مبارک میں شانہ کرنے لگیں۔رسول اللہ ﷺ کو نیند آ گئی۔پھر ہنستے ہوئے آپ بیدار ہوئے وہ فرماتی ہیں کہ میں عرض گزار ہوئی یارسول اللہ ﷺ! کس بات نے آپ کو ہنسایا ہے؟ ارشاد فرمایا کہ مجھ پر میری امت کے کچھ لوگ پیش کیے گئے۔جو اللہ کی راہ میں جہاد کرنے کے لیے اس سمندر کے سینے پر اس طرح سوار ہونگے جیسے بادشاہ اپنے تختوں پر بیٹھتے ہیں (حدیث میں) مثل الملوك علی الاسرة ہے (یا) الملوك علی الاسرة اس میں اسحاق راوی کو شک ہے۔وہ فرماتی ہیں کہ میں عرض گزار ہوئی یارسول اللہ ﷺ! اللہ تعالیٰ سے دعا کیجیے کہ مجھے بھی ان لوگوں میں شامل فرمالے تو ان کے لیے رسول اللہ نے دعا کی۔اس کے بعد پھر آپ سو گئے اور ہنستے ہوئے بیدار ہوئے۔

پس میں نے کہا یارسول اللہ ﷺ! آپ کو کس چیز نے ہنسایا؟ فرمایا مجھ پر میری امت کے کچھ اور لوگ پیش کیے گئے۔جو پہلوں کی طرح اللہ کی راہ میں جہاد کرنے کے

Marfat.com

لیے سمندر کے سینے پر سوار ہیں وہ فرماتی ہیں کہ میں عرض گزار ہوئی یارسول اللہ ﷺ! اللہ تعالیٰ سے دعا کیجیئے کہ مجھے ان میں شامل فرمادے ارشاد فرمایا:

تم پہلے گروہ میں شامل ہو چکی ہو یہ حضرت معاویہ بن ابوسفیان کے عہد میں جہاز پر سوار ہوئیں اور سمندر سے نکلنے کے بعد اپنی سواری کے جانور سے گر پڑیں اور جان بحق ہو گئیں۔

فائدہ:

اس حدیث پاک میں حضور ﷺ کے علم غیب کا بیان ہے۔ کیونکہ آپ نے ان چیزوں کا بیان فرمایا جو کئی سال بعد میں ہونے والی تھیں۔ اگر آپ کے پاس علم غیب نہ ہوتا تو کبھی بیان نہ فرماتے۔ آپ ﷺ کا بعد میں ہونے والے واقعات بیان فرمانا یہ اس بات پر دلالت کرتا ہے کہ آپ کے پاس علم غیب ہے۔ جو اللہ نے آپ کو عطا فرمایا ہے۔ اللہ تعالیٰ حق بات کو ماننے کی توفیق عطا فرمائے۔ (آمین)

## حدیث نمبر 88

حدثنا یعقوب ابن ابراھیم حدثنا ابن علیّة عن ایّوب عن حمیر بن هلالٍ عن انس ابن مالك رضی الله عنه قال خطب رسول الله ﷺ فقال اخذ الرّایة زید فاصیب ثم اخذها جعفر فاصیب ثم اخذ عبدالله ابن رواحة فاصیب ثم اخذها خالد بن الولید عن غیر امرة ففتح علیه وما یسرنی اوقال مایسر هم انّهم عندنا وقال وانّ عینیه لتذر فان۔

(رواہ البخاری فی کتاب الجہاد والسیّر)

Marfat.com

**ترجمہ:**

حضرت انس بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے خطبہ دیتے ہوئے (جنگ موتہ کے دنوں میں) فرمایا: لشکر اسلام کا جھنڈا زید بن حارثہ نے اٹھایا، مگر وہ شہید ہو گئے، پھر اسے جعفر بن ابو طالب نے سنبھالا تو انہیں بھی شہید کر دیا گیا، پھر عبداللہ بن رواحہ نے یہ علم بلند کیا تو انہیں بھی جام شہادت نوش کرنا پڑا۔

پھر یہ جھنڈا خالد بن ولید نے لہرایا، حالانکہ انہیں امیر لشکر بنایا نہیں گیا تھا تو ان کے ذریعے فتح یاب ہو گئے۔ مجھے مسرت نہیں ہے یا یہ فرمایا کہ وہ اس پر مسرور نہیں ہیں کیونکہ وہ ہمارے پاس تھے، حضرت انس کا بیان ہے کہ یہ فرماتے وقت آپ کی آنکھوں سے آنسو جاری تھے۔

**فائدہ:**

اس حدیث پاک میں بھی حضور نبی اکرم ﷺ کے علم غیب کا بیان ہے۔

Marfat.com

# مرویات

# حضرت عبیداللہ بن عبداللہ رضی اللہ عنہما

## حضرت عبیداللہ بن عبداللہ رضی اللہ عنہما کی روایات سے علم غیب کا ثبوت

Marfat.com

# حدیث نمبر 89

حدثنا یحی بن بکیر حدثنا اللیث عن عقیل عن ابن شهاب قال اخبرنی عبیدالله بن عبدالله بن عتبة ان ابا سعید الخدری قال حدثنا رسول الله ﷺ حدثنا طویلاً عن الدجال فکان فیما حدثنا به ان قال یأتی الدجال وهو محرم علیه ان یدخل نقاب المدینة بعض السباخ بالمدینة فیخرج الیه یومئذ رجل وهو خیرالناس اومن خیر الناس فیقول اشهدانك الدجال الذی حدثنا عنك رسول الله ﷺ حدیثهٗ فیقول الدجال ارایت ان قتلت هٰذا ثم احییتهٗ هل تشکون فی الامر فیقولون لا فیقتلهٗ ثم یحییهٖ فیقول حین یحییه والله ماکنت اشد بصیرةً منّی الیوم فیقول الدجال اقتله فلا یسلط علیه۔

(رواہ البخاری فی کتاب ابواب العمرہ)

ترجمہ:

عبیداللہ بن عبداللہ بن عتبہ سے روایت ہے کہ حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا:

رسول اللہ ﷺ نے ہمیں بہت طویل واقعات بتائے اور انہیں بیان کرتے ہوئے فرمایا:

Marfat.com

دجال آئے گا اور اس پر مدینہ منورہ میں داخل ہونا حرام کردیا گیا ہے۔ پس مدینہ منورہ کی شورزمین میں اترے گا۔ چنانچہ اس روز اس کی طرف ایک آدمی نکلے گا اور وہ بہتر انسان ہوگا یا بہتر انسانوں میں سے ہوگا۔ وہ کہے گا کہ میں گواہی دیتا ہوں کہ تو وہی دجال ہے جس کے متعلق رسول اللہ ﷺ نے ہمیں بتایا تھا۔ دجال کہے گا کہ اگر میں اسے قتل کر کے زندہ کردوں تو پھر بھی میرے متعلق تمہیں کوئی شک ہوگا؟ لوگ کہیں گے...... نہیں ...... پس وہ اسے قتل کر کے پھر زندہ کردے گا۔ زندہ ہونے پر وہ مرد مومن کہے گا...... خدا کی قسم آج جیسی بصیرت مجھے ہرگز حاصل نہیں تھی۔ دجال کہے گا اسے قتل کردو۔ لیکن اس پر قابو نہیں پاسکے گا۔

**فائدہ:**

اس حدیث پاک میں حضور ﷺ کے علم غیب کا بیان ہے آپ نے دجال کا ذکر فرمایا اس کے کچھ حالات بیان فرمائے۔ حالانکہ وہ قرب قیامت میں آئے گا۔ اگر آپ کے پاس علم غیب نہ ہوتا تو آپ بیان نہ فرماتے۔ آپ کا بیان فرمانا اس بات پر دلالت کرتا ہے کہ آپ کو اللہ تعالیٰ نے علم غیب عطا فرمایا ہے۔

## حدیث نمبر 90

حدثنا ابو الیمان اخبرنا شعیب عن الزھریّ اخبرنی عبیداللہ بن عبداللہ بن عتبۃ بن مسعود انّ ابا سعید قال حدثنا رسول اللہ ﷺ یوما حدیثا طویلا عن الدّجال فکان فیما یحدثنا بہ انّہٗ قال یأتی الدّجال وھو محرم علیہ انّ یّدخل نقاب المدینۃ فینزل بعض السبّاخ الّتی تلی

Marfat.com

**المدینة فیخرج الیه یومئذ رجل وھو خیر الناس اومن خیار النّاس فیقول اشھد انّك الدّجال الّذی حدّثنا رسول الله ﷺ حدیثهٗ فیقول الدّجال ارأیتم ان قتلت ھٰذا ثم احییتهٗ ھل تشکّون فی الامر ،فیقولون لا فیقتلهٗ ثم یحییه فیقول والله ماکنت فیك اشدّ بصیرۃ منّی الیوم فیرید الدّجال ان یّقتلهٗ فلا یسلّط علیه۔**

(رواہ البخاری فی کتاب الاحکام)

ترجمہ:

عبیداللہ بن عبداللہ بن عتبہ بن مسعود نے حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ہم سے دجّال کا طویل ذکر فرمایا اور اس کے بعد ہم سے یہ بھی فرمایا کہ وہ آئے گا تو مدینہ منورہ کے راستوں سے اندر داخل ہونا اس پر حرام ہوگا۔ چنانچہ وہ مدینہ منورہ کے نزدیک ایک بنجر زمین میں اترے گا تو ایک روز اس کے پاس ایک ایسا آدمی جائے گا جو اس وقت سب سے اچھا آدمی ہوگا یا اچھے آدمیوں سے ہوگا۔ وہ کہے گا کہ میں گواہی دیتا ہوں کہ تو وہی دجّال ہے جس کا رسول اللہ ﷺ نے ہم سے ذکر فرمایا تھا وہ کہے گا کہ اے لوگو! اگر میں اسے قتل کردوں اور پھر زندہ کردوں تو پھر بھی تمہیں کیا میرے متعلق کوئی شک رہ جائے گا؟۔ لوگ کہیں گے کہ نہیں، پھر وہ اس آدمی کو قتل کر کے زندہ کردے گا، وہ آدمی کہے گا کہ آج تو مجھے تیرے بارے میں اور زیادہ بصیرت حاصل ہوگئی، پس دجّال اس کو پھر قتل کرنا چاہے گا لیکن اب اس پر قابو نہیں پاسکے گا۔

Marfat.com

**فائدہ:**

اس حدیث پاک میں بھی حضور نبی اکرم ﷺ کے وسیع علم غیب کا بیان ہے کہ آپ ﷺ نے غیب کی خبر دیتے ہوئے فرمایا: دجّال مدینہ پاک کے باہر بنجر زمین میں اترے گا اور نیک لوگوں میں سے ایک آدمی آئے گا اور اس آدمی سے جو مکالمہ ہوگا حضور پاک ﷺ نے کئی صدیاں پہلے ہی اس کا ذکر فرما دیا۔ یہی تو حضور نبی اکرم ﷺ کے علم غیب کا کمال ہے۔

وہ زباں جس کو سب کن کی کنجی کہیں
اس کی نافذ حکومت پہ لاکھوں سلام

Marfat.com

# مرویات

# حضرت سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا

## حضرت سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا کی روایات سے علم غیب کا ثبوت

Marfat.com

# حدیث نمبر 91

حدثنا محمد بن الصباح حدثنااسمٰعیل بن زکریا عن محمد بن سوقة عن نافع بن جبیر بن مطعم قال حدثنی عآئشة قالت قال رسول الله ﷺ یغذو جیش ، الکعبةفاذا کانو ابیدآء من الارض یخسف باوّلھم واخرھم قالت قلت یارسول الله کیف یُخسف باوّلھم واخرھم وفیھم اسواقھم ومن لیس منھم قال یخسف باولھم واخرھم ثم یبُعثون علیٰ نیاتھم۔ (رواہ البخاری فی کتاب البیوع)

ترجمہ:

حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:

ایک لشکر کعبہ پر چڑھائی کرے گا۔ جب وہ بیداء کی زمین میں ہوں گے اور ان کے اگلے اور پچھلے سب زمین میں دھنسا دیئے جائیں گے۔ میں عرض گزار ہوئی کہ یارسول اللہ ان کے اگلے اور پچھلے کس طرح دھنسائے جائیں گے۔ جبکہ ان میں ان کے بازار بھی ہوں گے اور جو ان میں سے نہیں ہوں گے فرمایا: کہ سب اگلے اور پچھلے زمین میں دھنسائے جائیں گے۔ اور پھر اپنی نیتوں پر اٹھائے جائیں گے۔

Marfat.com

**فائدہ:**

اس حدیث پاک میں حضور ﷺ کے علم غیب کا بیان ہے۔آپ نے بعد میں ہونے والے لشکر کی خبر دی۔ کہ وہ کعبہ پر چڑھائی کرے گا اور وہ اس بے حرمتی کی وجہ سے زمین میں دھنسا دیا جائے گا۔

## حدیث نمبر 92

**حدثنی یحی بن قذعة حدثنا ابراهیم بن سعد عن ابیه عن عدوة عن عآئشة رضی الله عنها قالت دعا النبیّ ﷺ فاطمة ابنتهٔ فی شکواه الّذی قبض فیها فسارّها بشیء فبکت ثم دعاها فسارّها فضحکت قال سالتها عن ذٰلك فقالت سارّنی النبیّ ﷺ فاخبرنی انهٔ یقبض فی وجعه الّذی توفّی فیه فبکیت ثمّ سارّنی فاخبرنی انّی اوّل اهل بیتهٖ اتبعهٔ فضحکت۔** (رواہ البخاری فی کتاب الانبیاء)

**ترجمہ:**

حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا فرماتی ہیں کہ نبی کریم ﷺ نے اپنی صاحبزادی حضرت فاطمہ کو اپنے اس مرض میں بلایا جس میں آپ کی وفات ہوئی، پھر سرگوشی کے انداز میں ان سے کوئی بات کہی تو وہ رونے لگیں، پھر نزدیک بلا کر سرگوشی کی تو وہ ہنس پڑیں، یہ فرماتی ہیں کہ میں نے اس بارے میں ان سے پوچھا تو انہوں نے بتایا کہ نبی کریم ﷺ نے سرگوشی کرتے ہوئے مجھے بتایا کہ اسی مرض میں میری وفات ہو جائے گی تو میں رونے لگی، پھر آپ نے سرگوشی فرماتے ہوئے مجھے بتایا کہ ان کے

Marfat.com

گھر والوں میں سب سے پہلے میں ہوں جو ان کے پیچھے جاؤں گی تو میں ہنس پڑی۔

فائدہ:

اس حدیث پاک میں بھی حضور نبی اکرم ﷺ کے علم غیب کا بیان ہے کہ آپ ﷺ نے پہلے ہی اپنی وفات کی خبر دی، فرمایا کہ اس مرض میں میرا وصال ہو جائے گا۔اور حضرت سیدہ فاطمۃ الزہرہ رضی اللہ عنہا کی وفات کی بھی خبر دی۔فرمایا کہ میرے بعد سب سے پہلے تیری وفات ہوگی۔

# حدیث نمبر 93

حدثنا موسیٰ بن اسمٰعیل قال حدثنا ابوعوانة عن فراس عن الشعبی عن مسروق عن عآئشةٍ انّ بعض ازواج النّبیّ ﷺ قلن للنّبیّ ﷺ ایّنا اسرع بك لحوقا قال اطولكن یدًا فاخذوا قصبة یذرعونها فكانت سودة اطولهنّ یدًا فعلمنا بعد انّما كانت طول یدها الصدقة و كانت اسرعنا لحوقا بهٖ ﷺ و كانت تحب الصدقة۔

(رواہ البخاری فی کتاب الزکوٰۃ)

ترجمہ:

مسروق نے حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت کی ہے کہ نبی کریم ﷺ کی کسی زوجۂ مطہرہ نے نبی کریم ﷺ سے عرض کی! ہم میں سے کون سب سے پہلے آپ سے ملے گی۔فرمایا کہ جس کے ہاتھ سب سے لمبے ہیں۔انہوں نے چھڑی لے کر انہیں ناپا تو ان میں حضرت سودہ کے ہاتھ سب سے لمبے تھے۔بعد میں ہمیں

Marfat.com

معلوم ہوا کہ لمبے ہاتھوں سے زیادہ صدقہ دینا مراد تھا۔اور ہم میں سب سے پہلے وہی (حضرت زینب بنت جحش) نبی کریم ﷺ سے ملیں۔کیونکہ انہیں خیرات کرنا بہت محبوب تھا۔

فائدہ:

اس حدیث پاک سے بھی حضور ﷺ کا علم غیب ثابت ہوتا ہے کیونکہ آپ ﷺ نے اپنی ازواج مطہرات کے بارے میں غیب کی خبر دی کہ میرے بعد فلاں تم میں سے میرے پاس آئے گی۔یعنی سب سے پہلے اس کا انتقال ہوگا۔

## حدیث نمبر 94

حدثنا یحیی بن قزعة حدثنا ابراهیم بن سعد عن ابیه عن عروة عن عآئشة رضی الله عنها قالت دعا النّبیّ ﷺ فاطمة ابنتهٗ فی شکواه الّذی قبض فیها فسارها بشیء فبکت ثم دعاها فسارها فضحکت قالت سالتها عن ذٰلك فقالت سارّنی الله ﷺ فاخبرنی انّهٗ یقبض فی وجعه الّذی توفّی فیه فبکیت ثم سارّنی فاخبرنی انّی اوّل اهل بیته اتبعه فضحکت۔(رواہ البخاری فی کتاب المناقب)

ترجمہ:

حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا فرماتی ہیں کہ نبی کریم ﷺ نے اپنے مرض وصال میں اپنی صاحبزادی فاطمہ کو بلایا۔اور پھر ان سے سرگوشی فرمائی تو وہ رونے لگیں، پھر انہیں قریب بلا کر سرگوشی فرمائی تو وہ ہنس پڑیں۔حضرت صدیقہ فرماتی ہیں کہ

Marfat.com

میں نے اس بارے میں ان سے پوچھا تو انہوں نے بتایا کہ نبی کریم ﷺ نے میرے کان میں کہا کہ اپنے اسی مرض میں میرا وصال ہو جائے گا۔ پس میں رونے لگی۔ پھر آپ نے سرگوشی کرتے ہوئے مجھے بتایا کہ میرے اہل بیت میں سب سے پہلے تم میرے پیچھے آؤ گی۔ اس پر میں ہنس پڑی۔

**فائدہ:**

اس حدیث پاک میں بھی حضور نبی اکرم ﷺ کے علم غیب کا بیان ہے کہ آپ ﷺ نے حضرت سیدہ فاطمۃ الزہرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کو غیب کی خبر دیتے ہوئے ارشاد فرمایا: میرے بعد سب سے پہلے تم میرے پاس آؤ گی۔ یعنی سب گھر والوں سے پہلے تمہاری وفات ہوگی۔ اب بھی اگر کوئی کہے (معاذ اللہ) حضور ﷺ کو علم غیب نہیں تو سوائے حماقت کے اور منافقت کے اور کیا ہے۔ کیا وہ ان سب حدیثوں کا منکر نہیں؟ جو حضور ﷺ کے علم غیب کا منکر ہے۔ اللہ تعالیٰ ان منکروں سے بچائے۔ (آمین ثم آمین)

## حدیث نمبر 95

حدثنا قيس بن حفص حدثنا خالد بن الحارث حدثنا حاتم ابن ابى صغيرة عن عبدالله بن ابى مليكة قال حدثنى القاسم بن محمد بن ابى بكر انّ عآئشة رضى الله عنها قالت قال رسول الله ﷺ تحشرون حفاة عداة غدلا قالت عآئشة فقلت يارسول الله الرجال والنسآء ينظر بعضهم الى بعض فقال الامر اشدّ من ان يّهمّهم ذلك۔

(رواہ البخاری فی کتاب الرقاق)

Marfat.com

ترجمہ:

قاسم بن محمد بن ابوبکر نے عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:

تمہارا حشر اس حالت میں ہوگا کہ تم ننگے پیر، ننگے جسم، اور غیر مختون ہوگے، حضرت عائشہ کا بیان ہے کہ میں عرض گزار ہوئی: یارسول اللہ! کیا مرد وعورت ایک دوسرے کو دیکھیں گے؟ فرمایا: کہ وہ وقت اتنا سخت ہوگا کہ اس جانب توجہ بھی نہیں کرسکیں گے۔

فائدہ:

اس حدیث پاک میں بھی حضور ﷺ کے وسیع علم غیب کا بیان ہے کہ آپ ﷺ نے میدان محشر کے بارے میں بیان فرماتے ہوئے لوگوں کے اٹھنے کی حالت کا ذکر فرمایا حالانکہ یہ سب کچھ ہزاروں سال بعد میں ہونے والا ہے۔ لیکن آپ ﷺ نے اپنے علم غیب سے پہلے ہی بیان فرمادیا۔

## حدیث نمبر 96

حدثنا یسرة بن صفوان بن جمیل اللحمیّ حدثنا ابراهیم بن سعد عن ابیه عن عروة عن عآئشة رضی الله عنها قالت دعا النّبیّ ﷺ فاطمة علیها السلام فی شکواه الّذی قبض فیه فسآرها بشیء فبکت ثم دعاها فسآرّها بشیء فضحکت فسالنا عن ذٰلك فقالت سآرّنی النّبیّ ﷺ انّهٗ یقبض فی وجعه الّذی توفی فیه فبکیت ثم سارّنی فاخبرنی انی اوّل

Marfat.com

اهله یتبعهٗ فضحکت۔ (رواہ البخاری فی کتاب المغازی)

ترجمہ:

حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ نبی کریم ﷺ نے اپنے مرض وصال میں حضرت فاطمہ علیہا السلام کو بلایا اور ان کے ساتھ سرگوشی فرمائی تو وہ رونے لگیں، پھر انہیں قریب بلا کر سرگوشی فرمائی تو وہ ہنس پڑیں، ہم نے اس بارے میں ان سے دریافت کیا تو بتایا، پہلی مرتبہ نبی کریم ﷺ نے مجھ سے یہ سرگوشی فرمائی تھی کہ میرا اس مرض کے اندر ہی وصال ہو جائے گا۔ اس پر میں رونے لگی، دوبارہ آپ نے سرگوشی فرمائی تو مجھے یہ خبر دی کہ میرے اہل بیت سے تم سب سے پہلے میرے پیچھے آ ؤ گی، اس پر میں ہنس دی۔

فائدہ:

اس حدیث پاک میں بھی حضور نبی اکرم ﷺ کے علم غیب کا بیان ہے کہ آپ ﷺ نے پہلے ہی اپنے وصال کی خبر دے دی، اور حضرت سیدہ فاطمۃ الزہرہ رضی اللہ عنہا کے بارے میں بھی فرمایا کہ میرے گھر والوں میں سب سے پہلے تم مجھے ملو گی، کسی کی وفات کی خبر دینا اس کا تعلق ہے علم غیب سے۔ اگر حضور ﷺ کے پاس علم غیب نہ ہوتا تو آپ ﷺ کیسے ان کی وفات کی خبر دے سکتے تھے۔ اس سے معلوم ہوتا ہے کہ حضور ﷺ اپنے ہر امتی کی زندگی اور وفات کے بارے میں جانتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ نے یہ سب علم آپ کو عطا فرمایا ہے

Marfat.com

# حدیث نمبر 97

حدثنا عبدالله بن يوسف اخبرنا مالك عن نافع عن القاسم بن محمد عن عآئشة امّ المؤمنين انّها اخبرته انّها اشترت نمرقة فيها تصاوير فلمّا راها رسول الله ﷺ قام على الباب فلم يدخله فعرفت فى وجهه الكراهية فقلت يارسول الله اتوب الى الله والٰى رسوله ﷺ مآاذنبت فقال رسول الله ﷺ مابال هٰذه النّمرقة قلت اشتريتهالك لتقعد عليها وتوسّدها فقال رسول الله ! انّ اصحاب هٰذه الصور يوم القيٰمة يعذّبون فيقال لهم احيوا ماخلقتم وقال انّ البيت الّذى فيه الصّور لا تدخله الملٰئكة۔ (رواہ البخاری فی کتاب البیوع)

ترجمہ:

ام المؤمنین حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے کہ انہوں نے ایک تکیہ خریدا جس پر تصوریں تھیں، جب رسول اللہ ﷺ نے اسے دیکھا تو دروازے پر کھڑے ہوگے اور اندر داخل نہ ہوئے، تو میں نے آپ کے چہرۂ انور سے ناپسندیدگی کے آثار دیکھ لیے، میں عرض گزار ہوئی کہ یارسول اللہ میں اللہ اور اس کے رسول کی طرف توبہ کرتی ہوں، مجھ سے کیا گناہ ہوگیا ہے رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: اس سرہانے کا کیا حال ہے؟ عرض گزار ہوئی یہ میں نے آپ کے بیٹھنے اور ٹیک لگانے کے لیے خریدا ہے، چنانچہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: کہ ان تصویروں کے بنانے والوں کو قیامت کے روز عذاب دیا جائے گا، ان سے کہا جائے گا کہ جو تم نے بنائی ہیں ان میں جان ڈالو، اور

Marfat.com

فرمایا: کہ جس گھر میں تصویریں ہوں اس میں فرشتے داخل نہیں ہوتے۔

**فائدہ:**

اس حدیث پاک میں بھی حضور نبی اکرم ﷺ کے وسیع علم غیب کا بیان ہے کہ آپ ﷺ نے اپنے علم غیب سے قیامت کے روز جو عذاب دیا جائے گا اس کا ذکر فرمایا، اور جو بات تصویریں بنانے والوں سے کہی جائے گی اس کا بھی ذکر فرمایا۔

## حدیث نمبر 98

حدثنا عبدالله بن یوسف اخبرنا ابن وهب قال اخبرنی یونس عن ابن شهاب قال حدثنی عزوة انّ عآئشة رضی الله عنها زوج النّبیّ ﷺ حدّثته انّها قالت للنّبیّ ﷺ هل انی علیك یوم کان اشدّ من یّوم احد قال لقد لقیت من قومك مالقیت و کان اشدّ مالقیت منهم یوم العقبة اذ عرضت نفسی علی ابن عبد یا لیل بن عبد کلال فلم یجبنی الٰی ماردتّ فانطلقت وانا مهموم علٰی وجهی فلم استفق الّا وانا بقرن الثعالب فرفعت رأسی فاذا انا بسحابة قد اظلّتنی فنظرت فاذا فیها جبریل فنادانی فقال انّ الله قد سمع قول قومك لك وماردّوا علیك وقد بعث الیك ملك الجبال فسلّم علیّ ثم قال یامحمّد فقال ذٰلك فیما شئت ان شئت ان اطبق علیهم الاخشبین فقال النّبیّ ﷺ بل ارجوا ان یخرج الله من اصلابهم من یّعبد الله وحدهٗ لایشرك بهٖ شیئا۔

(رواہ البخاری فی کتاب بدء الخلق)

Marfat.com

ترجمہ:

حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے مروی ہے کہ وہ بارگاہ نبوی میں عرض گزار ہوئیں کیا آپ پر احد کے روز سے بھی سخت کوئی دن آیا ہے فرمایا: مجھے تمہاری قوم سے بڑی تکلیفیں پہنچی ہیں اور مجھ پر سب سے سخت دن یوم عقبہ آیا، جب میں نے اپنے آپ کو عبد یالیل بن کلال پر پیش کیا تو اس نے میری بات نہ مانی میں (طائف سے) واپس چلا آیا اور پریشانی کے آثار میرے چہرے سے عیاں تھے۔ جب ہوش میں آیا تو قرن الثعالب میں تھا۔ سر اٹھا کر دیکھا تو بادل کا ایک ٹکڑا مجھ پر سایہ فگن تھا، میں نے اس کے اندر جبرائیل علیہ السلام کو دیکھا انہوں نے مجھے پکارا پھر کہا بے شک اللہ نے آپ کی قوم سے گفتگو اور ان کا جواب سن لیا ہے لہٰذا ملک الجبال کو آپ کی خدمت میں بھیجا ہے۔

چنانچہ کافروں کے متعلق آپ انہیں جو چاہیں حکم فرمائیں، پھر مجھے ملک الجبال نے پکارا اور سلام کیا، اس کے بعد کہا یا رسول اللہ اب آپ کی مرضی پر منحصر ہے۔ اگر آپ چاہیں تو میں کوہ اخشبین کو اٹھا کر ان لوگوں کے اوپر رکھ دوں۔ نبی کریم ﷺ نے فرمایا: مجھے امید ہے کہ اللہ تعالیٰ ان کے اصلاب سے ایسے لوگ پیدا فرمائے گا۔ جو خدائے واحد کی عبادت کریں گے اور کسی کو اس کا شریک نہیں ٹھہرائیں گے۔

فائدہ:

اس حدیث پاک میں بھی حضور نبی اکرم ﷺ کے وسیع علم غیب کا بیان ہے کہ آپ ﷺ نے اپنے علم غیب سے بیان فرمایا کہ ان لوگوں کی پشتوں سے ایک اللہ کی عبادت کرنے والے ہونگے۔

Marfat.com

# مرویات

# حضرت اسماء بنت ابوبکر رضی اللہ عنہما

## حضرت اسماء بنت ابوبکر رضی اللہ عنہما کی روایات سے علم غیب کا ثبوت

Marfat.com

# حدیث نمبر 99

حدثنا ابن ابی مریم حدثنا نافع بن عمر عن ابن ابی ملیکة عن اسمآء بنت ابی بکر ان النبی ﷺ صلی صلوٰة الکسوف فقال دنت منی النار حتی قلت ای رب وانا معهم فاذا امدأة حسبت انهٗ تخد شهاهرّة قال ماشأن هذا ہ قالوا احبستها حتی ماتت جوعاً۔

(رواہ البخاری فی کتاب المساقات)

ترجمہ:

حضرت اسماء بنت ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ نبی کریم ﷺ نے نماز کسوف پڑھی تو فرمایا: دوزخ میرے نزدیک کی گئی تو میں عرض گزار ہوا...... یارب ......کیا میں ان کے ساتھ ہوں اسی دوران ایک عورت دیکھی جس کو بلی نوچ رہی تھی۔ میں نے کہا کہ یہ کیوں؟......لوگوں۔ نے کہا کہ اس نے بلی باندھ رکھی تھی یہاں تک کہ بھوکی مرگئی۔

فائدہ:

اس حدیث پاک میں بھی حضور ﷺ کے علم غیب کا بیان ہے کہ ایک عورت کو دوزخ کا عذاب ہوتے ہوئے آپ نے دیکھا حالانکہ دوزخ غیب ہے اور اس کا عذاب بھی غیب ہے۔ یہ حضور ﷺ کی نگاہ نبوت ہے جو غیب کی چیزوں کو دیکھ لیتی ہے۔

Marfat.com

# حدیث نمبر 100

حدثنا موسٰی ابن اسمٰعیل قال ثنا وھیب قال ثنا ھشام عن فاطمة عن اسمآء قالت اتیت عآئشة وھی تصلّی فقلت ماشان النّاس فاشارت الی السمآء فاذاالناس قیام فقالت سبحان الله قلت اٰیة فاشارت بداسھا ای نعم فقمت حتی علانی الغشی فجعلت اصبّ علٰی راسی المآء نحمد الله النّبیّ ﷺ واثنٰی علیه ثم قال ما من شیء لّم اکن اریته فی مقامی ھٰذا حتی الجنة والنّار فاوحی الیّ انّکم تفتنون فی قبورکم مّثل اوقریب لا ادری ایّ ذٰلك قالت اسمآء من فتنة المسیح الدّجّال یقال ماعلمك بھٰذا الرّجل فامّا المؤمن او الموقن لا ادری ایّھما قالت اسمآء فیقول ھو محمد رسول الله جآئنا بالبینٰت والھدٰی فاجبناه واتبعناه ھو محمد ثلٰثا فیقال نم صالحًا قدعلمنا ان کنت لموقنا بهٖ وامّا المنافق اوالمرتاب لادري ایّ ذٰلك قالت اسمآء فیقول لاادری سمعت النّاس یقولون شیئًا فقلتهٗ۔ (رواہ البخاری فی کتاب العلم)

ترجمہ:

حضرت اسماء رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے کہ میں حضرت عائشہ کے پاس آئی جو نماز پڑھ رہی تھیں۔ میں نے کہا کہ لوگوں کو کیا ہوگیا ہے؟ انہوں نے آسمان کی طرف اشارہ کیا اور لوگ قیام میں تھے۔ لہٰذا سبحان اللہ میں نے کہا، نشانی، انہوں نے سر کے اشارے سے ہاں کہا، پس میں بھی کھڑی ہوگئی، یہاں تک کہ بے ہوش ہو چلی تو

Marfat.com

اپنے سر پر پانی ڈالنے لگی، پس نبی کریم ﷺ نے اللہ تعالیٰ کی حمد وثنا بیان کی پھر فرمایا، کوئی چیز ایسی نہیں جو مجھے دکھائی نہیں گئی تھی۔ لیکن وہ میں نے اس جگہ دیکھ لی یہاں تک کہ جنت ودوزخ بھی، پس مجھ پر وحی فرمائی گئی کہ قبروں میں تمہارا امتحان ہوگا، مجھے نہیں معلوم کہ حضرت اسماء نے اسی طرح فرمایا۔ یا عنقریب جیسے فتنہ دجّال کے ساتھ کہا جائے گا کہ تو اس شخص کے متعلق کیا جانتا ہے؟

مجھے نہیں معلوم کہ حضرت اسماء نے ایمان والا فرمایا یا یقین رکھنے والا تو وہ کہے گا کہ یہ اللہ تعالیٰ کے رسول محمد مصطفیٰ ﷺ ہیں جو ہمارے پاس نشانیاں اور ہدایت لے کر آئے تو ہم نے ان کی بات مانی اور ان کی پیروی کی، تین دفعہ کہے گا کہ یہ محمد مصطفیٰ ہیں کہا جائے گا کہ مزے سے سو جا ہمیں معلوم تھا کہ تو ان پر یقین رکھنے والا ہے۔ جو منافق یا شک کرنے والا ہوگا۔ مجھے نہیں معلوم کہ حضرت اسماء نے دونوں میں سے کون سا فرمایا، وہ کہے گا کہ نہیں جانتا، لوگوں کو جو کچھ کہتے ہوئے میں سنتا تو وہی کہہ دیتا۔

**فائدہ:**

اس حدیث پاک میں بھی حضور ﷺ کو جو اللہ تعالیٰ نے علوم عطا فرمائے ہیں ان کا بیان ہے اور آپ ﷺ نے فرمایا میں نے ہر چیز یہاں پر دیکھ لی ہے۔

Marfat.com

# مرویات

# حضرت عبید اللہ بن عبد اللہ رضی اللہ عنہما

## حضرت عبید اللہ بن عبد اللہ رضی اللہ عنہما کی روایت سے علم غیب کا ثبوت

Marfat.com

# حدیث نمبر 101

عبیداللہ بن عبداللہ فواللہ ماعلمت فی اھلی الا خیراً وقد ذکرو رجلاً ماعلمت علیہ الا خیرًا۔ (رواہ البخاری فی کتاب الشہادات)

ترجمہ:

خدا کی قسم میں اپنی بیوی میں بھلائی کے سوااور کچھ نہیں دیکھتا اور جس آدمی کا ذکر کرتے ہیں۔ میں اس میں بھی بھلائی ہی دیکھتا ہوں۔

فائدہ:

یہ حدیث کا کچھ حصہ لکھا گیا ہے۔ جو لوگ کہتے ہیں کہ حضور ﷺ کو حضرت عائشہ صدیقہ کے بارے میں علم نہیں تھا اگر علم ہوتا تو اتنا پریشان کیوں ہوتے۔ ان کا کہنا غلط ہے اور حقیقت کے خلاف ہے۔ حالانکہ یہ جو اوپر الفاظ ہم نے بخاری شریف سے نقل کیے ہیں کہ آپ ﷺ نے فرمایا:

خدا کی قسم میں اپنی بیوی میں بھلائی کے سوا کچھ نہیں دیکھتا۔ یہاں آپ نے قسم اٹھائی ہے سوائے بھلائی کے اور کچھ نہیں دیکھتا۔ اب جو کہے آپ کو علم نہیں تھا۔ اس کا یہ کہنا حدیث کے خلاف ہے اور حضور ﷺ کی مخالفت ہے اور آپ ﷺ کی بے ادبی ہے۔ اللہ تعالیٰ آپ ﷺ کی بے ادبی سے بچائے اور آپ کی محبت نصیب فرمائے۔

(آمین)

Marfat.com

# مرویات

# حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ

## حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ کی روایات سے علم غیب کا ثبوت

Marfat.com

# حدیث نمبر 102

حدثنا ابو احمد حدثنا محمد بن یحی ابو غسان الکنانی اخبرنا مالك عن نافع عن ابن عمر قال لما فدع اهل خیبر عبدالله بن عمر قام عمر خطیباً فقال ان رسول الله ﷺ کان عامل یهود خیبر علٰی اموالهم وقال نقرکم ما اقرّکم الله وان عبدالله بن عمر خرج الٰی مالهٖ هناك فعدی الیه من اللیل ففدعت یداه ورجلاه ولیس لنا هناك عدو غیرهم عدونا تهمتنا وقد رایت اجلائهم فلما اجمع عمر علٰی ذٰلك اتاه احد بنی ابی الحقیق فقال یا امیر المؤمنین اتخرجنا وقد اقرنا محمد ﷺ وعاملنا علی الاموال وشرط ذٰلك لنا فقال عمر اظننت انی نسیت قول رسول الله ﷺ کیف بك اذا اُخرجت من خیبر تعدو بك قلوصك لیلة بعد لیلة فقال کانت هٰذهٖ هزیلة من ابی القٰسم قال کذبت یاعدوّالله فاجلاهم عمرواعطاهم قیمة ما کان لهم من الثمر مالا وابلا وعدوضاً من اقتاب وّحبال وغیر ذٰلك رواه حمّاد بن سلمة عن عبید الله احسبهٗ عن نافع عن ابن عمر عن عمر عن النبی ﷺ اختصرهٗ۔ (رواہ البخاری فی کتاب الشروط)

ترجمہ:

ابن عمر رضی اللہ تعالٰی عنہ سے روایت ہے کہ جب اہل خیبر نے حضرت عبداللہ

Marfat.com

بن عمر کے ہاتھ پاؤں مروڑ ڈالے۔ تو حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ خطبہ دینے کے لیے کھڑے ہوئے اور فرمایا کہ بیشک رسول اللہ ﷺ نے خیبر کے یہودیوں سے ان کے اموال کے بارے میں ایک معاہدہ کیا تھا اور فرمایا تھا کہ ہم تمہیں ان (اموال) پر قائم رکھیں گے، جب تک اللہ تعالیٰ تمہیں اس (معاہدے) پر قائم رکھے گا۔ اور عبداللہ بن عمر تو اپنی اس زمین پر گئے تھے جو وہاں (خیبر کے نزدیک) تھی تو رات میں ان پر یہ ستم ڈھایا گیا کہ ان کے دونوں ہاتھ اور دونوں پاؤں مروڑ دیئے گئے اور وہاں یہودیوں کے سوا اور کوئی ہمارا دشمن نہیں ہے۔

جس پر شبہ کریں لہٰذا میں انہیں جلا وطن کرنا چاہتا ہوں، جب حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اس بات کا مصمم ارادہ کر لیا تو ابو حقیق یہودی کے خاندان سے کوئی شخص آپ کی خدمت میں حاضر ہو کر عرض گزار ہوا...... اے امیر المؤمنین آپ ہمیں کیوں نکال رہے ہیں۔ جبکہ حضرت محمد ﷺ نے ہمیں برقرار رکھا تھا۔ اور یہاں کی زمینوں کے بارے میں ہم سے معاہدہ کیا تھا اور یہ (زمینوں پر رہنے دینا) ہمارے لیے شرط تھی اس پر حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا:

کیا تمہارا یہ گمان ہے کہ میں رسول اللہ ﷺ کا وہ ارشاد گرامی بھول گیا ہوں۔ جبکہ انہوں نے تم سے فرمایا تھا کہ اس وقت تیرا کیا حال ہوگا جب تو خیبر سے نکالا جائے گا اور تیرا اونٹ تجھے لیے ہوئے راتوں کو مارا مارا پھرے گا، وہ کہنے لگا یہ تو ابوالقاسم (رسول خدا) نے ازراہ مذاق کہا تھا۔ فرمایا اے خدا کے دشمن! تم نے غلط بیانی کی ہے پھر حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے انہیں جلا وطن کر دیا۔ اور ان کے میوہ جات، اونٹوں، آلات، زراعت، عماریوں اور رسیوں وغیرہ چیزوں کی قیمت ادا کر دی

Marfat.com

گئی۔اس کی حماد بن سلمہ نے عبیداللہ سے بھی روایت کی ہے۔میرا خیال ہے کہ انہوں نے نافع سے، انہوں نے ابن عمر سے، انہوں نے حضرت عمر سے، انہوں نے نبی کریم ﷺ سے اختصار کے ساتھ اس کی روایت کی ہے۔

**فائدہ:**

اس حدیث میں رسول اللہ ﷺ کا ایک ارشاد گرامی حضرت فاروق اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے ابوحقیق یہودی کے خاندان کے ایک فرد سے بیان کیا جبکہ اس نے کہا تھا کہ اے امیرالمؤمنین......آپ ہمیں کیوں جلاوطن کرتے ہیں۔ جبکہ محمد مصطفیٰ ﷺ نے ہمارے ساتھ معاہدہ کر کے ہمیں ان زمینوں پر ہمیشہ کے لیے برقرار رکھا تھا۔اس وقت حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اس سے فرمایا کہ اے خدا کے دشمن! تو جھوٹ بولتا ہے کیا میں بھول گیا ہوں جبکہ رسول اللہ ﷺ نے تجھ سے فرمایا تھا۔اس وقت تیرا کیا حال ہوگا۔جب تجھے خیبر سے نکالا جائے گا اور تیرا اونٹ تجھے لے کر راتوں کو مارا مارا پھرے گا۔

رسول اللہ ﷺ نے اس یہودی سے یہ فتح خیبر کے بعد ے ہ فرمایا اور انہیں عہد فاروقی میں جلاوطن کیا گیا۔رحمت دو عالم ﷺ کی پیشگوئی علوم خمسہ سے علم ماذاتکسب غدًا کے متعلق ہے کہ کتنے عرصے پہلے اس شخص کے جلاوطن ہونے اور دربدر پھرنے کی آپ نے خبر دے دی تھی۔معلوم ہوا کہ علوم خمسہ کا آپ کو علم عطا فرمایا گیا تھا۔بلکہ آپ کے طفیل اس بارگاہ کے غلاموں کو بھی ان علوم کا اعلیٰ قدر مراتب حصہ ملتا ہے۔قرآن وحدیث سے ایسا ہی ثابت ہے۔جو یہ عقیدہ رکھے کہ علوم خمسہ کا علم اللہ

Marfat.com

تعالیٰ مطلقاً کسی کو بھی نہیں دیتا وہ اللہ رب العزت پر بہتان لگاتا ہے۔

واللہ تعالیٰ اعلم

# حدیث نمبر 103

حدثنا عبدالله بن محمد حدثنا هشام اخبرنا معمر عن الزّهرىّ اخبرنى سالم ابن عبدالله عن ابن عمر رضى الله عنهما انّهٗ اخبرهٗ انّه عمر انطلق فى رهطٍ من اصحاب النبىّ ﷺ مع النبى ﷺ قبل ابن صيّاد حتى وجدوه يلعب مع الغلمان عند اطم بنى مغالة وقد قارب يومئذٍ ابن صيّاد يحتلم فلم يشعر حتى وجدوه يلعب ضرب النبىّ ﷺ ظهرهٗ بيدهٖ ثم قال النبىّ ﷺ اتشهد انّى رسولُ الله ﷺ فنظر اليه ابن صيّاد فقال اشهد انّك رسول الاميّين فقال ابن صيّاد للنبىّ ﷺ اتشهد انى رسول الله فقال له النبىّ ﷺ ماذا ترى قال ابن صيّاد يّاتينى صادق وكاذب قال النبىّ ﷺ خلّط عليك الامر قال النبىّ ﷺ انّى قد خبأت لك خبيط قال ابن صيّاد هوا الدّخ قال النبىّ ﷺ اخسأُ فلن تعدو قدرك قال عمر يارسول الله ئذن لى فيه اضرب عنقهٗ قال النبىّ ﷺ ان يكنه فلن تسلّط عليه وان لم يكنه فلا خيرك فى قتلهٖ قال ابن عمر انطلق النبىّ ﷺ وابىّ ابن كعب ياتيان النّخل الّذى فيه ابن صيّادٍ حتى اذا دخل النّخل طفق النبىّ ﷺ يتّقىٰ بجدوع النّخل وهو يختل ان يّسمع من ابن صيّاد شيئًا قبل ان يّراه وابن صيّاد مضطجع علىٰ فداشهٖ فى قطيفةٍ لهٗ فيها رمزة

Marfat.com

فدات امّ ابن صیّاد النبیّ ﷺ وھو یتّقی بجذوع النّخل فقالت لابن صیّاد ایّ صاف وھو اسمۂ فثار ابن صیّادٍ فقال النبیّ ﷺ لو ترکتہٗ بین وقال سالم قال ابن عمر ثم قام النبیّ ﷺ فی الناس فاثنٰی علی اللہ بما ھو اھلہٗ ثم ذکر الدّجال فقال انّی انزرکموہ وما من نبی الا قد انذرہٗ قومہٗ لقد انذرہٗ نوح قومہٗ ولکن ساقول لکم فیہ قولا لم یقلہ نبیّ لقومہٖ تعلمون انّہ اعور وانّ اللہ لیس باعور۔ (رواہ البخاری فی کتاب الجہاد والسیَر)

ترجمہ:

حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت عمر شمع رسالت کے کئی اور پروانوں رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین کے ساتھ نبی کریم ﷺ کی خدمت معیت میں ابن صیاد کی جانب روانہ ہوئے، یہاں تک کہ اسے بنو مغالہ کے ٹیلوں کے پاس بچوں کے ساتھ کھیلتے ہوئے پایا۔ حالانکہ وہ بچہ نہیں تھا بلکہ بالغ ہو چکا تھا اس نے کسی کو نہیں پہچانا یہاں تک کہ رسول اللہ ﷺ نے اپنے دست مبارک سے اس کی پیٹھ بھی ٹھونکی، پھر رسول اللہ ﷺ نے اسے فرمایا کیا تو اس بات کی گواہی دیتا ہے کہ میں اللہ کا رسول ہوں، ابن صیاد نے آپ کی طرف دیکھا اور کہنے لگا کہ میں گواہی دیتا ہوں کہ واقعی آپ امیوں کے رسول ہیں۔ پھر ابن صیاد نے نبی کریم سے کہا: کیا آپ گواہی دیتے ہیں کہ میں اللہ کا رسول ہوں۔ نبی کریم نے اس سے فرمایا:

میں تو اللہ تعالیٰ پر اور اس کے رسولوں پر یمان لایا ہوں۔ پھر نبی کریم نے اس سے دریافت فرمایا: تجھے کیا نظر آتا ہے؟ وہ کہنے لگا، میرے پاس سچی خبر بھی آتی ہے اور

Marfat.com

جھوٹی بھی، نبی کریم نے ارشاد فرمایا:

پھر تو تیرا کام خلط ملط ہو گیا بعدہ نبی کریم نے فرمایا میں تیرے لیے ایک بات اپنے دل میں چھپاتا ہوں، وہ بتا، ابن صیاد نے جواب دیا وہ الرخ ہے، نبی کریم نے فرمایا پرے جاؤ تم اپنی حد (کاہن) والی سے نہیں بڑھ سکتے۔ حضرت عمر عرض گزار ہوئے یارسول اللہ ﷺ اجازت مرحمت فرمائیے کہ اس کی گردن اتار کر رکھ دوں۔

نبی کریم نے فرمایا:

اگر یہ دجّال ہے تو تم اس پر قابو نہیں پا سکتے اور اگر دجّال نہیں ہے تو اس کے قتل میں تمہارے لیے بھلائی نہیں ہے۔ حضرت ابن عمر فرماتے ہیں نبی کریم اور حضرت ابی بن کعب دونوں اس باغ میں گئے جس میں ابن صیاد تھا یہاں تک کہ باغ میں داخل ہوئے تو نبی کریم درختوں کے تنوں کی آڑ لینے لگے اور آپ ابن صیاد کو بے خبر رکھنا چاہتے تھے، تاکہ اس کی کوئی بات سن سکیں اس سے پہلے کہ وہ آپ کو دیکھے، ابن صیاد اپنے بستر پر چادر اوڑھ کر لیٹا ہوا تھا اور ایک گنگناہٹ سی سنی جاتی تھی تو ابن صیاد کی والدہ نے نبی کریم کو دیکھ لیا جبکہ آپ کھجوروں کی آڑ میں چھپے ہوئے تھے اس کی والدہ نے ابن صیاد سے کہا، اے صاف اور یہ اس کا نام تھا، پس ابن صیاد اٹھ بیٹھا، پس نبی کریم نے فرمایا:

اگر یہ عورت اسے اس کے حال پر چھوڑے رہتی تو صورت حال سامنے آجاتی سالم کہتے ہیں کہ حضرت ابن عمر نے فرمایا کہ پھر نبی کریم لوگوں کے درمیان کھڑے ہوئے تو پہلے اللہ تعالیٰ کی حمد وثنا بیان کی جو اس کی شان کے لائق ہے، پھر آپ نے دجّال کا ذکر کرتے ہوئے فرمایا، میں تمہیں دجّال سے ڈراتا ہوں، اور کوئی نبی ایسا نہیں جس نے اپنی قوم کو اس سے ڈرایا نہ ہو، بے شک حضرت نوح علیہ السلام نے بھی اپنی قوم

Marfat.com

کواس سے ڈرایا، لیکن میں اس کے متعلق تم سے ایسی بات بھی کہتا ہوں جو کسی نے نہیں فرمائی وہ یہ جان لو کہ دجّال کانا ہوگا اللہ تعالیٰ یک چشم نہیں ہے۔

**فائدہ:**

نبی کریم ﷺ نے ابن صیاد سے فرمایا جو نبوت کا مدعی بھی تھا کہ میں تیرے لیے اپنے دل میں ایک بات چھپاتا ہوں، اسے بتانا کہ کیا بات چھپائی ہے؟ معلوم ہوا کہ جو نبی ہو وہ دل کی بات جان لیتا ہے اور جو دل کی بات نہ جان سکے وہ نبی نہیں ہوتا۔ جو نبی کے متعلق یہ کہے کہ وہ دل کی بات نہیں جان سکتے وہ گویا یہی کہہ رہا ہے کہ وہ سرے سے نبی ہی نہیں ہے۔ اگر دل کی بات جاننا نبی کے لیے ضروری نہ ہوتا اور نبی کی نظر دل کی کائنات تک نہ پہنچتی تو ابن صیاد کہہ سکتا تھا کہ حضور! دل کی بات جاننا نبوت کے لوازمات سے تو نہیں، میرا اگر امتحان ہی لینا ہے تو کوئی مسئلہ پوچھ لو، میں تو بھلے برے کاموں کے متعلق بتا سکتا ہوں، باقی رہا دلوں کی چھپی باتیں جاننا تو ایسا نظریہ رکھنے کو تو خود آپ کے بعض اُمتی کسی روز شرک بتائیں گے۔ ان کے اسلام کی رو سے تو آپ کا یہ امتحانی سوال ہی مشرکانہ اور غیر اسلامی ہے، لیکن اس نے ایسا ہرگز نہیں کہا کیونکہ وہ بھی جانتا تھا کہ نبی کی نگاہیں دلوں کی دنیا تک پہنچ جاتی ہیں۔ واللہ تعالیٰ اعلم

## حدیث نمبر 104

حدثنی محمد بن المثنیٰ قال حدثنا حسین بن الحسن قال حدثنا بن عون عن نافع عن ابن عمر قال اللهم بارك لنا فی شامنا وفی یمننا قال قالوا وفی نجدنا قال قال اللهم بارك لنا فی شامنا وفی یمننا

Marfat.com

**قالوا وفی نجدنا قال هنالك الذلا زل والفتن وبها يطلع قدن الشيطن۔**

(رواہ البخاری فی کتاب ابواب الا الستقاء)

ترجمہ:

محمد بن مثنی، حسین بن حسن، ابن عون، نافع، حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے کہا اے اللہ! ہمیں ہمارے شام میں برکت دے اور ہمارے یمن میں۔ لوگ عرض گزار ہوئے، اور ہمارے نجد میں۔ دوبارہ کہا، اے اللہ! ہمیں ہمارے شام میں برکت دے اور ہمارے یمن میں۔ لوگ پھر عرض گزار ہوئے اور ہمارے نجد میں۔ فرمایا: کہ وہاں تو زلزلے اور فتنے ہیں اور شیطان کا گروہ وہیں سے نکلے گا۔

فائدہ:

اس حدیث سے معلوم ہو رہا ہے کہ شام اور یمن کے صوبے بابرکت تھے۔ جن میں مزید برکت کے لیے رسول اللہ ﷺ نے دعا بھی فرمائی، اور نجد کا صوبہ منحوس ہے۔ جس کو آپ نے دعائے برکت سے محروم رکھا۔ نبی کریم ﷺ نے اس کی نحوست کی تین وجوہات بیان فرمائیں۔

(۱) زلزلے آنا (۲) فتنے اٹھنا

(۳) وہاں سے شیطان کی سنگت کا نکلنا

نگاہ مصطفیٰ نے ان کی یہ تینوں خرابیاں قبل از وقت دیکھ لی تھیں۔ اور پہلے ہی یہ ملاحظہ فرمالیا تھا۔ کہ شیطان جیسی توحید کے علمبردار یہیں سے نکلیں گے۔ جو انبیائے کرام کے

Marfat.com

گستاخ بن کر شیطان کی طرح بڑے ذوق وشوق سے لعنت کے طوق زیب گلو کریں گے۔ان نحوستوں کے باعث یزید اور یزیدیت کی طرح نجد اور نجدیت کے الفاظ بھی مسلمانوں میں گالی کے مترادف ہو کر رہ گے ہیں۔شیطان والی تاحید کی علمبرداری اور انبیائے کرام کے خداداد علوم واختیارات کا انکار تنقیص آمیز لہجے میں کرنا ان لوگوں کا طرۂ امتیاز ہے۔خدائے ذوالمنن سب مسلمانوں کو سچی ہدایت نصیب فرمائے۔

آمین ثم آمین

# حدیث نمبر 105

حدثنا علیّ بن عبدالله حدثنا ازهربن سعد عن ابن عون عن نافع عن ابن عمر قال ذكر النّبیّ ﷺ اللّٰهم بارك لنا فی شامنا،اللّٰهم بارك لنا یمننا،قالوا وفی نجدنا قال اللّٰهمّ بارك لنا فی شامنا اللّٰهم بارك لنا فی یمننا قالوا یارسول الله وفی نجدنا،فاظنّهٗ قال فی الثالثة هناك الزّلازل والفتن وبها یطلع قرن الشیطان۔

(رواہ البخاری فی کتاب الفتن)

ترجمہ:

نافع نے حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت کی کہ نبی کریم ﷺ نے دعا کی:اے اللہ!ہمیں ہمارے شام میں برکت دے،اے اللہ! ہمیں ہمارے یمن میں برکت دے،لوگ عرض گزار ہوئے کہ ہمارے نجد میں بھی،آپ نے دعا کی اے اللہ! ہمیں ہمارے شام میں برکت دے،اے اللہ!ہمیں ہمارے یمن میں برکت

Marfat.com

دے، لوگ عرض گزار ہوئے کہ یا رسول اللہ! ہمارے نجد میں بھی، میرا خیال ہے کہ آپ نے تیسری مرتبہ فرمایا: وہاں زلزلے اور فتنے ہوں گے اور شیطان کا سینگ (وہابیت) وہیں سے نکلے گا۔

فائدہ:

نجد بھی حجاز مقدس کا ایک علاقہ ہے جیسے شام اور یمن رسول اللہ ﷺ نے ایک دفعہ شام اور یمن کے لیے دعائے برکت تین دفعہ فرمائی، ہر دفعہ نجد کے لیے بھی دعائے برکت کے لیے عرض کی گئی، لیکن آپ نے دعا نہ کی اور تیسری دفعہ کی گزارش کے جواب میں دعا نہ کرنے کی وجہ بیان کرتے ہوئے فرمایا کہ وہاں زلزلے اور فتنے ہیں اور شیطان کی سنگت وہیں سے نکلے گی یا شیطان کا سینگ وہیں سے نکلے گا۔

## حدیث نمبر 106

حدثنا یحییٰ بن سلیمان قال اخبرنی ابن وھب قال حدثنی عمرو بن محمد انّ اباہ حدثه عن ابن عمر قال کنّا نتحدّث بحجّة الوداع والنّبیّ ﷺ بین اظھرِ نا ولا ندری ماحجّة الوداع فحمد الله واثنی علیه ثم ذکر المسیح الدجال فاطنب فی ذکرہ وقال مابعث الله من نبیّ الا انذر امّتهٗ انذرہ نوح وّالنّبیّون من بعدہٖ وانّهٗ یخرج فیکم فما خفی علیکم من شانهٖ فلیس یخفٰی علیکم ان ربکم لیس علٰی مایخفٰی علیکم ثلاثا انّ ربّکم لیس باعور وانّهٗ عین الیمنٰی کانّ عینهٗ عنبة طافیة الا انّ الله حرم علیکم دمائکم واموالکم کحرمة یومکم ھذا فی بلدکم ھذا

Marfat.com

**فی شہر کم ھذا الا ھل بلغت قالوا نعم قال اللّٰھم اشھد ثلٰث وّیلکم او ویحکم انظرو لا ترجعوا بعدی کفّارًا یضرب بعضکم رقاب بعض۔** (رواہ البخاری فی کتاب المغازی)

ترجمہ:

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ ہم حجۃ الوداع کا ذکر کر رہے تھے اور نبی کریم ﷺ ہمارے پیچھے کھڑے تھے اور ہم حجۃ الوداع کے متعلق کچھ بھی نہیں جانتے تھے۔ پس آپ نے اللہ تعالیٰ کی حمد وثنا بیان کی اور اس کے بعد مسیح دجال کا ذکر فرمایا، اور تفصیلاً ذکر فرمایا۔ یہ بھی فرمایا کہ کوئی نبی ایسا نہیں جس نے اپنی امت کو اس سے نہ ڈرایا ہو، خواہ وہ حضرت نوح ہوں یا ان کے بعد والے انبیائے کرام، وہ تم میں ضرور آئے گا تم پر اس کی نشانیاں پوشیدہ نہیں ہیں۔

آپ نے تین مرتبہ فرمایا کہ تمہارا رب کانا نہیں ہے، جبکہ وہ داہنی آنکھ سے کانا ہوگا، اور اس کی وہ آنکھ پھولے ہوئے انگور کی طرح ہوگی۔ خبردار ہو جاؤ، کہ اللہ تعالیٰ نے تمہارے اوپر تمہارے خون اور مال اسی طرح حرام فرمائے ہیں جیسے اس دن کو، اس شہر کو اور اس مہینے کو حرام فرمایا ہے۔ کیا میں تمہیں اللہ تعالیٰ کے احکام پہنچا چکا؟ لوگوں نے جواب دیا، ہاں، کہا اے اللہ! گواہ رہنا یہ تین مرتبہ کہا، پھر فرمایا:

ایسے کام نہ کرنا جن کا انجام خرابی یا افسوس ہو، دیکھو میرے بعد کافر نہ ہو جانا کہ ایک دوسرے کی گردن اتارنے لگ جاؤ۔

Marfat.com

**فائدہ:**

اس حدیث پاک میں بھی حضور نبی اکرم ﷺ کے علم غیب کا بیان ہے کہ آپ ﷺ نے کئی بعد میں ہونے والی چیزوں کا ذکر فرمایا، جیسا کہ دجّال کا ذکر کیا اور اس کے بارے میں فرمایا کہ وہ ایک آنکھ سے کانا ہوگا، حالانکہ وہ قرب قیامت میں ہوگا، یہ سب پیارے آقا ﷺ کا علم غیب ہے جو اللہ تعالیٰ نے آپ ﷺ کو عطا فرمایا ہے۔

# حدیث نمبر 107

حدثنا مقدّم بن محمد قال حدثنی عمی القٰسم بن یحیٰی عن عبیدالله عن نّافع عن ابن عمرَ عن رسول الله ﷺ انّهٗ قال انّ الله یقبض یوم القیٰمة الارضَ وتکون السّمٰوٰت بیمینهٖ ثم یقول انا الملك رواه سعید عن مالك وّقال عمر بن حمزة سمعت سالمًا سمعت ابن عمر عن النّبیّ ﷺ بهٰذا وقال ابوالیمان اخبرنا شعیب عن الزّهریّ اخبرنی ابوسلمة انّ ابا هریرة قال.قال رسول الله ﷺ یقبض الله الارض۔

(رواہ البخاری فی کتاب التوحید)

**ترجمہ:**

نافع نے حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:

Marfat.com

قیامت کے روز اللہ تعالیٰ زمین کو مٹھی میں لے لے گا اور آسمانوں کو اپنے دائیں ہاتھ میں، پھر فرمائے گا کہ بادشاہ میں ہوں، عمر بن حمزہ، سالم، حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے نبی کریم ﷺ سے اسی طرح روایت کی ہے۔ ابوالیمان، شعیب، زہری، ابوسلمہ، حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: اللہ تعالیٰ زمین کو مٹھی میں لے گا۔

فائدہ:

اس حدیث پاک میں بھی حضور نبی اکرم ﷺ کے وسیع علم غیب کا بیان ہے کہ آپ ﷺ نے قیامت کے بارے میں فرماتے ہوئے اس بات کی خبر دی کہ اللہ تعالیٰ قیامت کے دن زمین کو مٹھی میں لے لے گا، حالانکہ یہ سب کچھ بعد میں ہونے والا ہے۔ لیکن حضور ﷺ نے پہلے ہی بیان فرما دیا ہے۔

جب تک بکے نہ تھے کوئی پوچھتا نہ تھا

یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم آپ نے خرید کر ہمیں انمول کر دیا

Marfat.com

# روایت

# حضرت جابر رضی اللہ عنہ

## حضرت جابر رضی اللہ عنہ کی روایت سے علم غیب کا ثبوت

Marfat.com

# حدیث نمبر 108

حدثنا صدقة بن الفضل قال اخبر نا ابن عيينة قال سمعت محمد بن المنكرر انه سمع جابراً يقول جئ بابي الى النبى ﷺ وقد مثل به ووضع بين يديه فذهبت اكشف عن وجهه فنهانى قومى فسمع صوت صائحة فقيل ابنة عمرا اواخت عمر فقال لم تبكى اولا تبكى مازالت الملئكة تظلّهٗ باجنحتها قلت لصدقة افيه حتى رفع قال ربما قالهٗ۔ (رواہ البخاری فی کتاب الجہاد والسیر)

ترجمہ:

حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو یہ فرماتے ہوئے سنا گیا کہ میرے والد محترم کو نبی کریم ﷺ کی بارگاہ میں پیش کیا گیا۔ جن کا مثلہ کر دیا گیا تھا۔ وہ آپ کے سامنے رکھ دیئے گئے۔ میں آگے بڑھ کر ان کا چہرہ دیکھنے لگا تو میری قوم نے مجھے منع کیا، اس کے بعد رونے کی آواز سنی گئی تو بتایا گیا کہ یہ عمرو کی بیٹی یا بہن ہے آپ نے، ارشاد فرمایا کہ تم کیوں روتی ہو حالانکہ فرشتے تو ان پر اپنے پروں سے سایہ کر رہے ہیں۔ (امام بخاری) نے جناب صدقہ سے پوچھا کہ اس روایت میں کیا حتّٰی رفع بھی ہے۔ فرمایا کبھی کبھی (حضرت جابر) یہ بھی فرمایا کرتے تھے۔

Marfat.com

**فائدہ:**

اس حدیث پاک میں بھی حضور ﷺ کے علم غیب اور غیب کی چیزوں کو دیکھنے والی نگاہ نبوت کا بیان ہے کہ آپ ﷺ نے حضرت جابر کے والد کے بارے میں فرمایا کہ ان پر فرشتے اپنے پروں سے سایہ کر رہے ہیں۔ حالانکہ فرشتے غیب ہیں۔ لیکن آپ ﷺ اپنی نگاہ نبوت سے انہیں دیکھ رہے ہیں، معلوم ہوتا ہے حضور ﷺ اپنی نگاہ نبوت سے سب غیب کی چیزیں دیکھتے ہیں جن چیزوں کو عام لوگ نہیں دیکھ سکتے۔ معلوم ہوتا ہے کہ اللہ تعالیٰ نے آپ ﷺ کو غیب کی چیزوں کو دیکھنے والی نگاہ عطا فرمائی ہے۔ اس لیے تو آپ نگاہ نبوت سے غیب کی چیزیں دیکھتے ہیں اللہ تعالیٰ آپ ﷺ کی عظمت کو ماننے کی توفیق عطا فرمائے۔ (آمین ثم آمین)

یارسول اللہ صلی اللہ علیک وسلم

آپ کی شان پہ جان بھی

قربان ہے

Marfat.com

مرویات

# حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ کی روایات سے علم غیب کا ثبوت

Marfat.com

# حدیث نمبر 109

حدثنا عبدالله بن محمد حدثنا سفیان عن عمر وسمع جابرا عن ابی سعید الخدری عن النبی ﷺ قال یأتی زمان یغزو الثام من الناس فیقال فیکم من صحب النبی ﷺ فیقال نعم فیفتح علیه ثم یأتی زمان فیقال فیکم من صحب اصحاب النبی ﷺ فیقال نعم فیفتح ثم یأتی زمان فیقال فیکم من صحب صاحب اصحاب النبی ﷺ فیقال نعم فیفتح۔ (رواہ البخاری فی کتاب الجہاد والسیر)

ترجمہ:

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ تعالیٰ عنہ راوی ہیں کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا: کہ ایک ایسا وقت آئے گا۔ جب لوگ فوج درفوج ہوکر جہاد کریں گے ان سے پوچھا جائے گا کہ کیا تمہارے درمیان کوئی ایسا شخص ہے جس نے نبی کریم ﷺ کی صحبت کا شرف حاصل کیا ہو؟ جواب اثبات میں ہوگا۔

پس وہ دشمنوں پر فتح پائیں گے۔ پھر ایک وقت ایسا آئے گا جب لوگوں سے پوچھا جائے گا کہ کیا تم میں کوئی ایسا آدمی ہے جس نے نبی کریم ﷺ کے اصحاب کی صحبت اٹھائی ہو، جب انہیں بھی اثبات میں جواب ملے گا تو یہ بھی فتح یاب ہوں گے۔ پھر ایک ایسا زمانہ آئے گا جب پوچھا جائے گا کہ کیا تمہارے ساتھ کوئی ایسا شخص ہے جس نے

Marfat.com

اصحاب رسول عربی ﷺ کی صحبت اختیار کرنے والوں کی صحبت اٹھائی ہو؟ کہا جائے گا ہاں! پس یہ بھی فتح یاب ہوں گے۔

**فائدہ:**

اس حدیث پاک میں بھی آپ ﷺ کے علم غیب کا بیان ہے۔آپ ﷺ نے آنے والے وقت کے بارے میں بیان فرمایا ہے۔اور کچھ حالات بھی بیان فرمائے، جیسا کہ اوپر حدیث میں موجود ہے۔

## حدیث نمبر 110

**حدثنا قتيبة ابن سعيد حدثنا سفيان عن عمر وعن جابر عن ابى سعيد رضى الله عنه عن النبى ﷺ قال ياتى على الناس زمان يغزون فيقال فيكم من صحب الرسول ﷺ فيقولون نعم فيفتح عليه ثم يغزون فيقال لهم هل فيكم من صحب من صحب الرسول ﷺ فيقولون نعم فيفتح لهم۔** (رواہ البخاری فی کتاب الانبیاء)

**ترجمہ:**

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا: لوگوں پر ایسا وقت بھی آئے گا کہ جب وہ جہاد کریں گے تو ان سے پوچھا جائے گا کہ کیا تم میں کوئی ایسا شخص بھی ہے جس نے رسول اللہ ﷺ کی صحبت کا شرف حاصل کیا ہو؟ جواب دیں گے...... ہاں...... پس وہ دشمن پر فتح پائیں گے، پھر وہ جہاد کریں گے تو ان سے پوچھا جائے گا کہ کیا تم میں کوئی ایسا شخص بھی ہے جو رسول اللہ ﷺ کے کسی صحابی

Marfat.com

کی صحبت سے مشرف ہوا ہو؟ وہ اثبات میں جواب دیں گے تو انہیں بھی فتح سے نوازا جائے گا۔

فائدہ:

اس حدیث پاک میں بھی حضور ﷺ کے علم غیب کا بیان ہے۔ جو بعد میں سوال ہونا تھا۔ آپ ﷺ نے اس سوال کا اور جو اثبات میں جواب دیا جانا تھا اس کا ذکر فرمایا، نیز آپ ﷺ نے بعد میں پائی جانے والی فتح کا ذکر فرمایا، حالانکہ وہ فتح بھی ۹ کئی سال بعد میں ہونی تھی۔ یہ سب رسول کریم ﷺ کے علم غیب کا بلند و بالا مقام ہے۔ اور اللہ تعالیٰ نے آپ ﷺ کو بہت زیادہ علوم غیب عطا فرمائے ہیں۔

## حدیث نمبر 111

حدثنا ابو الیمان اخبرنا شعیب عن الذھری قال اخبرنی ابو سلمة بن عبدالرحمٰن ان ابا سعید الخدری رضی الله عنه قال بینما نحن عند رسول الله ﷺ وهو یقسم قسماً اتاه ذوالخویصرة وهو رجل من بنی تمیم فقال یارسول الله اعدل فقال ویلك ومن یعدل اذالم اعدل قد خبت وحسرت ان لم اكن اعدل فقال عمر یارسول الله ائذن لی فیه اضرب عنقهٗ فقال دعه فان له اصحاباً یحقر احدكم صلٰوتهٗ مع صلٰوتهم وصیامهٗ مع صیامهم یقرئون القرآن لایجاوز تراقیهم یمرقون من الدین كما یمرق السهم من الدّمیّة ینظر الٰی نصله فلا یوجد فیه شیء ثم ینظر الٰی رصافه فما یوجد فیه شیء ثم ینظر الٰی نضیّهٗ وهو قد حد فلا یوجد

Marfat.com

**فیه شیء ثم ینظر الٰی قزذہٖ فلا یوجد فیه شیء قد سبق الفرث والدّم ایتهم رجل اسود احدٰی عضدیه مثل ثری المراة او مثل البضعة تدردر ویخرجون علٰی حین فرقة من الناس قال ابو سعید فاشهد انی سمعت هٰذا الحدیث من رسول الله واشهد ان علی بن ابی طالب قاتلهم وانا معهٗ فامر بذالك الرّجل فالتمس فاتی بهٖ حتی نظرت الیه علٰی نعت النبی ﷺ الذی نعتهٗ۔**

(رواہ البخاری فی کتاب الانبیاء)

ترجمہ:

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم رسول اللہ ﷺ کی بارگاہ میں حاضر تھے اور آپ مال تقسیم فرما رہے تھے، پس بنی تمیم کا یک شخص ذوالخویصرہ نامی آیا اور کہنے لگا، یارسول اللہ! انصاف سے کام لو، آپ نے فرمایا، تیری خرابی ہو، اگر میں انصاف نہ کروں تو اور کون انصاف کرے گا؟ اگر میں انصاف نہ کروں تو ناکام و نامرادرہ جاؤں گا۔ حضرت عمر عرض گزار ہوئے یارسول اللہ!

اجازت مرحمت فرمائیے کہ میں اس کی گردن اڑا دوں، فرمایا: جانے دو کیونکہ اس کے اور بھی ساتھی ہیں تم اپنی نمازوں کو ان کی نمازوں کے مقابلے میں حقیر جانو گے اور اپنے روزوں کو ان کے روزوں کے بالمقابل، یہ قرآن بہت پڑھیں گے، لیکن وہ ان کے حلق سے نیچے نہیں اترے گا، یہ دین سے ایسے نکل جائیں گے جیسے شکار سے تیر نکل جاتا ہے۔ اگر اس کے پکڑنے کی جگہ کو دیکھا جائے تو کچھ نہیں ملے گا پھر اس کے پر کو

Marfat.com

دیکھا جائے تب بھی کچھ نہیں ملے گا۔اوران دونوں کے درمیان والی جگہ کو دیکھا جائے تب بھی کچھ نہ ملے گا۔حالانکہ وہ گندگی اور خون کے درمیان سے گزرا ہے،ان کی نشانی یہ ہے کہ ان میں ایک کالا آدمی ہوگا جس کا ایک بازو عورت کے پستان کی مانند یا گوشت کا لوتھڑا ہوگا جب لوگوں میں اختلافات پیدا ہو جائیں گے تو ان کا خروج ہوگا۔حضرت ابوسعید خدری فرماتے ہیں کہ میں شہادت دیتا ہوں کہ یہ حدیث خود میں نے رسول اللہ ﷺ سے سنی ہے اور میں گواہی دیتا ہوں کہ حضرت علی بن ابوطالب نے ان لوگوں سے جنگ کی ہے اور میں بھی لشکر اسلام کے ساتھ تھا۔حضرت علی نے اس آدمی کو تلاش کرنے کا حکم دیا۔جب اسے لایا گیا تو اس کے اندر وہ تمام نشانیاں دیکھیں جو آپ ﷺ نے بیان فرمائیں تھیں۔

**فائدہ:**

اس حدیث پاک میں بھی حضور نبی اکرم ﷺ کے علم غیب کا بیان ہے۔آپ ﷺ نے اس گستاخ کا ذکر کرتے ہوئے فرمایا۔اس کی طرح کے لوگ ہوں گے جو حضور اکرم ﷺ کے گستاخ ہوں گے۔اور آپ ﷺ نے فرمایا وہ نمازیں بڑی پڑھیں گے۔یہی آج دیکھا جارہا ہے کہ وہ لوگ نمازوں کے بڑے پابند ہیں،لیکن حضور نبی اکرم ﷺ کی عظمت کا انکار کرتے ہیں،یہ وہی لوگ ہیں جن کا حضور اکرم ﷺ نے اپنے علم غیب سے پہلے ہی ذکر فرمادیا۔

Marfat.com

# حدیث نمبر 112

حدثنا قتيبة حدثنا عبدالواحد عن عمارة بن القعقآع بن شبرمة حدثناعبدالرحمٰن بن ابی نعم قال سمعت ابا سعيد الخدریؓ يقول بعث علیّ بن ابی طالب رضی الله عنه الٰی رسول الله ﷺ من اليمن بذهيبة فی اديم مقدوظ لّم تحصّل من ترابها قال فقسمها بين اربعة نفر بين عيينة بن بدر واقرع بن حابس وّزيد الخيل والرّبع اما علقمة واما عامر بن الطفيل فقال رجل من اصحابهٖ كنّا نحن احقّ بهٰذا من هؤلآء فقال فبلغ ذٰلك النّبیّ ﷺ فقال الا تأمنونی وانا امين من فی السّمآء يأتينی خبر من فی السّمآء صباحًا وّمسآء قال فقام رجل غائد العينين مشرف الوجنتين ناشز الجبهة كث اللّحية محلوق الدّاس مشمّر الازار فقال يارسول الله اتّق الله قال ويلك اولست احق اهل الارض ان يّتّقی الله قال ثم ولّی الرّجل قال خالد بن الوليد يارسول الله الا اضرب عنقهٗ قال لا لعلهٗ ان يكون يصلی فقال خالد وكم من مصلی يقول بلسانهٖ ماليس فی قلبه قال رسول الله ﷺ انی لم اومر ان انقب قلوب النّاس ولا اشقّ بطونهم قال ثم نظر اليه وهو مقفّ فقال انّه يخرج من ضئضی هذا قوم يتلون كتاب الله طبًا لّا يجاوز حناجرهم يمرقون من الدّين كما يمرق السّهم من الرّميّة واظنّهٗ قال لئن ادركتهم لاقتلنّهم قتل ثمود۔

(رواہ البخاری فی کتاب المغازی)

Marfat.com

ترجمہ:

حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت علی نے یمن سے رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں چمڑے کے تھیلے میں بھر کر کچھ سونا بھیجا۔ جس سے ابھی مٹی صاف نہیں کی گئی تھی حضور نے وہ سونا چار (۴) آدمیوں میں تقسیم فرمادیا، یعنی عیینہ بن بدر، اقرع بن حابس، زید بن خیل اور چوتھے علقمہ یا عامر بن طفیل کے درمیان ،اس پر آپ کے اصحاب میں سے کسی نے کہا، ان لوگوں سے تو ہم زیادہ حق دار تھے۔ جب یہ بات نبی کریم ﷺ تک پہنچی تو آپ نے فرمایا۔ کیا تم مجھے امانتدار شمار نہیں کرتے حالانکہ آسمان والے کے نزدیک تو میں امین ہوں اس کی خبریں تو میرے پاس صبح و شام آتی رہتی ہیں۔

راوی کا بیان ہے کہ پھر ایک آدمی کھڑا ہو گیا، جس کی آنکھیں اندر کو دھنسی ہوئی تھیں۔ رخساروں کی ہڈیاں ابھری ہوئی تھیں اونچی پیشانی، گھنی داڑھی، سر منڈا ہوا اور اونچا تہبند باندھے ہوئے تھا، وہ کہنے لگا، اے اللہ کے رسول! خدا سے ڈرو...... آپ نے فرمایا...... تیری خرابی ہو، کیا میں خدا سے ڈرنے کا تمام اہل زمین سے زادہ مستحق نہیں ہوں؟ پھر وہ آدمی چلا گیا، حضرت خالد بن ولید عرض گزار ہوئے یارسول اللہ! کیا میں اس کی گردن اڑادوں۔ فرمایا: ایسا نہ کرو، شائد یہ نمازی ہو حضرت خالد عرض گزار ہوئے کہ ایسے نمازی بھی تو ہو سکتے ہیں کہ جو کچھ ان کی زبان پر ہے وہ دل میں نہیں ہوتا۔

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ مجھے یہ حکم نہیں دیا گیا کہ لوگوں کے دلوں میں نقب لگاؤں اور ان کے پیٹ چاک کروں۔ راوی کا بیان ہے کہ آپ نے پھر اس کی جانب

Marfat.com

توجہ فرمائی اور وہ پیٹھ پھیر کر جارہا تھا۔ اس وقت فرمایا کہ اس کی پشت سے ایسی قوم پیدا ہوگی، جو اللہ کی کتاب کو بڑے مزے سے پڑھے گی، لیکن قرآن کریم ان کے حلق سے نیچے نہیں اترے گا۔ دین سے اس طرح نکلے ہوئے ہوں گے، جیسے تیر شکار سے پار نکل جاتا ہے۔ میرا خیال ہے کہ آپ نے یہ بھی فرمایا تھا کہ اگر میں ان لوگوں کو پاؤں تو قوم ثمود کی طرح انہیں قتل کردوں۔

**فائدہ:**

اس حدیث پاک میں بھی حضور نبی اکرم ﷺ کے علم غیب کا بیان ہے۔ جب اس گستاخ نے آپ پر اعتراض کیا تو صحابہ نے اسے قتل کرنے کا ارادہ کیا تو آپ ﷺ نے فرمایا:

رہنے دو، اس کی پشت سے اس جیسے کئی منکر ہوں گے، جو قرآن بہت پڑھیں گے لیکن ان کے حلق سے نیچے نہیں اترے گا، وہ دین سے نکل جائیں گے جس طرح تیر شکار سے نکل جاتا ہے۔ بعد میں ہونے والے منکروں کا بیان فرمانا۔ یہ بھی تو آپ ﷺ کے علم غیب کا کرشمہ ہے۔ اور آپ ﷺ نے اپنی امت کو آگاہ فرمادیا تاکہ وہ ایسے منکروں سے اپنے آپ کو بچا کر رکھے۔ کہیں ان کے بہکانے سے بہک نہ جائیں۔ ان کے زیادہ قرآن پڑھنے کی وجہ سے کہیں ان کے دھوکے میں نہ آجائے، اللہ تعالیٰ ایسے منکروں سے امت مصطفیٰ ﷺ کو محفوظ فرمائے۔ (آمین ثم آمین)

Marfat.com

# حدیث نمبر 113

حدثنا موسی بن اسمٰعیل حدثنا عبدالواحد بن زیاد حدثنا الاعمش عن ابی صالح عن ابی سعید قال قال رسول الله ﷺ یجیء نوح وامتہٗ فیقول الله تعالٰی هل بلّغت فیقول نعم ای رب ثم یقول لامتہٖ هل بلّغلم فیقولون لا ماجآئنا من نبی فیقول لنوح مّن یّشهد لك فیقول محمد ﷺ وامّتہٗ فیشهد انّهٗ قد بلّغ وهو قوله جلّ ذکرهٗ وکذٰلك جعلنا کم امّة وسطا لّتکونوا شهدآء علی الناس والوسط العدل۔

(رواہ البخاری فی کتاب الانبیاء)

ترجمہ:

حضرت ابوسعید رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جب حضرت نوح علیہ السلام اپنی امت کو لے کر بارگاہ خداوندی میں حاضر ہونگے تو اللہ تعالیٰ دریافت فرمائے گا، کیا تم نے میرے احکام پہنچادیئے تھے؟ جواب دیں گے، ہاں اے رب! پھران کی امت سے پوچھا جائے گا، کیا تمہارے تک مرے احکام پہنچائے گئے؟ وہ جواب دیں گے کہ نہیں بلکہ ہمارے پاس تو کوئی نبی آیا ہی نہیں تھا۔

اللہ تعالیٰ حضرت نوح سے فرمائے گا کیا تمہاری گواہی دینے والا کوئی ہے؟ عرض کریں گے حضرت محمد ﷺ اوران کی امت گواہ ہے پس یہ گواہی دیں گے کہ انہوں نے احکام پہنچادیئے تھے اور یہی مطلب ہے اس ارشاد باری تعالیٰ کا: اور بات یوں ہے کہ ہم نے تمہیں سب امتوں میں افضل کیا تا کہ تم لوگوں پر گواہ ہو جاؤ۔

Marfat.com

(سورۃ البقرہ آیت نمبر ۱۴۳)

فائدہ:

اس حدیث پاک میں بھی حضور ﷺ کے علم غیب کا بیان ہے آپ ﷺ قیامت کے دن پہلی امتوں کی گواہی دیں گے۔ اس سے معلوم ہوتا ہے کہ اللہ تعالیٰ نے آپ ﷺ کو علم غیب عطا فرمایا ہے۔ سب پہلوں کا بھی اور بعد والوں کا بھی علم عطا فرمایا ہے۔ کیونکہ بغیر علم کے گواہی نہیں دی جا سکتی اور یہ جو امت کا ذکر ہے کہ پہلی امتوں کی امت بھی گواہی دے گی، یہ بھی حضور ﷺ کے علم کا کمال ہے کیونکہ امت نے آہ سے پہلی امتوں کے احوال سنے ہیں۔ یہ امت پہلی امتوں کی گواہی آپ سے سن کر دے گی، آپ ﷺ چشم دیدہ گواہی دیں گے۔

## حدیث نمبر 114

حدثنا محمد بن عبدالعزیز حدثنا ابو عمر حفص بن میسرة عن زید بن اسلم عن عطآء بن یسار عن ابی سعید الخدریؓ انّ اناسًا فی زمن النّبیّ ﷺ قالوا یارسول الله هل نرٰی ربّنا یوم القیٰمة قال النّبیّ ﷺ نعم هل تضآرون فی رویة الشمس بالظهیرة ضوء لّیس فیها سحاب قالوا لا قال وهل تضآرّون فی رویة القمر لیلة البدر ضوء لیس فیها سحاب قالوا لا قال النّبیّ ﷺ ما تضارّون فی رویة الله عزّ وجلّ یوم القیٰمة الا کماتضارّون فی رویة احدهما اذا کان یوم القیٰمة اذّن مؤذّن یتبع کل امّة ماکانت تعبد فلا یبقٰی من کان یعبد غیر الله من الاصنام

Marfat.com

والانصاب الا یستاقطون فی النّار حتی اذالم یبق الا من کان یعبدالله برّ او فاجر وغبّرات اهل الکتاب فیدعی الیهود فیقال لهم من کنتم تعبدون قالوا کنّا نعبد عزیر ابن الله فیقال لهم کذبتم ماالتخذ الله من صاحبة ولا ولد فما ذاتبغون فقالوا غطشنا ربّنا فاسقنا فیشار الا تردون فیحشرون الی النّار کانّها سراب یحطم بعضها بعضا فیتساقطون فی النّار ثم یدعی النّصارٰی فیقال لهم من کنتم تعبدون قالوا کنّا نعبد المسیح بن الله فیقال لهم کذبتم ماتخذ الله من صاحبة ولا ولد فیقال لهم ماذا تبغون فکذٰلك مثل الاوّل حتی اذا لم یبق الا من کان یعبد الله من برّ اوفاجر اتاهم ربّ العٰلمین فی ادنٰی صورة من التی راوه فیها فیقال ماذا تنتظرون تتبع کلّ امّة ماکانت تعبد قالوا فارقنا النّاس فی الدّنیا علیٰ افقر ماکنا الیهم لم نصاحبهم ونحن ننتظر ربّنا الّزی کنّا نعبد فیقول انا ربّکم فیقولون لا نشرك بالله شیئا مرّتین او ثلثا۔

(رواہ البخاری فی کتاب التفسیر)

ترجمہ:

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ نبی کریم ﷺ کے مبارک زمانہ میں بعض لوگوں نے سوال کیا کہ یارسول اللہ! کیا ہم قیامت میں اپنے رب کو دیکھیں گے؟ نبی کریم ﷺ نے فرمایا کہ ہاں، کیا دوپہر کے وقت جب کہ دھوپ نکلی ہوئی ہو اور آسمان میں بادل بھی نہ ہوں تو تمہیں سورج کے دیکھنے میں کوئی تکلیف

Marfat.com

ہوتی ہے؟لوگوں نے جواب دیا......نہیں......فرمایا کیا چاندنی رات میں جبکہ چاندنی چھائی ہوئی ہو اور آسمان پر بادل بھی نہ ہوں تو کیا تمہیں چاند کو دیکھنے میں کوئی تکلیف ہوگی،لوگوں نے کہا......نہیں...... نبی کریم ﷺ نے فرمایا:

اللہ تعالیٰ کے دیکھنے میں تمہیں اسی طرح کوئی تکلیف یا رکاوٹ نہیں ہوگی اور قیامت کے روز تم اللہ جل شانہ کو اسی طرح بغیر کسی رکاوٹ کے دیکھو گے۔جیسے آج ایک دوسرے کو دیکھتے ہو۔قیامت کے روز ایک پکارنے والا پکارے گا کہ تم سے جو گروہ خدا کے سوا جس بت یا تھا کو پوجتا تھا،آج اس کے پیچھے ہو جائے،چنانچہ ایسے تمام لوگ جہنم میں پھینک دیئے جائیں گے،یہاں تک کہ وہی لوگ رہ جائیں گے جو ایک خدا کی عبادت کرتے تھے۔خواہ وہ نیک ہوں یا بد،جن میں اہل کتاب کے کچھ لوگ بھی ہوں گے پھر یہودی بلائے جائیں گے اور ان سے پوچھا جائے گا کہ تم کس کی پوجا کیا کرتے تھے؟ وہ کہیں گے ہم اللہ کے بیٹے حضرت عزیر علیہ السلام کی عبادت کیا کرتے تھے ان سے کہا جائے گا کہ تم نے جھوٹ بولا ہے کیونکہ اللہ تعالیٰ کی نہ بیوی ہے اور نہ کوئی بیٹا ہے۔اچھا بتاؤ اب تم کیا چاہتے ہو؟ وہ کہیں گے کہ ہمیں پیاس لگی ہوئی ہے۔

لہٰذا اے ہمارے رب! ہمیں پانی پلا دے۔پھر ریت کے ایک میدان کے متعلق کہا جائے گا کہ کیا تم وہ پانی نہیں دیکھتے چنانچہ وہ سب اس آگ میں جمع کر لیئے جائیں گے۔یعنی دیکھنے میں وہ سراب ہوگی (یعنی دکھائی دے گا پانی اور ریت ہے لیکن ہوگی آگ) جس کے بعض شعلے دوسروں کو کھا رہے ہوں گے،پس وہ اس آگ میں ڈال دیئے جائیں گے۔

پھر نصاریٰ کو بلایا جائے گا اور ان سے پوچھا جائے گا کہ تم کس کی عبادت

Marfat.com

کرتے تھے۔وہ کہیں گے ہم اللہ کے بیٹے حضرت مسیح علیہ السلام کی پوجا کیا کرتے تھے۔ان سے کہا جائے گا کہ تم جھوٹے ہو کیونکہ اللہ تعالیٰ کی نہ بیوی ہے اور نہ کوئی بیٹا ہے پھران سے کہا جائے گا کہ اچھا یہ بتاؤ تم کیا چاہتے ہو؟ چنانچہ ان کے ساتھ بھی وہی کچھ ہوگا جو ان سے پہلے یہودی گروہ کے ساتھ ہوا۔یہاں تک کہ صرف وہی لوگ رہ جائیں گے جو ایک خدا کی عبادت کیا کرتے تھے۔خواہ وہ نیک ہوں یا بد۔پھر اللہ تعالیٰ بہت قریب سے ایسی صورت (جس کی کوئی صورت نہیں) میں جلوہ فرمائے گا جس میں اسے دیکھا جاسکے،پھر اسے پوچھا جائے گا کہ تم کس کا انتظار کررہے ہو؟ حالانکہ آج ہر ایک اس کے ساتھ ہے،جس کی وہ عبادت کرتا تھا۔وہ عرض کریں گے کہ ہم نے تو ان لوگوں کو دنیا میں چھوڑ دیا تھا۔جبکہ ان کی بڑی ضرورت تھی۔اور ہم تو اپنے رب کا انتظار کررہے ہیں ان سے فرمایا جائے گا کہ میں تمہارا رب ہوں وہ دو تین مرتبہ کہیں گے کہ ہم اللہ کے ساتھ کسی کو شریک نہیں کرتے۔

فائدہ:

اس حدیث پاک میں بھی حضور نبی اکرم ﷺ کے علم غیب کا بیان ہے کہ آپ ﷺ نے کئی ان چیزوں کا بیان فرمایا جو قیامت کے بعد ہونے والی ہیں۔جنت میں جنتیوں کو اللہ کا دیدار ہوگا۔یہ بھی آپ ﷺ نے بیان فرمایا۔حالانکہ وہ سب کچھ قیامت کے بعد ہے۔آپ ﷺ نے پہلے ہی بیان فرمادیا۔آپ کا پہلے بیان فرمانا آپ کے علم غیب پر دلالت کرتا ہے۔

Marfat.com

# حدیث نمبر 115

**حدثنا عمر بن حفص بن غیاث حدثنا ابی حدثنا الاعمش حدثنا ابو صالح عن ابی سعید الخدری قال قال رسول الله ﷺ یؤتٰی بالموت کھیئة کبش املح فینادی مناد یااھل الجنّة فیشرئبّون وینظرون فیقول ھل تعرفون ھذا فیقولون نعم ھذا الموت وکلّھم قدراٰہ ثم ینادی یااھل النّار فیشرئبّون وینظرون فیقول ھل تعرفون ھذا فیقولون نعم ھذا الموت وکلّھم قدراٰہ فیذبح ثم یقول یااھل الجنّة خلود فلا موت ویآاھل النّار خلود فلا موت ثم قدء وانذرھم یوم الحسرة اذا قضی الامروھم فی غفلة وّھٰؤلآء فی غفلة اھل الدنیا وھم لایؤمنون۔** (رواہ البخاری فی کتاب التفسیر)

ترجمہ:

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:

موت کو (قیامت کے روز) ایک چتکبرے مینڈھے کی شکل میں لایا جائے گا۔ پھر ایک پکارنے والا پکارے گا کہ اے اہل جنت ...... پس وہ گردن اٹھا کر دیکھیں گے تو ان سے کہا جائے گا کہ کیا تم اسے جانتے ہو؟ وہ کہیں گے...... ہاں جانتے ہیں، یہ تو موت ہے۔ کیونکہ سب نے اسے دیکھا ہوگا۔ پھر پکارا جائے گا اے اہل جہنم ...... وہ گردن اٹھا کر دیکھیں گے تو ان سے کہا جائے گا کہ کیا تم اسے جانتے ہو؟ وہ کہیں گے

Marfat.com

ہاں جانتے ہیں، یہ تو موت ہے کیونکہ سب اسے (مرتے وقت) دیکھ چکے ہوں گے۔ پھر اسے (موت کے مینڈھے کو) ذبح کر کے کہا جائے گا:

اے اہل جنت! تم اس میں ہمیشہ رہو گے اور اے اہل جہنم! تم اس میں ہمیشہ رہو گے۔ اب کسی کو موت نہیں آئے گی۔ پھر آپ نے یہ آیت پڑھی:

اور انہیں ڈر سناؤ پچھتاوے کے دن کا، جب کام ہو چکے گا اور وہ غفلت میں ہیں (آیت ۳۹) یعنی دنیا کے شیدائی اور ایمان نہیں لاتے۔

**فائدہ:**

اس حدیث پاک میں بھی حضور نبی اکرم ﷺ کے علم غیب کا بیان ہے کہ آپ ﷺ نے موت کے ذبح ہونے کی خبر دی۔ یہ واقعہ بھی قیامت کے بعد بلکہ جنتیوں کے جنت میں اور دوزخیوں کے دوزخ میں جانے کے بعد پیش آئے گا۔ لیکن آپ ﷺ نے ہزاروں سال پہلے بیان فرما دیا۔ اگر علم غیب نہ ہوتا تو آپ ﷺ کیسے بیان کر سکتے تھے۔ کئی سو سال بعد پیش آنے والے واقعات کو بیان فرما دینا یہ آپ ﷺ کے علم غیب پر دلالت کرتا ہے۔ جو اللہ تعالیٰ نے آپ ﷺ کو عطا فرمایا ہے۔

## حدیث نمبر 116

حدثنا عمر بن حفص حدثنا ابی حدثنا الاعمش حدثنا صالح عن ابی سعید الخدریؓ قال قال النبیّ ﷺ یقول الله عزّوجلّ یوم القیٰمة یاٰادم یقول لبیّك ربّنا وسعدیك فینادی بصوت ان الله یأمرك ان تخرج من ذریتك بعثا الی النّار قال یاربّ وما بعث النّار قال من کلّ الف اراه

Marfat.com

قال تسعمائة وّتسعة وّتسعين فحينئذ تضع الحامل حملها ويشيب الوليد وترى النّاس سكرٰى وما هم بسكرٰى ولكنّ عذاب الله شديد فشقّ ذٰلك على الناس حتى تغيّرت وجوههم فقال النّبىّ ﷺ من يّاجوج وماجوج تسعمائة وّتسعة وّتسعين ومنكم واحد ثم انتم في النّاس كالشعرة السّودآء في جنب الثور الابيض اوكالشّعرة البيضآء في جنب الثور الاسود وانّي لارجو ان تكونوا اربع اهل الجنّة فكبّرنا ثم قال ثلث اهل الجنّة فكبّرنا ثم قال شطر اهل الجنّة فكبّرنا قال ابو اسامة عن الاعمش ترى النّاس سكارٰى وما هم بسكارٰى وقال من كلّ الف تسعمائة وتسعة وّتسعين وقال جديد وّعيسٰى بن يونس وابو معوية سكرٰى وما هم بسكرٰى۔ (رواہ البخاری فی کتاب التفسیر)

ترجمہ:

حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا:

قیامت کے روز اللہ تعالیٰ فرمائے گا کہ اے آدم! وہ عرض کریں گے کہ اے رب! میں تیری بارگاہ میں حاضر اور حکم ماننے کے لیے تیار ہوں۔ پس ایک آواز آئے گی کہ اللہ تعالیٰ تمہیں حکم دیتا ہے کہ اپنی اولاد میں سے جہنمیوں کے علیحدہ کر دو، وہ عرض کریں گے کہ اے رب! جہنم کی طرف کس کو بھیجوں فرمایا جائے گا کہ ہر ہزار میں سے نوسو ننانوے کو۔ پس اس وقت حاملہ کا حمل گر جائے گا اور بچے بوڑھے ہو جائیں گے۔

Marfat.com

اور تو لوگوں کو دیکھے گا جیسے وہ نشہ میں ہیں اور وہ نشہ میں نہ ہوں گے، مگر ہوگا یہ کہ اللہ کا عذاب سخت ہے۔ (آیت ۲) صحابہ کرام کو اس کا بڑا صدمہ ہوا اور ان کے چہروں کا رنگ بدل گیا۔ پھر نبی کریم ﷺ نے فرمایا کہ نو سو ننانوے یاجوج وماجوج سے ہوں گے اور ایک (جنت میں جانے والا) تم میں سے ہوگا پھر فرمایا کہ تم لوگوں میں اس طرح ہو گے جیسے سفید بیل کے پہلو میں کالا بال یا کالے بیل کے پہلو میں سفید بال ہوتا ہے۔ مجھے امید ہے کہ تم اہل جنت میں چوتھائی ہو گے۔ پس ہم نے (خوشی میں) تکبیر کہی، پھر آپ نے فرمایا اہل جنت کا تہائی حصہ۔ ہم نے پھر تکبیر کہی، پھر فرمایا کہ اہل جنت کے نصف۔ ہم نے پھر تکبیر کہی۔

ابو اسامہ نے اعمش سے روایت کی ہے کہ تو لوگوں کو دیکھے گا کہ وہ نشہ میں ہیں اور وہ نشہ میں نہ ہوں گے اور کہا کہ ہر ہزار میں سے نو سو ننانوے، جریر اور عیسیٰ بن یونس اور ابو معاویہ کی روایت میں ہے کہ نشہ میں ہیں اور وہ نشہ میں نہ ہونگے۔

**فائدہ:**

اس حدیث پاک میں بھی حضور نبی اکرم ﷺ کے علم غیب کا بیان ہے کہ آپ ﷺ نے کئی ان چیزوں کا ذکر فرمایا جو قیامت کے بعد ہونگی۔ اور آپ ﷺ نے اپنی امت کا ذکر فرمایا تو جتنی آپ ﷺ کی امت جنت میں جائے گی، ان کا بھی ذکر فرمایا، اگر آپ ﷺ کے پاس علم غیب نہ ہوتا تو آپ ﷺ کبھی ہزاروں سال بعد میں ہونے والی چیزوں کا ذکر نہ فرماتے۔ معلوم ہوتا ہے کہ آپ ﷺ اپنی امت کے ہر حال کو جانتے ہیں۔ اور جو معاملات قیامت کے بعد پیش آنے والے ہیں ان کو بھی جانتے ہیں۔

Marfat.com

# حدیث نمبر 117

حدثنا ادم حدثنا اللّیث عن خالد بن یزید عن سعید بن ابی هلال عن زید ابن اسلم عن عطآء بن یسار عن ابی سعید رضی الله عنه قال سمعت النّبیّ ﷺ یقول یکشف ربّنا عن ساقه فیسجد لهٗ کلّ مؤمن وّمؤمنة ویبقٰی من کان لیسجد فی الدّنیا ریآء وسمعة فیذهب لیسجد فیعود ظهرهٗ طبقًا واحدًا۔ (رواہ البخاری فی کتاب التفسیر)

ترجمہ:

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا بیان ہے کہ میں نے نبی کریم ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا کہ (قیامت کے روز) جب اللہ تعالیٰ اپنی پنڈلی (جس کی حقیقت خدا خود جانے) کو ظاہر فرمائے گا تو تمام مومن مرد اور مومنہ عورتیں اس کے لیے سجدہ ریز ہوجائیں گے اور جو دنیا میں صرف دکھاوے اور شہرت کے لیے سجدہ کیا کرتے تھے، جب وہ سجدہ کرنا چاہیں گے تو ان کی کمر تخت کے مانند ہوجائے گی (یعنی سجدہ نہ کرسکیں گے)

فائدہ:

اس حدیث پاک میں بھی حضور نبی کریم ﷺ کے وسیع علم غیب کا بیان ہے کہ آپ ﷺ نے اللہ تعالیٰ کی پنڈلی کا دیدار کرانے کا منظر بیان فرمایا اور یہ بھی فرمادیا کون لوگ سجدہ کریں گے اور کون نہیں کریں گے حالانکہ یہ معاملہ بھی قیامت کے بعد ہوگا۔

Marfat.com

# حدیث نمبر 118

حدثنا عبدالله بن یوسف اخبرنا مالك رضی الله عنه عن یحیی بن سعید عن محمد بن ابراهیم بن الحارث الثیمی عن ابی سلمة بن عبد الرّحمٰن عن ابی سعید الخدریّ رضی الله عنه انّهٗ قال سمعت رسول الله ﷺ یقول یخرج فیکم قوم تحقرون صلاتکم مع صلاتهم وصیامکم مع صیامهم وعملکم مع عملهم ویقرئون القراٰن لایجاوز حناجرهم یمرقون من الدّین کما یمرق السهم من الرّمیّة ینظر فی النّصل فلا یرٰی شیئاً وینظر فی القرح فلا یرٰی شیئا وینظرفی الدیش فلا یرٰی شیئا ویتمارٰی فی الفوق۔ (رواہ البخاری فی کتاب التفسیر)

ترجمہ:

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا بیان ہے کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا کہ تم میں سے ایک ایسی قوم نکلے گی کہ اپنی نمازوں کو تم ان کی نمازوں کے مقابلے میں، اپنے روزوں کو ان کے روزوں کے مقابلے میں اور اپنے اعمال کو ان کے اعمال کے مقابلے میں حقیر جانو گے، وہ قرآن کریم پڑھیں گے لیکن وہ ان کے حلق سے آگے نہیں جائے گا، وہ دین سے اس طرح نکل جائیں گے جیسے شکار سے تیر نکل جاتا ہے۔ وہ پیکان میں دیکھے تو کچھ نظر نہ آئے، لکڑی کو دیکھے تو کچھ نظر نہ آئے، پر کو دیکھے تو کچھ نظر نہ آئے البتہ سوفار کو دیکھ کر شک گزرتا ہو۔

Marfat.com

فائدہ:

اس حدیث پاک میں بھی حضور نبی کریم ﷺ کے وسیع علم غیب کا بیان ہے کہ آپ ﷺ نے گمراہ فرقوں کی طرف اشارہ کرتے ہوئے فرمایا کہ وہ نمازیں بڑی پڑھیں گے تم اپنی نمازوں کو ان کی نمازوں کے سامنے حقیر جانو گے اپنے روزوں کو ان کے روزوں کے سامنے حقیر جانو گے، اور وہ لوگ دین سے نکل گئے ہوں گے حالانکہ ایسے لوگ کافی عرصہ بعد میں ہونے والے تھے۔

## حدیث نمبر 119

**حدثنا ابو النعمان حدثنا مهدیّ بن میمون سمعت محمد بن سید ین یحدث عن مّعبد بن سیدین عن ابی سعید الخدریّ عن النّبیّ ﷺ قال یخرج ناس من قبل المشرق ویقرؤون القرآن لا یجاوز تراقیهم یمرقون من الدّین کما یمرق السّهم من الدّمیّة ثم لا یعودون فیه حتّٰی یعود السّهم الٰی فوقهٖ قیل ماسیما هم قال سیماهم التحلیق اوقال التسبید۔** (رواہ البخاری فی کتاب التوحید)

ترجمہ:

معبد بن سیرین نے حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے روایت کی کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا:

مشرق کی جانب سے کچھ لوگ نکلیں گے کہ وہ قرآن مجید پڑھیں گے مگر وہ ان کے گلوں سے نیچے نہیں اترے گا۔ وہ دین سے اس طرح نکل جائیں گے جیسے تیر شکار

Marfat.com

سے پار نکل جاتا ہے اور پھر وہ دین میں واپس نہیں آئیں گے جب تک اپنی جگہ پر واپس نہ لوٹ آئے۔ دریافت کیا گیا کہ ان کی نشانی کیا ہے؟ فرمایا کہ ان کی نشانی سر منڈانا ہے یا فرمایا کہ سر منڈائے رکھنا۔

**فائدہ:**

اس حدیث پاک میں بھی حضور نبی اکرم ﷺ کے وسیع علم غیب کا بیان ہے کہ آپ ﷺ نے بعد میں آنے والے کچھ لوگوں کا ذکر فرمایا جو دین سے نکل گئے ہوں گے فرمایا وہ قرآن بڑا پڑھیں گے لیکن گلے سے نیچے نہیں اترے گا اور آپ ﷺ نے ان کی نشانی بھی بیان فرما دی فرمایا کہ وہ سر منڈائے ہوں گے۔

## حدیث نمبر 120

حدثنا أدم قال لنا شعبة قال حدثنی ابن الاصبهانیّ قال سمعت ابا صالح ذکوان یحدّث عن ابی سعید الخدریّ قال قال النّساء للنّبیّ ﷺ غلبنا علیك الرّجال فاجعل لّنا یومًا مّن نّفسك فوعد هنّ یومًا لّقیهنّ فیه فوعظهنّ و امر هنّ فکان فیما قال لهن مامنکنّ امراة تقدّم ثلثة مّن ولدها الّا کان لها حجابًا مّن النّار فقالت امراة وّاثنین فقال واثنین۔

(رواہ البخاری فی کتاب العلم)

**ترجمہ:**

ابو صالح ذکوان نے حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ عورتیں نبی کریم ﷺ کی بارگاہ میں عرض گزار ہوئیں آپ کی جانب مرد ہم سے آگے

Marfat.com

نکل گئے ہیں لہٰذا ہمارے استفادہ کے لیے بھی ایک دن مقرر فرما دیجئے۔آپ نے ایک روز کا وعدہ فرما لیا، ان سے ملے چنانچہ نصیحت فرمائی اور اوامر بتائے ان کے ساتھ ہی ان سے فرمایا تم میں سے کوئی عورت ایسی نہیں جو اپنے تین بچے آگے بھیجے مگر وہ اس کے لیے جہنم سے آڑ ہو جائیں گے ایک عورت عرض گزار ہوئی کہ دو بچے؟ فرمایا کہ دو بچے بھی۔

**فائدہ:**

اس حدیث پاک میں بھی حضور نبی اکرم ﷺ کے وسیع علم غیب کا بیان ہے کہ آپ ﷺ نے ان بچوں کا ذکر فرمایا، حالانکہ وہ اس دن جہنم سے آڑ ہو نگے۔

## حدیث نمبر 121

حدثنا عبدالله بن مسلمة عن مالك عن عبدالرحمٰن بن عبدالله بن عبدالرحمٰن بن ابی صعصة عن ابیه عن ابی سعید ن الخدریؓ انهٗ قال قال رسول الله ﷺ یوشك ان تكون خیر مال المسلم غنم یّتّبع بها شعف الجبال ومواقع القطر یفرّ بدینهٖ من الفتن۔

(رواہ البخاری فی کتاب الایمان)

**ترجمہ:**

عبداللہ بن مسلمہ مالک عبدالرحمٰن بن عبداللہ بن عبدالرحمٰن بن ابوصعصہ ان کے والد ماجد نے حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: قریب ہے مسلمان کا بہترین مال اس کی بکریاں ہوں گی جن کے پیچھے وہ پہاڑوں کی چوٹیوں اور چٹیل میدانوں میں اپنے دین کو فتنوں سے بچانے کی خاطر

Marfat.com

بھاگتا پھرے گا۔

**فائدہ:**

اس حدیث پاک میں بھی حضور نبی اکرم ﷺ کے وسیع علم غیب کا بیان ہے کہ آپ ﷺ نے فتنوں سے بچنے والے مسلمان کا ذکر فرمایا کہ وہ کس طرح اپنا دین بچائے گا۔

نماز اچھی روزہ اچھا حج اچھا زکوۃ اچھی
مگر میں باوجود اس کے مسلماں ہو نہیں سکتا
نہ جب تک کٹ مروں میں خواجۂ بطحا کی عزت پر
خدا شاہد ہے کہ کامل میرا ایماں ہو نہیں سکتا

Marfat.com

روایت

# حضرت عمیر ابن اسود عنسی رضی اللہ عنہما

حضرت عمیر ابن اسود عنسی رضی اللہ عنہما کی روایت سے علم غیب کا ثبوت

Marfat.com

# حدیث نمبر 122

حدثنا اسحٰق بن یزید الدمشقی حدثنا یحیٰ بن حمزة قال حدثنی ثور بن یزید عن خالد بن معدان انّ عمیر بن الاسود العنسی حدثهٗ انه اتٰی عبادة ابن الصامت وهو نازل فی ساحل حمص وهو فی بنآءٍ لهٗ ومعهٗ ام حرام قال عمیر فحدثتنا امّ حرامٍ انها سمعت النبی ﷺ یقول اول جیش من امتی یغزون البحر قد اوجبوا قالت ام حرام قلت یارسول الله انا فیهم قال انت فیهم ثم قال النبی ﷺ اول جیش من امتی یغزون مدینة قیصر مغفور لهم فقلت یارسول الله ۔ قال لا۔

(رواہ البخاری فی کتاب الجہاد والسیر)

ترجمہ:

عمیر بن اسود عنسی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ وہ حضرت عبادہ بن صامت رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے پاس گئے اور وہ ساحل حمص پر اپنے مکان میں فروکش تھے۔ نیز ام حرام رضی اللہ عنہا ان کے پاس تھیں حضرت عمیر فرماتے ہیں کہ حضرت ام حرام کا بیان ہے کہ میں نے نبی کریم ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا کہ میری امت میں سے جو گروہ سب سے پہلے بحری جہاد کرے گا۔ ان کے لیے جنت واجب ہوگئی۔ حضرت اُم حرام عرض گزار ہوئیں یارسول اللہ ﷺ!

Marfat.com

کیا میں بھی ان میں ہوں......فرمایا......ہاں تم ان میں ہو،اس کے بعد نبی کریم ﷺ نے فرمایا: کہ میری امت کا وہ پہلا لشکر جو قیصر روم کے پایۂ تخت میں جنگ کرے گا۔اس کی مغفرت فرمادی گئی ہے۔میں نے عرض کیا یارسول اللہ ﷺ کیا میں ان میں ہوں......فرمایا......نہیں۔

**فائدہ:**

اس حدیث پاک میں بھی آپ ﷺ کے وسیع علم غیب کا بیان ہے۔آپ ﷺ نے فرمایا: میری امت میں جو گروہ سب سے پہلے بحری جہاد کرے گا۔ان کے لیے جنت واجب ہوگئی۔حضرت اُم حرام کے بارے میں فرمایا،تو ان میں سے ہے یہ سب آپ ﷺ کا علم غیب ہے۔

Marfat.com

## مرویات

# حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما

## حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما کی روایات سے علم غیب کا ثبوت

Marfat.com

# حدیث نمبر 123

حدثنا اسحٰق بن محمد القرویؒ حدثنا مالك عن نافع عن عبدالله ابن عمر ان رسول الله ﷺ قال تقاتلون اليهود حتى يختبئ احدهم ورآء الحجر فيقول ياعبدالله هذا يهودى ورآئى فاقتله۔

(رواہ البخاری فی کتاب الجہاد والسیر)

ترجمہ:

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ ایک وقت تم یہود سے جنگ کرو گے یہاں تک کہ اگر ان میں سے کوئی کسی پتھر کے پیچھے بھی چھپے گا تو پتھر کہے گا اے عبداللہ! یہ میرے پیچھے یہودی ہے اسے قتل کردو۔

فائدہ:

اس حدیث پاک میں بھی آپ ﷺ کے علم غیب کا بیان ہے۔ کیونکہ آپ ﷺ نے فرمایا: تم یہود سے جنگ کرو گے اور اگر یہودی پتھر کے پیچھے چھپے گا، تو پتھر بول کر کہے گا۔ یہ میرے پیچھے یہودی ہے۔ یہ سب باتیں بعد میں ہونے والی تھیں جن کو حضور ﷺ نے پہلے ہی بیان فرمادیا۔ اگر علم غیب نہ ہوتا تو آپ ﷺ کیسے بیان فرماتے۔ سبحان اللہ یہ آپ ﷺ کا علم غیب ہے۔

Marfat.com

# حدیث نمبر 124

حدثنا ابراهيم بن المنذر حدثنا ابوضمرة حدثنا موسىٰ عن نافع قال عبدالله ذكر النبی ﷺ يوماً بين ظهری الناس المسيح الدّجّال فقال ان الله ليس باعور الا ان المسيح الدّجّال اعور العين اليمنىٰ كان عينهٗ عينة طافية واراني الليلة عندالكعبة فی المنام فاذارجل ادم كاحسن ماترىٰ من ادم الدجال تضرب لمتهٗ بين منكبيه رجل الشعر يقطر رأسهٗ مآءً واضعايديه علىٰ منكبی رجلين وهو يطوف بالبيت فقلت من هذا فقالوا هذا المسيح بن مريم ثم رايت رجلاوراءهٗ جعدقططا اعورا لعين اليمنىٰ كاشبه من رّايت بابن قطن واضعا يديه علىٰ منكبی رجل يطوف بالبيت فقلت من هذا قالوا المسيح الدجال تابعه عبيد الله عن نافع۔ (رواہ البخاری فی کتاب الانبیاء)

ترجمہ:

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ نبی کریم ﷺ نے ایک روز لوگوں میں دجّال کا ذکر کیا اور فرمایا کہ اللہ تعالیٰ تو کانا نہیں ہے جبکہ مسیح دجّال کانا ہوگا۔ اس کی داہنی آنکھ ایسی ہوگی جیسے پھولا ہوا انگور، میں نے آج رات خواب میں ایک شخص کو کعبہ کے پاس دیکھا جس کا رنگ گندمی ہے بال کندھوں تک اور صاف سیدھے ہیں گویا ان سے پانی ٹپک رہا ہے۔ وہ دو (۲) آدمیوں کے کندھوں پر ہاتھ رکھ کر کعبے کا طواف کر رہا تھا۔ میں نے دریافت کیا۔ یہ کون ہیں؟ لوگوں نے جواب دیا، یہ مسیح بن

Marfat.com

مریم ہیں، پھر میں نے ان کے پیچھے ایک شخص کو دیکھا جس کے بال گھنگریالے ہیں اور داہنی آنکھ سے کانا ہے۔ جنہیں میں نے دیکھا ہے وہ ان میں سے ابن قطن سے زیادہ مشابہت رکھتا ہے۔ وہ اپنے دونوں ہاتھ ایک شخص کے کندھے پر رکھ کر کعبے کا طواف کر رہا ہے۔ میں نے دریافت کیا...... یہ کون ہے؟ لوگوں نے جواب دیا...... یہ دجّال ہے اسے عبیداللہ نے بھی نافع سے روایت کیا ہے۔

فائدہ:

اس حدیث پاک میں بھی حضور ﷺ کے علم غیب کا بیان ہے۔ آپ ﷺ نے دجّال کے بارے میں فرمایا کہ وہ کانا ہے، حالانکہ اس نے قرب قیامت میں آنا ہے یہ بھی آپ ﷺ کا علم غیب ہی تو ہے۔ جو آپ ﷺ بیان فرما رہے ہیں۔

## حدیث نمبر 125

**حدثنا ابو الیمان اخبرنا شعیب عن الذهری عن سالم بن عبدالله ان عبدالله ابن عمر رضی الله عنهما قال سمعت رسول الله ﷺ یقول وهو علی المنبر الا ان الفتنة ههنا یشیر الی المشرق من حیث یطلع قرن الشیطان۔** (رواہ البخاری فی کتاب الانبیاء)

ترجمہ:

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو منبر پر فرماتے ہوئے سنا کہ خبردار ہو جاؤ فتنہ ادھر ہے۔ مشرق کی جانب اشارہ فرماتے ہوئے۔ یہیں سے شیطان کا سینگ ظاہر ہوگا۔

Marfat.com

**فائدہ:**

اس حدیث پاک میں بھی حضور ﷺ کے علم غیب کا بیان ہے۔آپ ﷺ نے اس جگہ کی طرف اشارہ فرمایا۔جہاں سے فتنہ ہونے والا ہے۔اس کی طرف اشارہ فرمایا،اورفرمایا یہاں سے شیطان کا سینگ ظاہر ہوگا۔آپ ﷺ فتنے کو اس کے پیدا ہونے سے پہلے ہی جانتے ہیں۔یہ بھی حضور ﷺ کا علم غیب ہے۔

## حدیث نمبر 126

حدثنا الحکم بن نافع اخبرنا شعیب عن الزهری قال اخبرنی سالم بن عبدالله ابن عمر رضی الله عنهما قال سمعت رسول الله ﷺ یقول تقاتلکم الیهود فتسلطون علیهم ثم یقول الحجر یامسلم هذا یهودی ورآئی فاقتله۔ (رواہ البخاری فی کتاب الانبیاء)

**ترجمہ:**

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کوفرماتے ہوئے سنا ہے کہ تم یہودیوں سے لڑائی کروگے تو ان پر غالب آجاؤ گے، یہاں تک کہ پتھر بھی کہے گا کہ اے مسلم!یہ میرے پیچھے یہودی چھپا ہوا ہے اسے قتل کردے۔

**فائدہ:**

اس حدیث پاک میں بھی حضور ﷺ کے علم غیب کا بیان ہے۔آپ ﷺ نے

Marfat.com

فرمایا:

آپ یہودیوں سے لڑو گے اور تم غالب آؤ گے، آپ نے لڑائی کی خبر بھی دی اور فتح کی بھی، اور فرمایا پتھر بھی بول کر کہے گا کہ میرے پیچھے یہودی ہے، اے مسلمان اسے قتل کر دے۔ یہ سب خبریں آپ ﷺ نے اپنے علم غیب سے دیں ہیں، حالانکہ یہ تمام واقعات کئی سو سال بعد میں ہونے والے ہیں۔ اس سے معلوم ہوتا ہے کہ آپ ﷺ کے علوم غیبیہ کی وسعت کا کوئی اندازہ نہیں کر سکتا۔

## حدیث نمبر 127

حدثنا علیّ بن عبدالله حدثنا سفیان عن عمرو سالم ابن ابی الجعد عن عبدالله بن عمرو قال وکان علی ثقل النبیّ ﷺ رجل یقال لہٗ کرکرة فمات فقال رسول الله ﷺ هو فی النار فذهبوا ینظرون الیه فوجدوا عبآئة قد سرق غلّها قال ابو عبدالله قال بن سلام کرکرة یعنی بفتح الکاف وهو مضبوط کذا۔ (رواہ البخاری فی کتاب الجہاد والسیر)

ترجمہ:

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ کرکرہ نامی ایک شخص نبی کریم ﷺ کے اسباب کی حفاظت پر متعین تھا۔ جب اس کا انتقال ہو گیا تو رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ وہ جہنمی ہے، لوگ اس کی وجہ تلاش کرنے لگے تو اس کے سامان میں ایک عبا پائی جو اس نے مال غنیمت سے چھپا کر رکھ لی تھی۔

امام بخاری فرماتے ہیں کہ ابن سلام کے قول کے مطابق کرکرہ کاف زبر کے

Marfat.com

ساتھ اور یہ زیادہ درست ہے۔

**فائدہ:**

اس حدیث پاک میں بھی حضور نبی اکرم ﷺ کے علم غیب کا بیان ہے کہ آپ ﷺ نے ایک آدمی کی خبر دی کہ وہ جہنمی ہے۔ کسی کے جنتی یا جہنمی ہونے کی خبر دینا، یہ بھی آپ کے علم غیب کا کمال ہے، جو اللہ کریم نے آپ کو عطا فرمایا ہے۔

# حدیث نمبر 128

حدثنا موسیٰ بن المنذر حدثنا جویریة عن نافع عبدالله رضی الله عنه قال قام النبیّ ﷺ خطیبافاشار نحو مسکن عائشة فقال هنا الفتنة ثلثا من حیث یطلع قرنُ الشیطان۔

(رواہ البخاری فی کتاب الجہاد والسیّر)

**ترجمہ:**

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما فرماتے ہیں کہ ایک دفعہ نبی کریم ﷺ خطبہ دے رہے تھے تو آپ نے حضرت عائشہ صدیقہ کے حجرۂ مبارک کی جانب اشارہ کر کے فرمایا: ادھر (مشرق) فتنہ ہے۔ تین مرتبہ یہ بات دہرائی، ادھر (نجد وغیرہ) سے شیطان سیرت لوگ نکلیں گے۔

**فائدہ:**

اس حدیث پاک میں بھی حضور نبی اکرم ﷺ کے علم غیب کا بیان ہے، جو بعد

Marfat.com

میں ہونے والے فتنے ہیں آپ ﷺ ان کو بھی جانتے ہیں، اس لیئے تو فرمایا ہے کہ فتنہ ادھر سے ہے، مشرق کی طرف آپ ﷺ نے اشارہ فرمایا، اور فرمایا یہاں سے شیطان سیرت لوگ نکلیں گے۔

## حدیث نمبر 129

حدثنا عبدالله بن مسلمة عن مالك عن عبدالله بن دينار عن عبدالله بن عمر رضى الله عنهما قال رايت رسول الله ﷺ يشير الى المشرق فقالها ان الفتنة ههنا انّ الفتنة ههنا من حيث يطلع قرن الشيطان۔ (رواہ البخاری فی کتاب بداء الخلق)

ترجمہ:

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو دیکھا کہ مشرق کی جانب اشارہ کرتے ہوئے فرمایا: بے شک فتنہ یہاں ہے جہاں سے شیطان کا سینگ نکلے گا۔

فائدہ:

اس حدیث پاک میں بھی حضور نبی اکرم ﷺ کے علم غیب کا بیان ہے کہ آپ ﷺ نے بعد میں ہونے والے فتنے کے بارے میں بیان فرمایا اور جس جگہ سے فتنے کا ظہور ہونا ہے اس جگہ کی بھی نشاندہی فرمادی۔ اگر علم غیب نہ ہوتا تو کیسے بیان فرماتے۔ بعد میں ہونے والی چیزوں کا بیان فرمانا اس بات پر دلالت کرتا ہے کہ اللہ تعالیٰ نے آپ ﷺ کو علم غیب عطا فرمایا ہے۔

Marfat.com

# حدیث نمبر 130

حدثنا سعید بن ابی مریم حدثنا نافع ابن عمر عن ابن ابی ملیکة قال قال عبداللہ بن عمرو قال النبیّ ﷺ حوضی میسیرة شهد مآؤه ابیض من اللبن وریحهٗ اطیب من المسك وکیزانهٗ کنجوم السمآء من شرب منها فلا یظماء ابدًا۔ (رواہ البخاری فی کتاب الرقاق)

ترجمہ:

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا: میرا حوض ایک مہینے کی مسافت کے برابر ہے، اس کا پانی دودھ سے زیادہ سفید اس کی خوشبو مشک سے زیادہ خوشبودار، اس کے آبخورے آسمان کے ستاروں کی طرح ہیں۔ جو اس میں سے پی لے تو اسے کبھی پیاس نہیں لگے گی۔

فائدہ:

اس حدیث پاک میں بھی حضور نبی کریم ﷺ کے علم غیب کا بیان ہے کہ آپ ﷺ نے حوض کوثر کے بارے میں بیان فرمایا حالانکہ وہ جنت میں ہے لیکن آپ ﷺ نے اس کے بارے میں کافی بیان فرمادیا۔

# حدیث نمبر 131

حدثنا ابراھیم بن المنذر حدثنا معن قال حدثنی مالك عن نافع عن عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنهما انّ النبیّ ﷺ قال یوم یقوم النّاس

Marfat.com

لربّ العٰلمین حتی یغیب احدھم فی رشحہٖ الٰی انصاف اذنیہ۔

(رواہ البخاری فی کتاب التفسیر)

ترجمہ:

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا: جس روز تمام انسان پروردگار عالم کے حضور کھڑے ہوں گے تو کوئی اس حال تک پہنچا ہوا ہوگا کہ کانوں کی لوتک اپنے پسینے میں غرق ہوگا۔

فائدہ:

اس حدیث پاک میں بھی حضور نبی کریم ﷺ کے وسیع علم غیب کا بیان ہے کہ آپ ﷺ نے میدان محشر میں لوگوں کی جو کیفیت ہوگی اس کا بیان فرمایا۔ حالانکہ یہ بھی قیامت کے کافی عرصہ بعد میں ہونا ہے۔ لیکن حضور ﷺ نے اپنے علم غیب سے بیان فرمادیا۔

## حدیث نمبر 132

حدثنا یحیٰ بن بکیر قال حدثنااللّیث عن عبید اللہ بن ابی جعفر قال سمعت حمزۃ بن عبداللہ بن عمر قال سمعت عبداللہ بن عمر قال قال النبیّ ﷺ مایزال الرّجل یسال النّاس حتّٰی یأتی یوم القیٰمۃ لیس فی وجھہٖ مزعۃ لحمٍ وقال انّ الشّمس تدلو یوما القیٰمۃ حتّٰی یبلغ العرق نصف الاذن فبینما ھم کذٰلك استغاثو باٰدم ثم بموسٰی ثم بمحمد ﷺ وزادعبداللہ قال حدثنی اللّیث قال حدثنی ابن ابی جعفر فیشفع لیقضٰی بین الخلق فیمشی حتّٰی یاخذ بعلقۃ الباب فیومئذ یّبعثہ اللہ مقامًا

Marfat.com

مّحمودًا یّحمدهٗ اهل الجمع کلّهم وقال معلّی حدثنا وهیب عن النّعمان بن راشد عن عبدالله بن مسلم اخی الزّهریّ عن حمزة بن عبدالله انّهٗ سمع ابن عمر عن النّبیّ ﷺ فی المسألة۔ (رواہ البخاری فی کتاب الزکوٰۃ)

ترجمہ:

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا:

آدمی برابر لوگوں سے سوال کرتا رہتا ہے، یہاں کہ قیامت کے روز اس حالت میں آئے گا کہ اس کے چہرے پر گوشت کی ایک بوٹی بھی نہیں ہوگی، فرمایا کہ قیامت کے روز سورج لوگوں کے قریب آجائے گا یہاں تک کہ پسینہ نصف کانوں تک پہنچ جائے گا۔ وہ اسی حالت میں حضرت آدم سے مدد چاہیں گے، پھر حضرت موسیٰ سے، پھر حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ سے عبداللہ، لیث، ابن ابو جعفر سے روایت ہے کہ آپ شفاعت کریں گے کہ مخلوق کے درمیان فیصلہ ہو، یہاں تک کہ باب شفاعت کا حلقہ تھام لیں گے اس روز اللہ تعالیٰ آپ کو مقام محمود پر کھڑا کرے گا، تاکہ تمام جمع ہونے والے آپ کی تعریف کریں، معلیٰ، وہیب نعمان بن راشد زہری کے بھائی عبداللہ بن مسلم، حمزہ بن عبداللہ، حضرت ابن عمر نے نبی کریم ﷺ سے سوال کے متعلق روایت کی۔

فائدہ:

اس حدیث پاک میں بھی حضور نبی اکرم ﷺ کے وسیع علم غیب کا بیان ہے کہ آپ ﷺ نے اپنے علم غیب سے قیامت کی بعض چیزوں کا ذکر فرمایا۔

Marfat.com

# مرویات

# حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ

## حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ کی روایات سے علم غیب کا ثبوت

Marfat.com

# حدیث نمبر 133

حدثنا موسی بن اسماعیل حدثنا ابوعوانة حدثنا عبدالملک عن ربعی بن حراش قال قال عقبة بن عمر ولحذیفة الا تحدثنا ماسمعت من رسول الله ﷺ قال انی سمعتهٗ یقول ان مع الرجّال اذا خرج مآءً ونارًا واما الذی یری الناس انها النار فماء بارد واما الذی یری الناس انه مآء بارد فنار تحرق فمن ادرک منکم فلیقع فی الذی یریٰ انها نار فانهٗ عذب بارد قال حذیفة وسمعتهٗ یقول ان رجلا کان فیمن کان قبلکم اتاه الملک لیقبض روحهٗ فقیل لهٗ هل عملت من خیر قال ماعلم قیل لهٗ انظر قال ماعلم شیئا غیر انی کنت ابایع الناس فی الدنیا واجازیهم فانظر الموسرٰ واتجازو عن المعسر فادخلهٗ الله الجنة فقال وسمعتهٗ یقول ان رجلا حضرة الموت فلما یئس من الحیٰوة اوصٰی اهلهٗ اذا انا مت فاجمعوا الٰی حطباً کثیراً واوقدوا فیه ناراً حتی اذا اکلت لحمی وخلصت الٰی عظمی فامتحشت فخذوها فاطحنوها ثم انظرو یوماً راحا فاذروهُ فی الیم ففعلوافجمعهٗ فقال لهٗ لم فعلت ذٰلک قال من خشیتک فغفر الله لهٗ قال عقبة بن عمرووانا سمعتهٗ یقول ذلک وکان نباشاً۔

(رواہ البخاری فی کتاب الانبیاء)

Marfat.com

ترجمہ:

حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا کہ دجّال کے ساتھ پانی ہوگا اور آگ بھی۔ پس جس کو لوگ دیکھیں گے کہ یہ آگ ہے وہ حقیقت میں ٹھنڈا پانی ہوگا اور جس کو لوگ ٹھنڈا پانی سمجھیں گے وہ جلانے والی آگ ہوگی۔ پس جو کوئی تم میں سے اس کے ہتھے چڑھ جائے تو وہ اس کی آگ میں چلا جائے کیونکہ وہ میٹھا اور ٹھنڈا پانی ہوگا۔

حضرت حذیفہ سے روایت ہے کہ میں نے آپ کو فرماتے ہوئے سنا کہ اگلے زمانوں کے کسی آدمی کے پاس ملک الموت اس کی روح قبض کرنے آیا تو اس سے پوچھا: کیا تجھے اپنی کوئی نیکی معلوم ہے؟ کہنے لگا، میرے علم میں تو کوئی نہیں اس سے کہا گیا، ذرا اور توجہ سے دیکھ، کہنے لگا، میرے علم میں تو کوئی چیز نہیں سوائے اس کے کہ میں لوگوں کے ساتھ خرید وفروخت کرتا تھا تو مالدار کو مہلت دے دیا کرتا اور غریب آدمی سے درگزر کرتا رہتا تھا تو اس کے بدلے اللہ تعالیٰ نے اسے جنت میں داخل کر دیا۔ انہوں نے یہ بھی روایت کی ہے کہ میں نے آپ کو فرماتے سنا. کہ ایک آدمی کی جب موت قریب آئی، اس کی زندگی ء سے مایوسی ہوگئی تو اس نے اپنے اہل وعیال کو وصیت کر دی کہ جب میں مرجاؤں تو میرے لیے بہت سارا ایندھن لے کر اس میں آگ لگا دینا۔ جب وہ میرے گوشت کے ساتھ ہڈیوں کو بھی جلا دے تو انہیں لے کر پیس لینا۔ جس روز تیز ہوا چلے اس روز وہ راکھ کسی دریا میں ڈال دینا، خویش واقارب نے ایسا ہی کیا، اللہ تعالیٰ نے اس کے تمام اجزاء اکٹھے کر کے پوچھا..... تو نے ایسا کیوں

Marfat.com

کیا؟ جواب دیا تیرے ڈر سے، پس اللہ تعالیٰ نے اس کی مغفرت فرمادی۔

حضرت عقبہ بن عمرو نے ان سے کہا کہ میں نے حضور ﷺ کو فرماتے سنا ہے کہ وہ آدمی کفن چور تھا۔

**فائدہ:**

اس حدیث پاک میں بھی حضور ﷺ کے علم غیب کا بیان ہے آپ ﷺ نے دجّال کا ذکر فرمایا۔ اور فرمایا اس کے ساتھ پانی ہوگا اور آگ بھی ہوگی۔

حالانکہ وہ قرب قیامت میں آئے گا۔ لیکن آپ ﷺ اپنے علم غیب سے کئی سو سال پہلے ہی بیان فرمارہے ہیں۔ اگر علم غیب نہ ہوتا تو کیسے بیان کر سکتے تھے۔

## حدیث نمبر 134

حدثنا یحی بن موسٰی حدثنا الولید قال حدثنی ابن جابر قال حدثنی بسر بن عبیداللہ الحضرمیّ قال حدثنی ابو ادریس الخولانیّ انہٗ سمع حذیفۃ ابن الیمان یقول کان الناس یسالون رسول اللہ ﷺ عن الخیر و کنت اسالہ عن الشر مخافۃ ان یدرکنی فقلت یارسول اللہ انا کنا فی جاھلیّۃٍ وشر فجآئنا اللہ بھٰذا الخیر فھل بعدہ ھذا الخیر من شر؟ قال نعم قلت وھل بعد ذلک الشر من خیر؟ قال نعم وفیہ دخن قلت وما دخنہٗ قال قوم یھدون بغیرِ ھدییْ تعرف منھم وتنکر قلت فھل بعد ذٰلک الخیر من شر؟ قال نعم دعاۃ الٰی ابواب جھنم من اجابھم الیھا قذفوہ فیھا قلت یارسول اللہ صفھم لنا فقال ھم من جلدتنا ویتکلمونا

Marfat.com

بالسنتنا قلت فما تأمرني ان ادركني ذٰلك قال تلزم جماعة المسلمين وامامهم قلت فان لم يكن لهم جماعة ولا امام قال فاعتزل تلك الفرق كلها ولوان تعض باصل شجرة حتى يدركك الموت وانت علىٰ ذٰلك۔

حدثنا محمد بن المثنّٰى قال حدثنا يحى ابن سعيد وعن اسماعيل حدثني عن حذيفة قال تعلم اصحاب الخير وتعلّمت الشر۔

(رواہ البخاری فی کتاب الانبیاء)

ترجمہ:

حضرت حذیفہ بن الیمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ لوگ رسول اللہ ﷺ سے خیر کے متعلق پوچھتے رہتے لیکن میں شر کے بارے میں دریافت کیا کرتا تھا۔ اس خوف سے کہ کہیں وہ مجھ سے وابستہ نہ ہو جائے۔ پس میں عرض گزار ہوا...... یارسول اللہ ﷺ! عہد جاہلیت کے اندر ہم شر میں تھے تو اللہ تعالیٰ نے ہمارے لیے یہ خیر بھیج دی۔ کیا اس خیر کے بعد بھی شر ہے؟ فرمایا...... ہاں...... میں عرض گزار ہوا کیا اس شر کے بعد خیر ہے؟ فرمایا ہے تو سہی لیکن اس میں ملاوٹ ہوگی، میں نے دریافت کیا ملائی کیا چیز جائے گی؟ فرمایا:

ایک قوم ایک راستہ بتائے گی، لیکن میرے راستے کے علاوہ تم ان میں بھلائی اور برائی کا مجموعہ دیکھو گے۔ میں عرض گزاز ہوا کیا اس خیر کے بعد بھی شر ہے؟ فرمایا:

ہاں کچھ مبلغ ہوں گے، جو لوگوں کو جہنم کے دروازوں کی طرف بلائیں گے، جوان کے پاس آجائے گا اسے جہنم میں ڈال دیں گے۔ میں نے عرض کیا، یارسول

Marfat.com

اللہ! ہمیں ان کا کچھ حال بتایئے، فرمایا، وہ ہماری ہی قوم میں سے ہوں گے، ہماری ہی بولی میں گفتگو کریں گے، میں عرض گزار ہوا کہ اگر میں انہیں پاؤں تو آپ میرے لیے کیا حکم فرماتے ہیں؟ فرمایا مسلمانوں کی جماعت اور ان کے امام سے وابستہ رہنا، عرض کیا، اگر مسلمانوں کی اس وقت نہ جماعت ہو اور نہ امام، فرمایا، پھر تمام، فرقوں سے علیحدہ رہنا اور بہتر ہے کہ تم کسی درخت کی جڑ سے چمٹ جاؤ۔ یہاں تک کہ موت آئے اور تمہیں درخت سے وابستہ پائے۔

فائدہ:

اس حدیث پاک میں بھی حضور ﷺ کے علم غیب کا بیان ہے کہ آپ ﷺ نے کئی سال بعد میں ہونے والی چیزوں کا ذکر فرمایا۔ اور فتنوں کا ذکر فرمایا، اور گمراہ مبلغین کا ذکر فرمایا، اور فرمایا کہ وہ لوگوں کو جہنم کی طرف بلائیں گے حضور پاک ﷺ نے ایسے گمراہ مبلغین سے بچنے کا حکم فرمایا۔ اور اپنے صحابی کو جماعت کے ساتھ رہنے کا حکم فرمایا۔ اور اس جماعت سے اہل سنت و جماعت مراد ہے جس طرح کہ ایک اور حدیث پاک میں حضور پاک ﷺ نے فرمایا: اہل سنت و جماعت جنتی ہیں۔ باقی سب فرقے جہنمی ہیں اور اس حدیث کو حضرت سیدنا امام غزالی رحمۃ اللہ علیہ نے احیاء العلوم میں بیان فرمایا۔

## حدیث نمبر 135

حدثنا مسلم حدثنا شعبة عن عبدالملك عن ربعی عن حذيفة قال سمعت النبیّ ﷺ يقول مات رجل فقيل لهٔ ما كنت تقول قال كنت ابايع النّاس فاتجوّز عن الموسدو اخفّف عن المعسر فغفرلهٔ قال ابو

Marfat.com

مسعود سمعتهٗ من النّبیّ ﷺ۔ (رواہ البخاری فی کتاب الاستقراض)

**ترجمہ:**

حضرت حذیفہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے نبی کریم ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا کہ ایک آدمی مر گیا تو اس سے کہا گیا کہ تو کیا کیا کرتا تھا، عرض گزار ہوا کہ میں لوگوں سے تجارت کرتا تو مال دار سے درگزر کرتا اور تنگ دست کو مہلت دیتا، پس اسے بخش دیا گیا حضرت ابومسعود نے اسے نبی کریم ﷺ سے سنا ہے۔

**فائدہ:**

اس حدیث پاک میں بھی حضور نبی اکرم ﷺ کے وسیع علم غیب کا بیان ہے کہ آپ ﷺ نے اپنے علم غیب سے لوگوں پر احسان کرنے والے کی بخشش کا ذکر فرمایا۔

## حدیث نمبر 136

حدثنا مسدّد قال حدثنا یحیٰی عن الاعمش قال حدثنی شقیق قال سمعت حذیفة قال کنّا جلوسًا عند عمر رضی الله عنه فقال ایّکم یحفظ قول رسول الله ﷺ فی الفتنة قلت انا کما قالهٗ قال انّك علیه او علیها لبحریٔ قلت فتنة الرّجل فی اهلهٖ ومالهٖ وولدهٖ وجارهٖ تکفّرها الصلٰوة والصّوم والصّدقة والامروالنّهی قال الیس هٰذا ارید ولکنّ الفتنة الّتی تموج کمایموج البحر قال لیس علیك منها بأس یا امیر المؤمنین انّ بینك وبینها بابًا مغلقا قال ایکسر ام یفتح قال یکسر قال اذالّا یغلق ابدًا قلنا اکان عمر یعلم الباب قال نعم کماآنّ دون الغد

Marfat.com

اللّیلة انّی حدّثتہٗ بحدیث لّیس بالاغالیط فھبنآ ان نّسال حذیفة فامرنا مسروقا فسالہٗ فقال الباب عمر۔ (رواہ البخاری فی کتاب مواقیت الصلوٰۃ)

ترجمہ:

حضرت حذیفہ سے روایت ہے کہ ہم حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے پاس بیٹھے ہوئے تھے فرمایا کہ تم میں سے فتنہ کے متعلق رسول اللہ ﷺ کا ارشاد کس کو یاد ہے میں نے کہا کہ مجھے، جیسا کہ آپ نے فرمایا حضرت عمر نے کہا کہ آپ اس بارے میں دلیر ہیں، میں نے کہا کہ انسان کا وہ فتنہ جو اس کی بیوی مال اولاد اور ہمسائے میں ہوتا ہے اس کو نماز، روزہ، صدقہ اور امر و نہی دور کر دیتے ہیں، فرمایا کہ کیا میری مراد یہ ہے بلکہ وہ فتنہ جو دریا کی موجوں کی طرح اُمڈ آئے گا، میں نے کہا امیر المؤمنین آپ کو اس سے کیا خطرہ جب کہ آپ کے اور اس کے درمیان بند دروازہ ہے۔ فرمایا: وہ توڑا جائے گا، یا کھولا جائے گا، میں نے کہا کہ توڑا جائے گا اور پھر کبھی بند نہیں ہوگا ہم نے کہا کیا حضرت عمر دروازے کو جانتے تھے کہا ہاں جیسے تم رات کے بعد اگلی کل کو، میں نے تم سے وہ حدیث بیان کی جس میں غلطیاں نہیں ہیں ہم حضرت حذیفہ سے پوچھتے ہوئے ڈرے تو ہم نے مسروق سے پوچھنے کے لیے کہا، فرمایا کہ دروازہ حضرت عمر تھے۔

فائدہ:

اس حدیث پاک میں بھی حضور نبی اکرم ﷺ کے وسیع علم غیب کا بیان ہے کہ آپ ﷺ نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی شہادت کے بعد فتنوں کے واقعہ ہونے کا بیان فرمایا ہے۔

Marfat.com

## روایت

# حضرت عمرو بن تغلب رضی اللہ عنہ

حضرت عمرو بن تغلب رضی اللہ عنہ کی روایت ۔ سے علم غیب کا ثبوت

Marfat.com

# حدیث نمبر 137

حدثنا ابو النعمان حدثنا جرید بن حازم قال سمعت الحسن یقول حدثنا عمرو بن تغلب قال قال النبی ﷺ ان من اشراط الساعۃ ان تقاتلوا قوماً عراض الوجوہ کائن وجوھھم المجان المطرقۃ۔

(رواہ البخاری فی کتاب الجہاد والسیر)

ترجمہ:

حضرت عمرو بن تغلب رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا بیان ہے کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا: قیامت کی نشانیوں میں سے ہے کہ تم ایسی قوم سے لڑو گے جن کے چہرے چوڑی ڈھال کی طرح ہوں گے۔

فائدہ:

اس حدیث پاک میں بھی حضور ﷺ کے علم غیب کا بیان ہے کہ آپ ﷺ نے فرمایا:

تم ایک ایسی قوم سے لڑو گے جن کے چہرے چوڑی ڈھال کی طرح ہوں گے۔ آپ ﷺ نے ان کے چہروں کی بناوٹ کو بیان فرمایا۔ حالانکہ وہ لوگ کئی سو سال بعد میں ہونے والے ہیں۔ یہ سب آپ ﷺ کا بیان فرمانا اس بات پر دلالت کرتا ہے کہ اللہ تعالیٰ نے آپ ﷺ کو وسیع علم غیب عطا فرمایا ہے۔ (سبحان اللہ)

Marfat.com

روایت

# حضرت عدی بن حاتم رضی اللہ عنہما

## حضرت عدی بن حاتم رضی اللہ عنہما کی روایت سے علم غیب کا ثبوت

Marfat.com

# حدیث نمبر 138

حدثنی محمد بن الحکم اخبرنا النضر اخبرنا اسرائیل اخبرنا سعد الطائی اخبرنا محل ابن خلیفة عن عدی بن حاتم قال بینا انا عندا لنبی ﷺ اذاتاه رجل فشك الیه الفاقة ثم اتاه اخر فشك قطع السبیل فقال یاعدی هل رایت الحیرة قلت لم ارها وقد انبئت عنها قال فان طالت بك حیاة لتذین الظعینة ترتحل من الحیرة حتی تطوف بالکعبة لاتخاف احدًا الا الله قلت فیما بینی وبین نفسی فاین دعّار طیّ ء الذین قد سعرو البلادولئن طالت بك حیٰوة لتفتحن کنوز کسریٰ فقلت کسریٰ بن هرمذ قال کسریٰ ابن هرمذولئن طالت بك حیاة لترین الرجل یخرج مل ئکفهٖ من ذهب اوفضة یطلب من یقبلهٗ منه فلایجراحدًا یقبلهٗ منه لیلقین الله احدکم یوم یلقاهُ ولیس منه وبینهٗ ترجمان یترجم لهٗ فیقولن لهٗ الم ابعث الیك رسولاً فیبلّغك فیقول بلٰی فیقول الم اُعطك مالاً وافضل علیك فیقول بلٰی فلینظر عن یمینهٖ فلا یریٰ الا جهنم قال فینظر عن یسارهٖ فلا یریٰ قال عدی سمعت النبی ﷺیقول اتقوالنار ولو بشقة تمرة فمن لم یجد شقة تمرة فبکلمة طیبة قال عدی فرایت الظعینة ترتحل من الحیرة حتی تطوف بالکعبة لا تخاف الا الله وکنت فیمن افتتح کنوز کسریٰ بن هرمذولئن طالت

Marfat.com

**بكم حيٰوة لترون ماقال النبى ابو القاسم ﷺ يخرج مل ء كفّهٖ حدثنى عبدالله حدثنا ابوعاصم اخبرنا سعدان بن بشر حدثنا ابومجاهد حدثنا محل بن خليفة سمعت عديا كنت عندا لنبى ﷺ۔**

(رواہ البخاری فی کتاب الانبیاء)

ترجمہ:

حضرت عدی بن حاتم رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم نبی کریم ﷺ کی خدمت میں حاضر تھے کہ ایک شخص نے آکر فاقے کی شکایت کی، پھر دوسرا شخص آیا اور ڈاکہ زنی کا شکوہ کیا، پس آپ نے فرمایا...... اے عدی! کیا تم نے حیرہ دیکھا ہے؟ میں نے کہا، دیکھا تو نہیں لیکن سنا ضرور ہے...... فرمایا:

اگر تمہاری عمر نے وفا کی تو تم ضرور دیکھ لو گے کہ ایک بڑھیا حیرہ سے چلے گی اور خانہ کعبہ کا طواف کرے گی لیکن اسے خدا کے سوا کسی دوسرے کا خوف نہیں ہوگا۔ میرے دل میں خیال آیا کہ اس وقت قبیلہ طے کے ڈاکوؤں کو کیا ہو جائے گا۔ جنہوں نے آج شہروں میں آگ لگا رکھی ہے۔ پھر فرمایا، اگر تمہاری عمر نے وفا کی تو ضرور تم کسریٰ کے خزانوں پر قابض ہو جاؤ گے۔ میں عرض گزار ہوا...... کیا کسریٰ بن ہرمز کے...... فرمایا:

ہاں کسریٰ بن ہرمز کے، پھر فرمایا اگر تمہاری عمر نے وفا کی ضرور دیکھو گے کہ آدمی ہتھیلی کے برابر سونا لے کر نکلے گا یا چاندی لے کر تلاش کرے گا کہ کوئی اسے قبول کرلے لیکن اسے لینے والا کوئی نہیں ملے گا۔ یقیناً تم میں سے ہر ایک تنہا اللہ تعالیٰ کی

Marfat.com

بارگاہ میں حاضر ہوگا اور اس روز تمہارے اور اس کے درمیان کوئی ترجمان نہیں ہوگا جو کسی کی ترجمانی کرے۔ پس اللہ تعالیٰ فرمائے گا...... کیا میں نے تیرے پاس رسول نہیں بھیجا جس نے میرے احکام پہنچائے؟ پس وہ جواب دے گا...... کیوں نہیں، فرمائے گا، کیا میں نے تجھے وافر مال نہیں دیا تھا؟ عرض کرے گا، ضرور دیا تھا وہ اپنے دائیں جانب دیکھے گا تو جہنم ہی نظر آئے گی اور بائیں جانب دیکھے گا تب بھی جہنم نظر آئے گی۔ حضرت عدی کہتے ہیں کہ میں نے نبی کریم ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا کہ جہنم کی آگ سے بچو اگرچہ کھجور کا ایک چھلکا خیرات دے کر ہی سہی۔ جس سے کھجور کا ایک چھلکا بھی نہ دیا جا سکے وہ اچھی بات کہہ کر ہی جہنم سے بچے۔

حضرت عدی فرماتے ہیں کہ میں نے دیکھ لیا کہ ایک بڑھیا نے حیرہ سے چل کر خانہ کعبہ کا طواف کیا اور اسے خدا کے سوا اور کسی کا خوف نہ تھا اور میں ان حضرات میں خود شامل تھا جنہوں نے کسریٰ بن ہرمز کے خزانوں کو فتح کیا تھا اور میری عمر نے اگر وفا کی تو نبی کریم القاسم ﷺ نے جو فرمایا تھا کہ ایک ہتھیلی بھر سونا یا چاندی لے کر نکلے گا۔ ضرور اسے بھی دیکھ لوں گا۔ اس حدیث کی دوسری سند میں مُحِلّ بن خلیفہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت عدی سے سنا کہ میں نبی کریم ﷺ کی بارگاہ میں حاضر تھا۔

فائدہ:

اس حدیث پاک میں بھی حضور ﷺ کے علم غیب کا بیان ہے۔ آپ ﷺ نے بہت زیادہ بعد میں ہونے والے امور کا اور واقعات کا ذکر فرمایا۔ جس طرح کے اوپر حدیث میں موجود ہیں۔

Marfat.com

مرویات

# حضرت عقبہ بن عامر رضی اللہ عنہما

## حضرت عقبہ بن عامر رضی اللہ عنہما کی روایات سے علم غیب کا ثبوت

Marfat.com

# حدیث نمبر 139

حدثنی سعید بن شرجیل حدثنا لیث عن یزید بن ابی الخیر عن عقبة بن عامر ان النبی ﷺ خرج یوماً فصلّٰی علٰی اهل احد صلٰوتهٗ علی المیت ثم انصرف الی المنبر فقال انی فرطکم وانا شهید علیکم انی والله لانظر الٰی حوضی الان وانی قد اعطیت مفاتیح خذائن الارض وانی والله ما اخاف بعدی ان تشرکوا والکن اخاف ان تنافسوا فیها۔ (رواہ البخاری فی کتاب الانبیاء)

ترجمہ:

حضرت عقبہ بن عامر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ایک روز نبی کریم ﷺ باہر تشریف لے گئے اور غزوہ احد کے شہیدوں پر اسی طرح نماز پڑھی جس طرح میت پر پڑھی جاتی ہے۔ پھر واپس آ کر آپ منبر پر جلوہ افروز ہوئے اور فرمایا:

بیشک میں تمہارا سہارا اور تم پر گواہ ہوں۔ بیشک خدا کی قسم میں اپنے حوض کو اس وقت بھی دیکھ رہا ہوں اور بے شک مجھے زمین کے خزانوں کی کنجیاں مرحمت فرمادی گئی ہیں اور بے شک مجھے یہ خطرہ نہیں کہ میرے بعد تم شرک کرنے لگ جاؤ گے بلکہ مجھے ڈر اس بات کا ہے کہ تم دنیا کے جال میں پھنس جاؤ گے۔

فائدہ:

اس حدیث پاک میں بھی حضور ﷺ کے علم غیب کا بیان ہے۔ آپ ﷺ نے

Marfat.com

بعد میں ہونے والے معاملات کا ذکر فرمایا۔اور فرمایا مجھے اپنے بعد تمہارے مشرک ہونے کا کوئی خوف نہیں۔البتہ تم دنیا میں پھنس جاؤ گے۔

اس سے معلوم ہوتا ہے کہ آپ ﷺ اپنی نگاہ نبوت سے قیامت تک اپنی امت کو دیکھ رہے تھے۔اللہ تعالیٰ نے آپ ﷺ کو اس سے بھی زیادہ علم غیب عطا فرمایا ہے۔

## حدیث نمبر 140

حدثنا عبدالله بن يوسف عن عقبة بن عامر حدثني يزيد بن ابي حبيب عن ابي الخير عن عقبة بن عامر انّ النّبيّ ﷺ خرج يومًا فصلّٰى علٰى اهل احد صلٰوته على الميت ثم انصرف الى المنبر فقال انّى فرط لكم فانا شهيد عليكم وانّى والله لانظر على حوضى الان وانّى اعطيت مفاتيح خزآئن الارض اومفاتيح الارض وانّى والله مااخاف عليكم ان تشركوا بعدى ولكن اخاف عليكم ان تنافسوا فيها۔ (رواہ البخاری فی کتاب الجنائز)

ترجمہ:

حضرت عقبہ بن عامر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم ﷺ ایک روز شہدائے احد پر نماز پڑھنے کے لیے تشریف لے گئے، جیسے میت پر نماز پڑھی جاتی ہے۔پھر منبر پر جلوہ افروز ہو کر فرمایا: میں تمہارا پیش رو ہوں اور میں تم پر گواہ ہوں اور بے شک خدا کی قسم میں اپنے حوض کو اب بھی دیکھ رہا ہوں اور مجھے زمین کے خزانوں کی کنجیاں عطا فرمادی گئی ہیں یا زمین کی کنجیاں اور بے شک خدا کی قسم مجھے تمہارے متعلق

Marfat.com

ڈر نہیں ہے کہ میرے بعد شرک کرنے لگو گے بلکہ مجھے اندیشہ ہے کہ تم دنیا کی محبت میں نہ پھنس جاؤ۔

**فائدہ:**

اس حدیث سے معلوم ہوا کہ نگاہ مصطفیٰ کا یہ عالم تھا کہ آپ زمین پر بیٹھے ہوئے حوض کوثر کو دیکھ لیا کرتے تھے۔ جن کا خیال یہ ہے کہ حضور ﷺ دیوار کے پرے بھی نہیں دیکھ سکتے تھے۔ وہ مقام مصطفیٰ ﷺ سے بے خبر ہیں۔

ثانیاً اس حدیث میں حضور نے حوض کوثر کو اپنا حوض فرمایا ہے کیونکہ پروردگار عالم نے وہ آپ کو عطا فرما دیا ہے۔ معلوم ہوا کہ خدا کی خدائی میں محمد مصطفیٰ ﷺ کی بادشاہی حق اور مسلمہ ہے۔

ثالثاً اس حدیث سے یہ بھی معلوم ہو رہا ہے کہ حضور ﷺ کو اپنی امت کے شرک میں مبتلا ہونے کا کوئی خدشہ نہیں تھا۔ کیونکہ آپ نے شرک کی جڑیں کاٹ دی تھیں۔ اس کے باوجود جن کو امت محمدیہ کا سواد اعظم شرک میں ڈوبا ہوا نظر آ رہا ہے۔ وہ خود ہی دیکھنے والی نگاہوں سے محروم ہیں۔ واللہ تعالیٰ اعلم

## حدیث نمبر 141

حدثنا محمد بن عبدالرحیم اخبرنا زکریاء بن عدی اخبرنا ابن المبارك عن حیوۃ عن یزید بن ابی حبیب عن ابی الخیر عن عقبۃ بن عامر قال صلّی رسول اللہ ﷺ علی قتلی احد بعد ثمانی سنین کا لمودّع للاحیاء والاموات ثم طلع المنبر فقال انی بین ایدیکم فرط وانا

Marfat.com

**علیکم شهید وان موعد کم الحوض وانی لانظر الیه من مقامی هٰذا وانی لست اخشٰی علیکم ان تشرکوا ولٰکنی اخشٰی علیکم الدنیا ان تنافسوها قال فکانت اٰخر نظرتها الٰی رسول الله ﷺ۔**

(رواہ البخاری فی کتاب المغازی)

ترجمہ:

حضرت عقبہ بن عامر رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے شہیدان احد پر آٹھ سال کے بعد بھی اس طرح نماز پڑھی جیسے زندے مردوں کو رخصت کرتے ہیں، پھر خورشید رسالت نے منبر پر طلوع فرمایا اور ارشاد ہوا کہ میں تمہارا پیش خیمہ ہوں، میں تمہارے اوپر گواہ ہوں۔ ہماری ملاقات کی جگہ حوض کوثر ہے۔ اور میں اس جگہ سے حوض کوثر کو دیکھ رہا ہوں اور مجھے تمہارے متعلق اس بات کا تو ڈر ہی نہیں ہے کہ تم شرک کرو گے بلکہ تمہارے متعلق تو مجھے دنیا داری کی محبت کا ڈر ہے۔ جس کے باعث تم ایک دوسرے سے حسد کرنے لگو گے۔ حضرت عقبہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ کا آخری دیدار میں نے اسی موقع پر کیا تھا۔

فائدہ:

اس حدیث پاک میں بھی حضور نبی اکرم ﷺ کے علم غیب کا بیان ہے کہ آپ ﷺ نے فرمایا...... میں اپنے حوض کوثر کو اب بھی دیکھ رہا ہوں۔ (سبحان اللہ) یہ ہے نگاہ نبوت کا مقام۔ حوض کوثر تو جنت میں ہے لیکن آپ اسے یہاں ہی سے دیکھ رہے ہیں اور دوسرا آپ نے فرمایا کہ مجھے خوف نہیں کہ تم میرے بعد شرک کرو گے۔ اس کے

Marfat.com

باوجود کچھ لوگ نادانی میں یا تعصب میں آکر یا پتہ نہیں کس وجہ سے مسلمانوں کو بات بات پر مشرک کہتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ ایسے لوگوں سے بچائے۔ (آمین ثم آمین)

## حدیث نمبر 142

حدثنی عمرو بن خالد حدثنا اللّیث عن یزید بن ابی حبیب عن ابی الخیر عن عقبۃ بن النّبیّ ﷺ خرج یومًا فصلّی علٰی اھل احد صلوٰتہٗ علی المیّت ثم انصرف الی المنبر فقال انّی فرط لّکم وانا شھید علیکم وانّی لانظر الٰی حوضی الان وانّی اعطیت مفاتیح خزائن الارض اومفاتیح الارض انّی واللہ مآاخاف علیکم ان تشر کوا بعدی ولکنّی اخاف علیکم ان تنافسوا فیھا۔ (رواہ البخاری فی کتاب المغازی)

ترجمہ:

حضرت عقبہ بن عامر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم ﷺ ایک روز باہر نکلے اور شہدائے احد پر اس طرح نماز پڑھی جیسے میت کی نماز جنازہ پڑھی جاتی ہے۔ پھر آپ منبر پر جلوہ افروز ہوئے اور فرمایا:

میں پہلے جا کر تمہارے کام درست کرنے والا ہوں۔ اور میں تمہارے اوپر گواہ ہوں اور میں اپنے حوض کوثر کو اب بھی دیکھ رہا ہوں۔ اور مجھے زمین کے خزانوں کی چابیاں مرحمت فرمائی گئی ہیں یا مجھے زمین کی چابیاں عطا فرمائی گئیں ہیں۔ خدا کی قسم مجھے یہ مطلقاً تمہارے متعلق ڈر نہیں کہ میرے بعد تم شرک کرنے لگ جاؤ گے۔ بلکہ ڈر تو اس بات کا ہے کہ تم کہیں دنیا میں نہ پھنس جاؤ۔

Marfat.com

**فائدہ:**

اس حدیث پاک میں بھی حضور نبی اکرم ﷺ کے علم غیب کا بیان ہے۔اس سے اوپر والی حدیث میں بھی اس طرح کا بیان ہے۔صرف تھوڑا سا فرق ہے۔بس مفہوم تھوڑا سا ملتا جلتا ہے۔

# حدیث نمبر 143

حدثنا قتیبة بن سعید حدثنا اللّیث عن یزید بن ابی حبیب عن ابی الخیر عن عقبۃ بن عامر انّ رسول الله ﷺ خرج یوما فصلّٰی علٰی اھل احد صلاتۃ علٰی المیّت ثم انصرف الٰی المنبر فقال انّی فرطکم وانا شھید علیکم وانّی والله لانظر الٰی حوضی الان وانّی قد اعطیت مفاتیح خزآئن الارض اومفاتیح الارض وانّی والله مآاخاف علیکم ان تشرکوا بعدی ولکنّی اخاف علیکم ان تنافسوا فیھا۔

(رواہ البخاری فی کتاب الرقاق)

**ترجمہ:**


ابوالخیر نے حضرت عقبہ بن عامر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ ﷺ ایک روز باہر نکلے اور شہدائے احد پر اسی طرح نماز پڑھی جیسے میت پر پڑھی جاتی ہے، پھر منبر کی طرف لوٹے اور فرمایا: میں تمہارے لیے پیش خیمہ ہوں اور میں تم پر گواہ ہوں اور خدا کی قسم بے شک میں اپنے حوض کو اب بھی دیکھ رہا ہوں اور مجھے زمین کے خزانوں کی کنجیاں عطا فرمادی گئی ہیں یا زمین کی کنجیاں اور خدا کی قسم مجھے اس بات کا کوئی

Marfat.com

ڈر نہیں کہ تم میرے بعد شرک کرو گے بلکہ مجھے ڈر ہے کہ تم دنیا کی محبت میں مبتلا نہ ہو جاؤ۔

**فائدہ:**

اس حدیث پاک میں بھی حضور نبی اکرم ﷺ کے وسیع علم غیب کا بیان ہے کہ آپ ﷺ نے فرمایا مجھے خزانوں کی کنجیاں عطا کی گئی ہیں اور اپنے بعد مجھے تمہارے شرک میں مبتلا ہونے کا ڈر نہیں لیکن تم دنیا کی محبت میں پھنس جاؤ گے۔




Marfat.com

## مرویات

# حضرت زینب بنت جحش رضی اللہ عنہما

## حضرت زینب بنت جحش رضی اللہ عنہما کی روایات سے علم غیب کا ثبوت

Marfat.com

# حدیث نمبر 144

حدثنا ابو الیمان اخبرنا شعیب عن الذهری قال حدثنی عروة بن الذبید ان زینب ابنة ابی سلمة حدثته ان اُم حبیبة بنت ابی سفیان حدثتها عن زینب بنت جحش ان النبی ﷺ دخل علیها فزعاً یقول لااله الا الله ویل للعرب من شر قد اقترب فتح الیوم من ردم یاجوج وما جوج مثل هٰذا وخلق باصبعهٖ وبالّتی تلیها فقالت زینب فقلت یارسول الله انهلك وفینا الصالحون قال نعم اذاکثر الخبث وعن الزهری حدثنی هند بنت الحارث ان اُمّ سلمة قالت استیقظ النبی ﷺ فقال سبحان الله ماذا اُنزل من الخزآئن وما ذاانزل من الفتن۔

(رواہ البخاری فی کتاب الانبیاء)

ترجمہ:

حضرت زینب بنت جحش رضی اللہ تعالیٰ عنہا فرماتی ہیں کہ ایک روز نبی کریم ﷺ میرے پاس یہ فرماتے ہوئے خوف وہراس کی حالت میں تشریف لائے کہ لا الہ الا اللہ عرب کی خرابی ہے اس شہر سے جو نزدیک آگیا۔ دیوار میں یاجوج وماجوج نے اتنا سوراخ کرلیا ہے، پھر آپ نے دو(۲) انگلیوں سے حلقہ بنا کر دکھایا۔

پس میں عرض گزار ہوئی یارسول اللہ ﷺ! کیا ہم ہلاک ہوجائیں گے حالانکہ ہمارے درمیان نیک آدمی بھی موجود ہیں؟...... فرمایا...... ہاں ہلاک ہونگے، لیکن جب

Marfat.com

برائی بڑھ جائے گی۔ حضرت ام سلمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا فرماتی ہیں کہ ایک روز نبی کریم ﷺ نے بیدار ہو کر فرمایا: سبحان اللہ! کتنے خزانے نازل فرمائے اور کتنے فتنے برسائے گئے ہیں۔

**فائدہ:**

اس حدیث پاک میں بھی حضور ﷺ کے علم غیب کا بیان ہے۔ آپ ﷺ نے کئی سال بعد میں ہونے والی چیزوں کا ذکر فرمایا۔ اگر علم غیب نہ ہوتا تو آپ ﷺ کیسے بیان فرما سکتے تھے۔

## حدیث نمبر 145

حدثنا یحی بن بکیر حدثنا اللّیث عن عقیل عن ابن شهاب عن عروة بن الزّبیر انّ زینب ابنة ابی سلمة حدثته عن امّ حبیبة بنت ابی سفیان عن زینب ابنة جحشٍ رضی الله عنهنّ انّ النّبیّ ﷺ دخل علیها فزعًا یّقول لااله الا الله ویل لّلعرب من شر قد اقترب فتح الیوم من ردم یاجوج وما جوج مثل هٰذهٖ وحلّق باصبعیه الابهام والّتی تلیها قالت زینب ابنة جحش فقلت یارسول الله انهلك وفینا الصالحون قال نعم اذا کثر الخبث۔ (رواہ البخاری فی کتاب الانبیاء)

**ترجمہ:**

حضرت زینب بنت جحش رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں ایک روز رسول اللہ ﷺ میرے پاس گھبراہٹ کے عالم میں تشریف فرما ہوئے۔ آپ فرما رہے تھے اللہ کے

Marfat.com

سوائے کوئی معبود نہیں، عرب کی خرابی ہے اس قریب آنے والے شر سے کہ یاجوج اور ماجوج نے آج دیوار میں اتنا شگاف کر دیا ہے، پھر انگشت شہادت اور انگوٹھے سے حلقہ کر کے بتایا۔ حضرت زینب بنت جحش فرماتی ہیں کہ میں عرض گزار ہوئی، یارسول اللہ! کیا ہم ہلاک ہو جائیں گے حالانکہ ہم میں تو نیک لوگ بھی ہیں؟ فرمایا...... ہاں...... (ایسا اس وقت ہوگا) جب خباثت بڑھ جائے گی۔

**فائدہ:**

اس حدیث پاک میں بھی حضور ﷺ کے علم غیب کا بیان ہے آپ ﷺ نے بعد میں ہونے والی چیزوں کا بیان فرمایا۔ مستقبل کا بیان فرمانا آپ کے علم غیب پر دلالت کرتا ہے۔

الصلوۃ والسلام علیک یارسول اللہ
وعلی الک واصحبک یاحبیب اللہ

Marfat.com

## مرویات

# حضرت ابو موسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ

## حضرت ابو موسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ کی روایات سے علم غیب کا ثبوت

Marfat.com

# حدیث نمبر 146

حدثنا محمد بن مسكين ابوالحسن حدثنا يحى بن حسان حدثنا سليمان عن شريك بن ابى نمرٍ عن سعيد بن المسيّب قال ابوموسٰى الاشعرىّ انّهٗ توضّآء فى بيتهٖ ثم خرج فقلت لالذمن رسول الله ﷺ ولا كونن معهٗ يومى هذا قال فجآء المسجد فسال عن النبىّ ﷺ فقالوا خرج ووجّه ههنا فخرجت علٰى اثرهٖ اسئال عنه حتى دخل بئر اريس فجلست عند الباب وبابها من جريد حتى قضٰى رسول الله ﷺ حاجتهٗ فتوضّأ فقمت اليه فاذاً هو جالس علٰى بئراريس وتوسّط قفّها وكشف عن ساقيه ودلاهما فى البئر فسلّمت عليه ثم انصرفت فجلست عند الباب فقلت لاكونن بوّاب رسول الله ﷺ اليوم فجآء ابوبكر فرفع الباب فقلت من هٰذا فقال ابوبكر فقلت علٰى رسلك ثم ذهبت فقلت يارسول الله ابوبكر يستأذن فقال ائذن لهٗ وبشره بالجنة فاقبلت حتى قلت لابى بكر اُدخل ورسول الله ﷺ يبشرك بالجنة فدخل ابوبكر فجلس عن يّمين رسول الله ﷺ معهٗ فى القفّ ودلّٰى رجليه فى البئر كما صنع النبىّ ﷺ وكشف عن ساقيه ثم رجعت فجلست وقد تركت اخى يتوضاء ويلحقنى فقلت ان يرد الله بفلان خيرا يّريد اخاه يأت بهٖ فاذا انسان يحرك الباب فقلت من هٰذا فقال عمر

Marfat.com

بن الخطّاب فقلت علٰی رسلك ثم جئت الیٰ رسول الله ﷺ فسلمت علیه فقلت هٰذا عمر بن الخطّاب یستأذن فقال ئذن لهٗ وبشره بالجنّة فجئت فقلت ادخل وبشرك رسول الله ﷺ بالجنة فدخل فجلس مع رسول الله ﷺ فی القفّ عن یّساره ودلّٰی رجلیه فی البئر ثم رجعت فجلست فقلت ان یّرد الله بفلان خیرًا یأت بهٖ فجآء انسان یحرك الباب فقلت من هٰذا فقال عثمان بن عفّان فقلت علٰی رسلك فجئت الٰی رسول الله فاخبرتهٗ فقال ئذن لهٗ وبشره بالجنة علٰی بلوٰی تصیبهٗ تصیبك فدخل فوجد القفّ قدملئی فجلس وجاهه من الشقّ الاٰخر قال شریك قال سعید بن المسیّب فاوّلتهما قبورهم۔

(رواہ البخاری فی کتاب الانبیاء)

ترجمہ:

حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ تعالیٰ عنہ اپنے گھر سے وضو کرکے باہر نکلے اور دل میں کہنے لگے آج میں ضرور رسول اللہ ﷺ کی خدمت کروں گا اور ضرور آپ کے ساتھ رہوں گا پس یہ مسجد میں آئے اور نبی کریم ﷺ کے متعلق پوچھا، لوگوں نے بتایا کہ ادھر تشریف لے گئے ہیں۔ یہ نقش قدم دیکھتے اور پوچھتے ہوئے چلتے رہے، یہاں تک کہ بئر اریس پر جا پہنچے۔ پس میں دروازے پر بیٹھ گیا جو کھجور کی شاخوں کا تھا۔ جب رسول اللہ ﷺ قضائے حاجت سے فارغ ہوئے اور آپ نے وضو فرمالیا تو میں اٹھ کر خدمت میں حاضر ہوگیا۔

Marfat.com

آپ بئر اریس پر بیٹھ گئے منڈیر کے درمیان پنڈلیاں کھول لیں اور انہیں کنوئیں میں لٹکا لیا میں سلام کر کے لوٹ آیا اور دروازے پر آ کر بیٹھ گیا۔ اپنے دل میں سوچا کہ آج میں رسول اللہ ﷺ کا دربان بن کر رہوں گا۔ پھر حضرت ابوبکر آئے اور انہوں نے دروازہ کھٹکھٹایا، میں نے پوچھا......کون ہے؟ جواب دیا، ابوبکر، میں نے کہا کہ ٹھہریئے، پھر میں جا کر عرض گزار ہوا یا رسول اللہ ﷺ! یہ ابوبکر ہیں اور حاضر ہونے کی اجازت چاہتے ہیں، فرمایا:

انہیں اجازت دے دو اور انہیں جنت کی خوشخبری سناؤ، میں نے آگے بڑھ کر حضرت ابوبکر سے کہا کہ اندر آ جایئے اور رسول خدا آپ کو جنت کی بشارت دیتے ہیں ۔ پس حضرت ابوبکر آ کر رسول اللہ ﷺ کے دائیں جانب چبوترے پر بیٹھ گئے، اپنی ٹانگیں کنوئیں میں لٹکا لیں اور پنڈلیاں کھول دیں، جیسا کہ رسول اللہ ﷺ نے کیا تھا۔

میں واپس آ کر اپنی اسی جگہ بیٹھ گیا، میں اپنے بھائی کو وضو کرتے ہوئے چھوڑ آیا تھا اور وہ بھی میرے ساتھ آنا چاہتے تھے۔ میں نے سوچا اگر اب اللہ تعالیٰ کسی پر یہاں بھیجنے کا کرم فرمائے تو کاش! وہ میرے بھائی کو بھی ساتھ لیتا آئے۔ اسی اثنا میں کسی نے دروازہ ہلایا میں نے پوچھا، کون ہے؟ جواب دیا کہ عمر بن خطاب ہے...... میں نے کہا...... ذرا ٹھہریئے، پھر میں رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا اسلام عرض کیا اور کہا: حضرت عمر اجازت طلب کر رہے ہیں۔ فرمایا:

انہیں اجازت دے دو اور جنت کی بشارت دو، میں گیا اور کہا کہ اندر آ جایئے اور رسول اللہ آپ کو جنت کی بشارت دیتے ہیں۔ پس یہ اندر آئے اور چبوترے پر رسول اللہ کے بائیں جانب بیٹھ گئے اور اپنے دونوں پیر کنوئیں میں لٹکا لیے۔

Marfat.com

پھر میں واپس آ کر بیٹھ گیا اور اپنے جی میں کہا کہ کاش! اللہ تعالیٰ فلاں (ان کے بھائی) کے ساتھ بھی بھلائی کا ارادہ فرمائے، پس کسی نے دروازہ ہلایا، میں نے پوچھا کون ہے؟ جواب دیا...... عثمان بن عفان ہے...... میں نے کہا...... ذرا ٹھہریئے، پس میں رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا اور آپ کو بتایا...... فرمایا:

انہیں اجازت دے دو اور جنت کی بشارت سناؤ اور ایک مصیبت انہیں پہنچے گی۔ پس میں نے انہیں داخل ہونے کے لیے کہا اور کہا کہ رسول اللہ ﷺ آپ کو جنت کی خوشخبری سنا رہے ہیں اور ایک مصیبت آپ کو پہنچے گی۔ وہ اندر داخل ہوئے تو چبوترے کو بھرا ہوا دیکھ کر دوسری جانب جا بیٹھے۔ شریک نے سعید بن مسیّت کا قول نقل کیا کہ اس سے میں ان کی قبریں مراد لیتا ہوں۔

**فائدہ:**

اس حدیث پاک میں بھی حضور نبی اکرم ﷺ کے علم غیب کا بیان ہے کہ آپ ﷺ نے حضرت سیدنا ابوبکر اور حضرت سیدنا عمر فاروق اور حضرت سیدنا عثمان غنی رضی اللہ تعالیٰ عنہم ان کو جنت کی بشارت دی حالانکہ یہ فیصلہ قیامت کے بعد ہونا ہے۔

## حدیث نمبر 147

حدثنا عبداللہ بن ابی الاسود حدثنا عبدالعزیز بن عبدالصمد العمیّ حدثنا ابو عمران الجونیّ عن ابی بکر بن عبداللہ بن قیس عن ابیہ انّ رسول اللہ ﷺ قال جنّتان من فضّۃ اٰتیتھما وما فیھما وما بین القوم وبین ان ینظروا الی ربھم الا ردآء الکبر علٰی وجھہٖ فی جنّۃ

Marfat.com

عدنٍ۔(رواہ البخاری فی کتاب التفسیر)

ترجمہ:

حضرت عبداللہ بن قیس (ابوموسیٰ اشعری) رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: دو جنتیں چاندی کی ہونگی، یہاں تک کہ ان کے برتن اور ان کی تمام چیزیں بھی اور دو (۲) جنتیں سونے کی ہوں گی۔ یہاں تک کہ ان کے برتن بلکہ وہاں کی ہر چیز سونے کی ہوگی، لوگ اپنے خدا کو دیکھیں گے اس پر جنت عدن میں کوئی رکاوٹ نہ ہوگی، ماسوائے اس کے کہ اس کے چہرے پر عظمت کی چادر پڑی ہوئی ہوگی۔

فائدہ:

اس حدیث پاک میں بھی حضور نبی اکرم ﷺ کے علم غیب کا بیان ہے کہ آپ ﷺ نے اس حدیث پاک میں بھی آپ نے غیب کی خبروں کا بیان فرمایا ہے۔ آپ نے فرمایا، دو جنتیں چاندی اور دو جنتیں سونے کی ہوں گی۔ یہ بھی تو آپ نے غیب کی خبر دی ہے نا۔

## حدیث نمبر 148

حدثنا محمد بن المثنّٰی قال حدثنی عبدالعزیز بن عبدالصمد حدثنا ابو عمران الجونیّ عن ابی بکر بن عبداللہ بن قیس عن ابیہ انّ رسول اللہ ﷺ قال انّ فی الجنّۃ خیمۃ من لؤلؤۃ مجوّفۃ عرضھا ستّون میلا فی کلّ زاویۃ مّنھا اھل ما یرون الأخرین یطوف علیھم المؤمنون وجنتان من فضّۃ اٰنیتھما وما فیھما ،وجنّتان من کذا اٰنیتھما وما فیھما

Marfat.com

وما بین لقوم وبین ان ینظرو الٰی ربّھم الا ردآء الکبر علٰی وجھہٖ فی جنّۃ عدنٍ۔ (رواہ البخاری فی کتاب التفسیر)

**ترجمہ:**

حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: بے شک جنت میں ایک خیمہ ایسا ہوگا جو ایک ہی کھوکھلے موتی کا ہوگا اور اس کی چوڑائی ساٹھ میل ہوگی، اس کے ہر کونے میں حوریں ہونگی ایک کونے والی دوسرے کونے والی حوروں کو نہیں دیکھ سکیں گی اور اہل ایمان ان کے پاس آئیں گے۔ وہاں دو جنتیں چاندی کی ہوں گی یہاں تک کہ ان کے برتن اور تمام چیزیں بھی اسی طرح۔ دو جنتیں سونے کی بلکہ ان کی ہر چیز بھی ان لوگوں کے لیے جنت عدن میں اپنے رب کے دیدار پر کوئی رکاوٹ نہیں ہوگی۔ ماسوائے اس کے کہ اس کے چہرے پر کبریائی چادر پڑی ہوگی۔

**فائدہ:**

اس حدیث پاک میں بھی حضور نبی اکرم ﷺ کے علم غیب کا بیان ہے کہ آپ ﷺ نے جنت کے کچھ احوال بیان فرمائے حالانکہ وہ سب کچھ قیامت کے بعد میں ہوتا ہے۔

Marfat.com

# حدیث نمبر 149

حدثنا مسدّد حدثنا یحیٰ عن عثمان بن غیاث حدثنا ابو عثمان عن ابی موسٰی انّہٗ کان مع النّبیّ ﷺ فی حآئط من حیطان المدینۃ وفی ید النّبیّ ﷺ عود یضرب بہٖ بین المآء والطّین فجآء رجل یستفتح فقال النّبیّ ﷺ افتح وبشّرہ بالجنّۃ فذھبت فاذا ابو بکر ففتحت لہٗ وبشّرتہٗ بالجنّۃ ثم استفتح رجل اٰخر فقال افتح لہٗ وبشّرہ بالجنّۃ فاذا عمر ففتحت لہٗ وبشّرتہٗ بالجنّۃ ثم استفتح رجل اٰخر وکان متّکئا فجلس فقال افتح وبشّرہ بالجنّۃ علٰی بلوٰی تصیبہٗ اوتکون فذھبت فاذا عثمان ففتحت لہٗ وبشّرتہٗ بالجنّۃ فاخبرتہ بالّذی قال،قال اللہ المستعان۔(رواہ البخاری فی کتاب الادب)

ترجمہ:

ابوعثمان نے حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ وہ ایک باغ میں نبی کریم ﷺ کے ہمراہ تھے یہ مدینہ منورہ کے باغوں میں سے ایک باغ تھا۔ نبی کریم ﷺ کے دست مبارکہ میں ایک لکڑی تھی جسے پانی اور مٹی میں مارتے تھے ایک شخص آیا اور دروزاہ کھولنے کے لیے کہا،آپ نے فرمایا:

دروازہ کھول دو اور اسے جنت کی بشارت دے دو، میں گیا تو وہ حضرت ابو بکر تھے، میں نے ان کے لیے دروازہ کھول دیا اور انہیں جنت کی بشارت دی، پھر ایک اور آدمی نے دروازہ کھولنے کے لیے کہا آپ نے فرمایا:

Marfat.com

دروازہ کھول دو اور اسے جنت کی بشارت دے دو، دیکھا تو وہ حضرت عمر تھے۔ پس میں نے ان کے لیے دروازہ کھول دیا اور جنت کی بشارت دی، پھر ایک اور شخص نے دروازہ کھولنے کی اجازت مانگی، لیکن آپ نے ٹیک لگائی ہوئی تھی، اُٹھ بیٹھے اور فرمایا:

دروازہ کھول دو، اور اسے جنت کی بشارت دے دو، لیکن اس مصیبت کے ساتھ جو اسے پہنچے گی، یا اس کے لیے ہوگی، میں گیا تو وہ حضرت عثمان تھے، پس میں نے ان کے لیے دروازہ کھول دیا اور انہیں جنت کی بشارت دے کر وہ بات بتائی جو حضور نے فرمائی تھی۔ انہوں نے کہا کہ اللہ ہی مدد فرمانے والا ہے۔

**فائدہ:**

اس حدیث پاک میں بھی حضور نبی اکرم ﷺ کے وسیع علم غیب کا بیان ہے کہ آپ ﷺ نے حضرت سیدنا ابوبکر صدیق، حضرت سیدنا عمر فاروق، حضرت سیدنا عثمان ذوالنورین رضی اللہ تعالیٰ عنہم کو جنت کی بشارت دی اور غیب کی خبر دیتے ہوئے حضرت عثمان کے بارے میں فرمایا کہ انہیں ایک مصیبت پہنچے گی، اور اگر علم غیب نہ ہوتا تو آپ ﷺ کیسے ایسی خبر دے سکتے تھے۔

Marfat.com

# مرویات

# حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہما

## حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہما کی روایات سے علم غیب کا ثبوت

Marfat.com

# حدیث نمبر 150

حدثنا قتیبة بن سعید حدثنا عبدالعزیز عن ابی حازم عن سهل بن سعد رضی الله عنه ان رسول الله ﷺ قال لاعطینّ الرّایة غدًا رجلا یفتح الله علٰی یدیه قال فبات الناس یدوکون لیلتهم ایّهم یعطاها فلمّا اصبح الناس غدوا علٰی رسول الله ﷺ کلهم یرجوا ان یّعطاها فقال این علیّ بن ابیطالب فقالوا یشتکی عینیه یارسول الله قال فارسلوا الیه فاتونی بهٖ فلما جآء بصق فی عینیه ودعالهٗ فبدءِ حتی کان لم یکن بهٖ وجع فاعطاه الرّایة فقال علی یارسول الله اقاتلهم حتی یکونوا مثلنا فقال انفذ علٰی رسلك حتی تنزل بساحتهم ثم ادعهم الٰی الاسلام واخبرهم بما یجب علیهم من حق الله فیه فوالله لان یهدی الله بك رجلاً واحدًا خیر لك من ان یکون لك حمر النعم۔

(رواہ البخاری فی کتاب المناقب)

ترجمہ:

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:

کل میں یہ جھنڈا ضرور اس شخص کو دوں گا۔ جس کے ہاتھ پر اللہ تعالیٰ فتح

Marfat.com

مرحمت فرمائے گا۔لوگ تمام رات اسی حسرت میں رہے کہ دیکھیے صبح کس خوش نصیب کو جھنڈا عطا فرمایا جائے گا۔جب صبح ہوئی تو ہر ایک یہ تمنا لیے ہوئے رسول اللہ ﷺ کی بارگاہ میں حاضر ہوا، کہ جھنڈا اسے مرحمت ہو، آپ ﷺ نے فرمایا: علی بن ابو طالب کہاں ہیں؟

لوگوں نے جواب دیا کہ یارسول اللہ! ان کی آنکھیں دکھتی ہیں فرمایا انہیں بلا کر لاؤ، پس انہیں آپ کی خدمت میں لایا گیا تو آپ نے ان کی آنکھوں میں لعاب دہن لگادیا اوران کے لیے دعا فرمائی پس وہ اس طرح شفایاب ہو گئے جیسے انہیں تکلیف ہی نہیں ہوئی تھی۔پھر آپ نے انہیں جھنڈا عطا فرمادیا۔حضرت علی عرض گزار ہوئے، یارسول اللہ ﷺ اس وقت تک لڑوں جب تک وہ مسلمان نہ ہو جائیں......فرمایا: خاموشی کے ساتھ جاؤ اور جب تم ان کے میدان میں جا اترو تو پہلے انہیں اسلام کی طرف بلانا اور جوان پر واجب ہے۔یعنی اللہ کا حق ہے وہ انہیں بتانا پس خدا کی قسم اگر تمہاری وجہ سے اللہ تعالیٰ نے ایک آدمی کو بھی ہدایت دے دی تو یہ تمہارے لیے سرخ اونٹوں کے ہونے سے بہتر ہے۔

**فائدہ:**

اس حدیث پاک میں بھی حضور نبی اکرم ﷺ کے وسیع علم غیب کا بیان ہے۔کہ آپ ﷺ نے ایک دن پہلے ہی خیبر کے فتح ہونے کی خبر دے دی اور جس کے ہاتھ پر فتح ہونا ہے اس کی طرف بھی اشارہ فرمادیا۔

Marfat.com

# حدیث نمبر 151

**حدثنا محمد بن ابی بکر المقرمیّ حدثنا فضیل بن سلیمان عن ابی حازم عن سهل ابن سعد رضی الله عنه عن النبی ﷺ قال لیدخلنّ من امّتی سبعون الفًا وسبعمائة الف لایدخل اوّلهم حتی یدخل اٰخرهم وجوهم علیٰ صورة القمر لیلة البرد۔**

(رواہ البخاری فی کتاب بداء الخلق)

**ترجمہ:**

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا: جنت میں سب سے پہلے میری امت کے ستر (70 ہزار یا سات) لاکھ افراد داخل ہوں گے ان سے پہلے کوئی داخل نہ ہو سکے گا۔ یہاں تک کہ جو ان کے بعد داخل ہوں گے ان کے چہرے بھی چودہویں رات کے چاند کی طرح دمکتے ہوں گے۔

**فائدہ:**

اس حدیث پاک میں بھی حضور نبی اکرم ﷺ کے علم غیب کا وسیع بیان ہے کہ آپ ﷺ نے اپنی امت کے ان لوگوں کا بیان فرمایا جو پہلے جنت میں داخل ہونے والے ہیں، جو ان کے بعد داخل ہوں گے، ان کے چہرے چودہویں رات کے چاند کی طرح چمکتے ہوں گے (سبحان اللہ) آپ ﷺ نے ہزاروں سال پہلے ان کے چہروں کی چمک والی کیفیت کو بھی بیان فرما دیا۔ معلوم ہوتا ہے آپ ﷺ کے علم غیب کا کوئی اندازہ نہیں کر سکتا۔

Marfat.com

# حدیث نمبر 152

حدثنا علی بن عیاش حدثنا ابو غسان قال حدثنی ابو حازم عن سھل بن سعد السّاعدی قال نظر النبیّ ﷺ الیٰ رجل یّقاتل المشرکین وکان من اعظم المسلمین غنآءً عنھم فقال من احب ان ینظر الیٰ رجل من اھل النار فلینظر الیٰ ھذا فتبعہٗ رجل فلم یزل علیٰ ذٰلك حتی جرح فاستعجل الموت فقال بذبابة سیفہٖ فوضعہٗ بین ثدییہ فتحامل علیہ حتی خرج من بین کتفیہ فقال النّبیّ ﷺ ان العبد لیعمل فیما یری النّاس عمل اھل الجنة وانّہٗ لمن اھل النّار ویعمل فیما یری الناس عمل اھل النّار وھو من اھل الجنة وانّما الاعمال بخواتیمھا۔

(رواہ البخاری فی کتاب الرقاق)

ترجمہ:

حضرت سہل بن سعد ساعدی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ نبی کریم ﷺ نے ایک آدمی کی جانب توجہ فرمائی جو مشرکین سے لڑ رہا تھا اور بلحاظ دولت وہ مسلمانوں کے منتخب افراد سے تھا پس آپ نے فرمایا کہ جو کسی دوزخی کو دیکھنا چاہے وہ اس آدمی کو دیکھ لے، چنانچہ ایک شخص جائزہ لینے اس کے پیچھے لگ گیا۔ چنانچہ وہ برابر لڑتا رہا یہاں تک کہ زخمی ہو گیا پس اس نے مرنے میں جلدی کی، راوی کا بیان ہے اس نے تلوار سینے کے درمیان رکھی اور اپنے جسم کا پورا بوجھ اس پر رکھ دیا۔

یہاں تک کہ تلوار اس کے کندھوں کے درمیان سے نکل گئی۔ چنانچہ نبی کریم

Marfat.com

ﷺ نے فرمایا کہ آدمی عمل کرتا رہتا ہے جب کہ لوگ دیکھتے ہیں کہ وہ اہل جنت کے کام کر رہا ہے لیکن ہوتا وہ جہنمی ہے اور کوئی عمل کرتا ہے کہ لوگ دیکھتے ہیں کہ وہ جہنم کے کام کر رہا ہے لیکن وہ ہوتا جنتی ہے اور اعمال کا دار و مدار خاتمے پر ہے۔

**فائدہ:**

اس حدیث پاک میں بھی حضور ﷺ کے علم غیب کا بیان ہے آپ ﷺ نے ایک آدمی کے بارے میں فرمایا کہ یہ جہنمی ہے۔ حالانکہ جنت اور جہنم کا فیصلہ قیامت کے بعد میں ہونا ہے۔ لیکن حضور پاک ﷺ نے پہلے ہی بیان فرما دیا پھر جب وہ آدمی خودکشی سے مرا جو آپ نے فرمایا تھا اُسی طرح ہو گیا۔

## حدیث نمبر 153

حدثنا سعید بن ابی مریم حدثنا ابو غسّان حدثنی ابو حازم عن سهل انّ رجلا من اعظم المسلمین عنآء عن المسلمین فی غزوة غذاها مع النّبیّ ﷺ فنظر النّبیّ ﷺ فقال من احب ان ینظر الی الرجل من اهل النار فلینظر الٰی هٰذا، فاتبعهٗ رجل من القوم وهو علٰی تلك الحال من اشد الناس علی المشرکین حتی جرح فاستعجل الموت فجعل ذبابة سیفهٖ بین ثدییه حتی خرج من بین کتفیه، فاقبل الرجل الی النّبیّ ﷺ مسرعًا فقال اشهد انك رسول الله، فقال وما ذاك؟ قال قلت لفلان من احب ان ینظر الٰی رجل من اهل النار فلینظر الیه وکان من اعظمنا عنآء عن المسلمین فعرفت انّه لایموت علٰی ذٰلك، فلمّا جرح استعجل

Marfat.com

الموت فقتل نفسہٗ فقال النبیّ ﷺ عند ذٰلک ان العبد لیعمل عمل اھل النار وانّہٗ من اھل الجنّۃ ویعمل عمل اھل الجنّۃ وانّہٗ من اھل النّار وانّما الاعمال بالخواتیم۔ (رواہ البخاری فی کتاب القدر)

ترجمہ:

ابو حازم نے حضرت سہل بن سعد رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ مسلمانوں کے بہت بڑے جوان مردوں میں سے ایک آدمی کسی غزوہ میں نبی کریم ﷺ کے ہمراہ جہاد کررہا تھا۔ چنانچہ نبی کریم ﷺ نے اسے دیکھ کر فرمایا:

اگر کوئی کسی جہنمی شخص کو دیکھنا چاہے تو وہ اس آدمی کو دیکھ لے، چنانچہ مسلمانوں میں سے ایک آدمی اس کے پیچھے ہولیا، جبکہ وہ اسی طرح مشرکوں کے ساتھ جان توڑ کر لڑ رہا تھا، یہاں تک کہ وہ زخمی ہوگیا تو اس نے مرنے میں جلدی کی، چنانچہ تلوار کی نوک اس نے اپنے سینے کے درمیان رکھی یہاں تک کہ اس کے کندھوں سے پار نکل گئی۔ پس وہ آدمی جلدی سے نبی کریم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا اور کہا:

میں گواہی دیتا ہوں کہ آپ اللہ کے سچے رسول ہیں، فرمایا کہ بات کیا ہوئی؟ عرض گزار ہوا کہ آپ نے فلاں کے بارے میں فرمایا تھا کہ جو کسی جہنمی کو دیکھنا چاہے تو اسے دیکھ لے اور وہ مسلمانوں کی طرف سے جان توڑ کر لڑ رہا تھا۔ میں سمجھتا تھا کہ وہ اس حالت میں نہیں مرے گا۔ لیکن جب وہ زخمی ہوگیا تو مرنے میں جلدی کی اور خودکشی کرلی۔ اس وقت نبی کریم ﷺ نے فرمایا کہ کوئی آدمی جہنمیوں جیسے عمل کرتا رہتا ہے لیکن ہوتا وہ جنتی ہے اور کوئی ایسا ہوتا ہے کہ اہل جنت جیسے عمل کرتا رہتا ہے لیکن وہ جہنمی

Marfat.com

ہے۔اور اعمال کا دارومدار خاتمے پر ہے۔

**فائدہ:**

اس حدیث پاک میں بھی حضور نبی اکرم ﷺ کے علم غیب کا بیان ہے کہ آپ ﷺ نے اس شخص کے جہنمی ہونے کی خبر دی اور واقعہ ہی آپ کے فرمانے کے مطابق اس نے آخر میں جہنمیوں والا عمل کردیا تو وہ جہنمی ہوگیا۔

## حدیث نمبر 154

حدثنا قتیبة بن سعید حدثنا یعقوب بن عبدالرحمٰن عن ابی حازم قال اخبرنی سهل بن سعد رضی الله عنه انّ رسول الله ﷺ قال یوم خیبر لاعطینّ هٰذه الرّایة غدًا رجلا یفتح الله علٰی یدیه یحبّ الله ورسولهٗ ویحبّه الله ورسولهٗ قال فبات النّاس یدوکون لیلتهم ایّهم یعطاها فلمّا اصبح النّاس غدوا علٰی رسول الله ﷺ کلّهم یرجوا ان یّعطاها فقال این علیّ بن ابی طالب فقیل هو یارسول الله یشتکی عینیه قال فارسلوا الیه فاتی بهٖ فبصق رسول الله ﷺ فی عینیه ودعالهٗ فبرء کان لم یکن بهٖ وجع فاعطاه الرّایة فقال علی یارسول الله اقاتلهم حتی یکونوا مثلنا فقال انفذ علی رسلك حتی تنزل بساحتهم ثم ادعهم الٰی اسلام واخبرهم بما یجب علیهم من حق الله فیه فوالله لان یّهدی الله بك رجلا واحدا خیرلك من ان یکون لك الحمر النّعم۔

(رواہ البخاری فی کتاب المغازی)

Marfat.com

ترجمہ:

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے غزوۂ خیبر کے روز فرمایا کہ کل یہ جھنڈا میں ایسے شخص کو دونگا کہ اللہ تعالیٰ اس کے ہاتھ پر فتح عطا فرمائے گا۔ وہ اللہ اور اس کے رسول کو دوست رکھتا ہے اور اللہ تعالیٰ اور اس کا رسول اسے دوست رکھتے ہیں۔

راوی کا بیان ہے کہ لوگوں نے رات بڑی بے چینی کے ساتھ گزاری کہ دیکھیئے جھنڈا کس کو عطا فرمایا جاتا ہے۔ جب صبح ہوئی تو لوگ رسول اللہ کی خدمت میں حاضر ہو گئے۔ سارے یہی تمنا لے کر آئے تھے کہ جھنڈا مجھے مل جائے، پس آپ نے فرمایا...... علی بن ابو طالب کہاں ہیں؟ عرض کی گئی...... یارسول اللہ! ان کی آنکھیں دکھتی ہیں۔

راوی کا بیان ہے کہ پھر انہیں بلایا گیا۔ وہ حاضر خدمت ہوئے تو رسول اللہ نے ان کی دونوں آنکھوں میں لعاب دہن لگا دیا اور ان کے لیے دعا کی۔ پس وہ ایسے شفا یاب ہوئے گویا انہیں سرے سے تکلیف ہوئی ہی نہ تھی۔ پس جھنڈا انہیں عطا فرما دیا گیا۔ حضرت علی عرض گزار ہوئے یارسول اللہ! کیا میں اس وقت تک ان کے ساتھ لڑوں جب تک وہ مسلمان نہ ہو جائیں، فرمایا تم چپکے سے ان کے میدان میں جا اترو اور پھر انہیں اسلام کی دعوت دو اور انہیں بتاؤ کہ اللہ کا حق ہونے کے باعث ان پر کیا واجب ہے۔ پس خدا کی قسم اگر ایک آدمی کو بھی اللہ تعالیٰ نے تمہاری وجہ سے ہدایت دے دی تو یہ تمہارے لیے سرخ اونٹوں سے بہتر ہے۔

Marfat.com

**فائدہ:**

اس حدیث پاک میں بھی حضور نبی اکرم ﷺ کے علم غیب کا بیان ہے کہ آپ ﷺ نے فرمایا کل میں جھنڈا اسے دوں گا، جس کے ہاتھ اللہ تعالیٰ فتح دے گا۔ کل ابھی آنے والی ہے۔ اور فتح بھی ابھی بعد میں ہونی ہے۔ لیکن حضور ﷺ اللہ تعالیٰ کے دیئے ہوئے علم غیب سے پہلے ہی بیان فرما رہے ہیں۔ اگر علم غیب نہ ہوتا تو آپ کیسے بیان کر سکتے تھے۔ آپ کا پہلے بیان فرمانا یہ بھی تو آپ ﷺ کے علم غیب کی دلیل ہے۔ کاش وہ لوگ سمجھیں جو انکار کرتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ سب مسلمانوں کو سمجھنے کی توفیق عطا فرمائے۔ (آمین ثم آمین)

Marfat.com

# مرویات

# حضرت عبید اللہ بن ابو رافع رضی اللہ عنہما

## حضرت عبید اللہ بن ابو رافع رضی اللہ عنہما کی روایت سے علم غیب کا ثبوت

Marfat.com

# حدیث نمبر 155

حدثنا علیّ بن عبدالله حدثنا سفیان حدثنا عمرو بن دینار سمعتهٔ منه مرّتین قال اخبرنی حسن ابن محمد قال اخبرنی عبیدالله بن ابی رابع قال سمعت علیا رضی الله عنه یقول بعثنی رسول الله ﷺ انا والزّبیر والمقداد ادبن الاسود قال انطلقوا حتی تأتوا روضة خاخ فان بها ظعینة ومعها کتاب فخذوه منها فانطلقنا تعادٰی بنا خیلنا حتی انتهینا الی الرّوضة فاذانحن بالظعینة فقلنا اخرجی الکتاب اولنلقینّ الثّیاب فاخرجته من عقامها فاتینا بهٖ رسول الله ﷺ فاذا فیه من حاطب بن ابی بلتعة الٰی اناس مّن المشرکین منْ اهل مکّة یخبرهم ببعض امر رسول الله ﷺ فقال رسول الله ﷺ یاحاطب ماهٰذا قال یارسول الله لاتجعل علیّ انّی کنت امرآء ملصقًا فی قریش وّلم اکن من انفسها وکان من معك من المهاجرین لهم قد ابات بمکة یحمون بها اهلیهم واموالهم فاحببت اذا فاتنی ذٰلك من النّسب فیهم ان اتّخذ عندهم یدًا یحمون بها قرابتی وما فعلت کفرًا ولا ارتدادًا ولا رضًا بالکفر بعد الاسلام فقال رسول الله ﷺ لقد صدقکم قال عمر رسول الله دعنی اضرب عنق هٰذا لمنافق قال انّهٗ قد شهد بدرا وما یُدریك لعلّ الله ان یّکون قد اطّلع علٰی اهل بدرٍ فقال اعملوا ماشئتم فقد غفرت لکم قال سفیان وایّ اسنادٍ

Marfat.com

ھٰذا۔ (رواہ البخاری فی کتاب الجہاد والسیّر)

ترجمہ:

عبید اللہ بن ابو رافع فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت علی کو فرماتے سنا کہ رسول اللہ نے مجھے حضرت زبیر اور حضرت مقداد بن الاسود کو مقرر کر کے فرمایا کہ چلتے چلے جانا یہاں تک کہ تم روضۂ خاخ تک پہنچ جاؤ۔ وہاں تمہیں ایک بڑھیا ملے گی جس کے پاس ایک خط ہے، وہ خط اس سے لے آؤ، ہم روانہ ہو گئے اور اس طرح کہ ہمارے گھوڑے ہوا سے باتیں کرتے تھے، یہاں تک کہ ہم اس روضہ تک پہنچ گئے اور دیکھا تو واقعی وہاں ایک بڑھیا موجود ہے۔ ہم نے اس سے کہا کہ خط نکالو۔ وہ کہنے لگی میرے پاس تو کوئی خط نہیں ہے۔ ہم نے کہا کہ خط نکال کر دے دو ورنہ ہم تمہارے کپڑے بھی اتار دیں گے، آخر کار اس نے اپنے جوڑے سے خط نکالا، پس ہم اس سے خط لے کر بارگاہ رسالت میں حاضر ہو گئے جب اسے دیکھا گیا تو وہ حضرت حاطب بن ابو بلتعہ کی جانب سے مکہ مکرمہ والے بعض مشرکین کے نام تھا، جس میں رسول اللہ کے بعض حالات کی انہیں خبر دی تھی۔ رسول اللہ نے فرمایا:

اے حاطب، یہ کیا ہے؟ عرض گزار ہوئے یا رسول اللہ! میرے بارے میں جلدی سے کام نہ لیجئے۔ میں ایک ایسا آدمی ہوں کہ قریش میں آ کر رہنے لگا لیکن قریشی نہیں ہوں۔ حضور کے ساتھ جو مہاجرین ہیں ان کی اہل مکہ سے رشتہ داریاں ہیں جن کے باعث ان کے اہل وعیال اور مال ودولت محفوظ ہیں۔ پس میں نے چاہا کہ میرا ان سے نسبی تعلق تو ہے نہیں کیوں نہ میں ان پر کوئی احسان کروں، جس کے باعث میرے

Marfat.com

رشتہ دار بھی محفوظ رہیں ،اور میں نے یہ حرکت کفر یا ارتداد کے باعث نہیں کی اور نہ مسلمان ہونے کے بعد میں کفر سے راضی ہوں۔رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:تم نے سچ کہا ہے حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ عرض گزار ہوئے ،یارسول اللہ !حکم فرمائیے کہ میں اس منافق کی گردن اڑادوں ،فرمایا: یہ تو غزوہ بدر میں شامل ہوئے تھے اور کیا تمہیں معلوم نہیں کہ اللہ تعالیٰ نے اہل بدر کے حالات سے باخبر ہوتے ہوئے فرمایا کہ اب تم جو چاہو کرو، میں نے تمہیں بخش دیا ہے۔حضرت سفیان نے فرمایا کہ اس حدیث کی سند کیا ہی عمدہ ہے۔

**فائدہ:**

اس حدیث پاک میں بھی حضور نبی اکرم ﷺ کے علم غیب کا وسیع بیان ہے کہ آپ ﷺ بیٹھے اپنے صحابہ کے پاس ہیں اور فرمایا فلاں مقام پر تمہیں ایک عورت ملے گی اس کے پاس خط ہے اور واقعی اس کے پاس سے خط ملا۔جس کی آپ ﷺ نے خبر دی تھی حالانکہ وہ آپ ﷺ سے کافی فاصلے پر تھی ۔یہ سب آپ ﷺ کے علم غیب کا کمال ہے۔

Marfat.com

# مرویات

# حضرت ابوحازم رضی اللہ عنہ

## حضرت ابوحازم رضی اللہ عنہ کی روایت سے علم غیب کا ثبوت

Marfat.com

## حدیث نمبر 156

حدثنا قتیبة بن سعید حدثنا یعقوب بن عبدالرّحمٰن بن محمّد بن عبدالله ابن عبدالقاریّ عن ابی حازم قال اخبرنی سهل رضی الله عنه یعنی ابن سعدٍ قال قال النبیّ ﷺ یوم خیبر لاعطینّ الرّایة غدًا رجلًا یّفتح علٰی یدیه یحبّ الله ورسولهٗ ویحبّهٗ الله ورسوله فبات الناس لیلتهم ایّهم یعطی فغدوا کلهم یرجوه فقال این علیّ فقیل یشتکی عینیه فبصق فی عینیه ودعالهٗ فبراء کان لم یکن بهٖ وجع فاعطاه فقال اقاتلهم حتی تکونوا مثلنا فقال انفذ علٰی رسلك حتی تنزل بساحتهم ثم ادعهم الی الاسلام واخبرهم بما یجب علیهم فوالله لان یّهدی الله بك رجلًا خیر لّك من ان یّکون لك حمر النّعم۔

(رواہ البخاری فی کتاب الجہاد والسیرؔ)

ترجمہ:

ابوحازم فرماتے ہیں کہ مجھے حضرت سہل بن سعد رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے خبر دی کہ جنگ خیبر کے وقت نبی کریم ﷺ نے فرمایا:

کل میں یہ جھنڈا اس شخص کو دوں گا جس کے ہاتھ پر فتح ہوگی، وہ اللہ اور اس

Marfat.com

کے رسول کو دوست رکھتا ہے اور اللہ ورسول اسے دوست رکھتے ہیں۔رات لوگوں نے اسی انتظار میں گزار دی کہ دیکھیئے جھنڈا کس کو عطا فرمایا جاتا ہے،اگلے روز ہر ایک اس کا تمنائی تھا آپ نے ارشاد فرمایا:علی کہاں ہیں؟

لوگ عرض گزار ہوئے کہ ان کی آنکھیں دکھتی ہیں تو آپ نے ان کی آنکھوں میں لعاب دہن لگایا اور ان کے لیے دعا کی تو وہ اس طرح شفایاب ہو گئے جیسے انہیں تکلیف ہوئی ہی نہ تھی،پھر انہیں علَم عطا فرمادیا،وہ عرض گزار ہوئے کہ میں اس وقت تک ان سے لڑتا رہوں گا جب تک وہ ہماری طرح مسلمان نہ ہو جائیں،تو آپ نے فرمایا:

چپکے سے جاؤ اور جب ان کے میدان میں پہنچ جاؤ تو انہیں دعوت اسلام دینا اور بتانا کہ ان پر کیا واجب ہے۔خدا کی قسم اگر تمہارے ذریعے اللہ تعالیٰ نے ایک شخص کو بھی ہدایت سے نواز دیا تو یہ تمہارے لیے سرخ اونٹوں سے بھی بہتر ہے۔

**فائدہ:**

رسول اللہ ﷺ کا فرمانا کہ یہ جھنڈا کل میں ایسے شخص کو دوں گا جس کے ہاتھ پر فتح ہو جائے گی۔یہ بات علم **مافی غدٍ یا ماذا تکسب غدًا**۔میں سے ہے جو غیوب خمسہ میں سے ایک ہے جن کو مفاتح الغیب بھی کہتے ہیں۔معلوم ہوا کہ پروردگار عالم نے اپنے محبوب،سیدنا محمد رسول اللہ ﷺ کو غیوب خمسہ کا علم بھی عطا فرمایا تھا۔**والحمد لله علیٰ ذٰلك**۔

اس حدیث کے اندر حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے بڑے مناقب

Marfat.com

مذکور ہوئے ہیں۔ جب ایک روز پہلے نام لیے بغیر رسول اللہ ﷺ نے یہ اعلان فرمایا اور بشارت دی تھی تو اکثر صحابہ کرام کی یہی تمنا تھی کہ کاش! وہ خوش نصیب میں نکلوں۔ بایں وجہ انہوں نے ساری رات عبادت اور دعاؤں میں گزار دی۔ کیا یہ مناقب کوئی معمولی بات ہے کہ کل وہ فاتح خیبر ثابت ہو جائے گا نیز وہ اللہ اور اس کے رسول سے محبت رکھتا ہے۔ جبکہ اللہ اور اس کا رسول اس سے محبت رکھتے ہیں۔ سبحان اللہ

Marfat.com

روایت

حضرت

# ام خالد بنت خالد بن سعید

رضی اللہ عنہما

حضرت ام خالد بنت خالد بن سعید رضی اللہ عنہما کی روایت
سے علم غیب کا ثبوت

Marfat.com

# حدیث نمبر 157

حدثنا حبان بن موسیٰ اخبرنا عبداللہ عن خالد بن سعید عن ابیہ عن امّ خالد بنت خالد بن سعید قالت اتیت رسول اللہ ﷺ مع ابی وعلی قمیص اصغر قال رسول اللہ ﷺ سنّة سنّة قال عبداللہ وھی بالحبشیّة حسنة قالت فذھبت العب بخاتم النبوّة فزجدنی ابی قال رسول اللہ ﷺ دعھا ثم قال رسول اللہ ﷺ ابلی واخلقی ثم ابلی واخلقی ثم ابلی واخلقی قال عبداللہ فبقیت حتی ذکرت۔

(رواہ البخاری فی کتاب الجہاد والسیّر)

ترجمہ:

حضرت ام خالد بنت خالد بن سعید رضی اللہ تعالیٰ عنہا فرماتی ہیں کہ میں اپنے والد محترم کے ساتھ بارگاہ رسالت میں حاضر ہوئی اور میں نے زرد رنگ کی قمیص پہنی ہوئی تھی تو رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: سنہ، سنہ، حضرت عبداللہ بن مبارک، کا قول ہے کہ حبشی زبان میں حسنہ اچھی کو سنہ کہتے ہیں۔ وہ فرماتی ہیں کہ پھر میں مہر نبوت سے کھیلنے لگی تو میرے والد ماجد نے مجھے ڈانٹا اس پر رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: اسے کھیلنے دو۔

اس کے بعد حبیب پروردگار نے کن کی کنجی سے فرمایا: لباس پرانا کر اور پھاڑ، پھر پرانا کر اور پھاڑ، پھر پرانا کر اور پھاڑ، (یعنی لمبی عمر پائے) حضرت عبداللہ بن مبارک کا قول ہے کہ ان کی درازئ عمر کا لوگوں میں چرچا ہوتا تھا۔

Marfat.com

**فائدہ:**

اس حدیث پاک میں بھی حضور نبی اکرم ﷺ کے علم غیب کا بیان ہے کہ آپ ﷺ نے ایک صحابیہ کو خبر دی کہ تیری عمر بہت لمبی ہوگی، حالانکہ کسی کی عمر کی خبر دینا کہ کتنی ہے یہ کوئی نہیں بتا سکتا، سوائے اس کے جس کو اللہ نے علم غیب دیا ہے۔

جب آپ لوگوں کی زندگی کے بارے میں جانتے ہیں کہ کتنی ہے۔ اور جب چاہے کسی نہ کسی کا اظہار بھی فرما دیتے ہیں، جیسا کہ اس صحابیہ کو آپ نے خبر دی کہ تیری عمر لمبی ہے۔ یہ سب آپ ﷺ کا علم غیب ہے۔




Marfat.com

# روایت

# حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ

## حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ کی روایت سے علم غیب کا ثبوت

Marfat.com

# حدیث نمبر 158

حدثنا حبان اخبرنا عبدالله عن یونس عن الزهریّ عن حمیر بن عبدالرّحمٰن انّهٗ سمع معاویة قال قال ردسول الله ﷺ من یّرد الله به خیرًا یفقّهْه فی الدین والله المعطی وانا القاسم ولا تزال هٰذه الامّة ظاهرین علٰی من خالفهم حتی یاتی امر الله وهم ظاهرون۔

(رواه البخاریہ فی کتاب الجهاد والسیّر)

ترجمہ:

حضرت معاویہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: اللہ تعالیٰ جس کا بھلا کرنا چاہتا ہے تو اسے دین کی سمجھ بوجھ عنایت فرما دیتا ہے اور دینے والا تو اللہ تعالیٰ ہے۔ لیکن بانٹنے والا میں ہوں اور یہ امت ہمیشہ اپنے مخالفین پر غالب رہے گی یہاں تک کہ قیامت آجائے اور وہ غالب ہی رہیں گے۔

فائدہ:

اس حدیث پاک میں بھی آپ ﷺ نے بعد میں ہونے والے واقعات کی خبر دی، فرمایا یہ امت ہمیشہ اپنے مخالفین پر غالب رہے گی۔ معلوم ہوا کہ آپ ﷺ اپنی امت کے ہر حال کو جانتے ہیں۔ یہ سب آپ ﷺ کے علم غیب کا کمال ہے۔

Marfat.com

# روایت

# حضرت عوف بن مالک رضی اللہ عنہ

## حضرت عوف بن مالک رضی اللہ عنہ کی روایت سے علم غیب کا ثبوت

Marfat.com

# حدیث نمبر 159

حدثنی الحمیری حدثنا الولید بن مسلم حدثنا عبداللہ ابن العلآء بن زبر قال سمعت بسر بن عبیداللہ انہٗ سمع ابا ادریس قال قال سمعت عوف بن مالك قال اتیت النبیّ ﷺ فی غزوۃ تبوك وھو فی قبۃٍ مّن ادم فقال اعدد ستًا بین یدی السّاعۃ موتی ثم فتح بیت المقدس ثم موتان یأخذ فیکم کقعاص الغنم ثم استفاضۃ المال حتی یعطی الرّجل مائۃ دینا فیظلّ ساخطا ثم فتنۃ لایبقٰی بیت من العرب الا دخلتہ ثم ھدنۃ تکون بینکم وبین بنی الاصفرِ فیغرون فیاتونکم تحت ثمانین غایۃ تحت کل غایۃ اثنا عشر الفًا۔ (رواہ البخاری فی کتاب الجہاد والسیّر)

ترجمہ:

حضرت عوف بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ غزوہ تبوک کے موقع پر میں نبی کریم ﷺ کی بارگاہ میں حاضر ہوا، آپ چمڑے کے ایک خیمے میں جلوہ افروز تھے۔ ارشاد فرمایا: قیامت آنے سے پہلے چھ باتوں کو گن لینا۔

۱......میری وفات

۲......فتح بیت المقدس

۳......مرگی کی بیماری تم میں ایسے پھیلے گی جیسے بکریوں میں پھیل جاتی ہے

۴......مال کی کثرت کہ اگر کسی کو سو دینار دیئے جائیں تب بھی وہ خوش نہیں

Marfat.com

ہوگا

۵......فتنہ وفساد کہ اہل عرب کے ہر گھر میں گھس جائے گا

۶......پھر تمہارے اور بنی اصفر کے درمیان صلح ہوگی لیکن وہ معاہدہ توڑ کر تم سے لڑنے آئیں گے، ان کی فوج میں اسی (۸۰) جھنڈے ہوں گے اور ہر جھنڈے کے نیچے بارہ (۱۲) ہزار افراد (گویا نو ۹ لاکھ ساٹھ ہزار کا لشکر جرار)

**فائدہ:**

اس حدیث پاک میں بھی حضور نبی اکرم ﷺ کے علم غیب کا بیان ہے کہ آپ ﷺ نے بعد میں ہونے والی کئی چیزوں کا بیان فرمایا۔ اگر علم غیب نہ ہوتا تو آپ کیسے بیان فرماتے۔ اس سے معلوم ہوتا ہے، اللہ تعالیٰ نے آپ کو وسیع علم غیب عطا فرمایا ہے۔

Marfat.com

## مرویات

# حضرت عمران بن حصین رضی اللہ عنہما

حضرت عمران بن حصین رضی اللہ عنہما کی روایات سے علم غیب کا ثبوت

Marfat.com

# حدیث نمبر 160

حدثنا عمر بن حفص بن غیاث حدثنا ابی حدثنا الاعمش حدثنا جامع ابن شدّاد عن صفوان بن محرز انهٗ حدثهٗ عن عمران بن حصین رضی الله عنهما قال دخلت علی النبیّ ﷺ و عقلت ناقتی بالباب فاتاه ناس من ، بنی تمیم فقال اقبلوا البشرٰی یابنی تمیم قالوا قد بشرتنا فاعطنا مرتین ثم دخل علیه ناس من اهل الیمن فقال اقبلوا البشرٰی یااهل الیمن اذلم یقبلها بنو تمیم قالوا قد قبلنا یارسول الله قالوا جئناك نسالك عن هٰذا الامر قال کان الله ولم یکن شیء غیرهٗ وکان عرشهٗ علی المآء وکتب فی الذکر کل شیءٍ وخلق السّمٰوات ولا رض فنادٰی منادٍ ذهبت ناقتك یاابن الحصین فانطلقت فاذا هی یقطع دونها السّراب فوالله لوددتّ انّی کنت ترکتها وروٰی عیسٰی عن رقبة عن قیس ابن مسلم عن طارق بن شهاب قال سمعت عمر رضی الله عنه یقول قام فینا النبیّ ﷺ مقاماً فاخبرنا عن بدء الخلق حتی دخل اهل الجنّة منازلهم واهل النّار منازلهم حفظ ذٰلك من حفظهٗ ونسیهٗ من نسیهٗ۔ (رواہ البخاری فی کتاب بداء الخلق)

ترجمہ:

عمران بن حصین رضی اللہ تعالٰی عنہما سے روایت ہے کہ میں دروازے پر اپنی

Marfat.com

اونٹنی کو باندھ کر نبی کریم ﷺ کی بارگاہ میں حاضر ہوا، تو بنی تمیم کے کچھ لوگ آپ کی خدمت میں حاضر ہوئے، آپ نے فرمایا:

اے بنو تمیم! بشارت قبول کرو، انہوں نے دو (۲) مرتبہ کہا کہ آپ نے بشارت تو دی اب کچھ عطا فرمائیے، پھر اہل یمن سے کچھ آدمی حاضر بارگاہ ہوئے، آپ نے فرمایا، اے اہل یمن! بشارت قبول کرو، جبکہ بنو تمیم نے اسے قبول نہیں کیا ہے، عرض گزار ہوئے یارسول اللہ ﷺ ہم نے قبول کی، پھر عرض کرنے لگے کہ ہم آپ کی بارگاہ میں دین کی غرض سے حاضر ہوئے ہیں، آپ نے ارشاد فرمایا کہ بس ایک خدا کی ذات تھی اور اس کے سوا کچھ نہ تھا اور اس کا عرش پانی پر تھا اور اس نے لوح محفوظ میں ہر چیز کے متعلق لکھ لیا تھا اور آسمانوں اور زمین کو پیدا فرمایا، اس وقت ایک پکارنے والے نے آواز دی، اے حصین! آپ کی ناقہ دوڑ گئی ہے، میں گیا تو وہ سراب سے بھی پرے چلی گئی تھی، پس خدا کی قسم، میں نے چاہا کہ اس کو چھوڑ ہی دیتا۔

حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم ﷺ ایک ہمارے درمیان کھڑے ہوئے تو آپ نے مخلوق کی پیدائش کا ابتدا سے ذکر فرمانا شروع کیا یہاں تک کہ جنتی اپنے مقام پر پہنچ گئے اور دوزخی اپنے مقام پر، پس اسے یاد رکھا جس نے یاد رکھا اور بھول گیا اسے جو بھول گیا۔

**فائدہ:**

اس حدیث پاک میں بھی حضور نبی اکرم ﷺ نے علم غیب کا بیان فرمایا ہے، اور اتنا وسیع بیان فرمایا، کہ قیامت تک جو ہونے والا ہے، جو ہو چکا ہے سب بیان

Marfat.com

فرمادیا۔ بلکہ جنتیوں کے جنت میں اور دوزخیوں کے دوزخ میں جانے تک کا بیان فرما دیا، (سبحان اللہ) اللہ تعالیٰ نے آپ ﷺ کو کتنا وسیع علم غیب عطا فرمایا ہے۔ اب بھی اگر کوئی نہ مانے اور کہے دیوار کے پیچھے کا بھی آپ ﷺ کو علم نہیں، تو اس سے بڑا گستاخ کوئی نہیں، اللہ تعالیٰ حضور ﷺ کی بے ادبی سے بچائے اور سب مسلمانوں کو آپ ﷺ کی شان کو ماننے کی توفیق عطا فرمائے۔ (آمین ثم آمین)

## حدیث نمبر 161

**حدثنی محمد بن بشار حدثنا غندر حدثناشعبة قال سمعت ابا جمرة قال حدثنی زهدم بن مضرب قال سمعت عمران بن حصین رضی الله عنهما عن النّبیّ ﷺ قال خیرکم قرنی ثم الّذین یلونهم ثم الّذین یلونهم قال عمران فما ادری قال النّبیّ ﷺ بعدقوله مرّتین اوثلاثا ثم یکون بعدهم قوم یشهدون ولا یستشهدون ویخونون ولا یؤمنون وینذرون ولایفون ویظهرفیهم السمن۔** (رواہ البخاری فی کتاب الرقاق)

ترجمہ:

حضرت عمران بن حصین رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا:

سب سے بہتر میرا زمانہ ہے۔ پھر جو لوگ ان کے بعد آئیں گے اور پھر وہ جو ان کے بعد آئیں گے۔ حضرت عمران نے فرمایا کہ مجھے اچھی طرح یاد نہیں رہا کہ نبی کریم ﷺ نے اس ارشاد کے بعد اسے دو (۲) دفعہ دہرایا یا تین مرتبہ، پھر ان کے بعد

Marfat.com

ایسے لوگ آئیں گے کہ گواہی دیں گے حالانکہ انہیں گواہ نہیں بنایا گیا ہوگا۔ خیانت کریں گے اور ان کا کوئی یقین نہیں کرے گا۔ منّت مانیں گے لیکن انہیں پورا نہیں کریں گے ،ان میں موٹا پا ظاہر ہوگا۔

**فائدہ:**

اس حدیث پاک میں بھی حضور ﷺ کے وسیع علم غیب کا بیان ہے کہ آپ ﷺ نے بعد میں آنے والے لوگوں کے حالات بیان فرمائے، کہ وہ اس اس طرح کے ہوں گے ان لوگوں کے حالات بیان کرنا جو ابھی پیدا ہی نہیں ہوئے تھے۔ یہ حضور پاک ﷺ کے علم غیب جاننے کی پختہ دلیل ہے۔

## حدیث نمبر 162

حدثنا عمران بن میسرة حدثنا ابن نضیل حدثنا حصین عن عامر عن عمران بن حصین رضی الله عنهما قال لا رقیّة الا من عین اوحمة فذکرتهٔ لسعید بن جبیر فقال حدثنا ابن عباس قال رسول الله ﷺ عرضت علیّ الامم فجعل النّبیّ والنّبیّان یمرّون معهم الرّهط والنّبیّ لیس معهٗ احد حتی رفع لی سواد عظیم قلت ماهذا؟لیس هذهٖ قیل هذاموسٰی وقومه قیل انظر الی الافق فاذاسواد یملاء الافق ثم قیل لی انظرههنا وههنا فی افاق السمآء فاذا سواد قد ملأ الافق قیل هذهٖ امّتك ویدخل الجنّة من هٰؤلآ سبعون الفًا بغیر حساب ثم دخل ولم یبیّن لهم فافاض القوم وقالوا نحن الّذین امنّا بالله واتّبعنا رسولهٗ فنحن هم

Marfat.com

**اواولادنا الّذین ولدوافی الاسلام فانّ ولدنا فی الجاهلیّة فبلغ النّبیّ ﷺ فخرج فقال هم الّذین یسترقون ولا یتطیّرون ولا یکتوون وعلٰی ربهم یتوکّلون فقال عکاشت بن محصن امنهم انا یارسول الله ؟قال نعم،مقام اخر فقال امنهم انا قال سبقك عکاشة۔**

(رواہ البخاری فی کتاب الطب)

ترجمہ:

حضرت عمران بن حصین رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے فرمایا کہ کوئی دم نہیں مگر نظر بد یا زہریلے جانور کے کاٹے کا، پس میں (حصین راوی) نے سعید بن جبیر سے اس کا ذکر کیا تو انہوں نے فرمایا کہ ہم سے حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے حدیث بیان کی کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: مجھ پر کچھ امتیں پیش کی گئیں، پس ایک نبی یا دو نبی گزرے اور ان کے ساتھ لوگوں کی جماعت تھی اور ایک نبی ایسے تھے کہ ان کے ساتھ کوئی نہ تھا، یہاں تک کہ مجھے ایک بہت بڑی جماعت دکھائی گئی میں نے کہا کہ یہ کیا ہے؟ کیا میری امت یہی ہے؟

کہا گیا کہ یہ حضرت موسیٰ ہیں اور ان کی قوم، پھر کہا گیا کہ افق کی جانب دیکھیئے تو ایک ایسی (کثیر) جماعت نظر آئی جس نے افق کو بھرا ہوا تھا، پھر کہا گیا کہ ادھر اور ادھر بھی آسمانی افق کی جانب دیکھیئے، دیکھا تو اس جماعت نے ہر طرف سے افق کو بھرا ہوا ہے، کہا گیا کہ یہ آپ کی امت ہے اور ان میں سے ستر (۷۰) ہزار بغیر حساب کے جنت میں داخل ہوں گے، پھر آپ اندر تشریف لے گئے اور یہ وضاحت نہ فرمائی کہ

Marfat.com

وہ لوگ کون ہوں گے۔ چنانچہ لوگ جھگڑنے لگے کہ وہ ہم لوگ ہیں کیونکہ ہم اللہ پر ایمان لائے اور اس کے رسول کی پیروی کی ہے لہٰذا وہ جماعت ہم ہیں یا ہماری اولاد ہوگی جو اسلام کے اندر ہی پیدا ہوئی، کیونکہ ہماری پیدائش زمانہ کفر میں ہوئی تھی۔ جب نبی کریم تک یہ بات پہنچی تو آپ باہر تشریف لے آئے اور فرمایا کہ وہ جماعت ان لوگوں کی ہے جو نہ منتر کریں، نہ بدشگونی لیں، نہ داغ لگوائیں اور اپنے رب پر بھروسہ کریں، پھر حضرت عکاشہ بن محصن عرض گزار ہوئے کہ یارسول اللہ! کیا میں اس جماعت سے ہوں فرمایا، ہاں، پھر ایک صحابی کھڑے ہوکر عرض گزار ہوئے: کیا میں بھی ان میں ہوں؟ فرمایا: کہ عکاشہ تم پر سبقت لے گئے ہیں۔

**فائدہ:**

اس حدیث پاک میں بھی حضور نبی اکرم ﷺ کے وسیع علم غیب کا بیان ہے کہ آپ ﷺ نے کئی امتوں کا ذکر فرمایا اور اپنی امت سے جو بغیر حساب جنت میں جانے والے ہیں، ان کا بھی ذکر فرمایا اور حضرت عکاشہ کو بھی ان میں سے فرمایا یہ سب حضور پاک ﷺ کے علم غیب کی خوبیاں ہیں۔ جس طرح کہ اوپر حدیث میں موجود ہے۔

Marfat.com

## مرویات

# حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ

## حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ کی روایت سے علم غیب کا ثبوت

Marfat.com

# حدیث نمبر 163

حدثنا محمد بن یوسف حدثنا سفیان عن الاعمش عن ابراھیم التّیمی عن ابیہ عن ابی ذرّ رضی اللہ تعالیٰ عنہ قال قال النبیّ ﷺ لابی ذرّ حین غدبت الشمس تدری این تذھب قلت اللہ ورسولہٗ اعلم قال فانھا تذھب حتی تسجد تحت العرش فستاذن فیؤذن لھا وتوشك ان تسجد فلا یقبل منھا وتستاذن فلا یوذن لھا یقال لھا ارجعی من حیث جئت فتطلع من مغربھا فلذٰلك قولہٗ تعالٰی والشمس تجری لمستقرّ لھا ذٰلك تقدیر العزیز العلیم۔ (رواہ البخاری فی کتاب بداء الخلق)

ترجمہ:

حضرت ابوذر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ غروب آفتاب کے وقت نبی کریم ﷺ نے مجھ سے فرمایا:

کیا تم جانتے ہو کہ سورج کہاں جاتا ہے؟ میں عرض گزار ہوا کہ اللہ اور اس کا رسول ہی بہتر جانتے ہیں، فرمایا بیشک یہ جا کر عرش الٰہی کے نیچے سجدہ کرتا ہے، پھر طلوع ہونے کی اجازت مانگتا ہے تو اسے اجازت مل جاتی ہے، عنقریب ایسا وقت بھی آئے گا کہ وہ سجدہ کرے گا لیکن قبول نہ ہوگا پھر طلوع ہونے کی اجازت طلب کرے گا، لیکن نہیں

Marfat.com

ملے گی، اس سے کہا جائے گا کہ جدھر سے آیا ہے اُدھر ہی لوٹ جا، تو وہ مغرب سے طلوع ہوگا، اسی لیے اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے اور سورج چلتا ہے اپنے ایک ٹھہراؤ کے لیے، یہ حکم ہے زبردست علم والے کا (سورہ یٰسین آیت نمبر ۳۸)

**فائدہ:**

اس حدیث پاک میں بھی حضور ﷺ کے علم غیب کا بیان ہے کہ آپ ﷺ نے اس واقعہ کا بیان فرمایا، جو قیامت کے قریب پیش آنے والا ہے۔ سورج کی اس وقت جو کیفیت ہوگی، اس کا بیان فرمایا، حالانکہ یہ واقعہ قرب قیامت میں ہونے والا ہے۔

نہ کہیں سے دور ہیں منزلیں نہ کوئی قریب کی بات ہے
جسے چاہیں اس کو نواز دیں یہ میرے حضور کی بات ہے

Marfat.com

مرویات

# حضرت براء بن عازب رضی اللہ عنہما

حضرت براء بن عازب رضی اللہ عنہما کی روایت سے علم غیب کا ثبوت

Marfat.com

# حدیث نمبر 164

**حدثنا مسرد حدثنا یحیٰ بن سعید عن سفیان قال حدثنی ابوسحٰق قال سمعت البرآء بن عازب رضی اللہ عنھما قال اتی رسول اللہ ﷺ بثوب من حریر فجعلوا یعجبون من حسنہ ولینہٖ فقال رسول اللہ ﷺ لمنادیل سعدبن معاذ فی الجنۃ افضل من ھذا۔**

(رواہ البخاری فی کتاب بداء الخلق)

ترجمہ:

حضرت براء ابن عازب رضی اللہ تعالیٰ عنھما فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ کی بارگاہ میں ایک ریشمی کپڑا پیش کیا گیا۔لوگ اس کے خوبصورت اور ملائم ہونے پر متعجب تھے،تو رسول اللہ ﷺ نے فرمایا،جنت میں سعد بن معاذ کے رومال اس سے بہتر ہوں گے۔

فائدہ:

اس حدیث پاک میں بھی حضور نبی اکرم ﷺ کے علم غیب کا بیان ہے کہ آپ ﷺ نے حضرت معاذ کے جنتی رومال کی کیفیت بیان فرمائی،اور فرمایا کہ وہ بہت ملائم ہوگا۔حالانکہ وہ رومال جنت میں ہے۔یہ بھی آپ ﷺ کے علم غیب کا کمال ہے۔

Marfat.com

# مرویات

# حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہما

## حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہما کی روایات سے علم غیب کا ثبوت

Marfat.com

# حدیث نمبر 165

حدثنا عمر بن حفص حدثنا ابی حدثنا الاعمش حدثنا زید بن وهب حدثنا عبدالله حدثنا رسول الله ﷺ وهو الصّادق المصدوق انّ احدکم یجمع فی بطن امّہٖ اربعین یومًا ثم یکون علقة مّثل ذلک ثم یکون مضغة مّثل ذٰلک ثم یبعث الله الیه ملک باربع کلمات فیکتب عملهٗ واجلهٗ ورزقهٗ وشقیّ اوسعید ثم ینفخ فیه الرّوح فانّ الرّجل لیعمل بعمل اهل النّار حتی مایکون بینهٗ وبینها الا ذراع فیسبق علیه الکتاب فیعمل بعمل اهل الجنة فیدخل الجنّة وانّ الرّجل لیعمل بعمل اهل الجنّة حتی مایکون بینهٗ وبینها الا ذراع فیسبق علیه الکتاب فیعمل بعمل اهل النّار فیدخل النّار۔ (رواہ البخاری فی کتاب الانبیاء)

ترجمہ:

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جو صادق ومصدوق ہیں کہ تم میں سے ہر ایک اپنی والدہ کے شکم میں چالیس روز اسی طرح (نطفے کی صورت میں) رہتا ہے، پھر وہ چالیس دن تک جمے ہوئے خون کی صورت میں رہتا ہے، پھر وہ گوشت کی بوٹی بن کر اتنے ہی دن رہتا ہے، پھر اللہ تعالیٰ اس کی جانب ایک فرشتہ بھیجتا ہے کہ وہ چار باتیں لکھ آئے۔

(۱) اس کا عمل (۲) اس کی موت

Marfat.com

(۳)اس کا رزق (۴)شقی ہے یا سعید

پھر اس میں روح پھونکی جاتی ہے، بعض اوقات آدمی دوزخیوں جیسے عمل کرتا ہے یہاں تک کہ اس کے اور دوزخ کے درمیان ایک میٹر کا فاصلہ رہ جاتا ہے لیکن اس پر نوشتہ تقدیر غالب آجاتا ہے کہ جنتیوں جیسے عمل کر کے جنت میں داخل ہو جاتا ہے اور یوں بھی ہو جاتا ہے کہ کوئی آدمی جنتیوں جیسے کام کرتا ہے، یہاں تک کہ اس کے اور جنت کے درمیان صرف ایک میٹر کا فاصلہ رہ جاتا ہے، لیکن قسمت کا لکھا پیش آجاتا ہے اور جہنمیوں جیسے عمل کر کے دوزخ میں داخل ہو جاتا ہے۔

فائدہ:

اس حدیث پاک میں بھی حضور ﷺ کے علم غیب کا بیان ہے، آپ ﷺ نے فرمایا:

جب بچہ ماں کے پیٹ میں ہوتا ہے تو فرشتہ اس کا رزق اس کی عمر اس کی موت اس کا نیک بخت ہونا اور اس کا بد بخت ہونا، یہ سب چیزیں فرشتہ لکھتا ہے، اس سے معلوم ہوتا ہے ہر انسان کے بارے میں فرشتہ کو اتنا وسیع علم ہے اس انسان نے کیا کھانا ہے، کیا کرنا ہے، کتنی زندگی گزارنی ہے، اور کب موت آنی ہے، اسے اور اس کا انجام کیا ہونا ہے، جب فرشتہ کو اتنا وسیع علم غیب ہے تو حضور ﷺ سارے نبیوں کے سردار ہیں، اللہ کے پیارے حبیب ہیں، آپ کے علم غیب کا کون اندازہ کر سکتا ہے اللہ تعالیٰ آپ ﷺ کی عظمت اور آپ ﷺ کے علم مقام کو ماننے کی توفیق عطا فرمائے۔

Marfat.com

# حدیث نمبر 166

حدثنا عبدان عن ابی حمزة عن الاعمش عن ابراهیم عن عبیدة عن عبدالله رضی الله عنه عن النّبیّ ﷺ قال: خیر النّاس قرنی ثم الّذین یلونهم ثم الّذین یلونهم ثم یجیء من بعدهم قوم تسبق شهادتهم ایمانهم شهادتهم۔ (رواہ البخاری فی کتاب الرقاق)

ترجمہ:

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا: بہترین لوگ میرے زمانے کے ہیں۔ پھر جو ان کے بعد ہوں گے اور پھر جو ان کے بعد ہوں گے۔ اور پھر ان کے بعد ایسے لوگ آئیں گے کہ ان کی گواہیاں ان کی قسموں پر اور ان کی قسمیں ان کی گواہیوں پر سبقت لیتی پھریں گی۔

فائدہ:

اس حدیث پاک میں بھی حضور ﷺ کے وسیع علم غیب کا بیان ہے کہ آپ ﷺ نے ایسے بعد میں آنے والے لوگوں کا ذکر کیا جو قسمیں اٹھا اٹھا کر اپنی گواہیاں دیں گے۔

# حدیث نمبر 167

حدثنا محمد بن خالد حدثنا عبید الله بن موسٰی عن اسرآئیل عن منصور عن ابراهیم عن عبیدة عن عبدالله قال قال رسول الله ﷺ انّ

Marfat.com

اخر اهل الجنّة دخولا الجنّة دخولا الجنّة واخر اهل النّار خدوجا مّن النّار رجل يخرج حبوا فيقول له ربه ادخل الجنة فيقول ربّ الجنّة فلاى فيقول لهٔ ذٰلك ثلٰث مدّاتٍ فكلّ ذٰلك يعيد عليه الجنّة ملاى فيقول انّ لك مثل الدّنيا عشر مدار۔ (رواہ البخاری فی کتاب التوحید)

ترجمہ:

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:

جنتیوں میں سب سے آخری وہ ہوگا جو آخر میں جنت کے اندر داخل ہوگا اور جہنم سے نکلنے والوں میں سب سے آخری ہوگا جو گھسٹتا ہوا نکلے گا پس اس کا رب اس سے فرمائے گا کہ جنت میں داخل ہو جا، وہ عرض کرے گا کہ اے رب جنت تو بھری ہوئی ہے، اللہ تعالیٰ تین دفعہ اس سے یہی فرمائے گا اور وہ ہر دفعہ یہی جواب دے گا کہ جنت بھری ہوئی ہے پھر اس سے فرمایا جائے گا کہ تیرے لیے دنیا سے دس گنا جگہ ہے۔

فائدہ:

اس حدیث پاک میں بھی حضور نبی اکرم ﷺ کے وسیع علم غیب کا بیان ہے کہ آپ ﷺ نے اس آدمی کا ذکر فرمایا جو سب سے آخر میں جنت میں داخل ہوگا اور اس کے جہنم سے نکلنے کی کیفیت کو بھی بیان فرمایا۔۔۔فرمایا کہ وہ گھسٹتا ہوا نکلے گا اور جو اس نے اللہ کی بارگاہ میں عرض کرنا ہے اور اللہ کی بارگاہ سے جو اسے جواب ملنا ہے اس کا حضور نبی اکرم ﷺ نے کئی ہزاروں سال پہلے ہی ذکر فرما دیا۔

Marfat.com

# حدیث نمبر 168

حدثنی احمر بن عثمان حدثنا شریح بن مسلمۃ حدثنا ابراھیم بن یوسف عن ابیہ عن ابی اسحٰق قال حدثنی عمرو بن میمون انّہ سمع عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ حدث عن سعد بن معاذ انّہ قال کان صدیقا لامیۃ بن خلف وکان امیّۃ اذا مر بالمدینۃ نزل علٰی سعد وکان سعد اذا مرّ بمکّۃ نزل علٰی امیّۃ فلمّا قدم رسول اللہ ﷺ المدینۃ انطلق سعد معتمرًا فلما نزل علٰی امیّۃ بمکّۃ فقال لامیّۃ انظرلی ساعۃ خلوۃ لعلّی ان اطوف بالبیت فخرج بہٖ قریبًا من نصف النّھار فلقیھما ابوجھل فقال یاابا صفوان من ھٰذا معك فقال ھٰذا سعد فقال لہٗ ابوجھل الا ارٰك تطوف بمکّۃ امنًا وّقد اٰویتم الصّباۃ وزعمتم انّکم تنصرونھم وتعینونھم اما واللہ لولا انّك مع ابی صفوان ما رجعت الٰی اھلك سالمًا فقال لہٗ سعد وّرفع صوتہٗ علیہ اما واللہ لئن منعتنی ھٰذا الا منعنك ماھو اشد علیك منہ طریقك علی المدینۃ فقال لہٗ امیّۃ لاترفع صوتك یاسعد علٰی ابی الحکم سیّد اھل الوادی فقال سعد دعنا عنك یاامیّۃ فواللہ لقد سمعت رسول اللہ ﷺ یقول انھم قاتلوك قال بمکّۃ قال لا ادری ففزع لذلك امیۃ فزعًا شدیدًا فلمّا رجع اُمیّۃ الٰی اھلہٖ قال یا اُمّ صفوان الم تری ماقال لی سعد قالت وما قال لك قال زعم انّ محمد اخبرھم انھم قاتلیّ فقلت لہٗ بمکّۃ قال لا ادری فقال امیّۃ واللہ لا اخرج

Marfat.com

من مّکّۃ فلمّا کان یوم بدر، استنفر ابو جھل النّاس قال ادرکوا عیرکم فکرہ امیّۃ ان یّخرج فاتاہ ابو جھل فقال یاابا صفوان انّك متی مایراك النّاس قد تخلفت وانت سیّد اھل الوادی تخلّفوا معك فلم یزل بہٖ ابو جھل حتی قال امّا اذاغلبتنی فواللہ لاشترینّ اجور بعیر بمکۃ ثم قال امیۃ یاام صفوان جھزینی فقالت لہ یاآبا صفوان وقد نسیت ماقال لك اخوك الثربی قال لا ماریدہ الا ان اجوزمعھم الا قریبًا فلمّا خرج امیّۃ اخذ لاینزل منزلًا آلّا عقل بعیرہٗ فلم یزل بذٰلك حتی قتلہٗ اللہ عزّوجلّ ببدرٍ۔

(رواہ البخاری فی کتاب المغازی)

ترجمہ:

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت سعد بن معاذ کی امیہ بن خلف سے دوستی تھی، امیہ جب مدینہ منورہ آتا تو حضرت سعد کے پاس ٹھہرتا اور حضرت سعد جب مکہ مکرمہ جاتے تو امیہ کے پاس قیام فرماتے جب نبی کریم ﷺ مدینہ منورہ تشریف لے آئے تو حضرت سعد عمرہ کرنے گئے اور جب مکہ مکرمہ میں امیہ کے پاس ٹھہرے تو انہوں نے امیہ سے فرمایا: مجھے تنہائی کا ایسا وقت بتانا کہ بیت اللہ کا طواف کرسکوں، تو یہ اس کے ساتھ دوپہر کے وقت نکلے۔ تو ان دونوں کو ابوجہل مل گیا اور کہنے لگا۔ اے ابوصفوان! یہ تمہارے ساتھ کون ہے، امیہ نے جواب دیا کہ یہ سعد ہیں۔

Marfat.com

پس ابوجہل نے حضرت سعد سے کہا کہ میں دیکھ رہا ہوں کہ تم بڑے اطمینان سے مکہ مکرمہ میں طواف کرر ہے ہو اور تم لوگوں نے دین سے پھرنے والوں کو پناہ دی ہے جبکہ تمہارا یہ خیال ہے کہ تم ان کی مدد اور اعانت کرر ہے ہو۔ خدا کی قسم، اگر تمہارے ساتھ ابوصفوان (امیہ) نہ ہوتے تو تم اپنے اہل وعیال کی جانب صحیح سالم لوٹ کر نہیں جاسکتے تھے۔

حضرت سعد نے اسے با آواز بلند جواب دیا، خدا کی قسم، اگر تو مجھے طواف سے روکے گا تو میں تجھے ایسی چیز سے روک دوں گا جو تجھ پر اس سے بھی گراں گزرے گی۔ یعنی براستہ مدینہ تجارت شام، امیہ نے ان سے کہا: اے سعد! ابوالحکم کے سامنے آواز بلند نہ کرو، یہ وادی کے سردار ہیں۔ حضرت سعد نے فرمایا:

اے امیہ! زیادہ حمایت نہ کرو، خدا کی قسم میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا ہے کہ وہ تمہیں قتل کریں گے۔ پوچھا کیا مکہ مکرمہ میں؟ جواب دیا میں اور کچھ نہیں جانتا، امیہ اس خبر سے بڑا خوف زدہ ہوا اور اپنی بیوی سے جا کر کہنے لگا......اے ام صفوان! تمہیں معلوم ہے کہ سعد نے میرے متعلق کیا کہا ہے؟ دریافت کیا، بتاؤ تو سہی، انہوں نے تمہارے متعلق کیا کہا ہے اس نے بتایا کہ وہ کہتے ہیں کہ محمد نے مسلمانوں کو خبر دی ہے کہ وہ مجھے قتل کردیں گے، میں نے ان سے پوچھا کہ مکہ مکرمہ میں؟ تو یہی جواب دیا کہ مجھے اور کچھ معلوم نہیں، پس امیہ کہنے لگا کہ خدا کی قسم، میں مکہ معظمہ سے نکلوں گا ہی نہیں۔

جب جنگ بدر کا موقعہ آیا تو ابوجہل نے لوگوں سے کہا کہ لڑائی کے لیے نکلو اور اپنے قافلے کو بچاؤ، لیکن امیہ نے نکلنا پسند نہ کیا پس ابوجہل اس کے پاس آکر کہنے لگا

Marfat.com

اے ابوصفوان جب تک لوگ تمہیں پیچھے رکا ہوا دیکھتے رہیں گے، تو وہ بھی رکے رہیں گے، کیونکہ تم وادی والوں کے سردار ہو۔ ابوجہل برابر اصرار کرتا رہا تو اس نے کہا جب تم نے مجھے مجبور کر دیا تو خدا کی قسم میں ایسا تیز رفتار اونٹ خریدوں گا (بھاگنے کے لیے) جس کا مکہ مکرمہ میں جواب نہ ہو، پھر امیہ نے کہا اے ام صفوان!

میرے لیے سامان سفر تیار کرو وہ کہنے لگی، اے ابوصفوان معلوم ہوتا ہے کہ آپ اپنے یثربی (مدنی) بھائی کی بات بھول گئے ہیں؟ جواب دیا کہ میں بھولا نہیں ہوں بلکہ صرف تھوڑی دور تک ان کا ساتھ دینے لگا ہوں، جب امیہ نکل گیا تو ہر منزل پر اونٹ کو پیچھے باندھتا اور برابر اسی طرح کرتا رہا یہاں تک کہ میدان بدر میں جا پہنچا جہاں اللہ تعالیٰ نے اسے قتل کروا دیا۔

**فائدہ:**

اس حدیث پاک میں بھی حضور نبی اکرم ﷺ کے علم غیب کا بیان ہے کہ آپ ﷺ نے امیہ کے قتل کی خبر دی حالانکہ وہ ابھی زندہ تھا۔ اس کے متعلق آپ ﷺ نے جس طرح فرمایا تھا وہ عین با عین اسی طرح ہوا اور اسے جنگ بدر میں قتل کیا گیا۔ اس سے معلوم ہوتا ہے کہ آپ ﷺ کو علم غیب ہے کہ کس نے کس کے ہاتھ سے مرنا ہے۔ اللہ تعالیٰ نے آپ ﷺ کو ہر طرح کا علم غیب عطا فرمایا ہے۔

Marfat.com

# مرویات

# حضرت حمید بن عبد الرحمٰن رضی اللہ عنہما

## حضرت حمید بن عبد الرحمٰن رضی اللہ عنہما کی روایات سے علم غیب کا ثبوت

Marfat.com

# حدیث نمبر 169

حدثنا سعید بن عفیر قال ثنا ابن وھب عن یونس عن ابن شھاب قال قال حمید بن عبدالرّحمٰن سمعت معاویة خطیبًا یّقول سمعت النّبیّ ﷺ من یّرد الله بهٖ خیرًا یفقّهه فی الدّین وانّما انا قاسم والله یعطی ولن تذال ھٰذا الامّة قائمة علٰی آمر الله لایضرّھم من خالفھم حتی یاتی امر الله۔ (رواہ البخاری فی کتاب العلم)

ترجمہ:

حمید بن عبدالرحمٰن نے حضرت معاویہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو خطبہ دیتے ہوئے سنا۔ فرمار ہے تھے کہ میں نے نبی کریم ﷺ سے سنا۔ جس کے ساتھ اللہ تعالیٰ بھلائی کا ارادہ کرتا ہے تو اسے دین کی فقہ یعنی (سوجھ بوجھ) عطا فرماتا ہے۔ بے شک میں تقسیم کرنے والا ہوں جبکہ اللہ تعالیٰ دیتا ہے اور یہ امت ہمیشہ اللہ کے دین پر قائم رہے گی۔ اور ان کے مخالف قیامت تک انہیں نقصان نہیں پہنچا سکیں گے۔

فائدہ:

اس حدیث پاک میں بھی رسول پاک ﷺ نے غیب کی خبر دیتے ہوئے ارشاد فرمایا: کہ یہ امت ہمیشہ اللہ کے دین پر قائم رہے گی۔ قیامت تک مخالف انہیں نقصان نہیں پہنچا سکیں گے۔ یہ آپ کے علم غیب کا مقام ہے کہ قیامت تک کی خبر دے دی۔

Marfat.com

# حدیث نمبر 170

حدثنا ابراهيم بن المنذر قال حدثني معن قال حدثني مالك عن ابن شهاب عن حميد بن عبدالرّحمٰن عن ابی هريرة انّ رسول الله ﷺ قال من انفق زوجين فی سبيل الله نودی من ابواب الجنّة يا عبدالله هٰذا خير فمن كان من اهل الصلٰوة دعی من باب الصّلٰوة ومن كان من اهل الجهاد دعی من باب الجهاد ومن كان من اهل الصّيام دعی من باب الرّيّان ومن كان من اهل الصّدقة دعی من باب الصّدقة فقال ابوبكر بآبی انت وامّی يارسول الله ماعلٰی من دعی من تلك الابواب من ضرورة فهل يدعٰی احد مّن تلك الابواب كلّها قال نعم وارجوان تكون منهم۔ (رواہ البخاری فی کتاب الصوم)

ترجمہ:

حمید بن عبدالرحمٰن نے حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جو کسی چیز کا جوڑا اللہ کی راہ میں خرچ کرے تو اسے جنت کے دروازوں سے آواز دی جائے گی، اے اللہ کے بندے یہ بہتر ہے، نمازیوں کو باب الصلوٰۃ سے بلایا جائے گا، اور جہاد کرنے والوں کو باب الجہاد سے بلایا جائے گا، اور روزہ داروں کو باب الریّان سے بلایا جائے گا،

اور صدقہ کرنے والوں کو باب الصدقہ سے بلایا جائے گا، حضرت ابوبکر صدیق عرض گزار ہوئے کہ یارسول اللہ میرے ماں باپ آپ پر قربان جوان دروازوں

Marfat.com

سے بلایا گیا یہ تو خاص بات نہ ہوئی کیا کوئی ایسا بھی ہے جس کو سب دروازوں سے بلایا جائے گا، فرمایا: ہاں! اور مجھے امید ہے کہ تم بھی ان میں سے ہو۔

**فائدہ:**

اس حدیث پاک میں بھی حضور نبی اکرم ﷺ کے وسیع علم غیب کا بیان ہے کہ آپ ﷺ نے بیان فرمایا کہ لوگوں کو کس کس دروازوں سے جنت میں بلایا جائے گا اور حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ کو سب دروازوں سے بلایا جائے گا۔

تیرے ٹکڑوں پہ پلے غیر کی ٹھوکر پہ نہ ڈال
جھڑکیاں کھائیں کہاں چھوڑ کہ صدقہ تیرا

Marfat.com

# مرویات

# حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہما

## حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہما کی روایت سے علم غیب کا ثبوت

Marfat.com

# حدیث نمبر 171

حدثنا صدقة قال اخبرنا ابن عيينة عن معمر عن الزّهری عن هندٍ عن امّ سلمة وعمرو ويحی ابن سعيد عن الزّهری عن امراة عن امّ سلمة قالت استيقظ النّبیّ ﷺ ذات ليلة فقال سبحان الله ما ذا انزل اللّيلة من الفتن وما ذا فتح من الخزائن ايقظوا صواحب الحجر فربّ كاسية فی الدنيا عارية فی الاٰخرة۔ (رواہ البخاری فی کتاب العلم)

ترجمہ:

صدقہ، ابن عیینہ، معمر زہری، ہند، حضرت ام سلمہ، عمرو یحیی بن سعید زہری ایک عورت سے روایت ہے کہ حضرت ام سلمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے فرمایا:

نبی کریم ﷺ ایک رات بیدار ہوئے اور فرمایا: سبحان اللہ آج رات کتنے فتنے نازل کیے گئے ہیں اور کتنے خزانے کھول دیئے گئے ہیں ان حجرے والی عورتوں کو جگادو۔ دنیا میں لباس پہننے والی کتنی ہی ایسی ہیں جو آخرت میں ننگی ہوں گی۔

فائدہ:

اس حدیث پاک میں بھی حضور ﷺ کے علم غیب کا ذکر ہے۔ کیونکہ وہ فتنے جن کا آپ نے ذکر کیا وہ نازل نہ ہوئے تھے۔ بلکہ ہونے والے تھے۔ آپ نے پہلے ہی ان کا بیان فرمادیا اور آپ ﷺ نے نور نبوت سے ان کو معرض وجود میں آنے سے پہلے ہی دیکھ لیا اور ان کی خبر بھی دے دی۔

Marfat.com

روایت

حضرت

# سالم اور ابوبکر بن سلیمان بن ابوحتمہ

رضی اللہ عنہما

حضرت سالم اور ابوبکر بن سلیمان بن ابوحتمہ رضی اللہ عنہما
کی روایت سے علم غیب کا ثبوت

Marfat.com

# حدیث نمبر 172

حدثنا سعید بن بن عفیر قال حدثنی اللّیث قال حدثنی عبدالرّحمٰن بن خالد بن مسافر عن ابن شھاب عن سالم وّابی بکر بن سلیمان بن ابی حثمۃ انّ عبد اللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ قال صلّٰی لنا النّبیّ ﷺ العشآء فی اخر حیاتہٖ فلمّا سلّم قام قال ارایتکم لیلیتکم ھٰذہٖ فانّ رأس مائۃ سنۃ منھا لایبقٰی ممّن ھو علٰی ظھر الاوض احد۔ (رواہ البخاری فی کتاب العلم)

ترجمہ:

سالم اور ابوبکر بن سلیمان بن ابوحثمہ سے روایت ہے کہ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے فرمایا:

نبی کریم ﷺ نے ہمیں اپنی حیات مبارکہ کے آخری دنوں میں نماز عشاء پڑھائی۔ جب سلام پھیر دیا تو کھڑے ہو کر فرمایا کیا تم نے اس رات کو دیکھا کیونکہ اس سے ایک صدی بعد کوئی ایک بھی باقی نہیں رہے گا۔ جو آج زمین کی پشت پر موجود ہے۔

فائدہ:

اس حدیث پاک میں بھی حضور ﷺ کے علم غیب کا بیان ہے کیونکہ آپ ﷺ نے ایک صدی بعد تک کی خبر دے دی۔ اور فرمایا کہ ایک صدی بعد موجودہ لوگوں میں سے کوئی باقی نہ ہو گا یہ آپ ﷺ کا وہ علم غیب ہے جو خدا نے آپ کو عطا فرمایا ہے۔

Marfat.com

## مرویات

# حضرت عطاء بن یسار رضی اللہ عنہ

## حضرت عطاء بن یسار رضی اللہ عنہ کی روایات سے علم غیب کا ثبوت

Marfat.com

# حدیث نمبر 173

حدّثنا اسمٰعیل قال حدّثنی مالك عن زید بن اسلم عن عطآء ابن یسارٍ عن عبداللہ بن عبّاس قال خسفت الشّمس علٰی عهد النّبیّ ﷺ فصلّٰی قالوا یارسول الله وایّاك تناولت شیئًا فی مقامك ثمّ رایناك تکعکعت فقال انّی رایت الجنّة فتنا ولت منها عنقودًا ولواخذتهٗ لا کلتم منه مابقیت الدّنیا۔ (رواہ البخاری فی کتاب الاذان)

ترجمہ:

عطا بن یسار سے روایت ہے کہ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے فرمایا:

نبی کریم ﷺ کے عہد مبارک میں سورج کو گرہن لگا تو آپ نے نماز پڑھی، لوگ عرض گزار ہوئے کہ یارسول اللہ ﷺ آپ نے اپنی جگہ پر کوئی چیز پکڑی تھی؟ پھر ہم نے دیکھا کہ آپ پیچھے ہٹے، فرمایا کہ میں نے جنت دیکھی تو اس میں سے ایک خوشہ پکڑنے لگا تھا۔ اور اگر میں اسے لے لیتا تو تم اس میں سے رہتی دنیا تک کھاتے رہتے۔

فائدہ:

اس حدیث سے نگاہ مصطفیٰ کی جھلک سامنے آتی ہے کہ آپ زمین پر مسجد نبوی میں کھڑے ہو کر نماز پڑھا رہے تھے۔ لیکن نگاہ مصطفیٰ ساتوں آسمانوں کو چیر کر جنت کے

Marfat.com

اندر بھی پہنچ گئی۔

معلوم ہوا کہ ان نگاہوں کے سامنے ایک آدھ دیوار تو کیا ہزاروں دیواریں بلکہ ساتوں آسمان بھی رکاوٹ نہیں بنتے۔ جبکہ ہر آسمان کی موٹائی پانچ سو برس کے راستے کے برابر ہے۔ دریں حالات وہ مدینہ منورہ میں جلوہ افروز ہوتے ہوئے اگر مشرق ومغرب اور شمال وجنوب تک دیکھنا چاہیں تو رکاوٹ کیا ہے۔ جبکہ زمین سے جنت کا جو فاصلہ ہے یہ اس فاصلے سے بہت زیادہ ہے جو مدینہ منورہ سے مذکورہ چاروں اطراف کا انتہائی فاصلہ ہے۔

معلوم ہوا کہ نگاہ مصطفیٰ کے سامنے دور اور نزدیک کا معاملہ یکساں ہے۔ اور جس طرح آپ نزدیک کی چیزوں کو دیکھتے تھے۔ اسی طرح دور کی چیزوں کا بھی مشاہدہ فرمالیا کرتے تھے۔ اور اب بھی ساری دنیا کف دست کی طرح آپ کے سامنے ہے۔

دوسری یہ بات بھی معلوم ہوتی ہے کہ اس نماز میں جنت کے جس خوشے کو آپ توڑنا چاہتے تھے۔ اس کے متعلق فرمایا کہ اگر میں توڑلاتا تو تم اس میں سے رہتی دنیا تک کھاتے رہتے۔ یہ بات معاشیات کے ماہرین ہی بتاسکتے ہیں کہ پاکستان میں بسنے والے مسلمان روزانہ کتنے پھل کھاتے ہیں۔ اور اگر ساری دنیا کے مسلمانوں کا حساب لگائیں تو وہ روزانہ کتنے پھل کھاتے ہوں گے۔ اب یوں حساب لگالیا جائے کہ امت محمد یہ اس وقت سے اب تک کتنے کروڑ در کروڑ ٹن پھل کھالیتی۔ قیامت تک کی بات چھوڑیئے کہ معلوم نہیں کب آئے گی لیکن اس ٹہنی میں اس سے تو یقیناً زیادہ پھل ہوں گے۔ جتنے امت محمدیہ اب تک کھالیتی، محبوب پروردگار جل جلالہ و ﷺ اس ٹہنی کو توڑ کر لانے لگے تھے۔

Marfat.com

کیا اس حدیث کی روشنی میں کوئی حقیقی طاقت مصطفٰی کا اندازہ کرسکتا ہے؟......سبحان اللہ۔

آنکھ والا تیرے جوبن کا تماشہ دیکھے
دیدۂ کور کو کیا نظر آئے کیا دیکھے

## حدیث نمبر 174

حدثنا یحییٰ بن بکیر حدثنااللیث عن خالد بن یزید عن سعید بن ابی ھلال عن زید عن عطآء بن یسار عن ابی سعید الخدریؓ قال قلنا یارسول اللہ ھل نریٰ ربّنا یوم القیٰمۃ قال ھل تضآرّون فی رؤیۃ الشمس والقمر اذا کانت صحوًا قلنا لا قال فانّکم لاتضآرّون فی رؤیۃ ربّکم یومئذٍ الا کما تضآرّون فی رویتھما ثم ینادی منادٍ لیذھب کلّ قوم الٰی ماکانوایعبدون فیذھب اصحاب الصلیب مع صلیبھم واصحاب الاوثان مع اوثانھم واصحاب کل ایلھۃٍ مّع الھتھم حتّٰی یبقٰی الھۃ من کان یعبد اللہ من برٍّ اوفاجر وغبّرات عن اھل الکتاب ثم یؤتٰی بجھنّم تعرض کانّھا سراب فیقال للیھود ماکنتم تعبدون قالوا کنا نعبدو عزید بن اللہ فیقال کذبتم لم یکن للہ صاحبۃ ولا ولد فما تریدون قالوا نرید ان تسقینا فیقال اشربوا فیتساقطون فی جھنم ثم یقال للنّصارٰی ماکنتم تعبدون فیقولون کنّا نعبد المسیح ابن اللہ فیقال کذبتم لم یکن للہ صاحبۃ ولا ولد فما تریدون فیقولون نرید ان تسقینا فیقال اشربوا

Marfat.com

فیستاقطون حتی یبقٰی من کان یعبد اللہ من برٍّ اوفاجر فیقال لھم ما یحبسکم وقد ذھب النّاس فیقولون فارقناھم ونحن احوج منّا الیہ الیوم وانا سمعنا منادیا یّنادی لیحق کل قوم بما کانوایعبدون وانّما ننتظر ربّنا قال فیاتیھم الجبّار فی صورۃ غیر صورتہ الّتی راوہ فیھااوّل مرّۃ فیقول انا ربّکم فیقولون انت ربّنا فلا یکّلمہٗ الا الانبیاء فیقول ھل بینکم وبینہٗ ایۃ تعرفونہٗ فیقولون السّاق فیکشف عن ساقہٖ فیسجدلہٗ کلّ مؤمن ویبقٰی منکان یسجد للہ ریآء وّ سمعۃ فیذھب کیما یسجد فیعود ظھرہٗ طبقا واحداثم یؤتٰی بالجسر فیجعل بین ظھری جھنم قلنا یارسول اللہ وما الجسر قال مدحضۃ مّزلّۃ علیہ خطاطیف وکلالیب وحسکۃ مفلطحۃ لّھا شوکۃ عقیفآء تکون بنجد یّقال لھا السّعدان المؤمن علیھا کالطّرف وکالبرق وکالرّیح وکاجاوید الخیل والرّکاب فناج مّسلم وّناج مخدوش ومکدوش فی نار جھنم حتی یمرّ اٰخرھم یسحب سحبا فما انتم باشد لی منا شدۃ فی الحق قدتبیّن لکم من المؤمن یومئذ لّلجبّار واذا راوانّھم قد نجوا فی اخوانھم یقولون ربّنا اخواننا کانوا یصلون معنا ویصومون معنا ویعملون معنا فیقول اللہ تعالٰی اذھبوا فمن وّجدتم فی قلبہٖ مثقال دینار مّن ایمان فاخرجوہ ویحرم اللہ صورھم علی النّار فیاتونھم وبعضھم قد غاب فی النّار الٰی قدمہٖ والٰی انصاف ساقیہ فیخرجون من عرفوا ثم یعودون فیقول اذھبوا فمن وجدتم فی قلبہٖ مثقال نصف دینار فاخرجوہ فیخرجون من عرفوا ثم یعودون فیقول

Marfat.com

اذھبوا فمن وجدتم فی قلبہٖ مثقال ذرّۃ مّن ایمان فاخرجوہ فیخرجون من عرفوا قا ل ابو سعید فان لّم تصدّقونی فاقرئواانّ اللہ لا یظلم مثقال ذرّۃ وان تلک حسنۃ یّضاعفھا فیشفع النّبیّون والملائکۃ والمؤمنون فیقول الجبّار بقیت شفاعتی فیقبض قبضۃ مّن النّار فیخرج اقوامًا قدامتحشوا فیلقون فی نھر بافواہ الجنّۃ یقال لہٗ مآء الحیاۃ فینبتون فی حافّتیہ کما تنبت الحبّۃ فی حمیل السّیل قد رایتموھا الٰی جانب الصخرۃ الٰی جانب الشجرۃ فما کان الٰی الشّمس منھا کان اخضروما کان منھا الٰی الظّلّ کان ابیض فیخرجون کانّھم للّؤلؤ فیجعل فی رقابھم الخوتیم فیدخلون الجنّۃ فیقول اھل الجنۃ ھٰؤلاء عتقآء الرّحمٰن ادخلھم الجنّۃ بغیر عمل عملوٰہ ولا خیر قدّموہ فیقال لھم لکم مّارایتم وّمثلہٗ معہٗ وقال حجّاج بن منھالٍ حدثنا ھمّام بن یحیٰی حدثنا قتادۃ عن انس انّ النّبیّ ﷺ قال یحبس المؤمنون یوم القیٰمۃ حتّٰی یھمّوا بذلک فیقولون لو استشفعنا الٰی ربّنا فیریحنا من مکاننا فیأتون اٰدم فیقولون انت اٰدم ابو النّاس خلقک اللہ بیدہٖ واسکنک جنّتہٗ واسجد لک ملائکۃ وعلّمک اسمآء کلّ شیءٍ لّتشفع لنا عند ربّک حتّٰی یریحنا من مکاننا ھٰذا قال فیقول لست ھناکم قال ویذکر خطیئۃ الّتی اصاب اکلہٗ من الشّجرۃ وقد نھی عنھا ولکن ئتوا نوحًا اوّل نبیّ بعثہ اللہ الیّ اھل الارض فیأتون نوحا فیقول لست ھناکم ویذکر خطیئتہ الّتی اصاب سؤالہٗ ربّہٗ بغیر علم ولٰکن ائتوا ابراھیم خلیل الرّحمٰن قال فیأتون ابراھیم فیقول

Marfat.com

انّی لست ھناکم ویذکر ثلٰث کلمات کذبھنّ ولکن ئتواموسٰی عبدااتاہ اللہ التّورٰۃ و کلّمہٗ وقدّبہٗ نجیًّا قال فیأتون موسٰی فیقول انّی لست ھناکم و یذکر خطیئتہٗ التی اصاب قتلہ النّفس ولکن ئتواعیسٰی عبداللہ ورسولہٗ وروح اللہ و کلمتہٗ قال فیأتون عیسٰی فیقول لست ھناکم ولکن ئتوامحمدًا ﷺ عبدًا غفراللہ لہٗ ماتقدّم من ذنبہٖ وما تاخّر فیأتونی فاستاذن علٰی ربّی فی دارہٖ فیوذن لی علیہ فاذا رایتہٗ وقعت ساجدًا فیدعنی ماشآء اللہ ان یّدعنی فیقول ارفع محمّد وقل یسمع واشفع تشفّع وسل تعط قال فارفع راسی فاثنی علٰی ربّی بثنآء وّتحمیدٍ یعلّمنیہ فیحدّلی حدًّا فاخرج فادخلھم الجنّۃ قال قتادۃ وسمعتہٗ ایضا یقول فاخرج فاخرجھم مّن النّار وادخلھم الجنّۃ ثم اعود فاستاذن علٰی ربّی فی دارہٖ فیوذن لی علیہ فاذا رایتہٗ وقعت ساجدًا فیدعنی ماشآء اللہ ان یّدعنی ثم یقول ارفع محمد وقل یسمع واشفع تشفّع وسل تعط قال فارفع راسی فاثنی علٰی ربّی بثنآء وتحمید یّعلّمنیہ قال ثم اشفع فیحدّلی حدًّا فاخرج فادخلھم الجنّۃ قال قتادۃ وسمعتہٗ یقول فاخرج فاخرجھم من النّار وادخلھم الجنّۃ ثم اعود الثّالثۃ فاستأذن علٰی ربّی فی دارہٖ فیوذن لی علیہ فاذا رایتہٗ وقعت ساجدًا فیدعنی ماشآء اللہ ان یدعنی ثم یقول ارفع محمد وقل یسمع واشفع تشفّع وسل تعطہ قال فارفع راسی فاثنی علٰی ربّی بثنآء وتحمیدٍ یعلّمنیہ قال ثمّ اشفع فیحدّلی حدًّا فاخرج فادخلھم الجنّۃ قال قتادۃ وقد سمعتہٗ یقول فاخرج فاخرجھم من النّار

Marfat.com

وادخلهم الجنّة حتّٰی مایبقٰی فی النّار الّا من حبسه القراٰن ای وجب علیه الخلود قال ثم تلاهٰذا الایة عسٰی ان یّبعثك ربّك مقامًا محمودًا قال هٰذا المقام المحمود الّذی وعدهٗ نبیّکم ﷺ۔

(رواہ البخاری فی کتاب التوحید)

ترجمہ:

عطاء بن یسار کا بیان ہے کہ حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ ہم عرض گزار ہوئے، یارسول اللہ! کیا قیامت میں ہم اپنے رب کو دیکھیں گے؟ فرمایا:
جب مطلع صاف ہو تو کیا تمہیں سورج اور چاند کو دیکھنے میں کوئی تکلیف محسوس ہوتی ہے؟ ہم عرض گزار ہوئے کہ نہیں، فرمایا: کہ اس کے دیکھنے میں تمہیں تکلیف محسوس نہیں ہوگی مگر جتنی آج ان دونوں کو دیکھنے میں محسوس ہوتی ہے۔ پھر ایک پکارنے والا پکارے گا کہ ہر قوم اس کے پاس چلی جائے جس کی وہ عبادت کرتے تھے، پس صلیب کے پجاری صلیب کے پاس چلے جائیں گے اور بت پرست اپنے بتوں کے پاس چلے جائیں گے اور جو بھی جن کو معبود مانتے تھے وہ اپنے معبودوں کے پاس چلے جائیں گے یہاں تک کہ صرف وہی لوگ باقی رہ جائیں گے جو صرف اللہ تعالیٰ کی عبادت کیا کرتے تھے، خواہ وہ نیک ہوں یا بد، اور اہل کتاب کے باقی ماندہ لوگ۔ پھر جہنم ان کے سامنے پیش کردی جائے گی جو سراب معلوم ہوگی۔ پس یہود سے کہا جائے گا کہ تم کس کی عبادت کرتے تھے؟ وہ کہیں گے کہ ہم اللہ کے بیٹے حضرت عزیز کی عبادت کیا کرتے تھے۔ پس ان سے کہا جائے گا کہ تم نے جھوٹ بولا، اللہ تعالیٰ کے لیے تو بیوی ہے نہ اولا۔ اچھا تم

Marfat.com

چاہتے کیا ہو؟ وہ کہیں گے ہم پانی پینا چاہتے ہیں، ان سے کہا جائے گا کہ پی لو، چنانچہ وہ جہنم میں جا گریں گے۔ پھر نصاریٰ سے کہا جائے گا کہ تم کس کی عبادت کرتے تھے؟ وہ کہیں گے کہ ہم اللہ تعالیٰ کے بیٹے حضرت مسیح کی عبادت کیا کرتے تھے ان سے کہا جائے گا کہ تم نے غلط بیانی کی کیونکہ اللہ تعالیٰ کے لیے تو بیوی ہے نہ اولاد۔ خیر تم چاہتے کیا ہو؟ وہ کہیں گے کہ ہم پانی پینا چاہتے ہیں، پس ان سے کہا جائے گا کہ پی لو، پس وہ بھی جہنم میں جا گریں گے، یہاں تک کہ صرف وہی باقی رہ جائیں گے، جو اللہ کی عبادت کرتے تھے۔ خواہ وہ نیک ہوں یا بد۔

چنانچہ ان سے کہا جائے گا کہ جبکہ لوگ چلے گئے ہیں تو تمہیں کس چیز نے روک رکھا ہے؟ وہ کہیں گے کہ ہم تو ان سے اس وقت جدا ہو گئے تھے جبکہ ہمیں اس بات کی آج سے زیادہ ضرورت تھی اور ہم نے ایک ندا کرنے والے کی ندا سنی ہے کہ ہر قوم اس سے جا ملے جس کی وہ عبادت کرتے تھے تو ہم اپنے رب کا انتظار کر رہے ہیں، پس ان کے پاس اللہ تعالیٰ ایسی صورت میں آئے گا جو انہوں نے پہلی مرتبہ دیکھی ہوگی اور کہے گا کہ میں تمہارا رب ہوں، پس وہ کہیں گے کہ تو ہمارا رب ہے، پس اس سے گفتگو نہیں کرینگے مگر انبیاء کرام۔ پھر فرمائے گا کہ تمہارے اور اس کے درمیان کوئی نشانی ہے جس سے تم پہچان لو؟ وہ عرض کرینگے کہ پنڈلی ہے وہ اپنی پنڈلی کھول دے گا تو ہر مومن اس کے لیے سجدہ کرے گا اور وہ باقی رہ جائیں گے جو اللہ کے لیے دکھاوے اور شہرت کی غرض سے سجدہ کرتے تھے کیونکہ انکی پیٹھ تختوں کی طرح ہو جائیں گی، پھر پل کو لا کر جہنم کی پشت پر رکھ دیا جائے گا، ہم عرض گزار ہوئے کہ یا رسول اللہ پل کیا ہے؟ فرمایا کہ وہ پھسلنے اور گرنے کی جگہ ہے۔ اس پر کانٹے، آنکڑے اور چوڑے گوکھرو ہیں جو نجد کے ٹیڑھے

Marfat.com

کانٹوں کی طرح ہیں جنہیں سعدان کہا جاتا ہے۔

مومن اس کے اوپر سے آنکھ جھپکنے کی طرح، بجلی کی طرح، ہوا کی طرح، تیز رفتار گھوڑوں کی طرح اور سواریوں کی طرح گزر جائیں گے۔ چنانچہ بعض تو بخیر و عافیت گزر جائیں گے اور بعض کٹ کٹا کر، چھل چھلا کر جہنم میں گر جائیں گے، یہاں تک کہ آخری شخص گھسٹ گھسٹا کر نکلے گا تم اپنا حق واضح ہونے کے بعد اتنی شدت کے ساتھ مجھ سے مطالبہ نہیں کرتے جتنی شدت کے ساتھ تمہارے لیے مومن اس روز اللہ تعالیٰ سے مطالبہ کرینگے اور جو وہ دیکھیں گے کہ ہم نجات پا گئے تو اپنے بھائیوں کے متعلق عرض کریں گے۔ اے رب! ہمارے یہ بھائی، ہمارے ساتھ نماز پڑھا کرتے تھے، ہمارے ساتھ روزے رکھتے تھے اور ہمارے ساتھ عمل کیا کرتے تھے، پس اللہ تعالیٰ ان سے فرمائے گا کہ جاؤ اور جس کے دل میں دینار کے برابر بھی ایمان پاؤ تو اسے نکال لو اور اللہ تعالیٰ ان کی صورتوں کو آگ پر حرام کر دے گا، پس وہ ان کے پاس آئیں گے جبکہ بعض قدموں تک اور بعض پنڈلیوں تک آگ میں ڈوبے ہوئے ہوں گے۔

چنانچہ جن کو وہ پہچانیں گے انہیں نکال لیں گے۔ پھر واپس لوٹیں گے، تو اللہ تعالیٰ فرمائے گا کہ جس کے دل میں نصف دینار کے برابر بھی ایمان پاؤ اسے نکال لو، پس یہ جس کو پہچانیں گے اسے نکال لیں گے، پھر واپس لوٹیں گے تو اللہ تعالیٰ فرمائے گا کہ جس کے دل میں ذرّے کے برابر بھی ایمان پاؤ اسے بھی نکال لو، چنانچہ جس کو پہچانیں گے اسے نکال لیں گے۔ حضرت ابو سعید خدری نے فرمایا کہ اگر تم مجھے سچا نہیں سمجھتے تو یہ آیت پڑھ لو، اللہ ایک ذرہ بھر بھی ظلم نہیں فرماتا اور اگر کوئی نیکی ہو تو اسے دگنی کرتا ہے۔ (سورۃ النساء آیت نمبر ۴۰)

Marfat.com

پھر انبیاء کرام، فرشتے اور مومن شفاعت کریں گے تو اللہ تعالیٰ فرمائے گا کہ میری شفاعت باقی رہ گئی، چنانچہ جہنم سے ایک مٹھی بھر کر نکال لے گا پس وہ ایسے لوگ نکلیں گے جو جل بھن کر کوئلہ ہو گئے ہوں گے تو وہ ایسی نہر میں ڈالے جائیں گے جو جنت کے ایک سرے پر ہے اور جسے آب حیات کہتے ہیں۔

چنانچہ وہ اس طرح تروتازہ ہو کر نکلیں گے جیسے سیلابی جگہ سے دانے اُگتے ہیں جن کو تم نے کسی پتھر یا درخت کے پاس دیکھا ہوگا، پس جو ان میں سے سورج کی طرف ہوتا ہے۔ وہ سبز اور جو سائے میں ہوتا ہے وہ سفید رہتا ہے گویا وہ چمکتے ہوئے موتیوں کی طرح نکلیں گے، پھر ان کی گردنوں میں مہریں لگا دیں جائیں گی تو وہ سب جنت میں داخل ہو جائیں گے، پس اہل جنت کہیں گے کہ ان لوگوں کو اللہ تعالیٰ نے آزاد کیا ہے بغیر ان کے عمل کیے اور بغیر کوئی نیکی آگے بھیجے، پس ان سے کہا جائے گا کہ تمہارے لیے یہ ہے جو تم نے دیکھا اور اسی کے برابر اور قتادہ نے حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے کہ قیامت کے روز مومن روک لیے جائیں گے تو اس کے باعث وہ غمگین ہوں گے تو کہیں گے کہ اپنے رب کی بارگاہ میں شفاعت کرنے والا تلاش کریں تاکہ وہ ہمیں اس جگہ سے نجات دلائے۔

پس وہ حضرت آدم کی خدمت میں حاضر ہو کر عرض کریں گے کہ آپ وہ حضرت آدم ہیں جو تمام انسانوں کے باپ ہیں، اللہ تعالیٰ نے آپ کو اپنے دست قدرت سے پیدا فرمایا اور آپ کو اپنی جنت میں آباد کیا اور اپنے فرشتوں سے آپ کے لیے سجدہ کروایا اور آپ کو ہر ایک چیز کا نام سکھایا تو آپ اپنے رب کی بارگاہ میں ہماری شفاعت کر کے ہمیں اس جگہ سے نجات دلائیں، وہ فرمائیں گے کہ میں تمہارے اس کام

Marfat.com

کے لائق نہیں ہوں، پھر اپنی ایک لغزش کا ذکر کریں گے۔ جو ان سے سرزد ہوئی ہوگی کہ اس درخت سے کھا بیٹھے جس سے انہیں منع فرمایا گیا تھا، بلکہ تم حضرت نوح کے پاس جاؤ کہ وہ پہلے نبی ہیں جن کو اللہ تعالیٰ نے زمین والوں کے لیے مبعوث فرمایا، پس وہ حضرت نوح کی خدمت میں حاضر ہو جائیں گے تو وہ فرمائیں گے کہ مجھ سے تمہارا یہ کام نہیں ہو سکے گا اور اپنی ایک لغزش کا ذکر کریں گے جو ان سے ہوئی ہوگی کہ اپنے رب سے بغیر علم کے سوال کر بیٹھے، بلکہ تم حضرت ابراہیم کے پاس جاؤ کہ وہ اللہ تعالیٰ کے خلیل ہیں۔

چنانچہ وہ حضرت ابراہیم کی خدمت میں حاضر ہو جائیں گے تو وہ فرمائیں گے کہ مجھ سے تمہارا یہ کام نہیں نکلے گا اور اپنے تین ایسے کلمات کا ذکر کریں گے جو بظاہر واقعات کے مطابق نہ تھے، بلکہ تم حضرت موسیٰ کے پاس جاؤ کہ وہ ایسے بندے ہیں جن کو اللہ تعالیٰ نے توریت دی کلام فرمایا اور اپنا خاص قرب مرحمت فرمایا چنانچہ وہ حضرت موسیٰ کی خدمت میں حاضر ہو جائیں گے وہ فرمائیں گے کہ تمہاری یہ بگڑی مجھ سے نہیں بنائے جائے گی، اور اپنی ایک لغزش کا ذکر کریں گے جو ان سے سرز ہوئی ہوگی، کہ ایک آدمی کو قتل کر دیا تھا۔ بلکہ تم حضرت عیسیٰ کے پاس جاؤ کیونکہ وہ اللہ کے بندے اور اس کے رسول ہیں۔ وہ اللہ تعالیٰ کی طرف روح اور اس کا ایک کلمہ ہیں۔

چنانچہ وہ حضرت عیسیٰ کی خدمت میں حاضر ہو جائیں گے وہ فرمائیں گے کہ تمہارا یہ مقصد میرے ذریعے پورا نہیں ہوگا، بلکہ تم حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ کے پاس جاؤ، کیونکہ وہ ایسے بندے ہیں کہ جن کے لیے اللہ تعالیٰ نے ان کے اگلوں اور پچھلوں کے گناہ معاف فرما دیئے تھے پس وہ میرے پاس آئیں گے، پس میں اپنے رب سے اس کے گھر میں داخل ہونے کی اجازت طلب کروں گا پس مجھے اجازت مل جائے

Marfat.com

گی۔ جب میں اسے دیکھوں گا تو اس کے حضور سجدے میں گر جاؤں گا، بس وہ مجھے جب تک چاہے گا سجدے میں رکھے گا پھر فرمائے گا کہ اے محمد! سر اٹھاؤ، کہو کہ تمہاری سنی جائے گی، شفاعت کرو کہ تمہاری شفاعت قبول کی جائے گی۔ اور مانگو کہ تمہیں دیا جائے گا پس میں اپنا سر اٹھا کر اپنے رب کی ایسی حمد وثنا بیان کروں گا جو مجھے سکھائی جائے گی، پس میرے لیے ایک حد مقرر فرمادی جائے گی تو میں لوگوں کو جہنم سے نکال کر جنت میں داخل کردوں گا۔ پھر میں دوبارہ اپنے رب سے اس کے گھر میں داخل ہونے کی اجازت طلب کروں گا تو مجھے اجازت عطا فرمادی جائے گی، جب میں اسے دیکھوں گا تو اس کے حضور سجدہ ریز ہو جاؤں گا پس اللہ تعالیٰ جب تک چاہے گا مجھے سجدہ میں رکھے گا پھر فرمائے گا کہ اے محمد ﷺ! سر اٹھاؤ اور کہو کہ تمہاری سنی جائے گی، شفاعت کرو کہ تمہاری شفاعت قبول کی جائے گی، مانگو کہ تمہیں دیا جائے گا، بس میں اپنے رب کی ایسی حمد وثنا بیان کروں گا جو مجھے سکھائی جائے گی، پھر میں شفاعت کروں گا تو میرے لیے ایک حد مقرر فرمادی جائے گی۔ پس میں لوگوں کو جہنم سے نکال کر جنت میں داخل کروں گا۔

قتادہ کا بیان ہے کہ میں نے ان سے سنا کہ پھر میں نکالوں گا تو میں انہیں جہنم سے نکال کر جنت میں داخل کروں گا پھر تیسری مرتبہ لوٹوں گا اور اپنے رب سے اس کے گھر میں داخل ہونے کی اجازت طلب کروں گا پس مجھے اجازت دے دی جائے گی، چنانچہ جب میں اسے دیکھوں گا تو اس کے حضور سجدہ ریز ہو جاؤں گا تو مجھے اللہ تعالیٰ سجدے میں رکھے گا جب تک وہ چاہے گا پھر فرمائے گا کہ اے محمد! اپنا سر اٹھاؤ اور کہو کہ تمہاری سنی جائے گی، شفاعت کرو کہ تمہاری شفاعت قبول کی جائے گی اور مانگو کہ تمہیں دیا جائے گا پس میں اپنا سر اٹھا کر اللہ تعالیٰ کی ایسی حمد وثنا بیان کروں گا جو مجھے سکھائی

Marfat.com

جائے گی۔ پھر میں شفاعت کروں گا تو میرے لیے ایک حد مقرر فرمادی جائے گی تو میں لوگوں کو جہنم سے نکال کر جنت میں داخل کروں گا۔

حضرت قتادہ کا بیان ہے کہ میں نے حضرت انس (رضی اللہ تعالیٰ عنہ) کو فرماتے ہوئے سنا کہ میں نکالوں گا تو انہیں جہنم سے نکال کر جنت میں داخل کردیا جائے گا یہاں تک کہ جہنم میں صرف وہی رہ جائیں گے جن کو قرآن کریم نے روک رکھا ہوگا، یعنی جن کا ہمیشہ جہنم میں رہنا واجب ہوگا۔

راوی کا بیان ہے کہ پھر آپ نے یہ آیت پڑھی ''قریب ہے کہ تمہارا رب تمہیں ایسی جگہ کھڑا کرے جہاں سب تمہاری تعریف کریں''۔

(سورۂ بنی اسرائیل آیت نمبر ۷۹)

یہ وہ مقام ہے جس کا اللہ تعالیٰ نے تمہارے نبی سے وعدہ فرمایا ہوا ہے۔ (ﷺ)

فائدہ:

اس حدیث پاک میں بھی حضور نبی اکرم ﷺ کے وسیع علم غیب کا بیان ہے کہ آپ ﷺ نے قیامت کے بعد میں ہونے والے کئی معاملات کا ذکر فرمایا اور پہلی امتوں سے جو جو سوال وجواب کیے جانے ہیں حضور پاک ﷺ نے ان کا پہلے ہی بیان فرمادیا، جیسا کہ اوپر حدیث میں تفسیر وار موجود ہے۔

Marfat.com

# حدیث نمبر 175

حدثنا محمد بن سنان حدثنا فلیح حدثنا هلال عن عطآء ابن یسار عن ابی هریرة انّ النبیّ ﷺ کان یوما یحدّث وعندهٗ رجل مّن اهل البادیة انّ رجلا مّن اهل الجنّة استاذن ربّهٗ فی الزّرع فقال لهٗ اولست فیما شئت قال بلٰی ولٰکنّی احبّ ان ازرع فاسرع وبذر فتبادر الطرف نباتهٗ واستوآؤهٗ واستحصادهٗ وتکویره امثال الجبال فیقول الله تعالٰی دونك یاابن اٰدم فانّهٗ لایشبعك شیء فقال الاعرابیّ یارسول الله لا تجد هٰذا الا قرشیّا اوانصاریّا فانّهم اصحاب زرع فامّا نحن فلسنا باصحاب زرع فضحك رسول الله ﷺ۔ (رواہ البخاری فی کتاب التوحید)

ترجمہ:

عطاء بن یسار نے حضرت ابو ہریرہ سے روایت کی ہے کہ نبی کریم ﷺ ایک روز گفتگو فرما رہے تھے تو اس وقت آپ کی خدمت میں ایک دیہاتی بھی موجود تھا کہ اہل جنت میں سے ایک آدمی اپنے رب سے کھیتی باڑی کرنے کی اجازت مانگے گا، اس سے فرمایا جائے گا کہ کیا میں نے تجھے تیری مرضی کی ہر چیز نہیں دی؟ عرض کرے گا..... کہ کیوں نہیں، لیکن میں کھیتی باڑی کرنا پسند کرتا ہوں، پس وہ جلد ہی کام کرنا شروع کردے گا اور چشم زدن میں کھیتی کا اگنا، بڑھنا اور کٹنا شروع ہو جائے گا اور غلے کے پہاڑوں کی طرح انبار لگ جائیں گے، اللہ تعالیٰ فرمائے گا کہ اے ابن آدم! اسے لے کیونکہ کوئی چیز تجھے شکم سیر نہیں کرتی، دیہاتی عرض گزار ہوا کہ یارسول اللہ! ہم تو ایسا کسی کو نہیں پاتے

Marfat.com

سوائے قریشیوں اور انصاریوں کے کیونکہ یہی کھیتی باڑی کرتے ہیں۔ جبکہ ہم زراعت پیشہ نہیں ہیں۔ پس اس بات پر رسول اللہ ﷺ ہنس پڑے۔

**فائدہ:**

اس حدیث پاک میں بھی حضور نبی اکرم ﷺ کے وسیع علم غیب کا بیان ہے کہ آپ ﷺ نے ایک جنتی کا ذکر کرتے ہوئے فرمایا:

کہ وہ اللہ کی بارگاہ سے کھیتی باڑی کی اجازت مانگے گا۔ حالانکہ اس نے جنت میں جانے کے بعد اجازت مانگنی ہے لیکن حضور نبی اکرم ﷺ نے اپنے علم غیب سے پہلے ہی بیان فرما دیا۔

**دیکھا جو ان کو بانٹتے میں بھی بھڑ کے شوق سے**

**دست عطا کے سامنے دست طلب بڑھا دیا**

Marfat.com

## مرویات

# حضرت یحییٰ بن خلّاد زرقی رضی اللہ عنہ

## حضرت یحییٰ بن خلّاد زرقی رضی اللہ عنہ کی روایت سے علم غیب کا ثبوت

Marfat.com

# حدیث نمبر 176

حدثنا عبداللہ بن مسلمة عن مّالك عن نعيم بن عبداللہ المجمر عن علیّ ابن یحیٰ بن خلّادٍ الزّرقیّ عن ابیہ عن رّفاعة بن رافع الزّرقیّ قال کنّا یوم نّصلی ورآء النّبیّ ﷺ فلمّا رفع راسہٗ من الرّکعة قال سمع اللہ لمن حمدہ قال رجل وّرآءہٗ ربّنا ولك الحمد حمدًا کثیرًا طیّبًا مّبارکًا فیہ فلمّا انصرف قال من المتکلّم قال انا قال رایت بضعة وّثلثین ملکًا یّبتدرونھا ایّھم یکتبھا اوّل۔

(رواہ البخاری فی کتاب الاذان)

ترجمہ:

یحیٰ بن خلاد زرقی سے روایت ہے کہ حضرت رفاعہ بن رافع زرقی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا:

ایک روز ہم نبی کریم ﷺ کے پیچھے نماز پڑھ رہے تھے۔ جب آپ نے رکوع سے سر اُٹھا کر سمع اللہ لمن حمدہٗ کہا تو پیچھے سے ایک آدمی نے کہا، اے ہمارے رب، اور تیرے ہی لیے تعریف ہے۔ بہت زیادہ تعریف پاکیزہ اور برکت والی، جب آپ فارغ ہوئے تو فرمایا: یہ کلمات کس نے کہے؟ اس نے عرض کی میں نے فرمایا کہ میں نے تیس (۳۰) سے زیادہ فرشتوں کو جھپٹتے ہوئے دیکھا کہ کون انہیں سب سے پہلے لکھتا ہے۔

Marfat.com

فائدہ:

نبی کریم ﷺ نماز پڑھا رہے تھے۔کہ ایک صحابی نے ربنا و لك الحمد کے ساتھ حمدًا کثیرًا طیبًا مبارکًا فیه بھی کہا تو کچھ فرشتے ان کلمات کا ثواب لکھنے کے لیے لپکے۔آپ نے نماز پڑھاتے ہوئے ان فرشتوں کو دیکھ لیا،ان کی تعداد بھی جان لی کہ تیس سے کچھ زیادہ ہیں اور یہ بھی جان لیا کہ یہ ان کلمات کا ثواب لکھنے کے لیے ایک دوسرے پر سبقت لے جانے میں کوشاں تھے۔

یہ سب کچھ ملاحظہ فرمانے کے ساتھ ہی آپ نے نماز میں اپنے خالق و مالک کی طرف بھی متوجہ رہے اور پوری توجہ سے نماز بھی پڑھاتے رہے اس سے معلوم ہو رہا ہے کہ آپ بیک وقت کئی طرف متوجہ ہو سکتے تھے اور ایک طرف کی توجہ دوسری کے درمیان مخل نہیں ہوتی تھی۔اب آپ کا یہ حال پہلے سے بھی مزید ارفع اعلیٰ ہوگا کیونکہ وعدہ الٰہی ہے۔کہ وللاخرة خير لك من الاولى۔یعنی اے محبوب!تمہارے لیے ہر اگلی گھڑی پچھلی سے بہتر ہے۔والله تعالى اعلم۔

Marfat.com

# روایت

# حضرت حمید رضی اللہ عنہ

## حضرت حمید رضی اللہ عنہ کی روایت سے علم غیب کا ثبوت

Marfat.com

# حدیث نمبر 177

حدثنی عبداللہ بن محمد حدثنا معاویۃ بن عمرو حدثنا بواسحاق عن حمیر قال سمعت انسا یّقول اصیب حارثۃ یوم بدر وھو غلام فجآئت امّہٗ الی النّبیّ ﷺ فقالت یارسول اللہ قد عرفت منزلۃ حارثۃ منی فان یك فی الجنۃ اصبر واحتسب وان تکن الاخریٰ تریٰ ما اصنع، فقال ویعك اوھبلت؟اوجنۃ واحدۃ ھی انھا کثیرۃ وانّہٗ لفی جنّۃ الفردوس۔ (رواہ البخاری فی کتاب الرقاق)

ترجمہ:

حمید کا بیان ہے کہ میں نے حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو فرماتے ہوئے سنا کہ حضرت حارثہ بن سراقہ جب غزوۂ بدر میں شہید ہو گئے اور وہ لڑکے تھے تو ان کی والدۂ محترمہ نبی کریم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہو کر عرض گزار ہوئیں:

یارسول اللہ! آپ کو معلوم ہے کہ مجھے حارثہ سے کتنی محبت تھی، لہٰذا اگر وہ جنت میں ہے تو میں صبر کروں اور ثواب کی امید رکھوں اور اگر وہ دوسری جگہ ہے تو آپ ملاحظہ

Marfat.com

فرمائیں گے کہ میں کیا کرتی ہوں......ارشاد فرمایا کہ تم پر افسوس یا تم تو پگلی ہو! کیا ایک ہی جنت اس کے لیے تو بہت سی جنتیں ہیں اور بے شک وہ جنت الفردوس میں ہے۔

**فائدہ:**

اس حدیث پاک میں بھی حضور نبی کریم ﷺ کے وسیع علم غیب کا بیان ہے کہ آپ ﷺ نے غیب کی خبر دیتے ہوئے حضرت حارثہ کے بارے میں فرمایا کہ وہ جنت الفردوس میں ہے یہ حضور پاک ﷺ کے علم غیب کا بیان ہے۔

## یا رسول اللہ صلی اللہ علیک وسلم

## آپ کی شان پہ جان بھی قربان ہے

Marfat.com

مرویات

# حضرت حفص بن عاصم رضی اللہ عنہ

## حضرت حفص بن عاصم رضی اللہ عنہ کی روایات سے علم غیب کا ثبوت

Marfat.com

# حدیث نمبر 178

حدثنی ابراھیم بن المنذر حدثناانس بن عیاض عن عبید اللہ عن خبیب عن حفص بن عاصم عن ابی ھریرۃ رضی اللہ عنہ انّ رسول اللہ ﷺ قال: مابین بیتی ومنبری روضۃ من ریاض الجنۃ ومنبری علی حوضی۔(رواہ البخاری فی کتاب الرقاق)

ترجمہ:

حفص بن عاصم نے ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: میرے گھر اور میرے منبر کے درمیان جنت کے باغوں میں سے ایک باغ ہے اور میرا منبر میرے حوض کوثر پر ہے۔

فائدہ:

اس حدیث پاک میں بھی حضور نبی اکرم ﷺ کے وسیع علم غیب کا بیان ہے کہ آپ ﷺ نے اپنے منبر شریف کے بارے میں فرمایا کہ میرا منبر حوض کوثر پر ہے حالانکہ حوض کوثر جنت میں ہے اور منبر مسجد نبوی شریف میں ہے۔لیکن جو بعد میں ہونے والا ہے حضور پاک ﷺ نے اپنے علم غیب سے پہلے ہی بیان فرمادیا۔

Marfat.com

# حدیث نمبر 179

حدثنا عبدالله بن سعيد الكندیّ حدثنا عقبة بن خالد حدثنا عبيدالله عن خبيب بن عبدالرّحمٰن عن جدّهٖ حفص بن عاصم عن ابی هريرة قال قال رسول الله ﷺ يوشك الفرات ان يحسر عن كنز من ذهب فمن حضرهٗ فلا يأخذ منه شيئا قال عقبة وحدثنا عبيدالله حدثنا ابو الزّناد عن الاعرج عن ابی هريرة عن النّبیّ ﷺ مثله الا انّهٗ قال يحسر عن جبل من ذهب۔ (رواہ البخاری فی کتاب الفتن)

ترجمہ:

حفص بن عاصم نے حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: قریب ہے کہ دریائے فرات سونے کا خزانہ اگل ڈالے جو اس کے پاس جائے تو اس میں سے کچھ بھی نہ لے، عقبہ عبیداللہ، ابو الزناد، اعرج، حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے نبی کریم ﷺ سے اسی طرح روایت کی ہے مگر ماسوائے اس کے کہ آپ نے فرمایا سونے کا پہاڑ اگل دے گا۔

فائدہ:

اس حدیث پاک میں بھی حضور نبی اکرم ﷺ کے وسیع علم غیب کا بیان ہے کہ آپ ﷺ نے فرمایا: کہ فرات سونے کا خزانہ اگل دے گا یہ بھی کافی عرصہ بعد میں ہونا تھا۔

Marfat.com

# حدیث نمبر 180

حدثنا مسدّد قال حدثنا یحیٰی عن عبید الله قال حدثنا حبیب بن عبدالرّحمٰن عن حفص بن عاصم عنم ابی هریرة اعن النّبیّ ﷺ قال سبعة یّظلّهم الله فی ظلّهٖ یوم لّا ظلّ الّا ظلّهٗ امام عادل وّ شآبّ نّشافی عبادة الله ورجل مّعلّق قلبه فی المساجد ورجلان تحابّا فی الله اجتمعا علیه وتفرّقا علیه ورجل دعتهٗ امرأة ذات منصب وّجمال فقال انّی اخاف الله ورجل تصدّق بصدقة فاخفا ها حتی لاتعلم شمالهٗ ماتنفق یمینهٗ ورجل ذکر الله خالیًا ففاضت عیناه۔ (رواہ البخاری فی کتاب الزکوٰۃ)

ترجمہ:

حفص بن عاصم نے حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا:


سات آدمی ہیں جن کو اللہ تعالیٰ اپنے خاص سائے میں رکھے گا جس روز اس کے سائے کے سوا کوئی سایہ نہیں ہوگا، حاکم عدل کرنے والا، نوجوان جو اللہ کی عبادت میں پروان چڑھا، وہ آدمی جس کا دل مسجدوں میں اٹکا رہتا ہے، وہ دو آدمی جو اللہ کے لیے محبت کرتے ہیں اسی کے لیے اکٹھے ہوتے اور اسی کے لیے بچھڑتے ہیں، وہ آدمی جس کو مالدار اور خوبصورت عورت بلائے تو کہہ دے کہ میں اللہ سے ڈرتا ہوں، وہ آدمی جو چھپا کر خیرات کرتا ہے یہاں تک کہ اس کے بائیں ہاتھ کو پتہ نہیں ہوتا کہ دائیں ہاتھ نے کیا خرچ کیا اور وہ آدمی جو تنہائی میں اللہ کا ذکر کرے تو اس کی آنکھیں اشک بار

Marfat.com

ہو جائیں۔

**فائدہ:**

اس حدیث پاک میں بھی حضور نبی اکرم ﷺ کے وسیع علم غیب کا بیان ہے کہ آپ ﷺ نے اپنے علم غیب سے یہ بھی بیان فرمادیا کہ قیامت کے دن کن خوش نصیب لوگوں کو اللہ تعالیٰ اپنے خاص سائے میں رکھے گا۔




Marfat.com

## مرویات

# حضرت ابووائل رضی اللہ عنہ

## حضرت ابووائل رضی اللہ عنہ کی روایت سے علم غیب کا ثبوت

Marfat.com

# حدیث نمبر 181

**حدثنا موسٰی ابن مسعود حدثنا سفیان عن الاعمش عن ابی وآئل عن حذیفۃ رضی اللہ عنہ قال لقد خطبنا النبیّ ﷺ خطبۃ ماترک فیھا شیئا الی قیام السّاعۃ الا ذکرہٗ علمہ من علمہٗ وجھلہٗ من جھلہٗ،ان کنت لاری الشیء قد نسیت فاعرف مایعرف الرجل اذا غاب عنہ فراٰہ فعرفہٗ۔** (رواہ البخاری فی کتاب القدر)

**ترجمہ:**

ابووائل کا بیان ہے کہ حضرت حذیفہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا: بے شک نبی کریم ﷺ نے ہمیں ایک ایسا خطبہ دیا کہ اس میں بیان کرنے سے قیامت تک کی کوئی چیز نہیں چھوڑی۔ جان گیا جو جان گیا اور بھول گیا جو بھول گیا، جب میں کسی چیز کو دیکھتا ہوں جسے بھول گیا تھا تو اسے جان جاتا ہوں جیسے کوئی شناسا گم ہو جائے لیکن دیکھنے پر اسے پہچان لیا جاتا ہے۔

**فائدہ:**

اس حدیث پاک میں بھی حضور نبی اکرم ﷺ کے وسیع علم غیب کا بیان ہے کہ آپ ﷺ نے قیامت تک ہونے والی ہر چیز کا بیان فرمایا۔ جیسا کہ اوپر حدیث میں موجود ہے۔

Marfat.com

# روایت

# حضرت اعرج رضی اللہ عنہ

## حضرت اعرج رضی اللہ عنہ کی روایت سے علم غیب کا ثبوت

Marfat.com

# حدیث نمبر 182

**حدثنا علیّ حدثنا سفیان حدثنا ابو الزناد عن الاعرج عن ابی هريرة رضی الله عنه قال قال رسول الله ﷺ لا تقوم السّاعة حتى تقتتل فئتان دعواهما واحدة۔** (رواہ البخاری فی کتاب استتابۃ المرتدین)

**ترجمہ:**

اعرج نے حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: قیامت اس وقت تک قائم نہیں ہوگی جب تک دو (۲) گروہ آپس میں لڑ نہ لیں جبکہ ان کا دعویٰ ایک ہی ہوگا۔

**فائدہ:**

اس حدیث پاک میں بھی حضور نبی اکرم ﷺ کے علم غیب کا بیان ہے کہ آپ ﷺ نے دو گروہوں کے لڑنے کی خبر دی اور کہا ان کا دعویٰ ایک ہی ہوگا۔

Marfat.com

روایت

# حضرت شفیق رضی اللہ عنہ

## حضرت شفیق رضی اللہ عنہ کی روایت سے علم غیب کا ثبوت

Marfat.com

# حدیث نمبر 183

حدثنا عبیدالله بن موسٰی عن الاعمش عن شقیق قال کنت مع عبدالله و ابی موسٰی فقالا قال النّبیّ ﷺ انّ بین یدی السّاعة لایّامًا یّنزل فیها الجهل ویرفع فیها العلم ویکثر فیها الهرج والهرج القتل۔

(رواہ البخاری فی کتاب الفتن)

ترجمہ:

شقیق کا بیان ہے کہ میں حضرت عبداللہ بن مسعود اور حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ تعالیٰ عنہما کے ساتھ تھا دونوں حضرات کا بیان ہے کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا: قیامت سے کچھ عرصہ پہلے کا زمانہ ایسا ہوگا کہ اس میں جہالت چھا جائے گی، علم اس میں اٹھالیا جائے گا اور اس میں ہرج کی کثرت ہوجائے گی اور ہرج قتل کو کہتے ہیں۔

فائدہ:

اس حدیث پاک میں بھی حضور نبی اکرم ﷺ کے علم غیب کا بیان ہے کہ آپ ﷺ نے قیامت کی کچھ علامتیں بیان فرمائیں۔

Marfat.com

# مرویات

# حضرت ابو ادریس حولانی رضی اللہ عنہ

حضرت ابو ادریس حولانی رضی اللہ عنہ کی روایت سے علم

غیب کا ثبوت

Marfat.com

# حدیث نمبر 184

حدثنا محمد بن المثنّٰی حدثنا الولید بن مسلم حدثنا ابن جابر حدثنی بسر بن عبیدالله الحضرمیّ انه سمع ابا ادریس الخولانیّ انّهٗ سمع حذیفة بن الیمان یقول:کان النّاس یسئالون رسول الله ﷺ عن الخیر و کنت اساء لهٗ عن الشر مخافة ان یّدرکنی،فقلت یارسول الله انّا کنّا فی الجاهلیّة و شرّ فجآء ناالله بهٰذا الخیر فهل بعد هٰذا لخیر من شر قال نعم قلت وهل بعد ذٰلك الشرّ من خیر قال نعم وفیه دخن قلت وما دخنهٗ قال قوم یهدون بغیر هدی تعرف منهم وتنکر قلت فهل بعد ذٰلك الخیر من شرّ قال نعم دعاة علٰی ابواب جهنم من اجابهم الیها قذفوه فیها قلت یارسول الله صفهم لنا قال هم من جلدتنا ویتکلمون بالسنتنا قلت فما تامرنی ان ادرکنی ذٰلك قال تلزم جماعة المسلمین و اما مهم قلت فان لّم یکن لهم جماعة ولا امام قال فاعتزل تلك الفرق کلّها ولو ان تعض باصل شجرة حتی یدرك كك الموت وانت علٰی ذٰلك۔

(رواه البخاری فی کتاب الفتن)

Marfat.com

ترجمہ:

ابوادریس حولانی نے حضرت حذیفہ بن الیمان رضی اللہ تعالیٰ عنہما کو فرماتے ہوئے سنا کہ دوسرے حضرات تو رسول اللہ ﷺ سے خیر کے بارے میں پوچھا کرتے تھے لیکن میں شر کے متعلق دریافت کیا کرتا کہ کہیں وہ مجھے پا نہ لے، چنانچہ میں عرض گزار ہوا کہ یارسول اللہ! ہم جاہلیت اور شر کے اندر تھے، پس اللہ تعالیٰ ہمارے پاس اس خیر کو لے آیا۔ کیا اس خیر کے بعد بھی شر ہے؟ فرمایا کہ......ہاں...... میں عرض گزار ہوا کہ کیا اس شر کے بعد خیر ہے؟ فرمایا......ہاں......لیکن اس میں دھواں ہوگا، میں عرض گزار ہوا کہ وہ دھواں کیا ہوگا؟ فرمایا:

وہ من مانے راستے پر چلیں گے ان کی بعض باتیں تم پسند کرو گے، اور بعض ناپسند، میں عرض گزار ہوا کہ اس کے بعد بھی کیا شر ہے؟ فرمایا کہ ہے۔ کچھ لوگ جہنم کے دروازوں کی طرف بلاتے ہوں گے جو ان کی بات مانے گا، اس کو جہنم میں ڈال دیں گے۔ میں عرض گزار ہوا کہ یارسول اللہ! ہمیں ان کی پہچان بتایئے۔ فرمایا:

وہ لوگ ہماری ہی جماعت سے ہوں گے اور ہماری ہی بولی بولیں گے، میں نے عرض کی کہ اگر میں وہ زمانہ پاؤں تو آپ مجھے کیا حکم فرماتے ہیں۔ فرمایا کہ مسلمانوں کی جماعت اور ان کے امام کے ساتھ رہنا۔ میں عرض گزار ہوا کہ اگر ان کی کوئی جماعت اور کوئی امام نہ ہو؟ فرمایا کہ تمام فرقوں سے علیحدگی اختیار کر لینا خواہ تمہیں کسی درخت کی جڑ ہی چبانی پڑے، یہاں تک کہ تمہیں موت آ جائے۔ لیکن رہنا اسی حالت میں۔

Marfat.com

**فائدہ:**

اس حدیث پاک میں بھی حضور نبی اکرم ﷺ کے علم غیب کا بیان ہے کہ آپ ﷺ نے بعد میں ہونے والے فتنوں کا ذکر کرتے ہوئے فتنوں سے بچنے کا حکم دیا۔ مسلمانوں کی جماعت اور امام کے ساتھ رہنے کا حکم دیا۔ جماعت سے مراد یہاں اہلسنّت وجماعت ہے اس حدیث میں اور بھی کئی غیب کی چیزوں کا ذکر ہے۔ یعنی بعد میں ہونے والے امور جیسا کہ اوپر حدیث میں موجود ہے۔

کروں تیرے نام پہ جاں فدا
اک جاں نہیں دو جہاں فدا
دو جہاں سے بھی نہیں جی بھرا
کروں کیا کروڑوں جہاں نہیں

Marfat.com

مرویات

# حضرت سعید بن مسیّب رضی اللہ عنہ

## حضرت سعید بن مسیّب رضی اللہ عنہ کی روایات سے علم غیب کا ثبوت

Marfat.com

# حدیث نمبر 185

حدثنا سعید بن ابی مریم اخبرنا محمد بن جعفر عن شریک بن عبد الله عن سعید بن المسیّب عن ابی موسی الاشعری قال خرج النّبیّ ﷺ الٰی حائط من حوآئط المدینة لحاجتہٖ وخرجت فی اثرہٖ فلمّا دخل الحائط جلست علٰی بابہٖ وقلت لاکونن الیوم بوّاب النّبیّ ﷺ ولم یامرنی،فذهب النّبیّ ﷺ وقضٰی حاجتهٗ وجلس علٰی قفّ البئر فکشف عن ساقیه ودلّاهما فی البئر،فجآء ابوبکر یستاذن علیه لیدخل فقلت کما انت حتی استاذن لك فوقف فجئت الٰی النّبیّ ﷺ فقلت یانبیّ الله ابوبکر یستاذن علیك قال ائذن لهٗ وبشّره بالجنّة ،فدخل فجآء عن یمین النّبیّ ﷺفکشف عن ساقیه ودلّهمافی البئر فجآء عن یّمین النّبیّ ﷺ فکشف عن ساقیه ودلّهما فی البئر فجآء عمر فقلت کما انت حتی استاذن لك فقال النّبیّ ﷺائذن لهٗ وبشّره بالجنّة فجآء عن یسار النّبیّ ﷺ فکشف عن ساقیه فدلّاهما فی البئر فامتلاء القفّ فلم یکن فیئه مجلس ثم جآء عثمان فقلت کماانت حتّٰی استأذن لك فقال النّبیّ ﷺ ائذن لهٗ وبشره بالجنّة معها بلآء یصیبهٗ فدخل فلم یجد معهم مجلسًا فتحوّل حتی جآء مقابلهم علٰی شفة البئر فکشف عن ساقیه ثم دلّاهما فی البئر فجعلت اتمنّٰی اخالّی وادعواالله ان یّأتی قال ابن المسیّب،فتاولّت ذٰلك قبورهم اجتمعت هٰهنا وانفرد عثمان۔

Marfat.com

(رواہ البخاری فی کتاب الفتن)

ترجمہ:

سعید بن مسیب کا بیان ہے کہ حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ نبی کریم ﷺ رفع حاجت کے لیے مدینہ منورہ کے کسی باغ کی طرف نکلے اور میں بھی آپ کے پیچھے چلتا رہا جب آپ باغ میں داخل ہو گئے تو میں اسکے دروازے پر بیٹھ گیا اور میں نے اپنے دل میں کہا کہ آج میں نبی کریم ﷺ کا دربان بنتا ہوں۔

اگرچہ آپ نے مجھے حکم نہیں فرمایا تھا، چنانچہ نبی کریم ﷺ تشریف لے گئے، قضائے حاجت سے فارغ ہوئے اور کنویں کے منڈیر پر آبیٹھے پھر آپ نے اپنی پنڈلیاں کھول کر کنویں میں لٹکالیں، چنانچہ حضرت ابوبکر گئے اور اندر جانے کی اجازت چاہی میں نے کہا اسی جگہ ٹھہریئے یہاں تک کہ میں آپ کے لیے اجازت حاصل کرلوں، چنانچہ میں نبی کریم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہو کر عرض گزار ہوا کہ حضرت ابوبکر آپ کی خدمت میں حاضر ہونے کی اجازت مانگتے ہیں؟ فرمایا:

انہیں اجازت دے دو اور جنت کی بشارت دو۔ چنانچہ وہ اندر آگئے اور نبی کریم ﷺ کے دائیں جانب اپنی پنڈلیاں کھول کر لٹکادیں، پھر حضرت عمر آگئے تو میں نے ان سے ٹھہرنے کے لیے کہا کہ میں آپ کے لیے اجازت حاصل کرلوں۔ پس نبی کریم ﷺ نے فرمایا:

انہیں اجازت دے دو اور جنت کی بشارت دو۔ پس وہ نبی کریم ﷺ کے بائیں جانب آگئے۔ چنانچہ انہوں نے بھی اپنی پنڈلیاں کھول کر کنویں میں لٹکادیں۔ پس وہ

Marfat.com

منڈیر بھر گئی اور مزید کسی کے بیٹھنے کی جگہ نہ رہی، پھر حضرت عثمان آ گئے تو میں نے اس سے کہا کہ یہیں ٹھہریئے یہاں تک کہ میں آپ کے لیے اجازت حاصل کرلوں چنانچہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا:

انہیں اجازت دے دو اور جنت کی بشارت دے دو اور ایک بلاء جو انہیں پہنچے گی، پس وہ اندر داخل ہوئے تو ان کے پاس بیٹھنے کی جگہ نہ پائی تو وہ سامنے کنویں کے کنارے پر جا بیٹھے اور اپنی پنڈلیاں کھول کر کنویں میں لٹکا دیں۔

چنانچہ میں نے اپنے بھائی کے بارے میں تمنا کی، اللہ تعالیٰ سے دعا مانگی کہ وہ بھی آ جائے، سعید بن مسیب کا بیان ہے کہ میں نے اس سے یہ اندازہ لگایا کہ ان تینوں حضرات کی قبریں اکٹھی اور حضرت عثمان کی ان سے علیحدہ ہوگی۔

**فائدہ:**

اس حدیث پاک میں بھی حضور نبی اکرم ﷺ کے علم غیب کا بیان ہے کہ آپ ﷺ نے اپنے علم غیب سے اپنے ان تینوں صحابہ کو جنت کی بشارت دی جس طرح کہ اوپر حدیث میں موجود ہے۔

## حدیث نمبر 186

حدثنا ابو الیمان اخبرنا شعیب عن الزّھریّ قال سعید بن المسیّب اخبرنی ابوھریرۃ انّ رسول اللہ ﷺ قال لاتقوم السّاعۃ حتی تخرج مار من ارض الحجاز تضیء اعناق الابل ببصرٰی۔

(رواہ البخاری فی کتاب الفتن)

Marfat.com

ترجمہ:

سعید بن میتب کا بیان ہے کہ مجھے حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے بتایا کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: قیامت قائم نہیں ہوگی یہاں تک کہ سرزمین حجاز سے ایک آگ نکلے گی جس سے بصرہ کے اونٹوں کی گردنیں نظر آنے لگیں گی۔

فائدہ:

اس حدیث پاک میں بھی حضور نبی اکرم ﷺ کے وسیع علم غیب کا بیان ہے کہ آپ ﷺ نے سرزمین حجاز سے ایک آگ کے نکلنے کا ذکر فرمایا جو قیامت کے قائم ہونے سے پہلے نکلے گی اس سے معلوم ہوتا ہے کہ اللہ تعالیٰ نے اپنے پیارے حبیب پاک ﷺ کو ہر چیز کا علم عطا فرمایا ہے۔ اسی لیے تو آپ ﷺ نے قیامت تک کی خبریں دی ہیں۔

## حدیث نمبر 187

حدثنا ابو الیمان اخبرنا شعیب عن الزّھریّ قال اخبرنی سعید بن المسیّب انّ اباھریرۃ قال سمعت رسول اللہ ﷺ یقول مثل المجاھد فی سبیل اللہ واللہ اعلم بمن یّجاھد فی سبیلہ کمثل الصّآئم القآئم وتوکّل اللہ للمجاھد فی سبیلہٖ بان یّتوفّاہ ان یّدخلہ الجنّۃ اویدجعہٗ سالما مّع اجر اوغنیمۃ۔ (رواہ البخاری فی کتاب الجہادوالیسر)

ترجمہ:

سعید بن المسیب حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روای ہیں: وہ

Marfat.com

فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو یہ فرماتے ہوئے سنا کہ اللہ کی راہ میں جہاد کرنے والے کی مثال اور اللہ ہی بہتر جانتا ہے کہ کون اس کی راہ میں جہاد کرتا ہے۔

ایسی مثال ہے جیسے کوئی ہمیشہ دن کو روزے رکھے اور راتوں کو قیام کرے اور اللہ تعالیٰ نے اپنی راہ میں جہاد کرنے والے کا ذمہ لے رکھا ہے کہ اگر شہید ہو گیا تو جنت میں داخل ہو گا اور اگر زندہ سلامت واپس لوٹا تو پورا ثواب اور مال غنیمت لے کر لوٹے گا۔

**فائدہ:**

اس حدیث پاک میں بھی حضور نبی اکرم ﷺ کے وسیع علم غیب کا بیان ہے کہ آپ ﷺ نے فرمایا کہ شہید جنت میں جائے گا اگر زندہ واپس آیا تو پورا ثواب لے گا۔

Marfat.com

روایت

# حضرت سلیمان بن صرد رضی اللہ عنہ

## حضرت سلیمان بن صرد رضی اللہ عنہ کی روایت سے علم غیب کا ثبوت

Marfat.com

# حدیث نمبر 188

حدثنا عبداللہ بن محمد حدثنایحیی بن أدم حدثنا اسرآئیل سمعت ابا اسحٰق یقول سمعت سلیمان بن صرد یقول سمعت النبیّ ﷺ یقول حین اجلی الاحزاب عنہ الأن تغزوھم ولا یغزوننا نحن نسیر الیھم۔ (رواہ البخاری فی کتاب ابواب المغازی)

**ترجمہ:**

حضرت سلیمان بن صرد رضی اللہ عنہ کا بیان ہے کہ جنگ احزاب کے وقت جب کافروں کی فوجیں نظر آئیں تو میں نے اس وقت نبی کریم ﷺ کو یہ فرماتے ہوئے سنا کہ اب ہم ان پر چڑھائی کیا کریں گے۔ یہ ہم پر چڑھائی نہیں کرسکیں گے اور ہم ان کی جانب چل کر جایا کریں گے۔

**فائدہ:**

اس حدیث پاک میں بھی حضور نبی اکرم ﷺ کے علم غیب کا بیان ہے کہ آپ ﷺ نے مستقبل کی خبر دی۔ فرمایا آئندہ ہم ان پر چڑھائی کریں گے۔ یہ ہم پر چڑھائی نہیں کریں گے۔

Marfat.com

## مرویات

# حضرت ابو مالک اشعری رضی اللہ عنہ

## حضرت ابو مالک اشعری رضی اللہ عنہ کی روایت سے علم غیب کا ثبوت

Marfat.com

# حدیث نمبر 189

یسمّیه بغیر اسمہٖ وقال هشام بن عمّار حدثنا صدقة بن خالد حدثنا عبدالرّحمٰن بن یزید بن جابر حدثنا عطیّة بن قیس الکلابیّ حدثنا عبدالرّحمٰن بن غنم اشعریّ قال حدثنی ابو عامر اوابو مالك الاشعریّ والله ماکذبنی سمع النّبیّ ﷺ یقول لیکوننّ من امّتی اقوام یستحلون الحر والحریر والخمر والمعازف ولینزلنّ اقوام الٰی جنب علم یّروح علیهم بسارحة لهم یأتیهم یعنی الفقیر لحاجة فیقولوا ارجع الینا غدًا فیبیتهم الله ویضع العلم ویمسح اٰخرین قدحة وخنازیر الٰی یوم القیٰمة۔ (رواہ البخاری فی کتاب الاشربہ)

ترجمہ:

ہشام بن عمار، صدقہ بن خالد، عبدالرحمٰن بن یزید بن جابر، عطیہ بن قیس کلابی، عبدالرحمٰن بن غنم اشعری، ابو عامر یا ابو مالک اشعری رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا بیان ہے کہ خدا کی قسم جھوٹ نہیں کہتا، میں نے نبی کریم ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا کہ میری امت میں سے ضرور کچھ لوگ ایسے پیدا ہوں گے جو زنا، ریشم، شراب اور گانے باجوں کو اپنے لیے حلال کرلیں گے اور پہاڑ کے دامن میں کچھ لوگ ایسے رہتے ہوں گے کہ جب شام کو اپنا ریوڑ لے کر واپس لوٹیں گے اور ان کے پاس کوئی مسکین اپنی حاجت لے کر آئے گا تو اس سے کہیں گے کہ کل ہمارے پاس آنا۔ پس راتوں رات اللہ تعالیٰ ان پہاڑ

Marfat.com

گرا کر ہلاک کر دے گا اور باقی ماندہ کو بندر اور خنزیر بنا دے گا کہ قیامت تک اسی حال میں رہیں۔

**فائدہ:**

اس حدیث پاک میں بھی حضور نبی کریم ﷺ کے وسیع علم غیب کا بیان ہے کہ آپ ﷺ نے کئی برے لوگوں کا ذکر فرمایا جو بعد میں ہونے والے ہیں جو جو وہ کریں گے ان کے عملوں کا بھی ذکر فرمایا اور ان کے برے عملوں کی وجہ سے اور بدکرداریوں کی وجہ سے ان کو بندر اور خنزیر بنا دیا جائے گا۔

اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْكَ یَا رَسُوْلَ اللّٰہ

وَعَلٰی اٰلِكَ وَاَصْحٰبِكَ یَا حَبِیْبَ اللّٰہ

Marfat.com

## روایت

# حضرت ابو سلمہ اور ضحاک رضی اللہ عنہ

## حضرت ابو سلمہ اور ضحاک رضی اللہ عنہ کی روایت سے علم غیب کا ثبوت

Marfat.com

# حدیث نمبر 190

حدثنی عبدالرّحمٰن بن ابراھیم حدثنا الولید عن الاوزاعیّ عن الزّھریّ عن ابی سلمۃ والضّحاک عن ابی سعید الخدریّ قال بینا النّبیّ ﷺ یقسم ذات یوم قسمًا فقال ذوالخویصرۃ رجل مّن بنی تمیم یارسول اللہ اعدل قال ویلک من یعدل اذالم اعدل فقال عمر ائذن لی فلا ضرب عنقہٗ قال لا انّ لہٗ اصحابًا یحقر احدکم صلاتہٗ مع صلاتھم وصیامہٗ مع صیامھم یمرقون من الدّین کمروق السّھم من الرّمیّۃ ینظر الٰی فضلہٖ فلا یوجد فیہ شیء ثم ینظر الٰی رصافہٖ فلا یوجدفیہ شیء ثم ینظر الٰی نضیّہٖ فلا یوجد فیہ شیء ینظر الٰی قذذہٖ فلا یوجد فیہ شیء سبق الفرث والدّم یخرجون علٰی حین فرقۃ مّن النّاس اٰیتھم رجل احدٰی یدیہ مثل ثدی المراۃ اومثل البضعۃ تدردر قال ابو سعید اشھد لسمعتہٗ من النّبیّ ﷺ واشھد انّی کنت مع علیّ حین قاتلھم فالتمس فی القتلٰی فاتی بہٖ علی النّعت الّذی نعت النّبیّ ﷺ۔

(رواہ البخاری فی کتاب الادب)

ترجمہ:

ابوسلمہ اور ضحاک کا بیان ہے کہ حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ ایک روز نبی کریم ﷺ مال تقسیم فرماتے ہیں تو ذوالخویصرہ نامی شخص نے کہا جو بنی تمیم سے تھا کہ یارسول اللہ! انصاف کیجئے، فرمایا کہ تیری خرابی ہو اگر میں انصاف نہ کروں گا تو

Marfat.com

اور کون انصاف کرے گا؟ حضرت عمر عرض گزار ہوئے کہ مجھے اجازت مرحمت فرمائیے کہ اس کی گردن اڑادوں؟ فرمایا کہ نہیں کیونکہ اس کے ساتھی بھی ہیں کہ تم ان کی نمازوں کے مقابلے میں اپنی نمازوں کو حقیر جانو گے اور ان کے روزوں کے مقابلے میں اپنے روزوں کو، وہ دین سے اس طرح نکلے ہوئے ہوں گے جیسے کمان سے تیر۔

پھر اس کے پیکان پر کچھ نظر نہیں آتا، اس کے پٹھے پر بھی کچھ نظر نہیں آتا اس کی لکڑی پر بھی کچھ نظر نہیں آتا اور نہ اس کے پروں پر کچھ نظر آئے، وہ لید اور خون کو چھوڑ کر نکل گیا، وہ لوگوں کے تفرقہ بازی کے وقت نکلتے ہیں۔ ان کی نشانی یہ ہے کہ ان میں ایک آدمی کا ہاتھ عورت کے پستان یا انڈے کی طرح ہوگا جو ہلتا ہوگا۔

حضرت ابوسعید فرماتے ہیں کہ میں گواہی دیتا ہوں کہ میں نے یہ حدیث نبی کریم ﷺ سے سنی ہے اور میں گواہی دیتا ہوں کہ میں حضرت علی کے ساتھ تھا جب ان لوگوں سے قتال کیا گیا تو اس کی مقتولین میں تلاش کی گئی تو ان نشانی کا آدمی مل گیا جو نبی کریم ﷺ نے بتائی تھی۔

**فائدہ:**

اس حدیث پاک میں بھی حضور نبی اکرم ﷺ کے وسیع علم غیب کا بیان ہے کہ آپ ﷺ نے اس گستاخ کا ذکر کرتے ہوئے فرمایا کہ اس کی نسل سے کئی اس جیسے گستاخ ہوں گے اور اس کے کئی ساتھی ہیں جو نمازیں بڑی پڑھتے ہیں۔ لیکن حضور پاک ﷺ کی شان کے منکر ہیں اس سے تھوڑی سی مختلف حدیث پہلے بھی گزری ہے۔

Marfat.com

# روایت

# حضرت عدی بن ثابت رضی اللہ عنہ

## حضرت عدی بن ثابت رضی اللہ عنہ کی روایت سے علم غیب کا ثبوت

Marfat.com

# حدیث نمبر 191

**حدثنا سلیمان ابن حرب اخبرنا شعبة عن عدّی بن ثابت قال سمعت البرآء قال لمّا مات ابراهیم علیه السّلام قال رسول الله ﷺ انّ موضعًا فی الجنّة۔** (رواہ البخاری فی کتاب الادب)

**ترجمہ:**

عدی بن ثابت کا بیان ہے کہ میں نے حضرت براء بن عازب رضی اللہ تعالیٰ عنہ کوفرماتے ہوئے سنا کہ جب حضرت ابراہیم (حضور کے صاحبزادے) فوت ہوئے تو رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: بے شک اس کے لیے جنت میں دودھ پلانے والی موجود ہے۔

**فائدہ:**

اس حدیث پاک میں بھی حضور نبی اکرم ﷺ کے وسیع علم غیب کا بیان ہے کہ آپ ﷺ نے غیب کی خبر دیتے ہوئے حضرت ابراہیم کو دودھ پلانے والی بیان فرمایا، حالانکہ وہ جنت میں ہے۔

Marfat.com

روایت

# حضرت ابوصالح رضی اللہ عنہ

حضرت ابوصالح رضی اللہ عنہ کی روایت سے علم غیب کا ثبوت

Marfat.com

# حدیث نمبر 192

حدثنا موسٰی بن اسماعیل حدثنا ابو عوانة حدثنا ابو حصین عن ابی صالح عن ابی هریرة رضی الله عنه عن النّبیّ ﷺقال سمّوا باسمی ولا تکتنوا بکنیتی ومن رانی فی المنام فقد رانی فانّ الشیطان لا یتمثّل صورتی ومن کذب علیّ متعمّدًا فلیتبوّأ مقعدهٗ من النّار۔

(رواہ البخاری فی کتاب الادب)

**ترجمہ:**

ابوصالح نے حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا کہ میرے نام پر نام رکھ لیا کرو لیکن میری کنیت پر کنیت نہ رکھا کرو، اور جس نے مجھے خواب میں دیکھا اس نے مجھے ہی دیکھا کیونکہ شیطان میری صورت اختیار نہیں کرسکتا اور جو جان بوجھ کر مجھ پر جھوٹ بولے وہ اپنا ٹھکانہ دوزخ میں بنالے۔

**فائدہ:**

اس حدیث پاک میں بھی حضور نبی اکرم ﷺ کے وسیع علم غیب کا بیان ہے اس میں بھی حضور ﷺ نے غیب کی خبر دیتے ہوئے فرمایا کہ شیطان میری صورت اختیار نہیں کرسکتا اور نہ کرسکے گا۔

Marfat.com

## مرویات

# حضرت ابو عبدالرحمٰن سلمی رضی اللہ عنہ

## حضرت ابو عبدالرحمٰن سلمی کی روایت سے علم غیب کا ثبوت

Marfat.com

# حدیث نمبر 193

حدثنا یوسف بن بهلول حدثنا ابن ادریس قال حدثنی حصین بن عبدالرّحمٰن عن سعد بن عبیدة عن ابی عبد الرّحمٰن السلمیّ عن علیّ رضی الله عنه قال بعثنی رسول الله ﷺ والزّبیربن العوام وابا مدثر الغنویّ وکلّنا فارس فقال انطلقوا حتی تأتوا روضة خ خ فانّ بها امراة مّن المشرکین معها صحیفة من خاطب بن ابی لتعتة الٰی المشرکین قال فادرکنا ها تسیر علی جملٍ لّها حیث قال لنا رسول الله ﷺ قال قلنا این الکتاب الّذی معك؟ قالت، مامعی کتاب فانخنا بها فانتغینا فی رحلها فما وجدنا شینا، قال صاحبای مانری کتاباً، قال قلت لقد علمت ماکذب رسول الله ﷺ والّذی یحلف بهٖ لتخرجنّ الکتاب اولاجدّ رنّك قال فلمّا رأت الجدّ منّی اهوت بیدها الٰی حجزتها وهی محتجزة بکسآء فاخرجت الکتاب، قال فانطلقا بهٖ الٰی رسول الله ﷺ فقال، ماحملك یاحاطب علٰی ماصنعت؟ قال مابی آلا ان اکون مؤمنا بالله ورسولهٖ وما غیّرت ولا بدّلت اردت ان تکون لی عندالقوم ید یرفع الله بها عن اهلی ومالی ولیس من اصحابك هناك الا ولهٗ من یّرفع الله بهٖ عن اهلهٖ ومالهٗ قال صدق فلا تقولوا لهٗ الا خیرًا، قال فقال عمر بن الخطّاب رضی الله عنه انّهٗ قد خان الله ورسولهٗ والمؤمنین فدعنی فاضرب عنقهٗ قال فقال یاعمر وما یدریك لعلّ الله قد اِطّلع علٰی اهل بدرٍ فقال اعملوا

Marfat.com

ماشئتم فقد وجبت لکم الجنّة ،قال فدمعت عینا عمر وقال الله ورسولهٗ اعلم۔ (رواہ البخاری فی کتاب الاستئذان)

ترجمہ:

ابوعبدالرحمن سلمی کا بیان ہے کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ رسول اللہ ﷺ نے مجھے حضرت زبیر بن عوام حضرت ابومرثد غنوی کو جبکہ ہم تینوں سوار تھے، ایک مہم پر روانہ کیا اور فرمایا کہ تم جاؤ، یہاں تک کہ جب روضہ خاخ کے پاس پہنچو گے تو تمہیں مشرکوں کی ایک عورت ملے گی جس کے پاس حاطب بن ابوبلتعہ کا خط ہے جسے لے کر مشرکین مکہ کی طرف جارہی ہے۔

حضرت علی فرماتے ہیں کہ ہم نے اسے اونٹ پر جاتے ہوئے، جالیا، جیسا کہ ہم سے رسول اللہ ﷺ نے فرمایا تھا،ان کا بیان ہے کہ ہم نے اس سے کہا کہ وہ خط دیدیجئے جوتمہارے پاس ہے،اس نے کہا کہ میرے پاس تو کوئی خط نہیں۔

چنانچہ ہم نے اس کے اونٹ کو بٹھایا اور اس کے پالان وغیرہ کی تلاشی لی لیکن ہمیں کوئی چیز نہ ملی۔ میرے دونوں ساتھوں نے کہا کہ ہمیں تو اس کے پاس کوئی چیز نظر نہیں آئی۔ان کا بیان ہے کہ میں نے کہا کہ میں جانتا ہوں کہ رسول اللہ ﷺ نے غلط بیانی نہیں کی، قسم ہے اس ذات کی جس کی قسم کھائی جاتی ہے یا تم خط نکال کردے دو ورنہ میں تمہیں ننگا کردونگا۔ان کا بیان ہے کہ جب اس نے میری جانب سے سختی دیکھی تو اس نے ہاتھ اپنے نیفے کی جانب بڑھایا جبکہ اس نے ازار جگہ کمبل باندھا ہوا تھا۔اور خط نکال کردے دیا۔ یہ فرماتے ہیں کہ ہم اسے لے کر رسول اللہ ﷺ کی جانب روانہ

Marfat.com

ہو گئے، آپ نے فرمایا کہ اے حاطب! یہ جو تم نے کیا تمہیں اس پر کس چیز نے آمادہ کیا؟ عرض کی کہ اس کے سوا اور کچھ نہیں کہ میں اللہ اور اس کے رسول پر ایمان رکھتا ہوں، نہ مجھ میں تغیر آیا اور نہ میں تبدیل ہوا، میرا ارادہ ہوا کہ قوم پر کوئی احسان کر دوں جس کے باعث اللہ تعالیٰ میرے جان و مال کو لوٹنے سے انہیں روکے رکھے اور آپ کے اصحاب سے وہاں میرا رشتہ دار کوئی نہیں ہے۔ جس کے باعث اللہ تعالیٰ میرے جان و مال کی حفاظت فرمائے، آپ نے فرمایا کہ سچ کہا، ان سے اچھی بات کے سوا اور کچھ نہ کہنا۔

راوی کا بیان ہے کہ حضرت عمر عرض گزار ہوئے کہ یا رسول اللہ ﷺ! مجھے اجازت ہو تو میں اس کی گردن اڑا دوں۔ حضرت علی کا بیان ہے کہ آپ نے فرمایا، اے عمر تمہیں کیا معلوم ہے کہ اللہ تعالیٰ نے اہل بدر کے حالات پر مطلع ہوتے ہوئے فرمایا کہ جو چاہو کرو کیونکہ تمہارے لیے جنت واجب ہو چکی ہے۔ حضرت علی کا بیان ہے کہ پھر حضرت عمر اشک آلودہ ہو گئے اور عرض کی کہ اللہ اور اس کا رسول ہی بہتر جانتے ہیں۔

**فائدہ:**

اس حدیث پاک میں بھی حضور نبی اکرم ﷺ کے وسیع علم غیب کا بیان ہے کہ آپ ﷺ نے اس خط کی خبر دی جو اس نے خفیہ لکھا تھا اور جس مقام پر وہ عورت خط لے کر پہنچ گئی تھی۔ اس مقام کے بارے میں بھی فرمایا کہ وہ تمہیں فلاں مقام پر ملے گی۔ اگر علم غیب نہ ہوتا تو آپ کیسے خبر دے سکتے تھے۔

Marfat.com

# روایت

# حضرت سعید رضی اللہ عنہ

## حضرت سعید رضی اللہ عنہ کی روایت سے علم غیب کا ثبوت

Marfat.com

# حدیث نمبر 194

حدثنا موسی بن اسماعیل حدثنا عمرو بن یحیٰ بن سعید بن عمرو بن سعیدقال اخبرنی جدّی قال کنت جالسامع ابی هریرة فی مسجدالنبیّ ﷺ بالمدینة ومعنا مروان قال ابوهریرة سمعت الصادق المصدوق یقول:

هلکة امتی علٰی یدی غلمة من قریش ،فقال مروان لعنة الله علیهم غلمة فقال ابوهریرة لوشئت ان اقول بنی فلان وبنی فلان لفعلت،فکنت اخرج مع جدّی الٰی بنی مروان حین ملکوابالشام فاذا راٰهم غلمانا احداثا قال لنا عسٰی هٰؤلاء ان یکونوا منهم قلنا انت اعلم۔ (رواہ البخاری فی کتاب الفتن)

ترجمہ:

سعید کا بیان ہے کہ میں حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے پاس مدینہ منورہ کے اندر نبی کریم ﷺ کی مسجد میں بیٹھا ہوا تھا اور مروان بھی ہمارے ساتھ

Marfat.com

تھا۔حضرت ابو ہریرہ نے فرمایا کہ میں نے صادق ومصدوق ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا کہ میری امت کی ہلاکت قریش کے لڑکوں کے ہاتھ میں ہے۔مروان نے کہا کہ ایسے لڑکوں پر اللہ کی لعنت ہو حضرت ابو ہریرہ نے فرمایا کہ میں اگر یہ بتانا چاہوں کہ وہ فلاں کا لڑکا اور فلاں کا لڑکا ہے تو ایسا کرسکتا ہوں۔پس میں (عمرو بن یحیٰ) اپنے دادا جان کے ہمراہ بنی مروان کی طرف گیا وہ شام پر حکومت کرتے تھے۔جب ان نوعمر لڑکوں کو دیکھا تو آپ نے ہم سے فرمایا: شاید یہ ان لڑکوں میں سے ہوں، ہم نے عرض کی کہ آپ کو زیادہ معلوم ہے۔

فائدہ:

اس حدیث پاک میں بھی حضور نبی اکرم ﷺ کے علم غیب کا بیان ہے کہ آپ ﷺ نے ان لڑکوں کی طرف اشارہ کیا جنہوں نے امت کی ہلاکت والے کام کرنے تھے۔

Marfat.com

روایت

# حضرت ابو سلمہ رضی اللہ عنہ

## حضرت ابو سلمہ رضی اللہ عنہ کی روایت سے علم غیب کا ثبوت

Marfat.com

# حدیث نمبر 195

حدثنا عبدالله بن محمد حدثنا هشام اخبرنا معمر عن الزّهریّ عن ابی سلمة عن ای سعید قال بینا النّبیّ ﷺ یقسم جآء عبدالله بن ذی الخویصرة التمیمیّ فقال اعدل یارسول الله ،فقال ویلك من یعدل اذا لم اعدل؟قال عمر بن الخطّاب دعنی اضرب عنقهٗ قال دعهٗ فانّ لهٗ اصحابا یحقر احدکم صلاتهٗ مع صلاتهٖ وصیامهٗ مع صیامهٖ یمرقون من الدّین کمایمرق السهم من الرّمیّة ینظر فی قذذهٖ فلا یوجد فیه شیء ثم ینظر فی نصلهٖ فلا یوجد فیه شیء ثم ینظر فی رصافهٖ فلا یوجد فیه شیء ثم ینظر فی نضیهٖ فلا یوجد فیه شیء قد سبق الفرث والدّم ایتهم رجل احدیٰ یدیه اوقال ثدیه مثل ثدی المرءة اوقال مثل البضعة تدردریخرجون علیٰ حین فرقة من الناس قال ابو سعید اشهد سمعت من النّبیّ ﷺ واشهد انّ علیّا قتلهم وانا معهٗ جیء بالرّجل علی النّعت الّذی نعته النّبیّ ﷺ قال فنذلت فیه ومنهم من یلمزك فی الصدقات۔

(رواه البخاری فی کتاب استتابة المرتدین)

Marfat.com

ترجمہ:

ابو سلمہ کا بیان ہے کہ حضرت ابو سعید خدری نے فرمایا کہ نبی کریم ﷺ مال تقسیم فرما رہے تھے کہ عبداللہ بن ذوالخویصرہ تمیمی آ گیا اور کہا: یارسول اللہ! انصاف کیجئے۔ فرمایا: کہ تجھ پر افسوس ہے، میں انصاف نہ کروں تو اور کون انصاف کرے گا؟ حضرت عمر بن خطاب عرض گزار ہوئے، مجھے اجازت دیجئے کہ اس کی گردن اڑا دوں۔ فرمایا کہ اسے جانے دو، اس کے کتنے ہی ساتھی ہیں۔ تم میں سے ہر کوئی اپنی نماز کو اس کی نماز کے سامنے اور اپنے روزے کو اس کے روزے کے مقابلے میں حقیر جانے گا۔

یہ دین سے اس طرح نکلے ہوئے ہوں گے جیسے تیر شکار سے پار نکل جاتا ہے۔ اس کے پروں کو دیکھا جائے تو کچھ نہیں ملتا، پھر اس کے پھل اس کو دیکھا جائے تو اس میں بھی کچھ نہیں ملتا، پھر اس کی باڑ کو دیکھا جائے تو اس میں بھی کچھ نہیں ملتا اور اس کی لکڑی کو دیکھا جائے تو اس میں بھی کوئی نشان نہیں ملتا، حالانکہ وہ گوبر اور خون سے بھی پار نکلا ہے۔ ان کی نشانی وہ آدمی ہے جس کا ایک ہاتھ یا فرمایا کہ اس کی چھاتی عورت کی چھاتی کے مانند ہوگی یا فرمایا کہ گوشت کے لوتھڑے کی طرح ہلتی ہوگی۔ یہ اس وقت نکلیں گے جب لوگوں میں تفرقہ بازی ہوگی۔

حضرت ابو سعید خدری فرماتے ہیں، میں گواہی دیتا ہوں میں نے یہ بات نبی کریم سے سنی ہے اور میں گواہی دیتا ہوں کہ حضرت علی نے انہیں قتل کیا اور میں ان کے ساتھ تھا جبکہ اسی نشانی کے شخص کو لایا گیا جو نبی کریم نے بیان فرمائی تھی راوی کا بیان ہے کہ اسی بارے میں آیت نازل ہوئی۔ اور ان میں کوئی وہ ہے جو صدقے بانٹنے میں تم پر

Marfat.com

طعن کرتا ہے۔(سورۃ التوبہ آیت ۵۸)

**فائدہ:**

اس حدیث پاک میں بھی حضور نبی اکرم ﷺ کے علم غیب کا بیان ہے کہ آپ ﷺ نے اس گستاخ کا ذکر کرتے ہوئے جس نے آپ پر اعتراض کیا تھا فرمایا اس کے اور کئی ساتھی ہونگے اور دین سے نکل جائیں گے نمازیں بڑی پڑھیں گے یعنی کئی چیزوں کا انکے بارے میں آپ نے ذکر فرمایا جس طرح کہ اوپر حدیث میں موجود ہے۔

اے صبا مصطفٰے سے کہہ دینا غم کے مارے سلام کہتے ہیں
یاد کرتے ہیں تم کو شام وسحر بے سہارے سلام کہتے ہیں

Marfat.com

# روایت

# حضرت ابو بردہ رضی اللہ عنہ

## حضرت ابو بردہ رضی اللہ عنہ کی روایت سے علم غیب کا ثبوت

Marfat.com

# حدیث نمبر 196

حدثنا محمد بن العلآء قال حدثنا ابو اسامة عن برید عن ابی بردة عن ابی موسٰی قال سئل النبیّ ﷺ عن اشیاء کرھھا فلمّا اکثر علیه غضب ثم قال للنّاس سلونی عمّا شئتم فقال رجل مّن ابی قال ابوك حذافة فقام اٰخر فقال من ابی یارسول الله قال ابوك سالم مولٰی شیبة فلمّا راٰی عمر ما فی وجهه قال یارسول الله انّا نتوب الی الله عزّو جلّ۔ (رواہ البخاری فی کتاب العلم)

ترجمہ:

ابو بردہ سے روایت کہ حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا: نبی کریم ﷺ سے ایسے سوالات کیے جو ناپسند تھے۔ جب زیادہ کیے تو آپ ناراض ہو گئے ۔پھر لوگوں سے فرمایا جو چاہو مجھ سے پوچھ لو، ایک شخص عرض گزار ہوا کہ میرا باپ کون ہے؟ فرمایا کہ تمہارا باپ حذافہ ہے۔ پھر دوسرا آدمی کھڑا ہو کر عرض گزار ہوا: یارسول اللہ ﷺ میرا باپ کون ہے؟ فرمایا کہ تمہارا باپ سالم مولی شیبہ ہے۔ جب حضرت عمر نے آپ کے چہرۂ انور کی حالت دیکھی تو عرض گزار ہوئے: یارسول اللہ ﷺ ہم اللہ تعالیٰ کی طرف توبہ کرتے ہیں۔

Marfat.com

فائدہ:

اس حدیث پاک میں بھی حضور ﷺ کے علم غیب کا بیان ہے آپ ﷺ نے فرمایا: جو چاہو مجھ سے پوچھ لو۔ اگر آپ کے پاس علم غیب نہ ہوتا تو آپ کبھی یہ ارشاد نہ فرماتے کہ جو چاہو مجھ سے پوچھ لو، پھر صحابہ کا بھی یہ عقیدہ تھا کہ آپ ﷺ غیب جانتے ہیں۔ اس لیے تو انہوں نے غیب کی باتیں پوچھیں جیسا کہ ایک شخص نے سوال کیا کہ میرا باپ کون ہے؟ تو آپ نے فرمایا تیرا باپ حذافہ ہے اور بھی کئی سوالوں کے آپ ﷺ نے جواب دیئے۔

**اللہ کیا جہنم اب بھی نہ سرد ہوگا**
**رو رو کے مصطفیٰ نے دریا بہا دیئے ہیں**

Marfat.com

روایت

# حضرت اسرائیل رضی اللہ عنہ

## حضرت اسرائیل رضی اللہ عنہ کی روایت سے علم غیب کا ثبوت

Marfat.com

# حدیث نمبر 197

حدثنا علیّ بن عبدالله حدثناسفیان حدثنا اسرائیل ابوموسٰی ولقیتہٗ بالکوفة جآء الی ابن شبرمة فقال ادخلنی علٰی عیسٰی فاعظہٗ فکان ابن شبرمة خاف علیه فلم یفعل قال حدثنا الحسن قال لمّا سارالحسن بن علیّ رضی الله عنهماالٰی معاویة بالکتاب قال عمروبن العاص لمعاویة اریٰ کتیبة لا تولّی حتی تدبر اخراها قال معاویة من لذراریّ المسلمین؟فقال انا فقال عبدالله بن عامر وعبد الرّحمٰن ابن سمرة نلقاه فنقول لہٗ الصّلح؟قال الحسن ولقد سمعت ابا بکرة قال بینا النّبیّ ﷺ یخطب جآء الحسن فقال النّبیّ ﷺ ابنی هٰذا سید ولعلّ الله ان یّصلح بہٖ بین فئتین من المسلمین۔

(رواہ البخاری فی کتاب الفتن)

ترجمہ:

اسرائیل کا بیان ہے کہ حضرت ابوموسیٰ اشعری سے میری ملاقات کوفے میں ہوئی جبکہ وہ ابن شبرمہ کے پاس گئے اور فرمایا کہ مجھے عیسیٰ بن موسیٰ کے پاس لے چلو۔ چنانچہ ابن شبرمہ اس بات سے ڈرے اور انہوں نے ایسا نہیں کیا۔ حسن بصری کا

Marfat.com

بیان ہے کہ جب امام حسن بن علی رضی اللہ تعالیٰ عنہما فوج لے کر حضرت معاویہ کی طرف بڑھے تو حضرت عمرو بن العاص نے حضرت معاویہ سے کہا کہ میں ایسی فوج دیکھ رہا ہوں جو اس وقت تک نہیں ہٹے گی جب تک مقابل کی فوج کو بھگا نہ دے حضرت معاویہ نے کہا کہ ان مسلمانوں کی اولاد کی حفاظت پھر کون کرے گا؟ پس حضرت عبداللہ بن عامر اور حضرت عبدالرحمن بن سمرہ نے کہا کہ ہم ان (امام حسن) سے مل کر صلح کے لیے کہتے ہیں حسن بصری کا بیان ہے کہ میں نے سنا کہ حضرت ابوبکرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ نبی کریم ﷺ خطبہ دے رہے تھے تو امام حسن آ گئے، چنانچہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا: میرا یہ بیٹا سردار ہے اور شاید اس کے ذریعے اللہ تعالیٰ مسلمانوں کی دو بڑی جماعتوں میں صلح کروا دے۔

**فائدہ:**

اس حدیث سے ثابت ہوتا ہے کہ رسول اللہ ﷺ کی نگاہوں میں امام عالی مقام حسن رضی اللہ تعالیٰ عنہ بڑے قابل تعریف تھے۔ ساتھ ہی اس حدیث سے ایک اور بات بھی سامنے آتی ہے کہ مسلمانوں کے جن دو (۲) بڑے گروہوں میں امام حسن رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے صلح کروائی وہ دونوں ہی گروہ نگاہ مصطفےٰ میں مسلمان تھے کہ دونوں ہی کے لیے آپ نے مسلمان کا لفظ استعمال فرمایا، ظاہر ہے کہ مسلمانوں کی وہ دونوں بڑی جماعتیں جن کی امام حسن نے صلح کروائی وہ ان کی فوج اور حضرت معاویہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی فوج ہے۔

بعض لوگ حضرت امیر معاویہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے متعلق اچھا خیال نہیں

Marfat.com

رکھتے اور کتنے ہی ایسے لوگ ہیں جو انہیں سرے سے مسلمان ہی نہیں جانتے۔ان کا یہ نظریہ غلط ہے کیونکہ اگر ان کے صحابی یا مسلمان ہونے میں کسی قسم کا شبہ ہوتا تو حضرت حسن ہرگز مملکت اسلامیہ کی سربراہی ان کے سپرد نہ کرتے اور آخری دم تک کبھی ان کے ہاتھ پر بیعت نہ کرتے جیسے کہ امام عالی مقام حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے سر دے دیا جام شہادت نوش کرلیا۔لیکن یزید پلید کو مملکت اسلامیہ کا سربراہ تسلیم نہ کرتے ہوئے اس کی بیعت نہ کی۔

حضرت امیر معاویہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے لیے کوئی برا لفظ کہنا اور ان کی شان میں گستاخی کرنا اپنی عاقبت برباد کرتا ہے کیونکہ وہ اوّلاً صحابی ہیں، ثانیاً کاتب وحی ہیں اور ثالثاً رسول اللہ ﷺ کی زوجہ مطہرہ ام المؤمنین حضرت ام حبیبہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے سگے بھائی ہیں، غرض اسلامی تقاضوں کی رو سے ہر مسلمان پر ان کا ادب واحترام کرنا لازم ہے، کیونکہ صحابہ کرام سب مسلمانوں کے بزرگ اور محسن ہیں۔

محمد صلی اللہ علیہ وسلم

Marfat.com

## روایت

# حضرت ابو الغیث رضی اللہ عنہ

## حضرت ابو الغیث رضی اللہ عنہ کی روایت سے علم غیب کا ثبوت

Marfat.com

# حدیث نمبر 198

**حدثنا عبدالعزیز بن عبدالله حدثنی سلیمان عن ثور عن ابی الغیث عن ابی هریرة انّ رسول الله ﷺ قال لاتقوم السّاعة حتی یخرج رجل من قحطان یسوق النّاس بعصاه۔** (رواہ البخاری فی کتاب الفتن)

**ترجمہ:**

ابو الغیث نے حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: قیامت قائم نہیں ہوگی یہاں تک کہ قحطان سے ایک ایسا آدمی نکلے گا جو لوگوں کو اپنی لاٹھی سے ہانکے گا۔

**فائدہ:**

اس حدیث پاک میں بھی حضور نبی اکرم ﷺ کے علم غیب کا بیان ہے کہ آپ ﷺ نے ایک آدمی کے آنے کا ذکر کیا جو لوگوں کو لاٹھی سے ہانکے گا حالانکہ ابھی اس نے آنا تھا۔ لیکن آپ ﷺ نے پہلے ہی اپنے علم غیب سے بیان فرما دیا ہے۔

Marfat.com

# روایت

# حضرت حارثہ بن وہب رضی اللہ عنہ

## حضرت حارثہ بن وہب رضی اللہ عنہ کی روایت سے علم غیب کا ثبوت

Marfat.com

# حدیث نمبر 199

حدثنا مسدّد حدثنا یحیٰی عن شعبة حدثنا معبد سمعت حارثة بن وهب قال سمعت رسول الله ﷺ یقول تصدّقوا فسیاتی علی النّاس زمان یمشی الرّجل بصدقتهٖ فلا یجد من یّقبلها قال مسدّد حارثة اخو عبید الله بن عمر لامّهٖ۔ (رواہ البخاری فی کتاب الفتن)

ترجمہ:

حضرت حارثہ بن وہب رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا بیان ہے کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: خیرات کرلو، کیونکہ عنقریب لوگوں پر ایسا زمانہ آنے والا ہے کہ آدمی خیرات کرنے کے لیے مال لے کر پھرے گا لیکن اسے قبول کرنے والا کوئی نہیں ملے گا۔ مسدد کا بیان ہے کہ حضرت حارثہ والدہ کی طرف سے حضرت عبید اللہ بن عمر کے بھائی تھے۔

فائدہ:

اس حدیث پاک میں بھی بعد میں ہونے والے حالات کے بارے میں غیب کی خبر دی گئی ہے۔ اور آپ ﷺ کے وسیع علم غیب کا بیان ہے۔

Marfat.com

روایت

# حضرت ربعی بن حراش رضی اللہ عنہ

حضرت ربعی بن حراش رضی اللہ عنہ کی روایت سے علم غیب کا ثبوت

Marfat.com

# حدیث نمبر 200

**حدثنا عبدان اخبرنی ابی عن شعبة عن عبدالملك عن ربعی عن حذیفة عن النبیّ ﷺ قال فی الدّجال انّ معهٗ مآء وّنارًا صنادهٗ مآء بارد وّمآؤهٗ نار قال ابو مسعود انا سمعتهٗ من رّسول الله ﷺ۔**

(رواہ البخاری فی کتاب الفتن)

**ترجمہ:**

ربعی بن حراش نے حضرت حذیفہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے نبی کریم ﷺ نے دجّال کا ذکر کرتے ہوئے فرمایا: کہ اس کے ساتھ پانی اور آگ ہوگی، پس اس کی آگ اور پانی آگ ہوگی۔ حضرت ابو مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا بیان ہے کہ میں نے بھی رسول اللہ ﷺ سے اسے سنا ہے۔

**فائدہ:**

اس حدیث پاک میں بھی حضور نبی اکرم ﷺ کے وسیع علم غیب کا بیان ہے کہ آپ ﷺ نے غیب کی خبر دیتے ہوئے دجّال کے بارے میں فرمایا: اس کے ساتھ آگ اور پانی ہوگا۔ حالانکہ اس نے کافی عرصہ بعد میں آنا ہے لیکن حضور نبی اکرم ﷺ نے اپنے علم غیب سے پہلے ہی بیان فرما دیا۔

Marfat.com

# روایت

# حضرت زہری رضی اللہ عنہ

## حضرت زہری رضی اللہ عنہ کی روایت سے علم غیب کا ثبوت

Marfat.com

# حدیث نمبر 201

حدثنا ابو الیمان اخبرنا شعیب عن الزھری وحدثنی محمود حدثنا عبدالرّزّاق اخبرنا معمر عن الزّھریّ اخبرنی انس بن مالك رضی الله عنه ان النّبیّ ﷺ خرج حین زاغت الشمس فصلّی الظھر فلمّا سلّم قام علی المنبر فذکر السّاعة وذکر انّ بین یدیھا امورًا عظاما ثم قال من احبّ ان یسال عن شی ء فلیسال عنه فوالله لاتسالونی عن شیء الا اخبرتکم به ما دمت فی مقامی ھٰذا،قال انس فاکثر الناس البکآء واکثر رسول الله ﷺان یقول سلونی فقال انس فقام الیه رجل فقال اینْ مدخلی یارسول الله قال النار،فقام عبدالله بن حذافة فقال من ابی یارسول الله قال ابوك حذافة،قال ثم اکثران یّقول سلونی سلونی،فبراك عمر علی رکبتیه فقال رضینا بالله ربا وّبالاسلام دینًا وّبمحمدٍ ﷺرسولا قال فسکت رسول الله ﷺحین قال عمر ذٰلك ثم قال رسول الله ﷺ والّذی نفسی بیدہٖ لقد عرضت علیّ الجنّة والنّار انفا فی عرض ھٰذا الحائط وانا اصلّی فلم ارکالیوم فی الخیر والشّرّ۔

(رواہ البخاری فی کتاب الاعتصام)

ترجمہ:

زہری کا بیان ہے کہ مجھے انس بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے بتایا کہ سورج ڈھل جانے کے بعد نبی کریم ﷺ باہر تشریف لائے پھر ہمیں ظہر کی نماز پڑھائی جب

Marfat.com

سلام پھیر دیا تو آپ منبر پر جلوہ افروز ہوئے اور قیامت کا ذکر فرمایا نیز ان بڑے بڑے امور کا جو اس سے پہلے ہیں پھر فرمایا کہ اگر کوئی مجھ سے کسی چیز کے بارے میں پوچھنا چاہتا ہے تو پوچھ لے کیونکہ خدا کی قسم تم مجھ سے کسی چیز کے بارے میں نہیں پوچھو گے، مگر میں تمہیں اس کے متعلق بتا دوں گا۔ جب تک میں اس جگہ ہوں، حضرت انس کا بیان ہے کہ لوگ زار و قطار رونے لگے اور رسول اللہ ﷺ بار بار یہ فرماتے رہے کہ مجھ سے پوچھ لو۔ حضرت انس کا بیان ہے کہ ایک آدمی نے کھڑے ہو کر کہا یا رسول اللہ! میرا ٹھکانہ کہاں ہوگا؟ فرمایا کہ دوزخ میں، پھر حضرت عبداللہ بن حذافہ کھڑے ہو کر عرض گزار ہوئے یا رسول اللہ! میرا باپ کون ہے؟ فرمایا:

تمہارا باپ حذافہ ہے۔

راوی کا بیان ہے کہ پھر آپ بار بار فرماتے رہے کہ مجھ سے پوچھ لو۔ مجھ سے پوچھ لو۔ چنانچہ حضرت عمر گھٹنوں کے بل کھڑے ہو کر عرض گزار ہوئے ہم اللہ کے رب ہونے اسلام کے دین ہونے اور محمد مصطفیٰ ﷺ کے رسول ہونے پر راضی ہیں۔ راوی کا بیان ہے کہ جب حضرت عمر نے یہ گزارش کی تو رسول اللہ ﷺ خاموش ہو گئے پھر رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: قسم اس ذات کی جس کے قبضے میں میری جان ہے ابھی ابھی اس دیوار کے سامنے مجھ پر جنت اور دوزخ پیش کی گئیں جبکہ میں نماز پڑھ رہا تھا تو آج کی طرح میں نے خیر اور شر کو کبھی نہیں دیکھا۔

**فائدہ:**

اس حدیث پاک میں مذکور ہے کہ رسول اللہ ﷺ سے اس موقع پر دو ﴿۲﴾

Marfat.com

سوال کئے گئے دونوں سوالوں کی تہہ میں جھانک کر دیکھا جائے تو واضح طور پر نظر آ جائے گا کہ رسول اللہ ﷺ کی معلومات اور خداداد علوم کے بارے میں صحابہ کرام کا نظریہ کیا تھا؟ پہلا جنتی یا جہنمی ہونے کے بارے میں ہے۔ ظاہر ہے کہ یہ فیصلہ خدا نے کرنا ہے اور اس فیصلے کا ظہور قیامت میں ہوگا۔ سائل کے جواب میں آپ نے یہ نہیں فرمایا کہ اس بات کا فیصلہ تو اللہ تعالیٰ قیامت میں کرے گا۔

لہٰذا مجھے کیا خبر کہ وہ تمہیں جنت میں بھیجے گا یا جہنم میں۔۔۔ بلکہ صاف صاف بتا دیا کہ تیرا ٹھکانا جہنم میں ہے۔ اس سے صاف معلوم ہو رہا ہے کہ رسول اللہ ﷺ کو اس وقت بھی معلوم تھا کہ کون جنت میں جائے گا اور کون جہنم میں۔ ان کی نگاہوں سے یہ بات پوشیدہ نہیں ہے۔

دوسرا سوال حضرت عبداللہ بن حذافہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے کیا تھا کیونکہ زمانہ جاہلیت میں بعض لوگوں کو شک تھا کہ یہ اپنے باپ سے پیدا نہیں ہیں۔ انہوں نے موقع دیکھا تو خیال آیا کہ یہ بات آج صاف ہو جانی چاہیئے۔ لہٰذا عرض گزار ہوئے کہ یا رسول اللہ! میرا باپ کون ہے؟ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: کہ تمہارا باپ حذافہ ہے۔۔ سبحان اللہ۔۔۔ غور کا مقام ہے کہ دنیا میں ہر بچے کے بارے میں حتمی علم صرف اس کی والدہ کو ہوتا ہے کہ اس کا باپ کون ہے؟ قربان جائیں حبیب خدا کی معجز نما خداداد نگاہوں پر جن سے کسی کا باپ یا بیٹا ہونا بھی نہ کل پوشیدہ تھا اور نہ آج پوشیدہ ہے، اسی لیے تو خدائے ذوالمنن نے اپنے محبوب سے فرمایا ہے کہ وکان فضل اللہ علیک عظیما۔۔۔ یعنی اے محبوب! تم پر اللہ کا بڑا ہی فضل ہے۔

Marfat.com

# روایت

# حضرت مغیرہ بن شعبہ رضی اللہ عنہ

## حضرت مغیرہ بن شعبہ رضی اللہ عنہ کی روایت سے علم غیب کا ثبوت

Marfat.com

# حدیث نمبر 202

حدثنا عبید الله بن موسٰی عن اسماعیل عن قیس عن المغیرة بن شعبة عن النّبیّ ﷺ قال لایزال طآئفة من امّتی ظاهرین حتی أتیهم امر الله وهم ظاهرون۔ (رواہ البخاری فی کتاب الاعتصام)

**ترجمہ:**

حضرت مغیرہ بن شعبہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا: ہمیشہ میری امت کا ایک گروہ غالب ہی رہے گا، یہاں کہ قیامت آجائے اور وہ لوگ غالب ہی ہوں گے۔

**فائدہ:**

اس حدیث پاک میں بھی حضور نبی اکرم ﷺ کے وسیع علم غیب کا بیان ہے کہ آپ ﷺ نے غیب کی خبر دیتے ہوئے فرمایا: کہ میری امت میں سے ایک گروہ ہمیشہ حق پر رہے گا۔ ہمیشہ قیامت تک غالب رہے گا۔

Marfat.com

# مرویات

# حضرت امام حسن بصری رضی اللہ عنہ

## حضرت امام حسن بصری رضی اللہ عنہ کی روایات سے علم غیب کا ثبوت

Marfat.com

# حدیث نمبر 203

**فقال الحسن ولقد سمعت ابابکرۃ یقول رایت رسول اللہ ﷺ علی المنبر والحسن بن علی الیٰ جنبہٖ وھو یقبل علی الناس مرّۃ وعلیہ اُخریٰ ویقول ان ابنی ھٰذا سید وّلعلّ اللہ ان یصلح بہٖ بین فئتین عظیمتین من المسلمین قال لی علی بن عبداللہ انما ثبت لنا سماع الحسن من ابی بکرۃ بھٰذا الحدیث۔** (رواہ البخاری فی کتاب الصلح)

**ترجمہ:**

حضرت حسن بصری فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت ابوبکرہ کو فرماتے ہوئے سنا کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو منبر پر دیکھا اور حسن بن علی ان کے پہلو میں تھے۔ چنانچہ حضور ﷺ کبھی لوگوں کی جانب توجہ فرماتے اور کبھی انہیں دیکھتے اور فرماتے ہیں کہ میرا یہ بیٹا سردار ہے اور شائد اس کے ذریعے اللہ تعالیٰ مسلمانوں کی دو بہت بڑی جماعتوں میں صلح کروادے گا۔ مجھ سے علی بن عبداللہ نے کہا کہ ہمارے لیے امام حسن بصری کا حضرت ابوبکرہ سے سماع اسی حدیث سے ثابت ہوا۔

**فائدہ:**

اس حدیث پاک میں بھی حضور ﷺ کے علم غیب کا بیان ہے۔ کہ آپ نے حضرت سیدنا امام حسن کی عظمت بیان فرماتے ہوئے ان کے بارے میں غیب کی خبر

Marfat.com

دی۔فرمایا......اللہ تعالیٰ ان کے ذریعے مسلمانوں کی دو جماعتوں میں صلح کروائے گا۔اور جو آپ نے فرمایا تھا وہ عین بہ عین اس طرح ہوا۔یہ آپ ﷺ کا علم غیب ہے۔

# حدیث نمبر 204

حدثنا ابو النعمان حدثنا جديد بن حازم عن الحسن حدثنا عمرو بن تغلب قال اتى النّبىّ ﷺ مال فاعطى قوما ومنع اخرين فبلغهٗ انّهم عتبوا فقال انّى اعطى الرّجل وادع الرّجل والّذى ادع احبّ الىّ من الّذى اعطى اقواما لما فى قلوبهم من الجزع والهلع واكل اقواما الٰى ما جعل الله فى قلوبهم من الغنٰى والخير منهم عمرو بن تغلب فقال عمر وما احبّ انّ لى بكلمة رسول الله ﷺ حمر النّعم ـ

(رواہ البخاری فی کتاب التوحید)

ترجمہ:

امام حسن بصری کا بیان ہے کہ حضرت عمرو بن تغلب رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ نبی کریم ﷺ کی خدمت میں مال آیا تو بعض لوگوں کو آپ نے عطا فرمایا اور بعض لوگوں کو نہ دیا۔چنانچہ آپ کو یہ خبر پہنچی کہ انہیں یہ بات ناگوار گزری ہے۔آپ نے فرمایا کہ میں نے ایک آدمی کو دیا اور دوسرے کو نہ دیا تو جس کو مال نہ دیا وہ مجھے اس سے زیادہ پیارا ہے۔جس کو مال دیا۔میں نے ان لوگوں کو مال دیا جن کے دلوں میں بے چینی اور اضطراب ہے اور جن بعض لوگوں کو نظر انداز کرتا ہوں تو اس بے نیازی اور بھلائی کے باعث جو اللہ تعالیٰ نے ان کے دلوں میں ڈال دی ہے اور ان میں سے عمرو بن تغلب بھی

Marfat.com

ہیں حضرت عمرو فرماتے ہیں، رسول اللہ ﷺ کے اس کلمے کی نسبت مجھے یہ پسند نہیں کہ میرے پاس سرخ اونٹ ہوتے۔

**فائدہ:**

اس حدیث پاک میں بھی حضور نبی اکرم ﷺ کے وسیع علم غیب کا بیان ہے کہ آپ ﷺ نے لوگوں کے دلوں کی کیفیت کا بیان فرمایا کہ کس کے دل میں غنا ہے اور کون زیادہ حاجت مند ہے۔ آپ ﷺ نے اسی حساب سے مال عطا فرمایا۔ معلوم ہوتا ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ دلوں کی کیفیت کو بھی جانتے ہیں۔

Marfat.com

روایت

حضرت

# عبداللہ بن عمر بن العاص

رضی اللہ عنہ

حضرت عبداللہ بن عمر بن العاص رضی اللہ عنہ کی روایت
سے علم غیب کا ثبوت

Marfat.com

# حدیث نمبر 205

**حدثنا اسمٰعیل بن ابی اویس قال حدثنی مالك عن هشام بن عروة عن ابیه عن عبدالله بن عمروبن العاص قال سمعت رسول الله ﷺ یقول انّ الله لا یقبض العلم انتزاعا یّنتزعهٗ من العباد ولکن یّقبض العلم بقبض العلمآء حتّٰی اذالم یبق عالم اتّخذ الناس رئوسا جهّالا فسئلوا فافتوابغیر علم فضلوا واضلّوا قال الفربدیّ حدثنا عبّاس قال حدثنا قتیبة قال حدثناجریر عن هشام نحوهٗ۔** (رواہ البخاری فی کتاب العلم)

**ترجمہ:**

حضرت عبداللہ بن عمرو بن العاص رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا اللہ تعالیٰ علم کو اچانک نہیں اٹھائے گا کہ بندوں سے چھین لے بلکہ علماء کو وفات دے کر علم کو اٹھالے گا۔ یہاں تک کہ جب کوئی عالم باقی نہیں رہے گا تو لوگ جہلا کو اپنے مقتدا بنالیں گے ان سے مسائل پوچھے جائیں گے تو علم کے بغیر فتوے دیں گے، خود گمراہ ہوں گے اور لوگوں کو بھی گمراہ کریں گے۔

فربری، عباس، قتیبہ، جریر، ہشام سے بھی مذکورہ حدیث کی طرح مروی ہے

**فائدہ:**

اس حدیث پاک میں بھی حضور نبی اکرم ﷺ کے وسیع علم غیب کا بیان ہے کہ آپ ﷺ نے بعد میں آنے والے وقت کا بیان فرمایا۔

Marfat.com

# روایت

# حضرت نعیم مجمر رضی اللہ عنہ

## حضرت نعیم مجمر رضی اللہ عنہ کی روایت سے علم غیب کا ثبوت

Marfat.com

# حدیث نمبر 206

**حدثنا یحیٰی ابن بکیر قال ثنا اللّیث عن خالد عن سعید بن ابی هلال عن نعیم المجمر قال رقیت مع ابی هریرة علٰی ظهر المسجد فتوضّا فقال انّی سمعت رسول الله ﷺ یقول انّ امّتی یدعون یو د القیٰمة غدّا محجّلین من اٰثار الوضوٓء فمن استطاع منکم ان یّطیل عدّتهٗ فلیفعل۔** (رواہ البخاری فی کتاب الوضوء)

**ترجمہ:**

نعیم مجمر سے روایت ہے کہ میں حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے ساتھ مسجد کی چھت پر چڑھا، انہوں نے وضو کیا اور فرمایا کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا کہ قیامت کے روز میرے امتی اعضائے وضو کی چمک کے باعث پنج کابیان کہہ کر بلائے جائیں گے، جو تم میں سے اپنی چمک کو بڑھانے کی طاقت رکھتا ہے اسے بڑھانی چاہیئے۔

**فائدہ:**

اس حدیث پاک میں بھی حضور نبی اکرم ﷺ کے وسیع علم غیب کا بیان ہے کہ آپ ﷺ نے قیامت کے دن اپنی امت کے اعضائے وضو کے چمکنے کا بیان فرمایا۔

Marfat.com

روایت

# حضرت ابوواقد لیثی رضی اللہ عنہ

## حضرت ابوواقد لیثی رضی اللہ عنہ کی روایت سے علم غیب کا ثبوت

Marfat.com

# حدیث نمبر 207

حدثنا اسماعیل قال حدثنی مالك عن اسحاق بن عبدالله بن ابی طلحة ان ابامرة مولٰی عقیل بن ابی طالب اخبره عن ابی واقده ایلثی ان رسول الله بینما هو جالس فی المسجد والناس معه اذا اقبل ثلٰثة نفرفاقبل اثنان الٰی رسول الله ﷺ وذهب واحد قال فوقفا علٰی رسول الله ﷺ فاما احدهما فرای فرجة فی الحلقة فجلس فیها وامّا الاخر فجلس خلفهم وامّا الثّالث فادبر ذاهبا فلمّا فرغ رسول الله ﷺ قال الا اخبرکم عن النّفر الثّلٰثة امّا احدهم فاوٰی الٰی الله فاٰواه الله وامّا الاخر فاستحیٰی فاستحی الله منه وامّا الاٰخر فاعرض الله عنه۔

(رواہ البخاری فی کتاب العلم)

ترجمہ:

ابومرّہ مولٰی عقیل بن ابوطالب نے حضرت ابوواقد لیثی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ ﷺ مسجد میں جلوہ افروز تھے اور صحابۂ کرام جیسے پروانوں نے آپ کو جھرمٹ میں لیا ہوا تھا۔ کہ تین آدمی آگئے دو (۲) رسول اللہ ﷺ کی بارگاہ میں آگئے اور ایک چلا گیا یہ دونوں رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں ٹھہرے کہ ان میں سے ایک نے مجلس میں خالی جگہ دیکھی اور وہاں بیٹھ گیا، دوسرا لوگوں کے پیچھے بیٹھ گیا جب کہ تیسرا

Marfat.com

پیٹھ پھیر کر چلا گیا تھا جب رسول اللہ ﷺ فارغ ہوئے تو فرمایا کیا میں تمہیں ان تینوں شخصوں کا حال نہ بتاؤں ان میں سے ایک اللہ کی طرف آیا تو اللہ تعالیٰ نے اسے جگہ دے دی، دوسرے نے حیا کی تو اللہ تعالیٰ نے اس سے حیا فرمائی، اور تیسرے نے منہ پھیرا تو اللہ تعالیٰ نے اس سے منہ پھیر لیا۔

**فائدہ:**

اس حدیث پاک میں بھی حضور نبی اکرم ﷺ کے وسیع علم غیب کا بیان ہے کہ آپ ﷺ نے اپنے علم غیب سے ان تینوں کا حال بیان فرمایا۔

# یارسول اللہ صلی اللہ علیک وسلم

# آپ کی شان پر جان بھی قربان ہے

Marfat.com

## روایت

# حضرت ابوحمید ساعدی رضی اللہ عنہ

## حضرت ابوحمید ساعدی رضی اللہ عنہ کی روایت سے علم غیب کا ثبوت

Marfat.com

# حدیث نمبر 208

حدثنا سهل بن بكّار قال حدثنا وهيب عن عمرو بن يحيٰى عن عبّاس ن السّاعدى عن ابى حميد ن السّاعدىّ قال غذ ونا مع النّبىّ ﷺ غذوة تبوك فلمّا جآء وادى القرٰى اذاامرأة فى حديقة لّها فقال النّبىّ ﷺ لاصحابهٖ اخرصوا وخرص رسول الله ﷺ عشرة اوسق فقال لها احصى مايخرج منها فلمّا اتيناتبوك قال اماانّهٗ ستهب اللّيلة ريح شديدة وّلا يقومنّ احد ومن كان معهٗ بعيد فليعقله فعقلنا هاوهبّت ريح شديدة فقام رجل فالقته بحبل طىّ وّاهدى ملك ايلة لنّبىّ ﷺ بغلة بيضآء وكساه بردًاوّ كتب لهٗ ببحرهم فلمّا اتٰى بوادى القرٰى قال للمراة كم جآئت حديقتك مالت عشرة اوسق خرص رسول الله ﷺ فقال النّبىّ ﷺ انّى متعجّل الى المدينة فمن ارادمنكم ان يّتعجّل معى فليتعجل فلمّا قال ابن بكّار كلمة مّعناه اشرف على المدينة قال هٰذه طابة فلمّا راى احدًا قال هٰذا جبل يّحبّنا ومحبّهٗ الا اخبركم بخير دورالانصار قالوا بلٰى قال دوربنى النّجّار ثم دوربنى عبدالاشهد ثم دوربنى ساعدة اودوربنى الحارث بن الخزرج وفى كلّ دور الانصار يعنى خيرًا قال ابو عبدالله كلّ بستان عليه حائط فهو حديقة ومالم يكن عليه حآئط لايقال حديقة

Marfat.com

**وقال سليمان بن بلال حدثني عمر وثم داربني الحارث بن الخزرج ثم بنىء ساعدة وقال سليمان عن سعدبن سعيد عن عمارة بن عذيّة عن عبّاس عن ابيه عن النبيّ ﷺ قال احد جبل يّحبّنا ونّحبّهٗ۔** (رواہ البخاری فی کتاب الزکوٰۃ)

**ترجمہ:**

حضرت ابوحمید ساعدی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ ہم نے نبی کریم ﷺ کی معیّت میں غزوۂ تبوک کیا جب ہم وادی القریٰ میں پہنچے تو ایک عورت اپنے باغ میں تھی، نبی کریم ﷺ نے اپنے اصحاب سے کہا کہ اندازہ لگاؤ اور رسول اللہ ﷺ نے دس وسق کا اندازہ کیا، اس عورت سے فرمایا کہ جتنی کھجوریں برآمد ہوں ان کا حساب رکھنا، جب ہم تبوک پہنچے تو فرمایا آج رات بہت سخت آندھی آئے گی۔ لہٰذا کوئی کھڑا نہ ہو اور جس کے پاس اونٹ ہو وہ اس کا گھٹنا باندھ دے۔

ہم نے وہ باندھ دیئے، اور سخت آندھی آئی ایک آدمی کھڑا ہوا تو اسے پہاڑ کے دامن میں پھینک دیا، ایلہ کے بادشاہ نے نبی کریم ﷺ کی خدمت میں ایک سفید خچر اور چادر بطور تحفہ بھیجی، آپ نے اس کا ملک اسی کے لیے لکھ دیا جب وادی انقریٰ میں آئے تو اس عورت سے کہا تمہارے باغ سے کیا حاصل ہوا، عورت نے کہا دس وسق کھجوریں جو رسول اللہ ﷺ نے اندازہ کیا تھا، نبی کریم ﷺ نے فرمایا کہ میں جلد مدینہ منورہ پہنچنا چاہتا ہوں جو تم میں سے جلد چلنا چاہے تو میرے ساتھ چلے، ابن بکار نے ایک لفظ کہا جس کا مطلب ہے کہ مدینہ نظر آیا، فرمایا کہ وہ طابہ ہے جب اُحد نظر آیا تو

Marfat.com

فرمایا یہ پہاڑ ہم سے محبت رکھتا ہے اور ہم اس سے محبت رکھتے ہیں، کیا میں تمہیں بتا نہ دوں کہ انصار کے گھرانوں میں کونسا بہتر ہے لوگ عرض گزار ہوئے کیوں نہیں، فرمایا: کہ بنی نجار کا گھرانا، پھر بنی عبدالاشہل کا گھرانا، پھر بنی ساعدہ کا گھرانا، یا بنی حارث بن الخزرج کا گھرانا، اور انصار کا ہر گھرانا بہتر ہے۔ امام ابوعبداللہ نے فرمایا کہ ہر وہ باغ جس کے گرد دیوار ہو وہ حدیقہ ہے اور جس کے گرد دیوار نہ ہو اسے حدیقہ نہیں کہا جاتا، سلیمان بن بلال نے عمرو سے روایت کی بنی حارث بن خزرج کا گھرانا، پھر بنی ساعرہ سلیمان سعد بن سعید عمارہ بن عزیہ عباس نے اپنے والد ماجد سے روایت کی کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا اُحد پہاڑ ہم سے محبت کرتا ہے اور ہم اس سے محبت کرتے ہیں۔

**فائدہ:**

اس حدیث پاک میں بھی حضور نبی اکرم ﷺ کے وسیع علم غیب کا بیان ہے کہ آپ ﷺ نے اپنے علم غیب سے بعد میں آنے والی آندھی کی پہلے ہی خبر دے دی۔

اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْکَ یَارَسُوْلَ اللّٰہ

وَعَلٰی اٰلِکَ وَاَصْحٰبِکَ یَاحَبِیْبَ اللّٰہ

Marfat.com

## روایت

# حضرت عامر بن عروہ بارقی رضی اللہ عنہما

## حضرت عامر بن عروہ بارقی رضی اللہ عنہما کی روایت سے علم غیب کا ثبوت

Marfat.com

# حدیث نمبر 209

حدثنا مسدّد حدثنا خالد عن حصین عن عامر عن عروۃ البارقیّ رضی اللہ عنہ عن النّبیّ ﷺ قال الخیل معقود فی نواصیھا الخیر والاجر والمغنم الٰی یوم القیامۃ۔ (رواہ البخاری فی کتاب الجہاد والیسر)

ترجمہ:

حضرت عامر بن عروہ بارقی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا: گھوڑوں کی پیشانیوں کے ساتھ قیامت تک بھلائی اجر اور غنیمت کو وابستہ کر دیا گیا ہے۔

فائدہ:

اس حدیث پاک میں بھی حضور نبی اکرم ﷺ کے وسیع علم غیب کا بیان ہے کہ آپ ﷺ نے قیامت تک کی بھلائی وغیرہ کا ذکر فرمایا ہے۔

Marfat.com

روایت

حضرت

# عامر بن سعید بن ابی وقاص

رضی اللہ عنہ

## حضرت عامر بن سعید بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ کی روایت سے علم غیب کا ثبوت

Marfat.com

# حدیث نمبر 210

حدثنا ابو نعیم حدثنا سفیٰن عن سعد بن ابراهیم عن عامر بن سعد عن سعن بن ابی وقاصٍ رجی الله عنه قال جآء النّبیّ ﷺ یعودنی وانا بمکّة وهو یکره ان یّموت بالارض الّتی هاجر منها قال یرحم الله بن عفرآء قلت یارسول الله اوصی بمالی کلّهٖ قال لا قلت فالشطر قال لا قلت الثّلث والثلث قال فالثّلثٍ کثیر انّك ان تدع ورثتك اغنیآء خیر مّن ان تدعهم عالة یتکفّفون النّاس فی ایدیهم وانّك مهمآانفقت من نفقة فانّها صدقة حتی اللّقمة الّتی ترفعها الیٰ فی امرأتك وعسی الله ان یّرفعك فینتفع بك ناس وّیفرّبك اخرون ولم یکن لّهٗ یومئذ الّا ابنة (رواه البخاری فی کتاب الوصایا)

ترجمہ:

عامر بن سعد حضرت سعید بن ابی وقاص رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ نبی کریم ﷺ میری عیادت کے لیے تشریف لائے اور اس وقت میں مکہ مکرمہ میں تھا۔ آپ اس جگہ مرنا ناپسند فرماتے ہیں، جہاں سے ہجرت کی ہو اسی لیے فرمایا: اللہ تعالیٰ ابن عصراء پر رحم فرمائے، میں عرض گزار ہوا یارسول اللہ کیا میں اپنے تمام مال کی وصیت

Marfat.com

کردوں، فرمایا: نہیں، عرض کیا: نصف کی، ارشاد فرمایا: نہیں، میں نے کہا تہائی کی، فرمایا: تہائی کا ڈر نہیں لیکن تہائی انتہائی وصیت ہے اگر تم اپنے وارثوں کو مالدار چھوڑ کر جاؤ تو یہ انہیں غریب چھوڑنے سے بہتر ہے کہ وہ لوگوں کے سامنے ہاتھ پھیلاتے پھریں اور جو کچھ تم راہ خدا میں خرچ کرو، وہ صدقہ ہے یہاں تک کہ جو لقمہ اٹھا کر تم اپنی بیوی کے منہ میں دو وہ بھی صدقہ ہے، عنقریب اللہ تعالیٰ تمہیں خوش کردے گا تو کتنے ہی لوگ تم سے نفع اٹھائیں گے، جبکہ بعض لوگ ضرر پائیں گے ان دنوں ان کی ایک بیٹی تھی۔

**فائدہ:**

اس حدیث پاک میں بھی حضور نبی اکرم ﷺ کے وسیع علم غیب کا بیان ہے کہ آپ ﷺ نے اپنے صحابی کو آنے والے وقت کی خبر دی۔

صلی اللہ علی محمد وآلہ وسلم

## تمت بالخیر

ابوالفیض محمد شریف القادری رضوی

0347-6137930

0301-6607712

Marfat.com

# سلام

مصطفےٰ جان رحمت پہ لاکھوں سلام
شمع بزم ہدایت پہ لاکھوں سلام
مصطفےٰ جان رحمت پہ لاکھوں سلام
شمع بزم ہدایت پہ لاکھوں سلام

جس سہانی گھڑی چمکا طیبہ کا چاند
اس دل افروز ساعت پہ لاکھوں سلام
مصطفےٰ جان رحمت پہ لاکھوں سلام
شمع بزم ہدایت پہ لاکھوں سلام

پہلے سجدے پہ روز ازل سے درود
یادگاریٔ امت پہ لاکھوں سلام
مصطفےٰ جان رحمت پہ لاکھوں سلام
شمع بزم ہدایت پہ لاکھوں سلام

شب اسریٰ کے دولہا پہ دائم درود
نوشۂ بزم جنت پہ لاکھوں سلام
مصطفےٰ جان رحمت پہ لاکھوں سلام

Marfat.com

شمع بزم ہدایت پہ لاکھوں سلام

جس طرف اٹھ گئی دم میں دم آگیا
اس نگاہ عنایت پہ لاکھوں سلام

مصطفےٰ جان رحمت پہ لاکھوں سلام
شمع بزم ہدایت پہ لاکھوں سلام

اللہ اللہ وہ بچپن کی پھبن
اس خدا بھاتی صورت پہ لاکھوں سلام

مصطفےٰ جان رحمت پہ لاکھوں سلام
شمع بزم ہدایت پہ لاکھوں سلام

پتلی پتلی گل قدس کی پتیاں
ان لبوں کی نزاکت پہ لاکھوں سلام

مصطفےٰ جان رحمت پہ لاکھوں سلام
شمع بزم ہدایت پہ لاکھوں سلام

**(کلام اعلیٰ حضرت)**

❁❁❁❁❁❁❁❁

Marfat.com

میرے آقا کے جانثار بے شمار بے شمار میرے آقا کے جانثار بے شمار بے شمار

غازئ ملت، سرمایہ اہل اسلام، عاشق مصطفیٰ ﷺ

# ملک محمد ممتاز حسین قادری

## تیری عظمت کو سلام

جنہوں نے امت مسلمہ میں عشق رسالت اور غیرت ایمانی کی نئی روح پھونک دی، اور نوجوانوں کو بیدار کیا کہ اپنے آقا و مولیٰ ﷺ کی محبت میں سب کچھ قربان کرنے کے لیے ہمہ وقت تیار رہنا چاہیئے۔ یعنی

**یارسول اللہ ﷺ آپ کی شان پر جان بھی قربان ہے**

بقول اعلیٰ حضرت، امام اہلسنت، مجدد دین وملت رحمۃ اللہ علیہ:

کروں تیرے نام پہ جاں فدا اک جاں نہیں دو جہاں فدا
دو جہاں سے بھی نہیں جی بھرا کروں کیا کروڑوں جہاں نہیں

منجانب: صاحبزادہ محمد فیض العمر، صاحبزادہ محمد محی الدین رضا، صاحبزادہ محمد زین العابدین، حافظ محمد عمر، ملک علی اور شازب، میاں محمد طارق، محمد فیصل اکرام، محمد عامر اور عرفان، محمود خاں، محمد نعیم، محمد سرفراز، محمد استخار، محمد سفیان، محمد اعظم، شفاق، اور دیگر تمام قادری رضوی احباب۔

Marfat.com

خطیب اہلسنت حضرت علامہ ابوالفیض

# محمد شریف القادری رضوی

زید مجدہٗ

## کی شہرہ آفاق تصانیف

مالک کل

بچپن مصطفیٰ ﷺ

فیض البخاری درمسئلہ علم محبوب ﷺ باری

فیض تصوف

اسلامی اولاد کی تربیت

علم اور عمل

خدائی فیصلے

سیدنا عقیدہ امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ

روحانی غذا

Marfat.com

## ہماری چند دیگر مطبوعات







ناشر
اکبر بک سیلرز

زبیدہ سنٹر ۴۰ اُردو بازار لاہور Ph: 042 - 37352022

Marfat.com